اسمائے حسنیٰ
مولانا حسن الہاشمی
مکتبہ روحانی دنیا دیوبند

باسمہ تعالیٰ

اسماءِ حسنیٰ کے ذریعہ
جسمانی اور روحانی علاج

حق تعالیٰ کے ۹۹ صفاتی ناموں پر مشتمل
ایک عظیم الشان کتاب

یہ کتاب بتاتی ہے کہ حق تعالیٰ کے کس اسم مبارک سے دنیا و آخرت میں کیا کیا فائدے ہوتے ہیں اور اس کے ورد سے انسان کن کن آفتوں سے محفوظ رہتا ہے

از قلم

محسنِ ملت حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب
سرپرستِ اعلیٰ ہاشمی روحانی مرکز دیوبند

پیش کش

مکتبہ روحانی دنیا دیوبند (رجسٹرڈ) یو.پی

نام کتاب ——— اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ جسمانی اور روحانی علاج

نام مرتب ——— حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب

نام خطاط ——— مولانا نیاز الدین اصلاحی

سرورق ——— دانش عامری

صفحات ——— ٦٤٠

قیمت —

باہتمام — ابو سفیان عثمانی ناظم مکتبہ روحانی دنیا دیوبند

طباعت — بسم اللہ پرنٹرس دیوبند

ناشر :- مکتبہ روحانی دنیا دیوبند رجسٹرڈ ٢٤٧٥٥٤

محمد احمل مفتاحی

اِنتساب

اُن اولیاءِ کرام کے نام۔ جنھوں نے خود کو اللہ کے رنگ میں رنگ کر یہ ثابت کیا کہ اللہ کے رنگ سے بہتر کوئی رنگ نہیں۔ اور اس طرح ان حضراتِ اولیاء نے قرآن حکیم کی اس آیتِ کریمہ کی ترجمانی کی۔

صِبْغَةُ اللّٰهِ ۔ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً

اللہ کے رنگ میں رنگ جاؤ۔ اور اللہ کے رنگ سے بہتر کونسا رنگ ہے؟

عرضِ ناشر

دہلی سے کچھ لوگ مکتبہ روحانی دنیا دیوبند کی کتابیں ازراہِ چوری چھاپ رہے ہیں۔ ان میں گھٹیا کاغذ استعمال کیا گیا ہے۔ نیز یہ کتابیں اغلاط سے بھری ہوئی ہیں۔ اور ان کے سرورق وغیرہ بھی بوکس ہیں۔

لیکن تاجر حضرات کو چونکہ ان کتابوں پر کمیشن زیادہ مل جاتا ہے اس لئے وہ اپنے فائدے کے لئے ان کتابوں کو خرید لیتے ہیں اور تھوڑے سے نفع کی خاطر چوروں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں جب کہ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے۔ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ط تم گناہ اور ظلم کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد مت کرو۔

قارئین سے گذارش ہے کہ وہ حضرت مولانا حسن الہاشمی کی مطبوعات خریدتے وقت پتہ ضرور دیکھ لیں۔ ہمارا پتہ ہے۔ مکتبہ روحانی دنیا دیوبند

ہم امید کرتے ہیں کہ قارئین چوکنا رہیں گے۔ اور گھٹیا کاغذ و طباعت والی کتابیں خرید کر اپنا نقصان نہیں کریں گے۔

منیجر مکتبہ روحانی دنیا دیوبند دیو، پی)

پیش لفظ

اسمارِ حسنیٰ کا سلسلہ ماہنامہ طلسماتی دنیا میں جولائی ۱۹۹۵ء سے شروع ہوا تھا اور اس کی آخری قسط جون ۲۰۰۵ء میں شائع ہوئی۔ اس طرح حق تعالیٰ کے ننانوے صفاتی ناموں کی تشریحات دس سالوں میں مکمل ہوسکی۔ ربّ العالمین کا فضل و کرم ہے کہ اس نے اپنے اسمارِ مُبارک پر قلم اٹھانے کی توفیق بخشی اور اکابرین کی توجہ اور دعاؤں سے یہ کارِ سعید تکمیل کو پہونچا۔ اب ان ہی مضامین کو جو پورے دس سالوں میں بالاقساط رسالے میں شائع ہوئے تھے میں کتابی صورت میں پیش کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ پڑھنے والے خود ہی اس بات کا اندازہ کریں گے کہ حق تعالیٰ کے ننانوے ناموں کی تشریحات کرنے اور ان کی تاثیر وافادیت بیان کرنے میں کتنی محنت کرنی پڑی ہے۔ ایک ایک اسمِ مبارک کی کل خصوصیات کو اس طرح بیان کر دیا گیا ہے کہ قارئین کو سمجھنے میں ادنیٰ درجہ کی بھی دشواری پیش نہیں آئے گی اور معمولی علم رکھنے والے لوگ بھی ان اسماءِ مبارکہ سے بلا تامل استفادہ کر سکیں گے۔

دعا ہے کہ ربّ العالمین اس کتاب کو شرف قبولیت عطا کرے اور اس کے مطالعے اور استفادے کو عام کرے۔ آمین

ناچیز حسن الہاشمی

۱۹ جون ۲۰۰۶ء

التماس

میں اپنے تمام قارئین سے یہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ رب العالمین کے کسی بھی اسم صفاتی کا ورد کرتے ہوئے خود کو اسی صفت میں ڈھالنے کی کوشش کریں۔

مثلاً جو حضرات روزانہ "اللطیف" کا ورد کرتے ہوں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے مزاج میں نرمی اور لطافت پیدا کریں۔ اور خود کو ہٹ دھرمی، سختی اور ترش روئی سے محفوظ رکھیں۔

یا مثلاً اگر کوئی صاحب روزانہ "الغفار" کا ذکر کریں تو ان کیلئے ضروری ہے کہ اپنے اندر عفو و درگذر کی صلاحیت پیدا کریں لوگوں کی خطاؤں کو نظر انداز کریں بالخصوص لوگوں کی ان غلطیوں کو معاف کر دینے کا مزاج بنائیں جو اُن کی ذات سے تعلق رکھتی ہوں۔ اگر اسمائے الٰہی کا ذکر کرنے والے حضرات خود کو صفاتِ الٰہی میں ڈھالنے کی کوشش کریں گے تو وہ اپنے اندر عجیب و غریب قسم کی روحانی قوتوں کو محسوس کریں گے۔ جو لوگ ذکر خداوندی کرنے کے دوران رنگِ خداوندی سے صفاتِ خداوندی سے محروم رہتے ہیں وہ اس روحانیت سے بھی محروم ہو جاتے ہیں جو ذکرِ خداوندی کا اصل انعام ہے۔

حسنؔ الہاشمی

ذکرِ اسماءِ الٰہی

جب بھی اسماءِ حسنیٰ کے ورد، زکوٰۃ یا کسی حاجت کے لئے ذکر کی ضرورت پڑے تو ذکر سے پہلے اعتصام اور ذکر کے بعد اختتام ضرور پڑھنا چاہیئے۔

قاعدہ یہ ہے کہ سب سے پہلے بسم اللہ پڑھیں۔ پھر درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد اعتصام پڑھیں۔ پھر ذکر شروع کریں۔

ذکر سے فارغ ہونے کے بعد اختتام پڑھیں اور آخر میں درود شریف پڑھیں۔ اعتصام یہ ہے۔ اَلَّذِیْ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ، حَسْبِیَ اللّٰہُ وَقَدْ کَفٰی سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ دَعَا لَیْسَ وَرَآءَ اللّٰہِ الْمُنْتَھٰی مَنِ اعْتَصَمَ بِحَبْلِ اللّٰہِ نَجٰی۔

اختتام یہ ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ مَنْ لَّمْ یَزَلْ کَرِیْمًا وَّلَا یَزَالُ رَحِیْمًا۔

نوٹ :۔ اسماءِ الٰہی کے ذکر میں یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ رات کو ذکر کریں تو حرفِ ندا یا کے ساتھ ذکر کریں جیسے یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ اور اگر دن میں ذکر کریں تو الف لام کے ساتھ ذکر کریں جیسے اَلرَّحِیْمُ اَلْکَرِیْمُ

فہرست مضامین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ

جسمانی اور روحانی علاج

اسمائے حسنیٰ سے مراد حق تعالیٰ کے وہ اسمائے گرامی ہیں جن کا ذکر قرآن شریف میں مختلف انداز سے آیا ہے۔ اور جن کے ذریعہ دُعا مانگنے کی تلقین و تاکید کی گئی ہے۔ قرآن حکیم میں ایک جگہ ارشاد فرمایا گیا ہے۔

وَلِلّٰہِ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی فَادۡعُوۡہُ بِھَا وَذَرُوا الَّذِیۡنَ یُلۡحِدُوۡنَ فِیۡ اَسۡمَآئِہٖ سَیُجۡزَوۡنَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ○ (سورۂ اعراف)

اللہ کے لئے بہترین نام ہیں۔ تم اُن ہی ناموں کے ذریعہ اُسے پکارو اور ان لوگوں کے وطیرے سے اجتناب کرو جو اسماءِ خداوندی کے منکر ہیں عنقریب اُن لوگوں کو اُن کے کئے کی سزا دی جائے گی۔

اس آیت میں بذاتِ خود حق تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ مجھے ان ناموں سے یاد کرو جن کا ذکر آسمانی کتابوں میں مذکور ہے جن ناموں کیلئے کسی آسمانی کتاب کی اور بالخصوص قرآن حکیم کی شہادت موجود نہیں ہے اگر ان ناموں سے اجتناب رکھا جائے تو بہتر ہے یوں اللہ کی ذاتِ گرامی کو

جس نام سے بھی بندہ پکارے گا وہ سُنے گا۔ اس لئے حقیقی مالک، خالق رازق اور سمیع وبصیر صرف اور صرف وہی ہے۔ فی الحقیقت وہی معاون ہے اور وہی مستعان ہے۔ وہی ناصر ہے اور وہی کارساز ہے۔ بندگی کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم صرف اسی کی عبادت کریں۔ اور صرف اسی کو اپنا مددگار اور روزی رساں سمجھیں۔

قرآن حکیم ہی میں ایک اور جگہ یہ فرمایا گیا ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ لَـہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی۔

اللہ کی ذات وہ ذات ہے کہ جس کے ماسوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اس کے لئے بے شمار نام ہیں جو سب کے سب اچھے نام ہیں۔

اس آیت میں اللہ کی الوہیت، وحدانیت بیان کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے ناموں کی اچھائی اور پاکیزگی کو واضح کیا گیا ہے اور انتہائی حسن کلام کے ساتھ یہ بات ارشاد فرمائی گئی ہے کہ اللہ تمہارا معبود ہے اور ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ سرِ تعبد صرف اس کے در پر جھکنا چاہیئے۔ سر انسانی اعضا میں سب سے اشرف اور اعلیٰ ہوتا ہے۔ اس اشرف اور اعلیٰ چیز کو ہر جگہ ٹیک دینا اس سر کی توہین ہے۔

ایک شاعر نے کیا خوب کہا۔

سر جس پہ نہ جھک جائے اسے در نہیں کہتے۔

ہر در پہ جو جھک جائے اُسے سر نہیں کہتے

اللہ تعالیٰ نے ہمارے سر کو ایک طرح کی عظمت عطا کی ہے۔ اس عظمت ورفعت کا تقاضہ ہے کہ ہم اس کی حفاظت کریں اور اسے جگہ جگہ جھکا کر اس کی توہین اور تذلیل کے مرتکب نہ ہوں۔

نماز پڑھنے کے دوران جب بندہ اپنے رب کے رُو برو اپنا سر زمین پر ٹیک کر اور اپنی ناک کو رگڑتے ہوئے اپنی زبان سے یہ کہتا ہے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی۔ پاک ہے میرا رب اور وہ بہت ہی بلند و بالا ہے۔

جب بندہ اپنے اس سر کو جس کو وہ کسی بھی جگہ جھکانا پسند نہیں کرتا۔ صرف اپنے رب کی خاطر زمین پر ٹیک دیتا ہے اور اس ناک کو زمین پر رگڑتا ہے جس کا کٹنا وہ کبھی گوارہ نہیں کرتا تو اللہ کی رحمت جوش میں آتی ہے اور بے اختیار یہ پکار اٹھتی ہے کہ یہ سجدہ جو تو نے بظاہر زمین پر کیا ہے۔ لیکن درحقیقت تو نے یہ سجدہ ہمارے قدموں پر کیا ہے۔ اور ہم تیرے اس سجدے کی قدر کرتے ہوئے تجھے اپنی قربت اور محبت کی سند عطا کرتے ہیں۔

قرآن حکیم میں اس حقیقت کے پیش نظر فرمایا گیا ہے وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ سجدہ کرو اور اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جاؤ۔

احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ بندہ سجدے کی حالت میں سب سے زیادہ اپنے ربّ کے قریب ہے۔ یُوں تو اللہ ہماری شہ رگ سے بھی زیادہ ہم سے قریب ہے لیکن ہم خود اُس کے اس وقت قریب ہیں جب سجدے کی حالت میں ہوتے ہیں۔ اور عمل کے ذریعہ اپنے ادنیٰ ہونے کا اور زبان سے اس کے اعلیٰ ہونے کا اعتراف کرتے ہیں۔ اور یہی بندگی کی معراج ہے کہ انسان خود کو حقیر ترین سمجھے اور اپنے ربّ کی کبریائی اور عظمت و رفعت کا شدت سے قائل ہو۔

حق تعالیٰ سورہ حشر میں یوں ارشاد فرماتے ہیں۔

هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی۔

وہی ایک ذات اللہ کی ہے جو خالق بھی ہے باری بھی ہے اور مصوّر بھی ہے

اور اس کے لئے بہت اچھے نام ہیں۔

سورۂ بنی اسرائیل میں یوں ارشاد فرمایا گیا۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى

(اے نبیؐ) آپ فرمادیجئے کہ اس ذات کو اللہ کے نام سے پکارو یا رحمٰن کے نام سے یہ سب اچھے نام اللہ کے ہیں۔

اوپر قرآن حکیم کی جو آیات پیش کی گئیں اُن میں ایک بات قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ قرآن حکیم نے مالک وخالق کے صفاتی نام بیان کرنے کے ساتھ ہر ہر جگہ ذاتی نام کو ضرور بیان کیا ہے۔

پروردگار عالم کا ذاتی نام صرف ایک ہے۔ اور وہ "اللہ" ہے اور صفاتی نام ایک روایت کے مطابق ایک کم سو، ایک روایت کے مطابق رسُولوں کی تعداد کے برابر یعنی ۳۱۳، ایک روایت کے مُطابق ایک ہزار مثلاً لوامع النجوم میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ایک ہزار نام ایسے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور ایک ہزار ایسے ہیں جو مسلمانوں کی زبان پر جاری ہیں۔ اور اُن میں سے ۳۰۰ کا بیان توریت میں ہوا، ۳۰۰ کا ذکر انجیل مقدس میں ہوا۔ ۳۰۰ کا تذکرہ زبور میں ہوا اور ۹۹ نام قرآن حکیم میں بیان کئے گئے ہیں۔

اور ایک روایت میں یہ فرمایا گیا ہے کہ حق تعالیٰ کے نام انبیاء کی تعداد کے برابر ہیں۔ اور انبیاء کی تعداد کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار تھی۔

لیکن جمہور علماء نے اس طرح کے قول کو صحیح نہیں مانا ہے۔ اور احتیاط کا راستہ اختیار کرتے ہوئے یہ فرمایا ہے کہ جس طرح دنیا میں کلمات کی تعداد مقرر نہیں اسی طرح دُنیا میں اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کی تعداد متعین نہیں۔ یہ بے حد و بے شمار ہیں۔ جب اُن کے اوصاف کو محدود نہیں کیا جا سکتا تو اُن

کے صفاتی ناموں کو محدود کر دینا کیسے ممکن ہے ؟ ——— یہی رائے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی ہے وہ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ کے صفاتی ناموں کی گنتی ممکن نہیں ہے ۔

لیکن صحابہ رضی اللہ عنہم ہی میں سے بعض جلیل القدر حضرات کی رائے یہ تھی کہ اللہ کے ننانوے نام جو قرآن حکیم میں بیان کئے گئے ہیں اُن ہی کے ذریعہ اللہ کا ذکر کرنا بہتر ہے ۔حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جب میں نے قرآن حکیم میں اللہ کے نام تلاش کئے تو ایک سو تیرہ ۱۱۳ ملے ۔ اُن میں بعض مکرر بھی تھے جیسے غفور، غافر، غفار، چنانچہ ایسے تمام مکررات حذف کرنے کے بعد جو باقی رہے ان کی تعداد ننانوے تھی ۔

اور بالعموم ان ہی ننانوے ناموں کو اسمائے حسنیٰ سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔ اور اُن ہی اسمائے حسنیٰ کو صاحبِ ترمذی نے ترمذی شریف میں نقل کیا ہے ۔یہ اسمائے حسنیٰ ترتیبِ حدیث کے مطابق یہ ہیں ۔

اللهُ لا اِلٰهَ اِلاّ هُو ۔ الرّحمٰن الرّحيمُ الملك القدّوس السّلام المؤمن المهيمنُ العزيز الجبّار المتكبّر الخالق البارئُ المصوّر الغفار القهّار الوهّاب، الرزّاق، الفتّاح العليم القابض الباسط الخافض الرّافع المعزّ المذلّ السميع البصير الحكم العدل اللطيف الخبير الحليم العظيم الغفور الشكور العلى الكبير الحفيظ الحسيب الجليل الكريم الرقيب المجيب الواسع الحكيم الودود المجيد الباعث الشهيد الحق الوكيل القوى المتين الولى الحميد المحصى المبدى المعيد المحى المميت، الحيّ ، القيّوم الواجد، الماجد الواحد الصمد القادر المقتدر المتقدّم المؤخّر الاوّل الآخر الظاهر الباطن، الوالى

المتعال البر التوّاب المنتقم العفو الرؤف مالك الملك ذوالجلال و الاکرام لمقسط الجامع الغنی المغنی المانع الضّار النافع النّور الهادی، البدیع الباقی الوارث الرشید الصبور۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس حدیثِ ترمذی میں چند اسرار ہیں اور ان اسرار سے ہر صاحبِ علم وعقل واقف نہیں۔ انتہائی اختصار کے ساتھ ہم ان اسرار کے بعض پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ تمام اسمار توقیفی ہیں۔ توقیفی سے مراد یہ ہے کہ اسی ترتیب میں جو حدیث میں قائم کی گئی ہے کسی بھی طرح کی کمی بیشی اور کسی بھی طرح ردّو بدل جائز نہیں ہے۔ احادیث میں جتنی بھی دعائیں ہیں۔ سب توقیفی ہیں اور ان میں کسی بھی طرح کی تبدیلی مطلقاً حرام ہے جس طرح قرآن حکیم میں تحریف جائز نہیں۔ اسی طرح احادیثِ رسول میں تحریف اور تغیّر کر دینا جائز نہیں ہے۔ مثلاً قرآن حکیم میں اور حدیثِ ترمذی میں الرحمٰن اور الرحیم فرمایا گیا ہے۔ اگر کوئی الرحمٰن الرحیم کے بجائے الرحیم والرحمٰن پڑھے گا تو وہ حرام کا مرتکب ہو گا۔ کیونکہ دانستہ احادیث کی ترتیب کو الٹ دینا شرعاً ممنوع ہے۔

مذکورہ حدیث میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے ننّانوے ناموں کا ذکر فرمایا ہے۔ آپؐ سَو ناموں کا بھی ذکر کر سکتے تھے لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا اس کی اوّلین وجہ یہ ہے کہ آپ نے اپنے رب کی پسند کا خیال اُن کے اسمار بیان کرنے میں بھی کیا ہے۔ دراصل حق تعالیٰ کو جفت کے مقابلے میں طاق عدد پسند ہے اور اسی بنا پر فرائض و واجبات میں طاق عدد کو ہر جگہ ملحوظ رکھا گیا ہے۔ مثلاً وضو کرتے وقت ہر ہر عضو کو تین بار دھونا، رکوع

اور سجدوں میں تسبیح کا تین تین بار پڑھنا وغیرہ۔

اللہ تعالیٰ کی پسند کی وجہ سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہر ہر معاملے میں طاق عدد کو پسند کیا کرتے تھے، حد یہ ہے کہ آپ روزمرّہ کے تمام معمولات میں بھی طاق عدد کا لحاظ رکھا کرتے تھے۔ مثلاً سُرمہ لگاتے تو تین تین سلائیاں دونوں آنکھوں میں لگاتے۔

ایک روایت میں یہ آیا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم رات کو سوتے وقت جب آنکھوں میں سُرمہ ڈالتے تو دائیں آنکھ میں تین بار اور بائیں آنکھ میں ۲ بار ڈالا کرتے تھے۔ اگر اس روایت ہی کو صحیح مان لیا جائے تو بھی دونوں آنکھوں میں سلائیوں کی مجموعی تعداد پانچ ہوتی ہے اور یہ عدد بھی طاق ہے۔

الغرض شریعت میں جتنے بھی احکام وارد ہوئے ہیں وہ سب طاق عَدد پر مبنی ہیں۔ مثلاً شب و روز میں پانچ نمازیں پڑھی جاتی ہیں۔ پانچ کا عَدد طاق ہے۔ تمام فرض نمازوں کی رکعتیں جمع کیجئے تو ۱۷ بنتی ہیں اور یہ عدد بھی طاق ہے۔

اسی لئے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی پسند اور شریعت کا مزاج سامنے رکھتے ہوئے اللہ کے ننانوے صفاتی نام بیان کئے ہیں۔ اور یہ فرمایا ہے کہ جو ان ننانوے ناموں کو یاد کرلے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

● یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ شریعت میں نجات کا مدار اعمال پر ہے اور جب نجات کا دارومدار اعمال صالحہ پر ہے تو پھر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول مُبارک کی توجیہ کیا ہوگی جو ابھی بیان کیا گیا ہے ــــــ علمائے ربّانی نے اس سلسلے میں خاصی بحث کی ہے اور قولِ رسول ﷺ کی مراد متعین کرنے میں مختلف علماء کے مختلف اقوال کتابوں میں نقل ہوئے ہیں۔ ان سب میں سے

سب سے بہتر اور راجح قول ان علمار کا ہے جنھوں نے یہ فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ اسمائے حسنیٰ کو یاد کرکے اُن کے معنیٰ کے مطابق عمل کو اپنی زندگی میں ڈھالنا۔ مثلاً رحمٰن و رحیم پر عمل کی صورت یہ ہوگی کہ اپنی ذات میں رحمت کا مادّہ پیدا کیا جائے۔ عدل پر عمل کی صورت یہ ہوگی کہ ہم زندگی کے ہر معاملے میں منصف اور عادل بننے کی کوشش کریں۔ الودد پر عمل کی صورت یہ ہوگی کہ ہم سب سے محبّت کرنے والے بنیں۔ الرزّاق پر عمل کی صورت یہ ہوگی کہ ہم غریبوں کو روزی مہیّا کرنے کی صفت اپنائیں۔ الشکور پر عمل کی صورت یہ ہوگی کہ ہم لوگوں کے قدرداں بنیں۔ اور قدردانی کی صفت کو اپنائیں۔ الواسع پر عمل کی صورت یہ ہوگی کہ ہم اپنے قلب و ذہن کے اندر وسعت کو پیدا کریں۔ جس طرح اللہ اپنے مخالفین کو بھی برداشت کرتا ہے۔ اور فوراً ہی اُن پر کوئی عذاب نازل نہیں کر دیتا۔ اسی طرح ہم بھی اپنے مخالفین کو برداشت کریں۔ التواب پر عمل کی صورت یہ ہوگی کہ ہم لوگوں کو اس طرح معاف کریں۔ جس طرح اللہ ہماری خطائیں معاف کرتا ہے۔ بس اسی طرح باقی ناموں کو قیاس کر لیجیے۔ اور ان ناموں پر اس طرح عمل کرنے کے بعد جب بندہ اللہ کی صفات کو اپنائے گا اور اللہ کے رنگ میں پوری طرح رنگ جائے گا اور اپنے مزاج کو مزاجِ خداوندی میں ڈھال لے گا تو پھر اس کے جنّتی ہونے میں کسی کو کلام ہو سکتا ہے؟

اب ان ننانوے ناموں کا بالترتیب ترجمہ بھی پڑھ ڈالئے۔ تاکہ آپ کو اندازہ ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کیا کیا ہیں۔

اللہ — بہت مہربان، نہایت رحم والا، تمام جہانوں کا بادشاہ۔ تمام عیبوں سے پاک، تمام نقصانات سے محفوظ، اپنے وعدے میں سچا۔ اپنے

عذاب سے امن دینے والا، مہربان گواہ، غالب، قوی، قاہر، بگڑی بنانیوالا زبردست، بڑی عظمت اور بزرگی والا، ہر چیز کا پیدا کرنے والا، ہر چیز کا موجد، صورتیں عطا کرنے والا۔ بہت بخشنے والا، غلبہ رکھنے والا، بغیر بدلے کے عطا کرنے والا، مخلوقات کو روزی پہنچانے والا، مشکل کشا، بندوں پر حکم لاگو کرنیوالا ظاہر و باطن کا علم رکھنے والا، چلتی ہوئی چیز کو روک دینے والا، بندوں کی ضرورتیں پوری کرنے والا، ہر گرہ کو کھولنے والا، فرمانبرداروں کو بلند کرنے والا، عزت بخشنے والا، ذلت دینے والا، ہمیشہ سننے والا، ہمیشہ دیکھنے والا، مخلوقات کا حکمراں، صحیح فیصلہ دینے والا، نہایت انصاف کرنے والا، انتہائی دوراندیش لطیف و مہربان، بڑا باخبر، آگاہ، دانا، عالم، عارف، نہایت بردبار، اپنی صفات میں بزرگ و برتر، اور بہت مغفرت کرنے والا، بڑا قدر شناس، بڑے رتبے والا ایسا بڑا کہ جس سے بڑا کوئی نہیں، محتسب نگہبان، حفاظت کرنے والا حساب داں، بزرگ، سخی، بہت عظیم، دعائیں قبول کرنے والا، وسعت رکھنے والا، بردبار، محبت کرنے والا، ذی عظمت، کون و مکان کا باعث، گواہ، ذی حق کارساز، طاقت والا، استوار، دوست، مستحقِ حمد، شمار رکھنے والا، دوبارہ پیدا کرنے والا، کسی نمونے کے بغیر پیدا کرنے والا، مخلوقات کو موت اور زندگی دینے والا، ہمیشہ رہنے والا، قائم و دائم، ہر چیز کو پالینے والا، بزرگی والا ایک اکیلا بے نیاز، زبردست قدر والا، پوری قدرت اور اختیارات رکھنے والا، سب سے بعد تک رہنے والا، سب سے پہلے موجود، سب کے بعد والا، ظاہر و آشکارا، پوشیدہ و پنہاں، تصرف کرنے والا، سب سے بلند و بالا، اچھا سلوک کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا، بدلہ لینے والا، معاف کرنے والا، بادشاہوں کا بادشاہ، عظمت اور جلال والا، انعام و اکرام والا، عدل و انصاف قائم کرنے والا، سب کو جمع

کرنے والا، بے پرواہ و بے نیاز، بے پرواہ کردینے والا، روک دینے والا، ضرر پہنچانے پر قادر، نفع پہنچانے والا، سرتاپا نور، سیدھا راستہ دکھانے والا، بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا، ہمیشہ باقی رہنے والا، سب کے بعد موجود رہنے والا، نیکی کو پسند کرنے والا، بڑے صبر و تحمل والا۔

یہ ضروری تفصیل پیش کرنے کے بعد اب ہم اپنے اصل موضوع کی طرف آتے ہیں۔ ہمارا مقصدِ اصلی اسمائِ حسنیٰ سے روحانی طور پر فیض اٹھانا ہے۔ آئندہ اس موضوع پر اظہارِ خیال کی صورت یہ رہے گی کہ اسمِ باری تعالیٰ نقل کیا جائے گا۔ اس کا ترجمہ دیا جائے گا۔ اس کے اعدادِ ابجد نقل کئے جائیں گے اس اسم سے روحانی طور پر فائدہ اٹھانے کی ترکیب اور اسمِ باری تعالیٰ کے ورد کی تعداد بیان کی جائے گی۔ اس کے بعد اس کے ضروری نقوش پیش کئے جائیں گے۔ اور ان نقوش سے فائدہ اٹھانے کا طریقہ بتایا جائیگا۔ انشاء اللہ۔

"یَاھُوْ" اگرچہ اللہ کا اسم نہیں ہے۔ لیکن عمومی طور پر یا ھو سے اللہ ہی کی ذات مُراد لی جاتی ہے۔ اس لئے اکابرین نے اُسے بھی اسمائے حسنیٰ میں شمار کیا ہے۔ اور اس کی حقیقت پر اللہ کی کتاب بذاتِ خود گواہ ہے۔ آیت الکرسی میں فرمایا گیا ہے۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ۔ یہاں بلاشبہ اللہ ہی کی ذات مُراد ہے۔ بعض اہلِ تحقیق نے اس ھُوْ کو اسمِ اعظم قرار دیا ہے۔ یہ اسمِ اعظم اگرچہ نہ ہو لیکن اس کی عظمت و رفعت میں کوئی شبہ نہیں۔ اور اس کے اثر پذیر ہونے میں کبھی کوئی کلام نہیں۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر "یا ھُو" کو روزانہ سوتے وقت ۱۲۹ مرتبہ پڑھ لیا جائے تو دوزخ کی آگ سے چھٹکارا نصیب ہوگا

تنویر الاسماء میں منقول ہے کہ سرورِ کونین محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص جمعرات کے دن روزہ رکھے اور چینی کے پیالے

پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لکھکر بارش کے پانی سے دھوکر اس سے روزہ افطار کرلے تو مرضِ نسیان ختم ہوجائے اور اس کے بعد حافظے میں زبردست قوت پیدا ہوجائے ۔ اگر یہی پانی کسی سحر زدہ کو پلا دیا جائے تو اس کو صحت کاملہ نصیب ہوجائے ۔ اگر کوئی شخص ان اسمار کو لکھکر اپنے بازو پر باندھ لے تو سب پر غالب رہے ۔ اور کوئی شخص اس کو نقصان پہنچانے پر قادر نہ ہوسکے ـــــ اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۷ روز تک روزانہ اللہ لا الٰہ الا ھُوَ ۱۲ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو تمام مخلوقات کو حد یہ ہے کہ جنگلی جانوروں اور جنات وغیرہ کو بھی پڑھنے والے سے انسیت اور محبت پیدا ہوجائے اور عجیب و غریب احوال اس پر منکشف ہوں کہ جنھیں دیکھکر عقلیں حیران رہ جائیں ۔

اسمائے حسنیٰ کے بارے میں نام بنام اہم ترین تفصیلات نقل کرنے سے پہلے اور یہ وضاحت کرنے سے قبل کہ باری تعالیٰ کے کسی نام سے کیا فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے ۔ اور کسی شخص کے لئے کون سا نقش بنانا مفید ہے ۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم فطرت اور عنصر کے اعتبار سے اسمائے حسنیٰ کے الگ الگ خاکے پیش کردیں ۔ تاکہ شائقین کے لئے آسانی پیدا ہوجائے ۔ اور اس لائن میں دلچسپی رکھنے والوں کو دورانِ عملیات کسی طرح کی دشواری پیش نہ آئے ۔

یوں تو حق تعالیٰ کا ہر نام اس کے بندوں کے لئے مفید اور مؤثر ہی ثابت ہوتا ہے ۔ لیکن اگر اسباب کی اس دنیا میں حق تعالیٰ کا ذکر بھی بزرگوں کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق کیا جائے گا تو یہ بھی حسنِ سبب اختیار کرنے کے مترادف ہوگا اور انشاء اللہ اس طور نتائج بہتر سے بہتر برآمد ہوں گے ۔

بزرگوں نے دن اور رات میں ذکر کرنے کے انداز میں تفریق رکھی ہے۔ کہ فلاں اسم باری تعالیٰ کو اگر دن ہو تو اس طرح اس کا ورد رکھو اور رات ہو تو اس طرح وِرد رکھو ـــــ آگے چل کر ہم اس کی وضاحت کریں گے۔ سردست ہم کچھ ضروری تفصیلات ہدیۂ ناظرین کر رہے ہیں۔

فطرت کے لحاظ سے اسمائے حُسنیٰ کے خاکوں کی الگ الگ تفصیل ہے۔

خاکہ اسمائے جمالی کل تعداد ۴۵

رحمٰن ۲۹۸	رحیم ۲۵۹	قدوس ۱۷۰	سلام ۱۳۱	مؤمن ۱۳۶	مہیمنُ ۱۴۵	عَزیز ۹۴	مصور ۳۳۶	غفار ۱۲۸۱
رزاق ۳۰۸	فتاح ۴۸۹	علیمُ ۱۵۰	باسط ۷۲	رافع ۳۵۱	مُعِزّ ۲۸۸	سَمیعُ ۱۸۰	بصیرُ ۳۰۱	لطیف ۱۲۹
حلیم ۸۸	مجیب ۵۵	واسع ۱۳۷	حکیم ۶۸	ودود ۲۰	غفور ۱۲۸۶	شکور ۵۲۶	کبیرُ ۲۳۲	حفیظ ۹۹۸
مقیت ۵۵۰	کریم ۲۷۰	مجید ۱۸۹	وکیل ۱۹۶	ولی ۴۶	حمید ۶۲	احد ۱۳	صمد ۱۳۴	بر ۲۰۲
توّاب ۴۰۹	خالق ۷۳۱	عفو ۱۵۶	مغنی ۱۲۶۷	نافع ۱۶۱	ھادی ۲۰	رؤف ۲۸۶	رشید ۵۱۴	صبور ۲۹۸

ان اسمار کو اسمارِ رحمت بھی کہا جاتا ہے۔ ذکر اللہ اطمینانِ قلب اور ثوابِ آخرت کی نیت سے تو اللہ کے کسی بھی اسم مبارک کا وِرد کیا جاسکتا ہے حق تعالیٰ کے تمام ہی اسمار قابلِ عظمت واحترام ہیں۔ اور ہر ایک اسم کے ہر ہر حرف سے نورانیت کی نہریں بہتی ہیں۔ عظمت ورفعت کے اعتبار سے تو اسمار کے درمیان کِسی طرح کی کوئی تفریق نہیں کی جاسکتی۔ البتہ تاثیر ونفوذ کے اعتبار سے اکابرین نے اسمار کے درمیان حزم واحتیاط کو پیشِ نظر رکھ کر تقسیم

کی ہے۔ اور تجربات کی کسوٹی پر یہ تقسیم صد فی صد درست ثابت ہوتی ہے۔ اسی تقسیم کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ عرض ہے کہ:— مذکورہ بالا ۴۵ اسمار میں سے ۷ اسمار بلندیٔ مرتبہ، کاروبار کی ترقی اور کشائشِ رزق کے لئے مفید اور مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔ عاملین کو چاہئے کہ بلندیٔ مرتبہ، فتوحات، کاروبار کی ترقی اور کشائش رزق نیز خیر و برکت کے لئے ان ہی ۷ اسمار کو کام میں لائیں اور ان کے ذریعہ استمداد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد کامیابی نصیب ہوگی۔

ان اسمار سے کام لینے کا عمومی طریقہ یہ ہے کہ صاحبِ ضرورت کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد لو۔ اگر ان اسمار میں سے کسی بھی اسم کا پہلا حرف صاحبِ ضرورت کے نام کے پہلے حرف سے ملتا ہے تو اس اسمِ باری کے اعداد بھی مذکورہ اعداد میں شامل کرلو اور اگر نہیں ملتا تو پھر افضل یہ ہے کہ ساتوں نام کے اعداد شامل کرلئے جائیں جو ۲۵ ۱۳ ہوتے ہیں۔ اگر کوئی ایک نام کام میں لانا ہے تو اس کے مؤکل کے اعداد شامل کئے جائیں ورنہ ساتوں اسمار کے حرفِ اوّل کے مؤکلین کے اعداد شامل کئے جائیں۔ جو ۱۹۶۸ ہوتے ہیں۔ پھر ان سب کو جمع کرکے حسبِ قاعدہ مربع کا نقش بنائیں اور اس نقش کو ساعتِ مشتری میں تیار کریں۔ اس نقش کو آٹے میں گولی بنا کر دریا میں پھینک دیں اور ۴۱ روز تک لگاتار ایسا کرتے رہیں۔

رات کو سونے سے پہلے ضرورت مند اپنے نام کے مجموعی اعداد کے مطابق ایک اسمِ مبارک کا یا پھر ساتوں اسمار کا ورد کرے —— انشاء اللہ کاروبار میں اس قدر ترقی ہوگی کہ عقل حیران ہوگی۔ اور جو دیکھے گا رشک کرنے پر مجبور ہوگا۔

نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

مذکورہ ۷ اسماء کے مؤکلین اور ان کے اعداد کا خاکہ یہ ہے

اسمِ باری	نام مؤکّل	اعداد مؤکّل
بَاسِطُ	جبرائیل	۲۴۷
سَلَامُ	ھمواکیل	۱۱۲
فَتّاحُ	سرحمائیل	۳۵۰
مُعِزُّ	رومائیل	۲۸۸
لَطِیفُ	طاطائیل	۶۱
کَرِیمُ	دورائیل	۲۵۲
وَاسِعُ	رفتمائیل	۷۶۲

مثال — احمد بن سعیدہ کے لئے خیر و برکت کا نقش بنانا ہے۔ سب سے پہلے ہم نے احمد کے اعداد نکالے۔

احمد کے اعداد ہوئے ——— ۵۳

احمد کی ماں سعیدہ کے اعداد ہوئے — ۱۴۹

چونکہ الف سے کوئی اسمِ باری نہیں ہے اس لئے

ساتوں اسمار کے اعداد کا ٹوٹل شامل کیا ــــــــ ۱۳۲۵
تمام مؤکلین کے اعداد شامل کئے ــــــــ ۱۹۶۸
ان سب کو جمع کر دیا ــــــــ ۳۴۹۵
حسبِ قاعدہ ان میں گھٹا دیئے ــــــــ ۳۰
۳۴۶۵

انھیں مربع نقش بنانے کیلئے ۴ سے تقسیم کر دیا ۸۶۶ (۳۴۶۵ (۴
۳۲
۲۶
۲۴
۲۵
۲۴
۱

احمد کیلئے نقش آبی چال سے اس طرح تیار ہوگا۔

۳۴۶۵

۸۸۰	۸۶۶	۸۷۳	۸۷۶
۸۷۲	۸۷۷	۸۷۹	۸۶۷
۸۷۴	۸۷۱	۸۶۸	۸۸۲
۸۶۹	۸۸۱	۸۷۵	۸۷۰

اس طرح احمد بن سعیدہ کیلئے ۴۱ نقوش بنا کر دینے ہوں گے یا احمد بن سعیدہ اپنے لئے خود ۴۱ نقوش بنائے گا۔ پھر اپنے نام کے مجموعی اعداد کے برابر یعنی کل ۵۳ مرتبہ یَا بَاسِطُ یَا سَلَامُ یَا فَتَّاحُ یَا مُعِزُّ یَا لَطِیْفُ یَا کَرِیْمُ یَا وَاسِعُ ــــ عشار کی نماز کے بعد ۴۱ روز تک پڑھے گا ــــ پھر انشاء اللہ ترقیٔ کاروبار اور کشائش رزق کے مزے لوٹے گا ــــ

اگر حاکموں، دفتر کے ذمہ داروں اور سرکاری افسروں کی تسخیر اور توجہ مطلوب ہو تو اس کام کے لئے ۴۵ جمال اسماء میں سے یہ نو اسماء مفید اور مؤثر ثابت ہوتے ہیں —— وہ اسماء یہ ہیں۔ رحمٰن، رحیم، حکیم، حفیظ، حیّ، قیوم، فتاح، رافع، ھادی،

ان اسماء سے کام لینے کا طریقہ یہ ہے، اپنے نام کے اعداد والدہ کے نام کے اعداد متعلق حاکم کے نام کے اعداد اور اس کی ماں کے نام کے اعداد شامل کر لئے جائیں۔ اور پھر اُس اسمِ باری کے اعداد لے لئے جائیں جس کا پہلا حرف طالب کے نام کے پہلے حرف سے ملتا ہو۔ اور اسی حرف کے مؤکل کے اعداد بھی شامل کر لئے جائیں۔ ورنہ پھر نو اسماء کے مجموعی اعداد جو ۲۶۶۶ ہیں شامل کر لئے جائیں۔ اور تمام مؤکلین کے اعداد جو ہیں شامل کر لئے جائیں۔ پھر اس نقش کو حسبِ قاعدہ ساعت شمس میں آتشی چال سے پُر کیا جائے۔

آتشی چال یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اس نقش کو تیار کر کے ضرورت مند اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ حاکم یا افسر مہربان ہوگا، —— نرمی اور محبت سے پیش آئے گا۔

مثال —— فرید ابن فاطمہ کیلئے ایسا نقش بنانا ہے جو حاکموں اور افسروں

کو نرم کرنے میں بفضلِ خدا مؤثر ثابت ہو تو سب سے پہلے فرید کے اعداد لیں گے۔

فرید کے نام کے اعداد لئے ——— ۲۹۴

فرید کی والدہ فاطمہ کے نام کے اعداد لئے ——— ۱۳۵

فرید کے نام میں پہلا حرف فؔ ہے، ف سے
شروع ہونے والے اسمِ باری تعالیٰ فتاح کے
اعداد لئے ——— ۴۸۹

حرفِ فؔ کے مؤکل کے نام کے اعداد لئے ——— ۳۵۰

ٹوٹل آیا ——— ۱۲۶۸

حسبِ دستور اس میں وضع کئے
انھیں ۴ سے تقسیم کیا

۳۰
۴) ۱۲۳۸ (۳۰۹
۱۲
۰۳۸
۳۶
۲

نقش اس طرح تیار ہوگا۔

۳۱۶	۳۲۰	۳۲۳	۳۰۹
۳۲۲	۳۱۰	۳۱۵	۳۲۱
۳۱۱	۳۲۵	۳۱۸	۳۱۴
۳۱۹	۳۱۳	۳۱۲	۳۲۴

اس نقش کو ضرورت مند، سبز رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے بازو پر باندھے اور حاکم کے سامنے جائے ——— انشاء اللہ حاکم فرید سے نرمی اور محبت سے پیش آنے پر مجبور ہوگا۔

مذکورہ نو اسمائے الٰہی اور مؤکلین کے اعداد کا خاکہ یہ ہے۔

اسمِ باری	نام مؤکل	اعدادِ مؤکل
رحمٰن	امواکیل	۱۰۸
رحیم	امواکیل	۱۰۸
حکیم	تنکفیل	۵۹۰
حفیظ	تنکفیل	۵۹۰
حیی	تنکفیل	۵۹۰
قیّوم	عطرائیل	۳۲۱
فتّاح	سرحمائیل	۳۵۰
رَافع	امواکیل	۱۰۸
ھَادی	دورائیل	۲۵۲

بیماری سے نجات اور تندرستی

حاصل کرنے کے لئے یہ اسماء مفید اور مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

حفیظ، سَلام، نافع، باقی، کریم، غفور، ھادی

ان اسمار سے کام لینے کا طریقہ یہ ہے کہ جس شخص کے لئے نقش بنانا ہو اس کے نام کے اعداد اور اس کی ماں کے نام کے اعداد حاصل کریں۔ اور ان میں ان سات اسمارِ الٰہی میں سے کسی بھی ایک اسم کے اعداد شامل کریں۔ خواہ نام کا پہلا حرف ملتا ہو یا نہ ملتا ہو ـــــ جس اسمِ الٰہی کو لیں۔ اس کے پہلے حرف کے مؤکل کے اعداد ضرور شامل کریں ـــــ اور اس کے بعد حسبِ قاعدہ ساعتِ عطارد میں نقش مرتب کر کے مریض کے گلے میں ڈلوا دیں ـــ

مرض اگر سخت ہو تو یہی نقش ۷ عدد، زعفران سے لکھ کر روزانہ ایک نقش مریض کو پلائیں۔

اس نقش کو آتشی چال سے پُر کریں۔

مذکورہ اسمائے الٰہی اور مؤکلین کے اعداد کا خاکہ یہ ہے۔

اسمِ باری	نام مؤکل	اعداد مؤکل
حفیظ	تنکفیل	۵۹۰
سلامٌ	ھمواکیل	۱۱۲
نافع	حولائیل	۸۶
باقی	جبرائیل	۲۴۷
کریم	دورائیل	۲۵۲
غفور	لوخائیل	۶۷۸
ھادی	دورائیل	۲۵۲

اسمائے جلالی

ان اسمار کو اسمارِ ہیبت بھی کہا جاتا ہے۔ یہ تعداد میں ۲۱ ہیں انھیں بغض و عداوت دشمنی اور جدائی اور قہر و غضب کے عملیات کیلئے اگر استعمال میں لائیں تو بے انتہا مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔ اور فی الفور خاطر خواہ نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ اسمائے جلالی کا خاکہ درج ذیل ہے۔

خاکہ اسمائے جلالی اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

خاکہ اسمائے جلالی کُل تعداد ۳۵

اللہ ۶۶	جبّار ۲۰۶	مُتکبر ۶۶۲	خالِق ۷۳۱	قہّار ۳۰۶	وہّاب ۱۴	قابض ۹۰۳
خافض ۱۴۸۱	مُذِل ۷۷۰	حکیم ۷۸	خبیرُ ۸۱۲	علی ۱۱۰	جلیل ۷۳	قوی ۱۱۶
مَتین ۵۰۰	مُحص ۱۳۸	مُبدی ۵۶	مُعید ۱۲۴	مُحیی ۶۸	مُمیت ۴۹۰	حَیی ۱۸
قیّوم ۱۵۶	واجدُ ۱۴	ماجد ۴۸	واحِد ۱۹	قادِر ۳۰۵	مُقتدِر ۷۴۴	منتقمُ ۶۳۰
مالکُ الملک ۲۱۲	ذوالجلال والاکرام ۱۱۰۰	مانع ۱۶۱	ضار ۱۰۰۱	باقی ۱۱۳	وارث ۷۰۷	بدیع ۸۶

یوں تو یہ تمام مذکورہ مقاصد میں بے حد مؤثر ثابت ہوتے ہیں لیکن اُن میں بھی تین اسمار قہّار، جبّار اور مُذِل بے حد پُرتاثیر ہیں۔

طریقہ ان سے کام لینے کا یہ ہے کہ دشمن کا نام مع والدہ لیں، ان کے اعداد نکالیں اور دُشمن کے نام کے پہلے حرف کے مطابق ان ۲۱ اسمار میں سے جس اسم باری کا پہلا حرف دشمن کے نام سے ملتا ہو، اس اسم باری کے اعداد شامل کریں اور اسم باری کے پہلے حرف کا جو مؤکل ہو اس کے اعداد بھی شامل کریں۔

اگر بالاتفاق دشمن کے نام کا پہلا حرف ان ۲۱ اسمارِ باری کے پہلے حرف کے مطابق نہ ہو تو پھر مذکورہ تین اسمار، جبّار، قہّار اور مذل کے مجموعی اعداد شامل کریں جو ۱۲۸۲ ہوتے ہیں، اور اُن کے مؤکلین کے اعداد شامل کریں جو ۶۹ ہوتے ہیں۔

تمام اعداد کو جمع کرنے کے بعد حسب قاعدہ مربع کا خاکی چال سے نقش تیار کریں۔ نقش اس وقت زحل کی ساعت میں لکھیں۔ جب قمر عقرب میں ہو جب نقش تیار کرلیں تو سات مقامات کی مٹی اٹھا کر لائیں نمبر ا، کسی چولہے کی نمبر ۲، کسی پرانی قبر کی نمبر ۳، کسی ویران مکان کی، نمبر ۴، جس جگہ گدھا لوٹتا ہو۔ وہاں کی۔ نمبر ۵، جس جگہ چیل یا گدھ بیٹھا ہو۔ وہاں کی نمبر ۶، کسی ویران مسجد کی، اور نمبر ۷، دشمن کے پاؤں کے نیچے کی۔

ان مٹیوں کو کسی مٹی کی کوری ہانڈی میں رکھ لیں اور اس کے درمیان میں مذکورہ نقش دبا دیں۔ اس کے بعد مذکورہ تین اسمار یا قہار یا جبار یا مذل ۱۲۸۲ مرتبہ پڑھیں اور آخیر میں ۳ مرتبہ دشمن کی تباہی و بربادی کی دعا کریں۔ اور پھر اس ہانڈی کو دشمن کے گھر میں یا کسی ویرانے میں دفن کریں ——— دشمن کچھ دن کے بعد تباہ و برباد ہو جائے گا۔

خطرہ یہ بات یاد رکھیں کہ اس طرح کے عملیات شرعی فتویٰ حاصل کرنے کے بعد ہی اور استاذ کامل سے اجازت لیکر کرنے چاہئیں۔ ورنہ آخرت میں مؤاخذہ ہوگا۔ اور اگر کسی بے قصور کو ستائے گا تو بہت بڑا ظلم ہوگا۔ اور ظلم کی سزا ظالم کو دنیا میں بھی ملتی ہے اور آخرت میں بھی وہ برباد ہوتا ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھنے کی ہے، اسمارِ جمالی کے ذریعہ جو اعمال انجام دیئے جاتے ہیں۔ اُن میں اگر دورانِ عملیات کوئی بدپرہیزی بھی ہو جائے تو بھی کسی بڑے نقصان کا اندیشہ نہیں ہے اور نہ ہی عمل میں رجعت ہوتی ہے اور نہ ہی عمل منقلب ہوتا ہے مگر اسمارِ جلالی میں کسی بھی بھول یا بدپرہیزی سے رجعت کا بھی اندیشہ ہے۔ اور عمل کے منقلب ہو جانے کا بھی خطرہ ہے ———

اور اگر ایسا ہو جائے تو عامل کی تباہی اور بربادی یقینی ہے۔ اس صورت میں عامل پاگل بھی ہو سکتا ہے، اس کے دماغ کی رگ بھی پھٹ سکتی ہے ـــــ اس پر دیوانگی بھی طاری ہو سکتی ہے اور وہ رعشے کی بیماری میں بھی مبتلا ہو سکتا ہے۔

لہٰذا اس کے عملیات اس وقت کرنے چاہئیں جب اس کے سوا کوئی چارۂ کار نہ رہے اور دشمن فی الحقیقت ظالم ہو اور مفتی حضرات بھی اُس کے ظلم کی وجہ سے اُسے ہلاک کرنے کا فتویٰ صادر کر دیں۔

مَذکورہ ۲۱ اَسماء کے حُروف اوّلُ کے مؤکّلین اور اُن کے اعداد کی فہرست درج ذیل ھے

اسمِ باری	نام مؤکّل	اعداد مؤکّل
عَزیز	لومائیل	۱۱۸
جَلیل	کلکائیل	۱۱۲
مُقتدر	رُومائیل	۲۸۸
جَبّار	کلکائیل	۱۱۲
قَوی	عطرائیل	۳۲۱
مُنتقم	رُومائیل	۲۸۸
مُتکبّر	رُومائیل	۲۸۸
متین	رُومائیل	۲۸۸
ذوالجلال	اھرائیل	۲۴۸
قہّار	عطرائیل	۳۲۱

اسمِ باری	نامِ مؤکل	اعدادِ مؤکل
مُبدی	روماٸیل	۲۸۸
مُقسط	روماٸیل	۲۸۸
قابض	عطراٸیل	۳۲۱
معید	روماٸیل	۲۸۸
مَانع	روماٸیل	۲۸۸
مُذل	روماٸیل	۲۸۸
ممیت	روماٸیل	۲۸۸
وارث	رفتماٸیل	۷۶۲
علی	لوماٸیل	۱۱۸
قادر	عطراٸیل	۳۲۱
مالک الملک	روماٸیل	۲۸۸

ان اسمار کے علاوہ باقی اسمار مشترک ہیں۔ یعنی ان اسمار کو دونوں قسم کے عملیات میں کام میں لایا جاسکتا ہے۔ ان کی کل تعداد ۱۹ ہے۔ ان کی مکمل فہرست دَرج ذیل ہے۔

خاکہ اسماءِ بَاری مشترک کل تعداد ۱۹

اسمِ باری	اعداد	مؤکل	اعداد
ملک	۹۰	روماٸیل	۲۸۸
باری	۲۱۳	جبراٸیل	۲۴۷
عدل	۱۰۴	لوماٸیل	۱۱۸
عظیم	۱۰۲۰	لوماٸیل	۱۱۸
حسیب	۸۰	تنکفیل	۵۹۰

اسمِ باری	اعداد	مؤکل	اعداد
باعث	۵۷۳	جبرائیل	۲۴۷
شہید	۳۱۹	ھمزائیل	۹۴
مقدم	۱۸۴	رومائیل	۲۸۸
مؤخر	۸۴۶	رومائیل	۲۸۸
اوّل	۳۷	اسرافیل	۳۸۲
آخر	۸۰۱	اسرافیل	۳۸۲
ظاھر	۱۱۰۶	لوزائیل	۸۵
باطن	۶۲	جبرائیل	۲۴۷
والی	۴۷	رفتمائیل	۷۶۲
متعالی	۵۵۱	رومائیل	۲۸۸
منعم	۲۰۰	رومائیل	۲۸۸
جامع	۱۱۴	کلکائیل	۱۱۲
غنی	۱۰۶۰	لوخائیل	۶۷۸
نور	۲۵۶	حولائیل	۸۶

ان اسمائے حسنیٰ سے اور بھی بے شمار کام لئے جاتے ہیں۔ جن کی وضاحت کیلئے ہم انشاءاللہ اس مضمون کو مفصّل تحریر کریں گے۔ ہمارے قارئین کو اس بات کا اندازہ ہوگا کہ حق تعالیٰ کے ۹۹ اسمارِ گرامی میں کس قدر خزانے پوشیدہ ہیں۔ حق یہ ہے کہ اگر مسلمان اس بات کو دل کی گہرائی میں اتارلیں کہ ہمیں جو کچھ لینا ہے اپنے اللہ سے لینا ہے اور اللہ ہی مختلف ناموں کو مختلف کاموں کیلئے ذریعہ بناتا ہے، تو میں دعوے سے یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ پھر ہمیں کسی بھی جگہ دامن پھیلانے اور سر جھکانے کی ضرورت نہیں رہے گی ـــــ اور ہمیں دنیا بھر کے تمام خزانوں کی کنجیاں ان ناموں ہی کے طفیل مل جائیں گی جنھیں ہم اسمارِ حسنیٰ کے نام سے جانتے ہیں۔

اللہ جل جلالہ

اللہ خالقِ کائنات کا ذاتی نام ہے۔ اس نام کے علاوہ باقی نام صفاتی ہیں۔ مثلاً خالقِ کائنات کو عادل اس لئے کہتے ہیں کہ وہ فی الحقیقت انصاف کرنیوالا ہے۔ اُسے رحمٰن ورحیم اس لئے کہتے ہیں کہ وہ اپنے بندوں پر دونوں جہان میں رحم وکرم کرنے والا ہے۔ اسے رزّاق اس لئے کہا جاتا ہے کہ بندوں کو روزی پہنچاتا ہے، اُسے قادر اس لئے کہا جاتا ہے کہ بلاشبہ وہ ہر چیز پر قدرت و اختیار رکھتا ہے، اسے واسع اس لئے کہتے ہیں کہ وہ وسعت پیدا کرنے پر قادر ہے۔ اور اُسے حکیم اس لئے کہتے ہیں کہ تمام حکمتوں اور دانائیوں کا سرچشمہ اسی کی ذات گرامی ہے۔ بہرحال اس کے باقی تمام نام صفاتی ہیں جو کسی نہ کسی وصف اور صلاحیت کو واضح کرتے ہیں۔ بس ایک ہی نام اس کا ذاتی نام ہے۔ اور وہ ہے لفظ اللہ۔ اور اس نام کی خصوصیت یہ ہے کہ اگر اس کے ٹکڑے بھی کردیئے جائیں تب بھی یہ اس کی ذات گرامی کا پتہ دیتا ہے۔ مثلاً اللہ کے الف کو حذف کردیں تو لِلّٰہ رہ جائے گا۔ مطلب ہوگا۔ اللہ کے لئے اور اگر للہ کے ایک لام کو حذف کردیں تو لَہٗ رہ جائے گا۔ مطلب ہوگا۔ اس کے لئے۔ لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، آسمانوں اور زمینوں کا اقتدار اعلیٰ اللہ ہی کیلئے ہے اور اگر دوسرا لام بھی حذف کردیں تو ھُوْ رہ جائے گا۔ اور ھُوْ اور ھُوَ دونوں اللہ ہی کے لئے مستعمل ہیں۔ یَاھُوْ اور ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ اللہ ہی کے لئے بولے جاتے ہیں۔

اللہ اور الٰہ دراصل الوہیت سے مشتق ہے جس کے معنیٰ عبادت کے ہیں اور یہ دونوں الفاظ معبود کے معنیٰ میں استعمال ہوتے ہیں۔ اگرچہ لغوی

لحاظ سے یہ دونوں ہم معنیٰ ہیں۔ لیکن عرفی اور اصطلاحی اعتبار سے ان میں یہ واضح فرق پایا جاتا ہے کہ لفظِ اِلٰہ ہر قسم کے معبود کے لئے خواہ وہ حق ہو یا باطل بولا جاتا ہے۔ جیسا کہ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے اَمِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوَاهُ کیا انھوں نے اپنی خواہشاتِ نفسانی کو اپنا معبود بنا لیا ہے۔

اور لفظِ اللہ صرف معبودِ برحق کیلئے بولا جاتا ہے۔ اور جب سے یہ دُنیا بنی ہے اس وقت سے یہ لفظ صرف اور صرف معبودِ برحق کیلئے استعمال ہو رہا ہے۔ اور پہلے ہی پیغمبر سے یہ فلسفہ چلا آرہا ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ــــــ نہیں ہے کوئی معبود ماسوا اللہ کے۔

یہ تو ہوئے لغوی اور اصطلاحی معنیٰ۔ لیکن شریعت میں لفظ اللہ اس ذاتِ گرامی کیلئے بولا جاتا ہے جو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہنے والی ہے۔ اور وہ ذات تمام صفاتِ الٰہیہ کی جامع ہے۔ وہ ہر چیز کا خالق بھی۔ اور اپنی ہر مخلوق کا رُوزی رساں بھی ہے ــــ وہ عطا کرنے پر بھی قادر ہے اور چھین لینے پر بھی قادر ہے۔ وہ قادرِ مطلق بھی ہے۔ اور مختارِ کل بھی ہے۔ اور اپنی ان تمام صفات میں وہ یکتا اور وحدہٗ لاشریک بھی ہے۔ دُنیا اپنے وجود کی بقا میں اس کی محتاج ہے۔ لیکن وہ اپنے وجود کو باقی رکھنے میں دُنیا کا محتاج نہیں ہے۔ وہ صرف یہی نہیں کہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہنے والا ہے۔ بلکہ وہ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ بھی ہے۔ یعنی نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے اور نہ کوئی اس سے پیدا ہوا ہے۔

اور بندوں کو یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ جو خالق ہوتا ہے وہی رازق بھی ہوتا ہے۔ اور جو رازق ہوتا ہے وہی معبود بھی ہوتا ہے اور جو معبود ہوتا ہے وہی مستعان بھی ہوتا ہے اور چونکہ اللہ کے سوا کوئی خالق نہیں ہے اس لئے اس کے ماسوا کوئی رازق بھی نہیں۔ اس کے ماسوا کوئی معبود بھی نہیں اور اُس کے

ماسوا کوئی مستعان بھی نہیں۔

ہمیں اپنا سر اسی کے سامنے جھکانا چاہئے اور اپنا دامن صرف اسی کے سامنے پھیلانا چاہئے ــــ اس لئے کہ اس کے علاوہ نہ کوئی پرستش کے لائق ہے اور نہ ہی ذاتی طور پر کچھ عطا کر دینے کے قابل ہے۔

ہر صاحبِ ایمان کا یہ عقیدہ ہونا چاہئے کہ اللہ کے سوا کسی بھی ہستی کو حقیقی طور پر کچھ لینے دینے کی صلاحیت نہیں ہے۔ اور بقول قرآن حکیم وہ تمام خداوندانِ باطل کہ انسان جنھیں معطی سمجھ کر پکارتا ہے۔ وہ کھجور کی ایک گٹھلی کا بھی مالک نہیں ہے۔ فلہٰذا ہمیں اپنا دستِ سوال صرف اور صرف بارگاہِ خداوندی میں دراز کرنا چاہئے جو ہمارا خالق بھی ہے ہمارا مالک بھی ہے۔ ہمارا رازق بھی ہے۔ ہمارا ناصر و مددگار بھی ہے۔ اپنے سر کو اللہ کی بارگاہ کے علاوہ کسی اور جگہ جھکانا صرف اللہ کی توہین نہیں۔ بلکہ اپنے سر کی بھی توہین ہے۔ دامن کو کسی اور کے سامنے پھیلانا صرف توحید کے منافی نہیں بلکہ غیرتِ دامن کے بھی منافی ہے۔ اور اپنے ہی عمل سے اپنی تذلیل کرنے کے مترادف ہے۔

محققین کی رائے ہے کہ اللہ اسمِ اعظم ہے۔ اور یہی پروردگارِ عالم کا اسمِ ذاتی ہے۔ فلہٰذا اکابرین نے یہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص پاک وصاف ہو کر کسی پاک جگہ بیٹھ کر اور خوشبو وغیرہ لگا کر اس اسمِ اعظم کی زکوٰۃ ادا کرے یعنی ۴۰ روز تک بلاناغہ "یا اللہ" ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور دورانِ چلّہ شریعت کی پابندی کرے۔ ممنوعات سے پرہیز کرے۔ بالخصوص جھوٹ اور غیبت سے اپنی زبان کو روکے رکھے۔ اور نمازِ جماعت کے ساتھ ادا کرے اور لقمۂ حرام سے خود کو محفوظ رکھے۔ اور بہتر ہے کہ پرہیز جمالی بھی کرے، اور روزانہ دورانِ چلّہ "یا اللہ" ایک ہی کاغذ پر ۶۶ مرتبہ لکھ کر آٹے میں اس کاغذ کی گولی بنا کر دریا میں ڈالے تو ایسا شخص اسمِ اعظم کا عامل

ہوجائے گا۔ وہ دیکھتے ہی دیکھتے بفضل ربّ العلمین غنی اور مالدار ہوجائے گا۔ اور روحانیت اُسے پوری طرح ڈھانپ لے گی ــــ چلّے کی شروعات اگر نوچندی جمعرات سے کیجائے تو افضل ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر "یا اللہ" بعد نمازِ عشاء روزانہ ۶۶۶ مرتبہ پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کو دُنیا کی تمام نعمتیں جو اس کی سُرخروئی میں اضافہ کرنے والی ہوں۔ عطا فرماتے ہیں۔ اور اس کو تمام مقاصدِ حسنہ میں کامیابی عطا ہوتی ہے۔ اگر روزانہ اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو قوتِ ایمان ویقین میں اضافہ ہوتا ہے اور نگاہ سے پردے ہٹ جاتے ہیں۔ اور انسان اس دُنیا میں غیب کی حقیقتوں کا بھی مشاہدہ کرتا ہے۔ لیکن ایسا اذنِ خداوندی اور فضلِ خداوندی کی بُنیاد پر ہوتا ہے۔ وہ اپنے بندے کو اپنی خصوصیات مرضیات سے حقائق کا مشاہدہ کراتے ہیں۔ اور یہی انعام ہے انھیں پکارنے والے کا۔

اگر اس نام کو گیارہ سو مرتبہ مالدار ہونے کی نیت سے پڑھا جائے تو چند ماہ کے اندر اندر پڑھنے والا صاحبِ مال وزر ہوجاتا ہے۔

چشتیہ صابریہ کے بعض مشائخ نے اس نام کو روزانہ ۲۴ ہزار مرتبہ پڑھا ہے اور اسی وظیفے کی بدولت انھیں ولایتِ کبریٰ کا مقام اعلیٰ عطا ہوا ہے اور انھیں عزّت ومقبولیت کی دولتِ بیش بہا بھی حاصل ہوئی ہے۔ اگر کوئی شخص کامل یقین کے ساتھ اس اسم کو جمعہ کے دن عصر ومغرب کے درمیان دوسو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ اس کی دنیاوی مشکلات تمام ہوجائیں۔ اور مالی پریشانیاں بھی رفع ہوجائیں۔

اگر کوئی مریض اچھا نہ ہوتا ہو اور اطبا اس کے علاج سے عاجز آگئے ہوں تو ۶ مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر مریض پر دم کریں اور ۶۶ مرتبہ پانی پر دم کرکے مریض

کو پلائیں تو انشاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔ اور بفضلِ ربّ العالمین اسے صحت کاملہ ہوگی۔

لفظ اللہ کے اعداد ۶۶ ہیں۔ عاملین اگر اس کا مربع نقش بنا کر مریض کے گلے میں ڈلوائیں یا مریض کے دائیں بازو پر بندھوائیں تو اللہ کے فضل و کرم سے جو بھی موذی اور مہلک مرض ہو۔ مریض کو اس سے نجات حاصل ہو جائے۔

اور اگر مرض شدید ترین ہو تو اس کا نقش مثلث مریض کو کم سے کم ۷ دن، ۱۴ دن یا پھر زیادہ سے زیادہ ۲۱ دن تک عصر و مغرب کے درمیان روزانہ ایک نقش پلائیں اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

جن مریضوں کے نام، الف، ہ، ط، م ف، ش یا ذ، سے شروع ہوئے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔

——— اور یہ نقش مشرق کی طرف منہ کرکے یک زانو لکھا جائے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

اور پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی مشرق کی طرف منہ کرکے یک زانو لکھنا افضل ہے

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

جن مریضوں کے نام ب، د، ی، ن، ض، ت یا ض سے شروع ہوں، خواہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو جانبِ مغرب رُخ کر کے لکھا جائے۔

۷۸۶

۲۲	۱۵	۱۷	۱۲
۹	۲۰	۱۴	۲۳
۱۶	۲۱	۱۱	۱۸
۱۹	۱۰	۲۴	۱۳

اور پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی جانبِ مغرب رُخ کر کے لکھنا افضل ہے۔

۷۸۶

۲۳	۲۴	۱۹
۱۸	۲۲	۲۶
۲۵	۲۰	۲۱

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو، انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو میں باندھنے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو منہ جانبِ شمال کر کے لکھنا بہتر ہے۔

۲۳	۱۲	۱۳	۱۸
۱۴	۱۷	۲۴	۱۱
۲۰	۱۵	۱۰	۲۱
۹	۲۲	۱۹	۱۶

اور پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی شمال کی طرف رُخ کر کے لکھنا افضل ہے۔

۷۸۶

۲۱	۲۶	۱۹
۲۰	۲۲	۲۴
۲۵	۱۸	۲۳

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت۔ انھیں مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے دیئے جائیں۔

اس نقش کو شمال کی طرف رُخ کر کے لکھا جائے۔

۷۸۶

۲۲	۹	۱۶	۱۹
۱۵	۲۰	۲۱	۱۰
۱۷	۱۴	۱۱	۲۴
۱۲	۲۳	۱۸	۱۳

اور پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے — اس نقش کو بھی جنوب کی طرف رُخ کر کے لکھنا افضل ہے۔

۷۸۶

۲۳	۲۴	۱۹
۱۸	۲۲	۲۶
۲۵	۲۰	۲۱

ان تمام نقوش پر اگر نقش لکھنے کے بعد ۶۶ مرتبہ "اللہ" پڑھ کر دم کر دیا جائے تو ان کی افادیت میں اضافہ ہو جائے۔ اور شفا اور صحت جلد از جلد نصیب ہو جائے

الرحمٰن

پروردگار کے ذاتی نام "اللہ" کے بعد سب سے زیادہ خصوصیت "اسم یا رحمٰن" کو حاصل ہے۔ یہ نام بھی صرف پروردگار کیلئے مخصوص ہے۔ دنیا میں کسی کو صفاتی طور پر رحیم و کریم تو کہا جا سکتا ہے۔ لیکن رحمٰن نہیں کہا جا سکتا۔ کیوں کہ رحمٰن میں رحیم و کریم کے مقابلے میں زیادہ مبالغہ ہے۔ اور اس مبالغے کا حقدار صرف وہی رحیم و کریم ہے جو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ اہل دنیا خصوصی صفات کی وجہ سے کتنے ہی صاحب کرم ہو جائیں۔ لیکن ان کے رحم و کرم کی صفت پھر بھی محدود رہے گی۔ مثلاً دنیا میں جتنے بھی کریم النفس لوگ موجود ہیں وہ اپنوں ہی پر رحم کرتے ہیں اور دوستوں اور رشتے داروں ہی کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کا عالم یہ ہے کہ وہ صرف اپنے اُن بندوں ہی پر رحم نہیں کرتا جو اس کے اطاعت گزار ہیں۔ بلکہ نا اہلوں، نافرمانوں، غدّاروں، کافروں، مشرکوں، ملحدوں، اور اس کے نبیوں، اور ولیوں کے ساتھ خصومت رکھنے والوں کی بھی مدد کرتا ہے اور دنیاوی زندگی کی حد تک سبھی کو ان کی کوششوں کے مطابق نوازتا ہے۔ اس لئے کہ اس کا رحم و کرم ہماری طرح محدود نہیں۔ بلکہ غیر محدود ہے۔ اس کے رحم و کرم کی کوئی حد نہیں ہے۔ کوئی انتہا نہیں ہے۔ وہ بلاشبہ اور بلا کلام بے انتہا ہے۔ تا حدِ امکان بیکراں ہے اور قطعاً لامحدود ہے۔ ہم اس کے رحم و کرم کی انتہاؤں کی کوئی خیالی حد بھی متعین نہیں کر سکتے۔ اور اسی لئے وہی اور صرف وہی "رحمٰن" کہلانے کا مستحق ہے۔ قرآن حکیم میں "اللہ" کے بعد سب سے زیادہ "رحمٰن" کا استعمال ہوا ہے۔ جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اگرچہ یہ اسم صفت

ہے لیکن کثرتِ استعمال کی بنا پر اسمِ ذات کا درجہ رکھتا ہے۔
مثلاً ایک جگہ فرمایا گیا ——— قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ
(سورۂ بنی اسرائیل)
آپ فرما دیجئے کہ اللہ کو پکارو، یا رحمٰن کو (یعنی دونوں ایک ہی ذات کے نام ہیں۔)
یہاں اللہ کے کسی اور صفاتی نام کو نہیں استعمال کیا گیا۔ جو اس بات کی علامت ہے کہ رحمٰن، ذاتی نام کے بعد سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے اور اللہ کے بعد رحمٰن ہی کا لفظ ہے۔ جو ایک طرح سے اللہ کے معنیٰ ظاہر کرتا ہے یعنی الوہیت کو واضح کرتا ہے۔ مثلاً ایک جگہ قرآن حکیم میں یوں ارشاد فرمایا گیا۔ اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی۔ رحمٰن عرش پر مستقیم ہوا۔ (سورۃ الفرقان)
یا مثلاً۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا۔ اور رحمٰن ہی کے بندے ہیں جو زمین پر نرمی اور وقار کے ساتھ چلتے ہیں۔ (سورۃ الفرقان)
بعض علماء نے فرمایا ہے کہ رحمٰن و رحیم کے معنیٰ میں یہ فرق ہے کہ رحمٰن کے معنیٰ یہ ہیں کہ دُنیا میں مسلمان اور کافر سب کے ساتھ رحم و کرم کا معاملہ کرنے والا۔ اور رحیم کے معنیٰ یہ ہیں کہ آخرت میں صرف اطاعت گزاروں کیلئے رحم و کرم کرنے والا۔
امام عبداللہ ابن مبارکؒ فرمایا کرتے تھے کہ رحمٰن وہ ذات ہے کہ جب اس سے سوال کیا جائے تو وہ عطا کرے اور رحیم وہ ذات ہے کہ جب اُس سے کچھ نہ مانگا جائے تو وہ غضبناک ہو۔
امام سدیؒ کا قول یہ ہے کہ رحمٰن وہ ذات ہے جو مصائب اور تکالیف کو دور کرتی ہے اور رحیم وہ ذات ہے جو گناہوں کی بخشش کرتی ہے۔

بہرحال رحمٰن میں مبالغہ بہ اعتبار زیادہ ہے۔ رحمٰن کا رحم و کرم غیر محدود ہے اور رحیم کا رحم و کرم محدود ہے اور صرف اطاعت گذاری کے لئے ہے یہی وجہ ہے کہ اللہ کے بعد رحمٰن کا مقام سب سے زیادہ اونچا ہے۔ کیوں کہ رحمٰن میں ربوبیت کی شان بہ نسبت رحیم کے زیادہ پائی جاتی ہے۔ یہ صرف سمجھانے کا مثالی انداز ہے ورنہ جو اللہ ہے وہی رازق ہے۔ وہی خالق وہی رحمٰن اور وہی رحیم ہے۔

رحمٰن کی روحانی برکتیں اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم کا بکثرت وِرد رکھے گا۔ آفاتِ دنیاوی سے محفوظ رہے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر اس اسم مبارک کو مشک و زعفران سے لکھکر کسی بدطینت اور بداخلاق انسان کے گھر میں دفن کردیا جائے تو اس شخص میں اخلاقِ حسنہ، حیا، ترحم اور عاجزی و انکساری پیدا ہوجائے گی۔

امام علی رضاؒ کا ارشاد ہے کہ جو شخص رحمٰن کو ۲۵۸ مرتبہ روزانہ پڑھے تو اس کو اپنے مقاصد میں انشاء اللہ کامیابی حاصل ہوجائے۔

شیخ بونیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنا معمول بنالے تو اللہ اس کے دل کی غفلت کو ختم کردے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم کو روزانہ ۲۹۸ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے گا تو تمام مخلوق کی نظروں میں اس کی وقعت پیدا ہوگی۔ دشمن مہربان ہوں گے۔ اور اگر کوئی مریض یہ عمل کرے گا تو وہ صحت مند ہوجائے گا۔ اور بیماری سے اُسے نجات مل جائے گی۔

اگر اس اسم کو کسی آسیب زدہ پر ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کردیا جائے تو اس کا آسیب دُور ہوجائے۔ اگر تین ہزار مرتبہ پانی پر دم کرکے کسی سحر زدہ کو پلا

دیا جائے اور یہ پانی ۷ روز تک صبح و شام پلایا جاتا رہے تو بفضلِ رحمٰن اس کا سحر باطل ہو جائے۔ اگر قیدی ۲۹۸ مرتبہ اس کو پڑھے تو جلد قید سے رہائی نصیب ہو۔

اگر بروز جمعہ زہرہ کی دوسری ساعت میں اسم رحمٰن ۱۲۵ مرتبہ پڑھکر اس وقت جو دُعا بھی کرے گا۔ انشاء اللہ قبول ہوگی۔ اگر اسم رحمٰن کو چالیس دن مغرب کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھیں تو مقامِ کشف حاصل ہو، اور بفضلِ رحمٰن بعض پوشیدہ بھیدوں سے مطلع ہو۔

اگر اسمارِ چہار کے اعداد کے مطابق اس اسم کو پڑھکر طالب اپنے ہاتھوں سے کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے تو اسے طالب سے عشق ہو جائے۔ اس طرح کے اعمال کیلئے صرف میاں بیوی کیلئے ہی اجازت ہے۔ اللہ کے نام کو ناجائز تعلقات کیلئے استعمال کرنا غلط ہے۔ اور باعث سزا ہے۔

اگر بانجھ عورت اپنے نام کے اعداد کے مطابق اُسے پڑھتی رہے۔ اور ایک کاغذ پر پندرہ مرتبہ تین سطروں میں پانچ پانچ مرتبہ لکھکر اپنے بائیں بازو پر باندھ لے تو اللہ کے فضل و کرم سے وہ حاملہ ہو جائے۔

اگر اس اسم کو پندرہ مرتبہ لکھکر کسی درخت کی جڑ میں دبا دیا جائے اور ایک نقش درخت کی شاخ پر باندھ دیا جائے تو اس پر بے انتہا پھل پیدا ہوں۔ اگر اسم رحمٰن کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے اور ہر فرض نماز کے بعد ۱۲ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر تلاوت کر کے انگوٹھی پر دم کرتا رہے تو رزق میں بے پناہ وسعت پیدا ہو۔

شیخ ابوالعباس احمد ابن علی بونیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ۸ دن کی خلوت اختیار کرے۔ ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ گوشہ نشین ہو اور جمعہ کے دن عشاء کے بعد سے عمل شروع کرے اس طرح کہ عشاء

کے بعد ۱۲ رکعات پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ حٰمٓ آیت الکرسی اور سورۂ اخلاص معوذتین چالیس چالیس مرتبہ پڑھے اور بعد فراغتِ نماز اسم رحمٰن کو ملفوظی اعداد کے مطابق پڑھے اور اوّل وآخر پانچ سو پانچ سو مرتبہ دُرود شریف پڑھے۔ ساتویں شب میں اس عمل کے بعد سبز رنگ کے ریشمی کپڑے پر اسم رحمٰن کو ۶ مرتبہ لکھکر اپنے پاس رکھ لے تو اللہ تعالیٰ زبردست اقتدار عطا کریں۔ اور غیروں اور دشمنوں پر بھی رعب غالب ہو۔ اور ہر چیز عامل کی اطاعت کرنے پر مجبور ہو یہ عمل تجربات کی کسوٹی پر ہمیشہ برحق ثابت ہوا ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو بچّے پڑھنے سے بھاگتے ہوں۔ اور اُن کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو انھیں پانچوں وقت کی نماز کے بعد ایک کٹورہ پانی پر ۲۹۸ مرتبہ اسم رحمٰن پڑھ کر پلائیں۔ انشاء اللہ پڑھنے کا ذوق پیدا ہوگا —— جسے مرگی کے دورے پڑتے ہوں۔ اس کے کان میں ایک سانس میں ۴۰ مرتبہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرنے سے مرگی ختم ہو جاتی ہے۔ مرض شدید ہو تو متعدد مرتبہ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ رفتہ رفتہ صحت نصیب ہوگی اور مرگی سے نجات ملے گی۔ اگر کسی شخص کی آنکھیں دُکھ رہی ہوں —— اور علاج کے بعد بھی ٹھیک ہونے میں نہ آتی ہوں تو اُسے چاہئے کہ ظہر کی نماز کے بعد ۲۹۸ مرتبہ "الرحمٰن" پڑھے اور سلائی پر دم کر کے دونوں آنکھوں میں تین تین مرتبہ سلائی آنکھوں میں سُرمہ ڈالنے کی طرح داخل کر کے نکالے کچھ لگانے کی ضرورت نہیں۔ انشاء اللہ تین دن ایسا کر لینے سے آنکھیں بالکل ٹھیک ہو جائیں گی۔ صبح کی سنّتوں اور فجر کے درمیان اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو کسی بیمار کے سرہانے کھڑے ہو کر ۲۹۸ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے۔ سات دن میں کیسا ہی بیمار ہو تندرست ہو جائے گا۔ اور اگر اسی مرض میں موت مقدر ہو گی تو آسانی کے ساتھ خاتمہ بالخیر ہوگا ——

مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلویؒ فرماتے ہیں کہ اگر بیمار کے سرہانے پڑھتے وقت اس میں "اسم اللہ" بھی شامل کرلے اور یوں پڑھے "یا اللہ یارحمٰن" تو زیادہ بہتر ہے۔

شیخ ابوالعباسؒ فرماتے ہیں کہ اسمِ مبارک "الرحمٰن" کو اگر کوئی شخص سفید کاغذ پر مُشک وزعفران سے پچاس مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے تو اُسے مقبولیت اور محبوبیت عطا ہوجائے۔ انھوں نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ الرحمٰن کے مؤکل کا نام "طرفیائیل" ہے اور اس کے ماتحت ۵ سردار ہیں اور ہر سردار کے ماتحت فرشتوں کی ستر صفیں ہیں۔ جب کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد کرتا ہے تو طرفیائیل اور اس کے ماتحت کام کرنے والے تمام ملائکہ ورد کرنے والے کی مدد کرتے ہیں۔ اور اُسے باذن اللہ دولتِ دین ودُنیا سے نوازتے ہیں۔

جو شخص الرحمٰن کا نقش ذوالکتابت کسی بھی دن مبارک ساعت میں لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور ہر روز کسی بھی وقت ۲۹۸ مرتبہ اس اسم مبارک کا ذکر کرتا رہے تو اُسے دین ودُنیا کی سرفرازی نصیب ہوتی ہے۔

نقش یہ ہے۔

ن	م	ح	الر
۷	۲۳۲	۴۹	۴۱
۲۳۳	۱۰	۳۸	۴۸
۳۹	۴۷	۲۳۴	۹

اگر کوئی مریض علاج کے باوجود اچھا نہ ہوتا ہو اور اطبا اس کے علاج سے عاجز آگئے ہوں۔ بالخصوص ایسا مریض جو بخار میں مبتلا ہو یا اُسے قلب کا عارضہ ہو، دِل دھڑکتا ہو۔ اختلاج ہو، تو ایسے مریض پر "الرحمٰن" ۲۹۸ مرتبہ پڑھ کر

دم کریں اور ایک بوتل پانی پر ۲۹۸ مرتبہ یہ اسم مُبارک پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں۔ اور روزانہ یہ پانی مریض کو رات کو سوتے وقت کم سے کم تین چمچے پلائیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت اُن کو باندھنے کے لئے نقش نمبر ایک، اور پینے کے لئے نقش نمبر ۲ لکھ کر دیں۔ نقش مرد کے دائیں ہاتھ پر اور عورت کے بائیں ہاتھ پر بندھے۔ ان نقوش کو صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے کے درمیان لکھیں تو بہتر ہے۔ ان دونوں نقوش کو مشرق کی طرف مُنہ کرکے یک زانو لکھنا افضل ہے۔

نقش ۱ یہ ہے۔

۷۸۶

۷۴	۷۷	۸۰	۶۷
۷۹	۶۸	۷۳	۷۸
۶۹	۸۲	۷۵	۷۲
۷۶	۷۱	۷۰	۸۱

نقش ۲ یہ ہے۔

۷۸۶

۹۰	۸۵	۹۳
۹۲	۸۹	۸۷
۸۶	۹۴	۸۸

جن مریضوں کے نام ب، د، ی، ن، ص یا ض، سے شروع ہوتے ہوں، خواہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا ہاتھ پر باندھنے

کے لئے نقش ۱ اور پینے کے لئے نقش ۲ لکھ کر دیں۔ ان دونوں نقوش کو مذکورہ ہی وقت میں جانبِ مغرب مُنہ کر کے لکھا جائے۔

نقش ۱ یہ ہے۔

۷۸۶

۷۰	۷۵	۷۳	۸۰
۸۱	۷۲	۷۸	۶۷
۷۶	۶۹	۷۹	۷۴
۷۱	۸۲	۶۸	۷۷

نقش ۲ یہ ہے۔

۷۸۶

۸۶	۹۲	۹۰
۹۴	۸۹	۸۵
۸۸	۸۷	۹۳

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ، ہو۔ وہ عورت ہوں یا مرد انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا دائیں بائیں بازو میں باندھنے کے لئے نقش ۱ اور پینے کیلئے نقش ۲ لکھ کر دیا جائے۔ اس نقش کو مذکورہ وقت ہی میں منہ جانبِ جنوب کر کے لکھا جائے تو افضل ہے

نقش ۱ یہ ہے

۷۶	۷۱	۷۰	۸۱
۶۹	۸۲	۷۵	۷۲
۷۹	۶۸	۷۳	۷۸
۷۴	۷۷	۸۰	۶۷

نقش ۲ یہ ہے

۷۸۶

۸۸	۹۴	۸۶
۸۷	۸۹	۹۲
۹۳	۸۵	۹۰

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف خواہ وہ مرد ہوں یا عورت، ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ، ہو۔ ان مریضوں کو نقش ۱ باندھنے کیلئے اور نقش ۲ پینے کیلئے دیئے جائیں۔ مذکورہ قاعدہ کے مطابق لکھیں اور لکھتے وقت بجانب شمال رکھیں —— نقش ۱ یہ ہے

۷۸۶

۸۰	۶۷	۷۴	۷۷
۷۳	۷۸	۷۹	۶۸
۷۵	۷۲	۶۹	۸۲
۷۰	۸۱	۷۶	۷۱

نقش ۲ یہ ہے۔

۷۸۶

۹۰	۹۲	۸۶
۸۵	۸۹	۹۴
۹۳	۸۷	۸۸

ان تمام نقوش پر جو باندھنے والے ہیں۔ اگر لکھنے کے بعد ۲۹۸ مرتبہ "الرحمٰن" پڑھ کر دم کر دیا جائے تو ان کی افادیت اور تاثیر میں اور بھی زیادہ اضافہ ہو سکتا ہے۔

پینے کیلئے ۱۱ نقش بنا کر دیئے جائیں اور روزانہ ایک نقش عصر و مغرب کے درمیان ۱۱ دن تک لگاتار پینے کی تاکید کی جائے۔

الرّحیم

رحمٰن اور رحیم کے معنیٰ ایک ہی ہیں بس فرق صرف اتنا ہے کہ رحمٰن میں مبالغہ زیادہ ہے۔ اسی لئے رحمٰن کا اسم صرف باری تعالیٰ کے لئے موزوں ہے ——— ہم اس دُنیا میں رحم و کرم کی صفت سے متصف انسان کو رحیم اور کریم تو کہہ سکتے ہیں۔ لیکن اُسے رحمٰن ہرگز ہرگز نہیں کہہ سکتے اس لئے کہ انسان کتنا ہی رحم و کرم والا کیوں نہ ہو اس کی صفات محدود ہوں گی۔ وہ اُن ہی لوگوں کے ساتھ رحم و کرم کا معاملہ کرے گا جو اس کے متعلقین ہوں۔ یا پھر اس کے مخالف نہ ہوں۔ جب کہ حق تعالیٰ صرف اُن ہی لوگوں پر رحم و کرم کی بارشیں نہیں برساتا جو اس کو یاد کرنے والے ہوں۔ بلکہ وہ غافلین کے ساتھ بھی رحم و کرم کا معاملہ کرتا ہے۔ اور انھیں بھی اس دُنیا کی حد تک اپنے فضل اور عنایات سے محروم نہیں رکھتا۔ جو اس کی وحدانیت کے بھی قائل نہیں ہیں۔ اس لئے بجا طور پر اسی کی ذاتِ گرامی رحم و کرم کے معاملے میں مبالغے کی حقدار ہے اور اس کے سوا کسی اور کے لئے یہ مبالغہ موزوں اور زیبا نہیں۔

حضرت علی کرّم اللہ وجہہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص "یا رحیم" ۲۵۸ مرتبہ روزانہ پڑھا کرے تو اس کا انجام بخیر ہوگا ——— اس دُنیا سے رخصت ہوتے وقت اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ موت کی سختی سے محفوظ رہے گا۔ اور حشر کے میدان میں اس کے ساتھ نرمی کا معاملہ کیا جائے گا۔

علّامہ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یا رحیم روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھے تو وہ کچھ عرصے کے بعد امیر کبیر بن جائے اور اس کی مالی مشکلات دُور ہو جائیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اسم یارحیم سو مرتبہ پڑھے گا وہ تمام آفاتِ دنیاوی سے محفوظ ہو جائے گا۔

بعض بزرگوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اگر کسی کو دشمن کا خوف ہو یا وہ کسی مصیبت کا شکار ہو تو الرَّحْمٰنُ والرَّحِیْمُ کی کثرت سے تلاوت کرے یا اُن دونوں اسموں کو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے نجات ملے گی اور مصائب و نوائب سے چھٹکارا حاصل ہو گا۔

اگر کوئی شخص الرحمٰن الرحیم کو لکھ کر پانی میں بھگو دے پھر اس کو درخت کی جڑ میں ڈال دے تو اس درخت کے پھل میں خوب برکت ہو۔

اگر کوئی بچہ روتا ہو۔ یا اُسے بار بار نظر لگتی ہو۔ یا وہ حد سے زیادہ ضدی ہو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ رونا موقوف ہو گا۔

اگر یہی نقش بڑا آدمی لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے یا اپنے دائیں بازو پر باندھے تو گردشِ زمانہ سے مامون رہے ــــــ اور اس کی طرف لوگوں کا التفاتِ عام ہو۔ ــــــ نقش یہ ہے۔

ر	ح	ی	م
۱۱	۳۹	۲۰۱	۷
۳۸	۸	۱۰	۲۰۲
۹	۲۰۳	۳۷	۹

اگر شائقین یہ چاہتے ہیں کہ اسمِ رحیم کی برکتوں سے پُوری طرح مستفیض ہوں تو اُن کو چاہیئے کہ وہ سب سے پہلے اس اسمِ مُبارک کی زکوٰۃ ادا کریں۔

اور پھر اس کے بعد اس اسم مبارک کی عظمتوں کا کھلی آنکھوں سے کرشمہ دیکھیں
زکوٰۃ کا قاعدہ یہ ہے کہ سب سے پہلے اصغر الصغائر زکوٰۃ ادا کریں یعنی ۴۰ روز تک روزانہ دن میں ۱۰ بار پڑھیں تو "الرحیم" اور رات کو پڑھیں تو "یارحیم" ۱۶ مرتبہ پڑھیں اس کے زکوٰۃ صغائر ادا کریں یعنی روزانہ ۳۲ مرتبہ ۴۰ روز تک اس اسم مبارک کی تلاوت کریں۔ اس کے بعد زکوٰۃ اصغر ادا کریں یعنی ایک چلہ پورا کرنے کے بعد دوسرے چلے میں روزانہ اس اسم کو ۶۵ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد تیسرے چلے میں زکوٰۃ صغیر ادا کریں۔ ــــــــ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس اسم مبارک کو روزانہ ۲۵۸ مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں۔
زکوٰۃ کی ادائیگی میں وقت کی پابندی رکھیں۔ البتہ جگہ کی تعیین کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ تینوں زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد زکوٰۃ کی پانچویں قسم زکوٰۃ کبیر ادا کریں۔ اس کی روزانہ کی تعداد ۱۰۳۲ مرتبہ ہے۔ حسب قاعدہ چالیس روز تک پڑھیں۔ زکوٰۃ کبیر ادا کرنے کے بعد اس اسم کو روزانہ ۴۰ امرتبہ پڑھتے رہیں۔ زکوٰۃ کبیر تمام زندگی کے لئے کافی ہے ــــــــ جس شخص نے بالترتیب اس طرح زکوٰۃ ادا کردی۔ وہ اسم رحیم کا عامل ہو جائے گا۔ اور پھر وہ کسی مریض پر اگر ۷ مرتبہ "الرحیم" پڑھ کر دم کردے گا تو بفضلِ رحمٰن و رحیم اس کو شفا اور صحت نصیب ہوگی۔
واضح رہے کہ یہ تمام زکوٰتیں ۸ ماہ میں ادا ہو جائیں گی ــــــ اور اس کے بعد عامل پر اسم رحیم کی برکتوں کا نزول ہوگا جسے وہ کھلی آنکھوں سے دیکھے گا انشاء اللہ وہ خود بھی فائدہ اٹھائے گا اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائے گا۔
یہ یاد رہے کہ زکوٰۃ کی ادائیگی میں خواہ وہ زکوٰۃ کی کوئی بھی قسم ہو۔ اول و آخر دُرود شریف کم سے کم تین تین مرتبہ پڑھنا ضروری ہے ــــــ دُرود شریف سے عمل میں نورانیت اور عامل میں رُوحانیت پیدا ہوتی ہے۔

اگر کوئی مریض اچھا نہ ہوتا ہو اور اطبا اس کے علاج سے عاجز آگئے ہوں تو "الرحیم" ۲۵۸ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ اور ۲۵۸ مرتبہ الرحیم پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کرکے رکھ لیں اور صبح وشام یہ پانی ۱۵ دن تک مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ مرض رفع ہوگا۔ اور مریض کو بفضل رحمٰن ورحیم صحت کاملہ نصیب ہوگی۔ بشرطیکہ مریض مرض الوفات میں مبتلا نہ ہو۔

"الرحیم" کے مجموعی اعداد ۲۵۸ ہیں۔ عاملین اگر اس کا مربع نقش بنا کر مریض کے گلے میں ڈلوائیں یا مریض کے بازو پر بندھوائیں تو انشاء اللہ ۱۵ دن کے اندر اندر شفا نصیب ہوگی۔ اگر مریض شدید بیمار ہو تو کم سے کم چھ دن اور زیادہ سے زیادہ پندرہ دن تک ایک نقش روزانہ عصر اور مغرب کے درمیان پلائیں اور اللہ کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت، انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اگر اس نقش کو عامل مشرق کی طرف منہ کرکے یک زانو لکھے تو بہتر ہے۔ —— نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷	۷۰	۶۷	۶۴
۶۸	۶۳	۵۸	۶۹
۶۲	۶۵	۷۲	۵۹
۷۱	۶۰	۶۱	۶۶

اور پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی اگر مشرق کی طرف منہ کرکے یک زانو ہو کر لکھا جائے گا تو انشاء اللہ زیادہ مؤثر ثابت ہوگا۔

۷۸۶

۸۹	۸۲	۸۷
۸۴	۸۶	۸۸
۸۵	۹۰	۸۳

جن مریضوں کے نام ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض سے شروع ہوتے ہوں وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو جانبِ مغرب رُخ کرکے عامل دوزانو ہوکر اگر لکھے گا تو انشاء اللہ زیادہ مؤثر ثابت ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۰	۶۳	۶۵	۶۰
۵۷	۶۸	۶۲	۷۱
۶۴	۶۹	۵۹	۶۶
۶۷	۵۸	۷۲	۶۱

اوران حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے ــــ یہ نقش بھی اگر جانبِ مغرب رُخ کرکے دوزانو ہوکر لکھے جائیں گے۔ تو انشاء اللہ زیادہ مفید ومؤثر ثابت ہوں گے۔

۷۸۶

۸۷	۸۸	۸۳
۸۲	۸۶	۹۰
۸۹	۸۴	۸۵

جن مریضوں کے نام ر، ح، ل، ع، ر، خ یا غ سے شروع ہوتے ہوں وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے

یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو مُنہ جانبِ جنوب کر کے چوکڑی (آلتی پالتی) مار کر لکھنا زیادہ افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۶	۶۱	۶۰	۷۱
۵۹	۷۲	۶۵	۶۲
۶۹	۵۸	۶۳	۶۸
۶۴	۶۷	۷۰	۵۷

اور ان افراد کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور انھیں مُنہ جانبِ شمال کر کے بیان کردہ طریقے کے مطابق لکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۸۵	۹۰	۸۳
۸۴	۸۶	۸۸
۸۹	۸۲	۸۷

جن مریضوں کے نام ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے دیئے جائیں۔ اور ان نقوش کو رُخ جانبِ جنوب کر کے بائیں ٹانگ پھیلا کر اپنی دائیں ٹانگ یک زانو کر کے لکھا جائے تو افضل ہے

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۰	۵۷	۶۴	۶۷
۶۳	۶۸	۶۹	۵۸
۶۵	۶۲	۵۹	۷۲
۶۰	۷۱	۶۶	۶۱

اور پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور انھیں رُخِ جانبِ جنوب کرکے یک زانو ہو کر لکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۸۳	۸۸	۸۷
۹۰	۸۶	۸۲
۸۵	۸۴	۸۹

ان تمام نقوشس پر اگر عامل ۲۵۸ مرتبہ "الرحیمُ" پڑھ کر دم کردے تو اُن کی تاثیر اور افادیت میں اور زیادہ اضافہ ہو جائے۔

عاملین کیلئے ضروری ہے کہ وہ دورانِ علاج اپنے اور مریضوں کے عقیدے کی حفاظت کریں۔ اور یہ یقین کامل رکھیں کہ شفا دینے والا وہی وحدہٗ لاشریک ہے۔ جس کے سوا کسی کے آگے سر جُھکانا اور دامن پھیلانا جائز نہیں ہے۔ وہی زندگی دیتا ہے اور وہی زندگی کو نقصان پہنچانے والی چیزوں سے بچاتا ہے۔ بلاشبہ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

محمد اجمل مفتاحی

المَلِكُ

اللہ تعالیٰ کا تیسرا صفاتی نام "اَلْمَلِكُ" ہے۔ ملک کا مطلب ہے بادشاہِ مطلق یعنی ایسا صاحبِ اقتدار بادشاہ جو اپنی تمام مخلوقات پر بلا شرکتِ غیرے حکمراں ہو۔ ملک اُس ذات کو بھی کہا جاتا ہے۔ جو کسی کا محتاج نہ ہو اور ساری دُنیا اس کی محتاج ہو۔ اور یہ ذاتِ گرامی مالکِ حقیقی کے ماسوا دوسری کوئی اور نہیں ہو سکتی۔ اس لئے کہ ساری مخلوقات صرف اور صرف اسی کی محتاج ہیں۔ اور وہ کسی کا محتاج نہیں ہے وہ ہر ضرورت سے بے نیاز اور بالاتر ہے۔

مشائخ سے یہ بات نقل کی گئی ہے کہ بندے کو چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو حقیقی فرمانروا تسلیم کرتے ہوئے خود کو اس کے سامنے محتاج محض تصور کرے۔ اور اپنی مرضیات کو اس کی مرضیات کے تابع کرنے کی مشق کرے۔ ذکر اللہ کا فائدہ بھی اسی وقت ہے جب تسبیح وتہلیل کے ساتھ ساتھ اس کی عملی مشق بھی جاری رہے۔ مثلاً اگر کوئی بھی انسان رحمٰن ورحیم کی تسبیح پڑھتا ہو۔ لیکن خود دوسروں پر رحم کرنے والا نہ ہو تو یہ تسبیح اس کو دُنیا وآخرت میں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ اسی طرح اگر کوئی شخص "یا ودودُ" کا ذکر بکثرت کرتا ہو، لیکن دوسروں سے محبت کا برتاؤ کرنا اس کی سرشت میں داخل نہ ہو تو "یا وَدودُ" کی تسبیحات اس کے لئے نفع بخش ثابت نہیں ہو سکتیں۔ اسمائے حسنیٰ کے وِرد سے فائدہ اسی وقت ممکن ہے کہ جس صفاتی اسم مُبارک کا انسان وظیفہ خواں ہو، اسی صفت کو اپنی زندگی میں ڈھالنے کی بھی کوشش کرے۔ اور اس کی عملی مشق کرتا رہے۔

اسی طرح الملک کی تسبیح کے ساتھ ساتھ بندے کو یہ عملی مشق جاری رکھنی چاہئے کہ میں رعایا میں شامل ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ مالکِ دوجہاں ہے۔ وہ

قادرِ مطلق بھی ہے۔ مالکِ کون ومکاں بھی۔

اس مشق کے دوران بندے کو ہر وقت یہ تصور بھی رکھنا چاہئے کہ حقیقی بادشاہ کی غلامی کے بعد کسی اور کی غلامی قبول کرنا غلط ہے۔ اپنے تن من کو مالکِ حقیقی اور بادشاہِ حقیقی کے احکامات کا پابند کر دینا چاہئے اور یہ یقین رکھنا چاہئے کہ یہ ہماری دنیاوی بادشاہت سے بڑھ چڑھ کر ہے۔

بعض مشائخ سے کسی نے نصیحت چاہی تو انھوں نے فرمایا۔

"تو دُنیا و آخرت کا بادشاہ بن جا"

مقصد یہ تھا کہ تو اپنی خواہشات و مرضیات سے ہاتھ اُٹھالے اور مالکِ حقیقی کی خواہشات و مرضیات کو اپنی زندگی میں ڈھال لے اور جو دُنیا میں ایسا کرتا ہے وہ اپنے نفس کو زیر کر دیتا ہے اور جس نے اپنے نفس پر قابو پالیا۔ وہی فی الحقیقت بادشاہِ وقت ہے۔

اسمِ مَلِکُ کے اعدادِ ابجد نوّے ہیں۔ اور یہ اسم مُبارک جلالی ہے۔ اس اسم مُبارک کا وِرد بالخصوص ان لوگوں کے لئے فائدے مند ہے۔ جو جلالی مزاج رکھتے ہوں۔ اگر کوئی بادشاہِ وقت اس اسم کو القدوس کا اضافہ کر کے یعنی "ملکُ القُدّوس" روزانہ نوّے مرتبہ پڑھے گا۔ تو اس کا ملک اور سلطنت تمام آفات سے انشاء اللہ محفوظ رہے گی۔ اور اگر کوئی شخص "یا مَلِکُ" روزانہ نوّے مرتبہ پڑھے گا تو اس کی عزّت و توقیر میں اضافہ ہوگا ــــــــــ

اگر کوئی شخص اپنا دل روشن کرنے کی نیّت سے اپنے نام کے مجموعی اعداد کے مطابق اس کو روزانہ پڑھے گا۔ تو دل میں نور پیدا ہوگا ــــ اور دِل شرک و گمراہی کی تاریکیوں سے مطلقاً پاک صاف ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو روزانہ ۱۶۱ مرتبہ "یا ملکُ المُلک" پڑھے گا۔

تو تونگری اور مالداری بفضلِ مالکِ دوجہاں اسے نصیب ہوجائے گی۔

اگر اس اسم مبارک کو ۱۳۰ مرتبہ کوئی زوال کے وقت پڑھے گا تو دِل میں نکھار پیدا ہوگا۔ اور قلب تمام چیزوں سے مستغنیٰ ہوجائے گا۔

شیخ جلال الدین محمود تبریزیؒ کا ارشاد ہے۔ اگر کوئی شخص ترکِ حیوانات کے ساتھ نوّے دن تک لگاتار اس اسمِ مبارک کو نوّے ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اُسے بادشاہت کا عہدہ نصیب ہوجائے۔

روایت میں آتا ہے کہ اس اسمِ مُبارک کا نقش افلاطون نے سکندر کو تیار کر کے دیا تھا۔ اور افلاطون اس اسمِ مُبارک کا عامل تھا چنانچہ اس نقش کی بدولت سکندر کو پوری دُنیا پر حکومت کرنے کا اعزاز نصیب ہوا۔

اس اسمِ مُبارک کے مؤکل کا نام ھیھائیل ہے۔ اگر کوئی شخص اس نقش کے چاروں طرف مؤکل کا نام لکھ دے اور پیر کے دن یہ نقش ساعتِ نیک میں تیار کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو دُنیا والوں کی نظروں میں اس کی ہیبت قائم ہوجائے۔

اگر کوئی شخص روزانہ نوّے ہزار مرتبہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل نقش کو پیر کے دن قمر کی ساعت میں لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو اُسے بفضلِ ربّ العالمین اس دُنیا میں سرفرازی اور سرداری نصیب ہو

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م	ل	ك		
۱۹	۱	۳۹	۳۱	اس خانے میں طالب اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھے۔
۲	۲۲	۲۸	۳۸	
۲۹	۳۷	۳	۲۱	

اگر کسی شخص کو کسی مقام پر یا کسی آفس میں ذلیل کیا جاتا ہو اور لوگ اس کی عزت کے درپے رہتے ہوں تو ایسے شخص کو اس اسمِ مبارک کا نقش لکھ کر دیں۔ انشاء اللہ نقش کے استعمال سے کچھ ہی دنوں کے بعد وہ شخص لوگوں کی نظروں میں سرخرو ہو جائے گا اور اس کی مخالفت کا زور رفتہ رفتہ ختم ہو جائے گا ـــــــ مربع کا نقش عنصر کا لحاظ کرتے ہوئے دائیں ہاتھ پر باندھنے کے لئے دیا جائے اور مثلث کا نقش اسم طالب مع اسم والدہ نقش کے نیچے لکھکر کسی پھل دار درخت پر بندھوا دیا جائے اور پھر مالکِ کون و مکان کی قدرت کا کرشمہ دیکھا جائے۔

جن حضرات کے نام کے شروع میں الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ آتا ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت، انھیں سیدھے بازو پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیں۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر اپنے رُخ کو جانبِ مشرق کریں تو بہتر ہے اور اس نقش کو قمر کی ساعت میں لکھیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

اور درخت پر باندھنے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی قمر کی ساعت میں لکھیں اور لکھتے وقت اپنا رُخ مشرق کی طرف کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱	۲۶	۳۳
۳۲	۳۰	۲۸
۲۷	۳۴	۲۹

جن حضرات کے نام کے شروع میں ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض آتا ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں سیدھے بازو کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی قمر کی ساعت میں لکھیں اور اُسے لکھتے وقت اپنا رُخ مغرب کی جانب کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۳	۲۱	۲۸
۲۹	۲۰	۲۶	۱۵
۲۴	۱۷	۲۷	۲۲
۱۹	۳۰	۱۶	۲۵

اور درخت پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی قمر کی ساعت میں لکھیں اور لکھتے وقت اپنے رُخ کو مغرب کی جانب کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷	۳۲	۳۱
۳۴	۳۰	۲۶
۲۹	۲۸	۳۳

جن حضرات کے نام کے شروع میں د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غین آتا ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت ان کو دست راست کیلئے یہ نقش لکھ کر دیں۔ اس نقش کو قمر کی ساعت میں لکھیں اور لکھتے وقت اپنے رُخ کو جنوب کیطرف کرلیں —— نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹	۱۸	۱۹	۲۴
۲۰	۲۳	۳۰	۱۷
۲۶	۲۱	۱۶	۲۷
۱۵	۲۸	۲۵	۲۲

اور درخت پر باندھنے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی ساعتِ قمر میں لکھیں اور لکھتے وقت اگر اپنے رُخ کو جانبِ شمال کریں تو بہتر ہے۔

جن حضرات کے نام کے شروع میں ج، ز، ک، ش، ق، ث، یا ظ، آتے ہوں تو وہ مرد ہوں یا عورت ان حضرات کیلئے یہ نقش مرتب کیا جائے اور مرتب کرتے وقت قمر کی ساعت کا خیال رکھیں اور اپنے رُخ کو شمال کی جانب کرلیں —— نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۲	۱۵	۲۸
۱۶	۲۷	۲۶	۲۱
۳۰	۱۷	۲۰	۲۳
۱۹	۲۴	۲۹	۱۸

اور درخت پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو بھی قمر کی ساعت

میں لکھیں اور لکھتے وقت اپنے رُخ کو جانبِ جنوب کریں۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱	۳۲	۲۷
۲۶	۳۰	۳۴
۳۳	۲۸	۲۹

ان تمام نقوشش کو لکھنے کے بعد اگر ان پر نوّے مرتبہ "اَلْمَلِکُ" پڑھکر دم کردیا جائے تو اس کی افادیت اور تاثیر میں اضافہ ہو جائے۔ عاملین کو چاہیئے کہ وہ ضرورت مند کو اس بات کی ہدایت کردیں کہ یہ نقش سبز رنگ کے کپڑے میں پیک کریں۔ ضرورت مند مرد ہو تو اپنے دائیں بازو پر باندھے اور ضرورت مند عورت ہو تو اپنے بائیں بازو پر باندھے ـــــ درخت پر باندھتے وقت اس بات کا لحاظ رکھیں کہ وہ انار یا امرود کا ہو تو بہتر ہے۔ بیری کے درخت پر یہ نقش نہ باندھا جائے۔ اور کسی بیل پر بھی۔ مثلاً انگور وغیرہ کی بیل پر بھی نقش نہ باندھیں۔ نقش کوئی بھی باندھ سکتا ہے۔ بس یہ لحاظ رہے کہ اگر مرد کے لئے لکھا گیا ہے تو مرد درخت پر باندھے اور اگر عورت کیلئے لکھا گیا ہے تو عورت ہی درخت پر باندھے اور جو نقش جس سمت میں رُخ کرکے لکھا گیا ہے۔ باندھتے وقت اسی سمت کی طرف رُخ کرنے کی ہدایت کیجائے۔ انشاء اللہ ان باتوں کا لحاظ رکھنے سے افادیت میں اضافہ ہوگا۔

القدوس

قدّوس بھی حق تعالیٰ کا صفاتی نام ہے۔ اور معنیٰ اس کے یہ ہیں کہ وہ ذات تمام عیوبؔ اور نقائص سے بالکل پاک صاف اور منزہ ہے۔ یہ اسم مُبارک جمالی ہے۔ اور عنصر آبی ہے۔ اس کے اعداد ۱۷۰ ہیں۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر اس اسمِ مُبارک کو روزانہ ۱۷۰ مرتبہ پڑھے تو وساوس شیطانی سے محفوظ رہے۔ اور اکابرین نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۱۷۰ مرتبہ ایک وقت مقرر کر کے اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا اس کا باطن بالکل پاک ہو جائے گا۔

اگر اس اسم کی تلاوت روزانہ ۱۱۵ مرتبہ کی جائے تو انسان کو ظاہری اور باطنی امراض سے صحت نصیب ہو جائے اور قلب و نفس بھی طاہر و طیب ہو جائیں۔

امام بونیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اس اسم مُبارک کو بکثرت روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے تو دُنیا کی ہر بُری خواہش اس کے دل سے مٹ جائے اور دل اچھے اور پاکیزہ خیالات کا مرکز بن جائے۔

اگر کوئی یہ شخص جمعہ کے دن روٹی کے ایک ٹکڑے پر "یَا قدّوس السبُوحُ" لکھ کر کھا لیا کرے تو وہ فرشتہ صفت بن جائے۔ اور اس عمل سے بشری کوتاہیاں رفتہ رفتہ بالکل ختم ہو کر رہ جائیں گی۔ یوں تو انسان جب تک انسان ہے خطائیں لامحالہ اس سے سرزد ہوتی ہیں۔ لیکن اس عمل کی برکت سے انسان میں ملکوتی صفات پیدا ہو جاتی ہیں اور وہ حتی الامکان غلطیوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ دشمن کے مقابلے کی تاب نہ لاکر اگر کوئی بھاگتا ہوا اس کو پڑھے گا تو دشمن کے ہاتھ نہیں آسکے گا۔ اگر کوئی مُسافرت کی حالت میں

اس اسم کو پڑھے گا تو تھکن محسوس نہیں ہوگی۔ اگر کسی بھی قسم کی مٹھائی پر اس اسم کو ۳۲۰ مرتبہ پڑھ کر دشمن کو کھلا دے گا تو دشمن اس پر مہربان ہو جائے گا۔

اگر اس مبارک اسم کا مثلث نقش اس طرح تحریر کرے کہ اس کے چاروں طرف قدوس حسبِ ذیل طریقے سے لکھ دیا جائے اور اس نقش کو شبِ جمعہ کو مشتری کی ساعت میں لکھا جائے اور اس کے بعد اس نقش کو نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو پروردگارِ عالم کے فضل و کرم سے اخلاقِ حسنہ پیدا ہوں اور اس نقش کا باندھنے والا محبوب خلائق ہو جائے۔ تمام لوگ اس کو تعریف کے ساتھ یاد کریں ـــــ دشمن بھی اس کے سامنے جھکنے پر مجبور ہوں۔ اور اگر اس نقش کو باندھنے کے بعد ۷۰ مرتبہ فجر اور عشاء کی نماز کے بعد اس اسمِ مبارک کو پڑھتا رہے تو عجیب قسم کا دبدبہ پیدا ہو۔ اور تقرب الٰہی کی خصوصیات بھی عطا ہوں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ق	د	و	س
س	و	۶۰ / ۵۳ / ۵۴ / ۵۸ / ۵۷ / ۵۶ / ۵۹ / ۶۱ / ۵۳ د	ق
د	ق	س	و
و	س	ق	د

اور اگر اس اسمِ مبارک کے نقش کو ذوالکتاب لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تلاوتِ قرآن میں دل لگے اور طبیعت پر رقت طاری رہے۔ اور اگر کوئی گنہگار اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے پہنے تو توبہ کی توفیق حاصل ہو۔

نقشِ ذوالکتابت یہ ہے۔

۷۸۶

ال	ق	دو	س
۱۱	۵۹	۳۲	۹۹
۵۸	۸	۱۰۲	۳۳
۱۰۱	۳۴	۵۷	۹

اور اگر اس اسم مبارک کے ساتھ چند کلمات ملا کر نقش مندرجہ ذیل انداز سے تحریر کر کے پھر اس کو موم میں گولی بنا کر کسی پیالے میں ڈالیں۔ اور پھر یہ پانی اس شخص کو پلائیں جو سخت کلام اور سخت دل ہو تو اس میں نرمی پیدا ہو جائے۔ یہ پانی بغض و حسد اور بخل و تنگ نظری کو بھی رفع کرتا ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

سبوح	قدوس	ربّ الملٰئکۃ	والرّوح
والروح	ربُّ الملٰئکۃ	قدّوس	سبّوح
قدوس	سبّوح	والروح	ربّ الملٰئکۃ
ربّ الملٰئکۃ	والرّوح	سبوح	قدّوس

شیخ شہابُ الدین سہروردیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص عظمتِ ظاہری اور باطنی کی نیت سے ترکِ حیوانات کے ساتھ روزانہ دس ہزار مرتبہ ۴۰ روز تک پڑھے۔ تو تمام مخلوقات مسخر ہو جائیں اور اطاعت کرنے پر مجبور ہو۔

اور اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو گیارہ سو ستّر مرتبہ پانچ سال تک روزانہ پڑھتا رہے تو اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہ رہے اور ہر طرف سے سامانِ معیشت خود کھنچ کر اس کے قدموں میں آگریں۔ حق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ صفاتی نام بے پناہ فیوض و برکات اپنے اندر رکھتا ہے۔ اور یقین رکھنے والے اس کے ذریعہ ظاہر و

باطن کے خزانے حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔

"قدوس" کے اعدادِ مجموعی ۱۷۰ ہیں۔ اگر اس کا نقش مربع بنا کر ایسے مریض کو دیں جو بداخلاق ہو یا مختلف قسم کی برائیوں میں مبتلا ہو یا سخت دل اور ترش کلام ہو تو انشاء اللہ اُسے فائدہ ہوگا اور خرابیوں سے رفتہ رفتہ محفوظ ہوجائیگا اگر مرض شدید ہو تو ۷ نقش اس کو پینے کے لئے بھی دیں۔ اور پینے کیلئے مثلث نقش گلاب و زعفران سے لکھیں۔ پینے والے نقش عصر و مغرب کے درمیان روزانہ ایک نقش پلائیں۔ اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، را، م، ف، ش یا ذ، سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اور اگر اس نقش کو عامل مشرق کی طرف منہ کر کے یک زانو لکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۲	۴۵	۴۸	۳۵
۴۷	۳۶	۴۱	۴۶
۳۷	۵۰	۴۳	۴۰
۴۴	۳۹	۳۸	۴۹

اور پینے کے لئے مذکورہ افراد کو یہ نقش لکھکر دیا جائے۔ اور اس کو بھی مذکورہ ہی انداز سے تحریر کیا جائے۔

۷۸۶

۵۸	۵۲	۶۰
۵۹	۵۷	۵۴
۵۳	۶۱	۵۶

جن مریضوں کے نام ــــ ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے یہ نقش دیا جائے ــــ اور اس نقش کو جانب مغرب رخ کر کے عامل دو زانو ہو کر اگر لکھے گا۔ تو زیادہ مؤثر ہوگا۔ انشاء اللہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۴۳	۴۱	۴۸
۴۹	۴۰	۴۶	۳۵
۴۴	۳۷	۴۷	۴۲
۳۹	۵۰	۳۶	۴۵

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو بھی مذکورہ انداز سے لکھا جائے۔

۷۸۶

۵۳	۵۹	۵۸
۶۱	۵۷	۵۲
۵۶	۵۴	۶۰

جن مریضوں کے نام ر، ح، ل، ع، خ، یا غ سے شروع ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اگر اس نقش کو منہ جانب جنوب کر کے چوکڑی (آلتی پالتی) مار کر لکھا جائے تو انشاء اللہ زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

۷۸۶

نقش یہ ہے۔

۴۴	۳۹	۳۸	۴۹
۳۷	۵۰	۴۳	۴۰
۴۷	۳۶	۴۱	۴۶
۴۲	۴۵	۴۸	۳۵

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو مندرجہ ذیل نقش پینے کے لئے دیا جائے
اور مذکورہ انداز ہی میں اس کو لکھا جائے ـــ
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶	۶۱	۵۳
۵۴	۵۷	۵۹
۶۰	۵۲	۵۸

جن مریضوں کے نام ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ، سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈالنے کے یا بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے اور ان نقوش کو جانبِ شمال ہو کر بائیں ٹانگ پھیلا کر اور دائیں ٹانگ کھڑی کر کے لکھا جائے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۸	۳۵	۴۲	۴۵
۴۱	۴۶	۴۷	۳۶
۴۳	۴۰	۳۷	۵۰
۳۸	۴۹	۴۴	۳۹

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں
اور انھیں مذکورہ انداز ہی میں لکھا جائے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۸	۵۹	۵۳
۵۲	۵۷	۶۱
۶۰	۵۴	۵۶

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ہر ایک نقش پر ۱۰۷ مرتبہ "القدوس" پڑھکر دم کردے تو ان کی تاثیر اور افادیت میں اور زیادہ اضافہ ہوجاتا ہے۔ مرد کے نقش دائیں بازو پر باندھا جائے اور خواتین کے بائیں بازو پر اور نقش کو کالے کپڑے میں تعویذ کی شکل دی جائے۔

اللہ تعالیٰ کا چھٹا صفاتی نام "السّلام" ہے۔ السّلام کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی ذات وہ ذات ہے جو تمام عیوب و نقائص سے پاک ہے۔ یعنی اللہ وہ ہے جو اپنی ذات کے اعتبار سے عیوب سے پاک صاف ہے اور اپنی صفات کے اعتبار سے وہ نقائص سے مبرّہ اور منزّہ ہے۔

یہ اسمِ مبارک جمالی ہے اور اس کے مجموعی اعداد ۱۳۱ ہیں۔ اس دُنیا میں اللہ تعالیٰ نے جو بے شمار انسان پیدا کئے ہیں۔ اُن کی ایک تو ذات ہے اور ایک اُن کی صفات ہیں۔ مثلاً کسی شخص کا قد بہت چھوٹا ہے تو یہ ہے ذاتی خرابی۔ یا مثلاً کوئی انسان اندھا، کانا، بھینگا، بہرا، یا لنگڑا لولا ہے تو یہ تمام چیزیں ذاتی عیوب سے تعلّق رکھتی ہیں۔ اور اس دُنیا میں کوئی بھی انسان ایسا نہیں ہے جس میں ذاتی طور پر ایک بھی عیب نہ ہو۔ کچھ نہ کچھ عیب ضرور ہوگا۔ فرق صرف اتنا ہے کہ بعض لوگوں کے عیب واضح ہوتے ہیں اور بعض لوگوں کے عیوب پر پردہ پڑا ہوا ہوتا ہے یا اُن کی صفاتی خوبیوں کی وجہ سے اُن کے ذاتی عیوب پر لوگوں کی نظریں نہیں جاتیں یا اُن کی خوبیوں کی وجہ سے لوگ اُن کے ذاتی عیبوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ مثلاً کوئی انسان

پستہ قد ہے اور رنگ اس کا کالا ہے۔ لیکن وہ سخی ہے۔ غریبوں کا ہمدرد ہے لوگوں کے کام آتا ہے۔ اپنوں اور غیروں سے محبت کرتا ہے۔ تو اس کے ذاتی عیوب قابلِ ذکر نہیں رہیں گے۔ اس لئے کہ اس کی بے شمار اچھائیاں اس کے عیوب کی خود پردہ داری کریں گی۔

ہر انسان میں کچھ نہ کچھ صفات بھی ہوتی ہیں۔ کوئی بھی انسان اس دنیا میں ایسا نہیں ہے۔ جو صرف بُرائیوں کا مجموعہ ہو اور کوئی بھی انسان اس دنیا میں ایسا نہیں ہے جو صرف اچھائیوں کا مجموعہ ہو۔ ہر انسان میں کچھ بُرائیاں بھی ہوتی ہیں اور کچھ اچھائیاں بھی ہوتی ہیں۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ بعض لوگوں پر برائیاں غالب رہتی ہیں۔ اس لئے انھیں بُرا آدمی سمجھا جاتا ہے اور بعض لوگوں پر خیر غالب ہوتا ہے۔ اس لئے وہ اہلِ خیر تصور کئے جاتے ہیں۔ مثلاً ایک شخص حسنِ اخلاق کی دولت سے مالا مال ہے۔ لوگوں کی خوب بڑھ چڑھ کر مدد بھی کرتا ہے۔ نماز روزے کا بھی پابند ہے۔ بڑوں کا احترام بھی کرتا ہے۔ چھوٹوں سے محبت بھی کرتا ہے اور بھی بے شمار خوبیاں اس کی ذات میں موجود ہیں۔ لیکن اُسے غصہ بہت ہے۔ جب بھی آجاتا ہے تو وہ غصے سے پاگل ہو جاتا ہے اور فرطِ غضب میں کچھ حرکتیں ایسی کر گزرتا ہے جو اس کے لئے اور دوسروں کے لئے مسئلہ بن جاتی ہیں۔ یہ شخص اگرچہ قابلِ عزت ہے۔ لیکن اپنی اس بُرائی کی وجہ سے بسا اوقات شرمندگی سے دوچار ہوتا ہے اس کے برعکس دوسرا شخص بُرائیوں کا سرچشمہ ہے۔ بے شمار خرابیاں اس کی ذات میں موجود ہیں۔ جھوٹ بولتا ہے۔ گالیاں بکتا ہے۔ الزام تراشی سے باز نہیں آتا۔ نماز روزے سے بھی غافل ہے اور بھی بُرائیاں اس میں موجود ہیں لیکن غریبوں کی بھرپور مدد کرتا ہے۔ خود بھوکا رہ جاتا ہے۔ لیکن بھوکوں کو کھانا

کھلا دیتا ہے یہ شخص اگرچہ خرابیوں کا پتلا ہے۔ لیکن ایک اچھائی اس میں بھی موجود ہے۔ حاصلِ گفتگو یہ ہے کہ اللہ کا پیدا کردہ ہر انسان کچھ نہ کچھ خرابیاں اور کچھ نہ کچھ خوبیاں اپنی ذات میں رکھتا ہے۔ اور خرابیوں سے مطلقاً کوئی ایک انسان بھی پاک صاف نہیں ہے۔ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسّلام کو بطورِ خاص پیدا کیا جاتا ہے اور حق تعالیٰ اپنی خصوصی توجہ اور قدرتِ کاملہ سے انھیں ذاتی اور صفاتی خرابیوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔ لیکن انبیاءؑ کے بعد کوئی بھی انسان ایسا نہیں ہے کہ جس میں کوئی نہ کوئی خامی اور خرابی موجود نہ ہو۔ لیکن حق تعالیٰ کی ذات ایک ایسی ذات ہے جو تمام معائب اور نقائص سے پوری طرح صاف اور منزّہ ہے۔ وہ ذاتی طور پر بھی پاک اور بے عیب ہے اور صفاتی طور پر بھی پاک اور بے عیب ہے اور اسی لئے اُن کا ایک نام السّلام بھی ہے یعنی وہ ذات جو ہر اعتبار سے سلامتی کا پیکر ہے۔

مشائخ سے یہ بات منقول ہے کہ بندے کو چاہئے کہ وہ اپنے خالق و مالک کو سلامتی کا پیکر سمجھتے ہوئے اس کی عبادت کرے۔ ایسا کرنے سے اس کی اپنی ذات میں بھی سلامتی کے جوہر پیدا ہوں گے۔ اور اس کی ذات بھی سلامتی کا گہوارہ بنے گی۔ تب ہی اُسے بندگی کا اعلیٰ مقام عطا ہوگا۔

حدیث پاک میں فرمایا گیا ہے۔

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔ (بخاری)

مسلم وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دیگر مسلمان محفوظ رہیں۔

اس لئے مسلمانوں کو باہم سلام کا حکم ہوا ہے۔ تاکہ ایک دوسرے کی سلامتی کی دُعا کرتے رہیں۔ اور اس سلامتی کا سب سے بڑا ظہور قیامت کے روز ہوگا۔ جب کہ مومنین کو دوزخ سے محفوظ رکھ کر جنت میں داخل کیا جائے گا اور فرمایا جائیگا۔

سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ ۝

تم پر سلام ہو تم خوش رہو۔ اور ہمیشہ کیلئے جنت میں داخل ہو جاؤ۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ ۱۳۱ مرتبہ "یا سلامؐ" پڑھے گا وہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔ اور اس میں ذاتی اور صفاتی اعتبار سے سلامتی پیدا ہوگی۔

اور اگر کسی مریض پر ۱۳۱ مرتبہ "السَّلَامُ" پڑھ کر دم کیا جائے تو مریض بفضلِ خداوندی شفا پائے گا۔

بزرگوں نے حضرت امام بونیؒ سے نقل کیا ہے کہ مرض شدید میں جب کہ اطبّاء نے مایوسی کا اظہار کر دیا ہو۔ مریض کے سرہانے بیٹھ کر ایک تسبیح یا سَلَامُ یا اللہ اس طرح پڑھیں کہ تسبیح مریض کے سر سے مَس ہوتی رہے۔ تسبیح پوری ہونے پر تسبیح کو مریض کے تکیہ کے نیچے رکھ دیں۔ پھر اگلے دن اسی وقت ایک تسبیح پھر اسی طرح پڑھیں اور تین دن تک ایسا ہی کریں۔ انشاء اللہ مرض میں افاقہ ہوگا۔ اور تندرستی حاصل ہوگی۔

سید العلماء سید حسین احمدؒ نے فرمایا ہے کہ اگر تین سو اٹھارہ مرتبہ "یا سَلَامُ" کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر دشمن کو کھلا دیں تو وہ مہربان ہو جائے۔ اور دوستی کا ہاتھ بڑھائے۔

عاملین نے فرمایا ہے کہ اگر اس اسم کو ایک سو گیارہ مرتبہ اپنے اُوپر دم کرے تو جسمانی بیماری سے نجات ملے۔ اور اگر اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھے تو حاجاتِ دینی اور دُنیاوی حاصل ہوں۔ اور گھر میں زبردست خیر و برکت ہو۔ اور سال بھر یہ عمل کرنے سے ذاکر کی شہرت دُور دُور تک ہو جائے اور لوگ پروانہ وار اس پر نثار ہونے لگیں۔ اور ذاکر تمام عمر اپاہج، عاجز

اور لاچار ہونے سے محفوظ رہے۔

حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلویؒ۔ طب نبوی میں فرماتے ہیں کہ جو شخص غسل کرنے کے بعد سفید کپڑے پہنے پھر قبلہ رُو ہو کر تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَبِیِّنَا فِی الْاَنْبِیَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رَسُوْلِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اس کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا سلام" تین ہزار مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ مذکورہ درود شریف پڑھے اس کے بعد مریض پر دم کرے یا پانی اور دوا پر دم کرے پھر وہ دوا اور پانی مریض کو پلائے۔ یہ پانی لگاتار تین دن یا سات دن پلائے۔ انشاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔ بہتر یہ ہے کہ ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لیں۔ اور پھر اُسے روزانہ پلاتے رہیں۔

اگر کوئی شخص بوجہ بیماری یا اثراتِ بد سے بے ہوش ہوگیا ہو اس کے پاس سرہانے بیٹھ کر تین سو دفعہ یا رحمٰنُ" یا سلام" پڑھا جائے۔ یہ پڑھتے ہی انشاء اللہ مریض ہوش میں آجائے گا۔

اکابرین سے ایک عجیب وغریب عمل منقول ہے وہ یہ کہ جس عورت کے بچے امّ الصبیان کے مرض میں مرجاتے ہوں۔ شروع حمل سے یہ عمل شروع کرے۔ اور بچے کے دودھ پینے تک برابر یہ عمل کرتا رہے۔

تین مرتبہ" سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ" روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر حاملہ کو کھلائیں یا کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اُسے پانی میں گھول کر پلا دیں۔ انشاء اللہ بچہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا۔ اور عمر طبعی کو پہنچے گا۔

بزرگوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اگر" السَّلَامُ" ۶۶ مرتبہ کسی پاک چینی کے

برتن پر لکھکر اس میں پانی ڈالے اور پھر حروف جب پوری طرح مٹ جائیں تو اس پانی کو اس شخص کو پلادے جو وسوسۂ نفسانی میں مبتلا ہو تو انشاء اللہ چالیس دن یہ عمل کرنے سے وہ پوری طرح وساوس کی بیماری سے نجات پالے گا۔ اور اگر یہی عمل ظالم کیلئے کیا جائے وہ ظلم سے باز آجائیگا اور عدل وانصاف کرنے پر مجبور ہوگا۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ یاسلامُ کو ۱۳۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا عادی ہو تو جنگل کا کوئی بھی وحشی جانور اُسے کوئی نقصان نہیں پہونچا سکتا۔

علامہ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ۲۶۱ مرتبہ یاسلامُ سَلِّم" پڑھنے کا معمول بنالے تو حق تعالیٰ دُنیا و آخرت میں پڑھنے والے کو سلامتی اور عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور تمام خطرات سے یہ شخص پوری طرح مامون رہے،

اہلِ تحقیق نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص مندرجہ ذیل نقش کو نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو انشاء اللہ وہ جمیع آفات ومصائب سے محفوظ رہے گا۔ ــــــــــ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

س	ل	ا	م
م	ا	ل	س
ل	س	م	ا
ا	م	س	ل

شیخ بونیؒ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص مندرجہ ذیل نقش ذوالکتابت کو چاندی کے پترے پر کندہ کرکے یا سفید کاغذ پر زعفران سے لکھکر رکھلے اور روزانہ سات ہزار مرتبہ یاسلامُ، پڑھ کر چالیس روز تک اس

نقش پر دم کرتا رہے اور اس کے بعد اس کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو بے شمار نعمتیں اُسے عطا ہوں۔ اور بحرو بر کے سفر میں امن وامان کے ساتھ رہے اور کبھی کوئی چیز اس کے لئے نقصان دہ ثابت نہ ہو۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م	لا	س	ال
۵۹	۳۲	۳۹	۳۲
۳۳	۶۲	۲۹	۳۸
۳۰	۳۷	۳۴	۶۱

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ہر فرض نماز کے بعد "یاسلام" چالیس مرتبہ پڑھ لیا جائے تو پڑھنے والا تمام آفات سے محفوظ رہے۔

اگر اس اسم مبارک کو بیمار پر روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو بحکم ربّی مریض صحت یاب ہو۔

اگر مریض کا ہاتھ پکڑ کر اس کے سرہانے بیٹھ کر بعد نمازِ مغرب چند روز ۷۰ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے تو شافیٔ کریم مریض کو شفا عطا کرے گا۔

اگر ۳۹ مرتبہ بیمار کے سرہانے کی طرف بیٹھ کر ہاتھ اٹھا کر اتنی آواز سے پڑھے کہ مریض سُن لے پھر اس پر دم کر دے اور چند روز ایسا لگاتار کرے تو مریض بفضلِ ربّ العٰلمین صحت مند ہو جائے۔

کسی بیمار پر اگر روزانہ ۱۱۵ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو مریض کو شفاءِ کُلی نصیب ہو۔

اگر کسی مسجد میں بیٹھ کر یا گھر کے گوشۂ تنہائی میں بیٹھ کر کسی پاک وصاف جگہ

۱۲۵۰۰۰ ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے مریض کی شفایابی کی نیت سے یہ شیرینی بچوں میں تقسیم کر دے تو اگر بیماری لاعلاج بھی ہوگی تو بحکم ربّی مریض صحت یاب ہوگا۔ یہ عمل حد سے زیادہ مجرّب ہے۔

اگر کیڑے مکوڑوں کے نقصان سے بچنے کے لئے توجّہ قلبی سے ۱۵ مرتبہ پڑھ کر اپنی شہادت کی انگلی پر دم کر کے اور پھر اسی انگلی سے اپنے چاروں طرف حصار کھینچے اور ایک ہی مجلس میں یہ عمل بالکل اسی طرح تین مرتبہ کرے اور ہر مرتبہ اسی طرح حصار بھی کھینچتا رہے۔ اس کے بعد اسی حصار کے اندر کھڑے ہو کر تالیاں بجا کر دستک دے۔ انشاء اللہ جہاں تک بھی تالی کی آواز جائے گی۔ کیڑے مکوڑوں، سانپ بچھو وغیرہ کے نقصانات سے بالکل محفوظ رہے گا۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر مندرجہ ذیل دونوں نقش ایک ہی کاغذ پر کاغذ کی ایک ہی جانب مندرجہ ذیل طریقے سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ تو مرض کتنا ہی مہلک اور موذی کیوں نہ ہو۔ اللہ کے فضل و کرم سے مریض کو اس سے نجات ملے گی۔ اور وہ صحت یاب ہوگا۔ ——— وہ دونوں نقش یہ ہیں۔

۷۸۶

س	ل	ا	م
ا	م	س	ل
م	ا	ل	س
ل	س	م	ا

۷۸۶

۶۰	۳۰	۱	۴۰
۱	۴۰	۶۰	۳۰
۴۰	۱	۳۰	۶۰
۳۰	۶۰	۴۰	۱

حقیقت یہ ہے کہ لفظِ "سلام" میں دنیا و آخرت کے خزانے پوشیدہ ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے جس وقت ملتا ہے السّلام علیکم کے ذریعہ اُسے عافیت اور سلامتی کی دُعا دیتا ہے اور فی الحقیقت اس سے بہتر دُعا کوئی دوسری ہو بھی نہیں سکتی۔

حق تعالیٰ کے اس اسمِ مبارک میں عافیت، رحمت اور سلامتی کے انمول خزانے اور دفینے موجود ہیں۔ اگر اس اسم کے ذریعہ ہم اپنے مریضوں کا علاج کریں گے تو انشاء اللہ ہمیں کبھی مایوسی اور محرومی کا سامنا کرنا نہیں پڑے گا۔

کوئی شخص کسی بھی بیماری میں مبتلا ہو اس کو "یا سلامُ" کا نقش گلے میں ڈالنے کیلئے دیا جائے یا نقش کو دائیں بازو پر باندھنے کی تاکید کی جائے۔ بفضلِ رب اُسے بیماری سے چھٹکارا ملے گا۔ اگر مرض شدید ہو تو پانچ روز تک ایک نقش زعفران سے لکھ کر مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ پانچ ہی روز میں بھلا چنگا نظر آئے گا۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، ط، م، ش یا ذ سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو مشرق کی طرف رُخ کر کے یک زانو ہو کر لکھا جائے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲	۳۵	۳۹	۲۵
۳۸	۲۶	۳۱	۳۶
۲۷	۴۱	۳۳	۳۰
۳۴	۲۹	۲۸	۴۰

اور مذکورہ نام کے مریضوں کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو اوپر بیان کردہ طریقے کے مطابق لکھنا افضل ہے۔

۷٨٦

۴۵	۳۹	۴۷
۴۶	۴۴	۴۱
۴۰	۴٨	۴۳

جن مریضوں کے نام ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض سے شروع ہوں خواہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو میں باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور بہتر ہے کہ اس نقش کو جانبِ مغرب ہو کر لکھا جائے۔ نقش یہ ہے۔

۷٨٦

۲٨	۳۳	۳۱	۳۹
۴۰	۳۰	۳۶	۲۵
۳۴	۲۷	۳٨	۳۲
۲۹	۴۱	۲۶	۳۵

اور مذکورہ نام کے مریضوں کو اگر مرض شدید ہو تو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو بھی اگر جانبِ مغرب ہو کر لکھا جائے تو بہتر ہے۔

۷٨٦

۴۰	۴۶	۴۵
۴٨	۴۴	۳۹
۴۳	۴۱	۴۷

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو میں باندھنے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اگر اس نقش کو اپنا رُخ جنوب کی جانب کر کے لکھا جائے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴	۲۹	۲۸	۴۰
۲۷	۴۱	۳۳	۳۰
۳۸	۲۶	۳۱	۳۶
۳۲	۳۵	۳۹	۲۵

اور مذکورہ ناموں کے مریضوں کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو شمال کی طرف رُخ کر کے لکھا جائے۔

۷۸۶

۴۳	۴۸	۴۰
۴۱	۴۴	۴۶
۴۷	۳۹	۴۵

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو خواہ مرد ہوں یا عورت انھیں مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے دیا جائے اور اس نقش کو جانبِ شمال ہو کر لکھا جائے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۹	۲۵	۳۲	۳۵
۳۱	۳۶	۳۸	۲۶
۳۳	۳۰	۲۷	۴۱
۲۸	۴۰	۳۴	۲۹

اور پیپنے کے لئے مذکورہ نام کے مریضوں کو مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو بھی جانبِ جنوب ہو کر لکھا جائے۔

۷۸۶

۴۰	۴۶	۴۵
۴۸	۴۴	۳۹
۴۳	۴۱	۴۷

ان تمام نقوش کو تیار کرتے وقت یہ یقین دل میں جمائے رکھیں کہ بیماریوں سے نجات دلانے والی ذات حق تعالیٰ کی ہے۔ وہی بیماریوں کو شفا دیتے ہیں۔ اور وہی کمزوروں کو صحت عطا کرتے ہیں۔ ان کی مرضی کے بغیر کوئی دوا اور تعویذ اثر پذیر نہیں ہو سکتا۔ تعویذ لکھتے وقت اُن ہی سے درخواست کی جائے کہ وہ مریض کو شفا عطا کریں اور تعویذ کی برکت سے اُسے صحتِ کاملہ کی دولت سے نوازیں۔

مذکورہ نقوش لکھنے والا شخص اگر سلامتی کا خوگر ہوگا اور اُس کے ہاتھوں سے اور زبان سے اللہ کے بندے محفوظ ہوں گے تو نقوش میں اثر زیادہ ہوگا۔ ورنہ کم ہوگا۔

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ان پر ۱۳۱ مرتبہ "یا سلام" پڑھ کر دم کر دیا جائے تو تاثیر میں اور بھی اضافہ ہو جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کا ساتواں صفاتی نام "مومن" ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں کہ وہ ذاتِ گرامی کہ جو اپنے قول میں سچی ہے۔ اور اپنے بندوں کو عذاب سے نجات دینے والی ہے۔

لفظ مؤمن کا مأخذ امن و امان ہے۔ اور ایمان بھی اس کا ماخذ ہے۔ اگر مأخذ امن و امان مان لیا جائے تو مؤمن کے معنیٰ ہوں گے۔ وہ ذاتِ گرامی جو دوسروں کو امن دینے والی ہو۔ یعنی دنیا میں چین و سکون اور امن و امان کے اسباب مہیا کرنے والی ہو۔ اور آخرت میں اپنے عذاب سے محفوظ رکھنے والی ہو۔ اور اگر اس کا مأخذ ایمان مان لیا جائے تو معنیٰ ہونگے کہ وہ ذاتِ گرامی جو تصدیق کرنے والی اور ایمانداروں کے ایمان کی توثیق کرنے والی ہو۔

بعض شارحین نے یہ بھی فرمایا ہے کہ مؤمن سے مراد وہ ذاتِ گرامی ہے جو ہر قسم کے خوف سے امن میں ہو۔ لیکن اگر یہ معنیٰ مُراد لئے جائیں تو یہ بات صفتِ خداوندی نہیں بن سکتی۔ اس لئے کہ امن کیلئے وجودِ خوف شرط ہے اور حق تعالیٰ کیلئے یہ بات فرض کرنا کہ وہ کسی سے خوف رکھتا ہو۔ کفر کے ہم معنیٰ ہے۔ حق تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ اور جو سب سے بڑا ہو اس کے لئے خوف اور ڈر کا تصوّر بھی کرنا امر محال ہے اور منجملۂ کفر ہے۔ بس اس کے سب سے بہتر معنیٰ یہ ہیں کہ وہ ذاتِ گرامی جو اپنے بندوں کو دنیا میں امن و امان عطا کرنے والی ہو اور آخرت میں انھیں اپنے غضب سے محفوظ رکھنے والی ہو۔

شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن حق تعالیٰ ایک منادی کرنے والے سے یہ اعلان کرائیں گے کہ جس شخص کا نام میرے انبیاء کے نام پر ہو وہ جنت میں داخل کیا جائے۔ بہت سے اشخاص ایسے ہونگے جن کے نام انبیاء کے نام پر نہیں ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اُن سے ارشاد فرمائیگا۔ میں مومن ہوں اور میں نے دنیا میں تمہیں مومن بناکر بھیجا۔ تم میرے حکم سے جنت میں داخل ہو جاؤ۔

مومن کے اعداد ۱۳۶ ہیں۔ یہ اسم جمالی ہے اور عنصر اس کا آتشی ہے اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ ہمارے ہاتھ اور زبان سے لوگ امن وامان میں ہوں۔ اس نام کا ورد رکھنے والے لوگ اگر اپنی زبان اور ہاتھ سے خدا کی مخلوق کو پریشان کریں گے تو ورد اور وظیفے کے اثرات ظاہر نہیں ہوں گے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص خوف اور دہشت کے وقت اس اسم مبارک کو روزانہ چھ سو تیس (۶۳۰) مرتبہ پڑھے گا۔ ہر قسم کے خوف اور وحشت اور دہشت سے اُسے نجات ملے گی۔ اور اس کی جان و مال کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ اور جو شخص اس اسم مُبارک کو تیرہ سو ساٹھ مرتبہ روزانہ پڑھے گا خلقِ خدا اس کی تابع ہوگی اور اس کا رعب اور دبدبہ سب پر قائم ہو جائے گا۔

امام باقرؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسمِ مُبارک کو اس کے اعداد کے برابر روزانہ بعد نماز مغرب ۱۳۶ مرتبہ پڑھے تو اس کے قلب میں یقین کی نہریں جاری ہو جائیں گی۔

اس اسمِ مُبارک میں سلامتی کی خاص تاثیر موجود ہے۔ اس کے ذاکر کو تمام دشمنوں پر غلبہ و تصرف حاصل ہوتا ہے۔

اہلِ طریقت نے کہا کہ اگر کوئی شخص روزانہ ایک سو سرسٹھ ۱۶۷ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو پروردگارِ عالم اس کو وساوسِ شیطان سے نجات عطا کر دیں۔

شیخ بونی علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے کہ طاعون کے وقت اس اسم مبارک کی ایک ہزار ایک سو تیس ۱۱۳۰ مرتبہ تلاوت کرنے سے انسان طاعون سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

بعض اہلِ تحقیق نے فرمایا ہے کہ اپنے نام کے اعداد کے مطابق جو شخص روزانہ "یا مؤمن" کا وظیفہ پڑھے گا۔ اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ اور وہ اچھی موت مرے گا اور موت کی سختی سے اُسے نجات عطا ہوگی۔

شیخ مغربیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اس اسم کو گیارہ سو بتیس ۱۱۳۲ مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کی بدگوئی اور امراضِ خبیثہ سے محفوظ رکھیگا۔

شیخ عبد المجید مغربیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ہر روز تازہ غسل کرکے بالکل سفید لباس پہن کر بعد نمازِ عشاء مکمل تنہائی میں دو نفلیں ادا کرنے کے بعد اس اسمِ مبارک کو سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ روزانہ پڑھے تو ۴۱ دن کے بعد دیوار پر ایک نور ظاہر ہوگا اور اس کو ایسا محسوس ہوگا۔ جیسے یہ نور اُس کے دل میں منتقل ہو رہا ہے۔ اور اس کے بعد اس میں یہ صفت پیدا ہو جائے گی کہ جو بھی وہ لوگوں کو حکم دے گا لوگ اس کی تعمیل کریں گے۔ اور اُس کے چہرے پر ایک خاص قسم کا نور ہمہ وقت جلوہ گر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اگر اس اسم مبارک کے ذریعہ کسی خاص انسان کی تسخیر مقصد ہو تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد مصلے ہی پر بیٹھ کر ۴۱ روز تک لگاتار درمیان میں ناغہ نہ کرے۔ اور تصور اس شخصِ مخصوص کا کرے —— جس کی تسخیر چاہتا ہے۔ انشاء اللہ وہ شخص مسخر اور مطیع ہوگا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس اسمِ مُبارک کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھّے اور ہمیشہ باطہارت رہے تو پروردگار عالم شیطان کی شرارتوں سے محفوظ فرمائے۔

اس اسمِ مُبارک کا نقش ذوالکتابت لوگوں کے دلوں میں محبّت و عقیدت پیدا کرنے کے لئے بہت مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو ساعت سعید میں لکھ کر موم جامے کے بعد ہرا کپڑا چڑھا کر اس کو سیدھے بازو پر باندھنے سے انسان کی مقبولیت عام ہوجاتی ہے اور بُرے لوگوں کے شر سے حفاظت بھی رہتی ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ن	م	و	الم
۵	۷۲	۴۹	۴۱
۷۳	۸	۳۸	۴۸
۳۹	۴۷	۷۴	۷

اُوپر بیان کیا گیا ہے کہ مؤمن کے معنیٰ اسلام کی تصدیق کرنے کے ہیں مُسلم اُسے کہتے ہیں جو ظاہر میں صاحبِ اسلام ہو اور مؤمن اُسے کہتے ہیں جو باطن کے اعتبار سے صاحبِ ایمان ویقین ہو۔ ایمان نام ہے زبان سے اقرار اور اعضاء سے عمل کرنے کا تصدیق بالقلب اقرار باللسان اور عمل بالارکان کرنے والے کو مومن کہا جاتا ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ جب کوئی انسان ایمان کے درجے میں داخل ہونے کا ارادہ کرے تو وہ ایمان لائے اللہ پر اللہ کے رسولوں پر، اللہ کی کتابوں، اللہ کے فرشتوں پر اللہ کی بنائی ہوئی اچھی بُری

تقدیر پر۔ موت کے بعد والی زندگی پر اور حشر و نشر پر۔ جو اس تفصیل پر ایمان رکھتا ہو۔ وہ درحقیقت مومن ہے۔

اہلِ تحقیق نے ایمان کی قسمیں اس طرح بیان کی ہیں کہ عقلوں کا ایمان علم سے ہے اور روح کا ایمان کشف سے ہے۔ نفوس کا ایمان تحقیق سے ہے دلوں کا ایمان اخلاص سے ہے۔ اجسام کا ایمان افعال سے ہے۔ ایمان کا پہلا درجہ فراست ہے۔ ایمان کا دوسرا درجہ مشاہدہ اور رویت ہے۔

افلاطون ایمان کی دولت سے بذریعۂ فراست بہرہ ور ہوا تھا اس کے بعد قدم قدم پر اس کو مشاہدات ہوئے اس سے اس کے ایمان کے اندر قوت اور حرارت پیدا ہوئی۔ ایک بار اس نے اپنے حلقۂ ارادت میں بیٹھ کر کہا تھا کہ جب سے میں نے "یا مومنُ" کا ورد کیا ہے تب سے مجھے ایمان کی معراج نصیب ہو گئی ہے۔ اور مبشرات کے ذریعہ مجھے ایسے ایسے مشاہدات ہوئے ہیں جو میرے لئے ذریعۂ ترقی بنے ——— بزرگوں نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص پنج وقتہ نماز کے بعد "یا مومن" سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اس کو مشاہدات کی قوت حاصل ہو۔ شہواتِ نفسانیہ سے وہ دور ہو جائے۔ حلال و حرام کی تمیز اور حس اس میں پیدا ہو جائے۔ اور اگر کوئی بھی صاحبِ ایمان صرف چالیس ۴۰ دن تک ہر نماز کے بعد "یا مومنُ" سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ تب بھی اس کی فراست اور دینی شعور میں زبردست اضافہ ہو جائے۔

اگر کوئی شخص اس اسمِ مبارک کو انیس ۱۹۵۰۰ ہزار پانچ سو مرتبہ ۴۵ دن تک پڑھ لے تو اس اسم کا موکل قلیائیل عامل کی زبردست مدد کرے۔ اس موکل کے ماتحت چھ ۶ فرشتے ہیں اور ان میں ہر فرشتہ فرشتوں کی کئی صفوں کا نگراں ہے۔

امام غزالیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر اس اسم مبارک المومن کا ورد وہ شخص کرے جس کا نام عبدالمومن ہو تو پھر نتائج جلد برآمد ہوں۔

جو شخص وہم میں مبتلا ہو اس کو نقش ذوالکتابت جو اوپر نقل کیا گیا ہے ۲۱ روز تک چینی کی طشتری پر لکھ کر پھر اس کو دھو کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ ۲۱ روز میں وہم و وساوس سے نجات نصیب ہوگی۔

مومن کے اعداد ۱۳۶ ہیں۔ اس کا نقش مربع بنا کر ایسے مریض کو دیں۔ جو بدخو اور بداخلاق ہو۔ لوگوں کو ستاتا ہو۔ کمزوروں پر ظلم اور زیادتی کرتا ہو یا اہل خانہ کے ساتھ سختی سے پیش آتا ہو۔ یا متعلقین کے حقوق ادا نہ کرتا ہو۔ اس نقش کے استعمال سے انشاء اللہ اس کے اندر حسن اخلاق پیدا ہوگا۔ عدل و انصاف کی عادتیں پیدا ہوں گی۔ دل میں نرمی اور رقت طاری ہوگی متعلقین کے حقوق ادا کرنے کا جذبہ پیدا ہوگا۔ اور شرافت و لطافت کے آثار نمایاں ہوں گے۔ اگر برائیاں مریض میں شدید تر ہوں تو دس نقش پینے کے لئے بھی دیں۔ اور روزانہ ایک نقش سوتے وقت پینے کی تاکید کریں۔ اور ایک تسبیح روزانہ یامومن کی پڑھنے کی تاکید کریں۔ پینے والے نقش گلاب و زعفران سے لکھے جائیں۔ اس کے بعد اپنے پروردگار کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں فائدہ ہوگا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ زبردست فائدہ ہوگا۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یہ نقش دیں۔ اور اگر ان نقوش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رخ مشرق کی طرف کرکے یک زانو ہو کر مرتب کرے تو بہتر ہے۔ ان نقوش کو سرخ یا سنہرے رنگ کے کپڑے میں کرکے استعمال میں لانے سے جلد فائدہ ہوتا ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳	۳۷	۴۰	۲۶
۳۹	۲۷	۳۲	۳۸
۲۸	۴۲	۳۵	۳۱
۳۶	۳۰	۲۹	۴۱

اور پینے کے لئے مذکورہ افراد کو یہ نقش لکھکر دیا جائے اور اُس کو بھی مذکورہ ہی انداز سے مرتب کیا جائے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۴۶	۴۱	۴۹
۴۸	۴۵	۴۳
۴۲	۵۰	۴۴

جن مریضوں کے نام ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو جانبِ مغرب رُخ کرکے عامل دو زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔ اور مریض کو تاکید کرے کہ اس نقش کو موم جامہ کرکے نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے استعمال میں لائے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹	۳۵	۳۲	۴۰
۴۱	۳۱	۳۸	۲۶
۳۶	۲۸	۳۹	۳۳
۳۰	۴۲	۲۷	۳۷

اور مذکورہ افراد کو پینے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو بھی

مذکورہ انداز ہی سے لکھا جائے۔

۷۸۶

۴۲	۴۸	۴۶
۵۰	۴۵	۴۱
۴۴	۴۳	۴۹

جن مریضوں کے نام ز، د، ح، ل، ع، خ یا غین سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت منہ جانبِ جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر بیٹھ جائے تو بہتر ہے۔ اس نقش کو موم جامے کے بعد زرد رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے استعمال کرنے کی تاکید کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶	۳۰	۲۹	۴۱
۲۸	۴۲	۳۵	۳۱
۳۹	۲۷	۳۲	۳۸
۳۳	۳۷	۴۰	۲۶

اور مذکورہ حضرات کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو مذکورہ انداز ہی میں لکھا جائے۔

۷۸۶

۴۴	۵۰	۴۲
۴۳	۴۵	۴۸
۴۹	۴۱	۴۶

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ مرد ہوں یا عورت، انھیں مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے دیا جائے اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانبِ شمال کرلیں تو بہتر ہے۔ مریض کو تاکید کریں کہ اس نقش کو موم جامے کے بعد خاکی رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے استعمال کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۷	۳۳	۲۶	۴۰
۲۷	۳۹	۳۸	۳۲
۴۲	۲۸	۳۱	۳۵
۳۰	۳۶	۴۱	۲۹

اور مذکورہ افراد کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور اُن کو مذکورہ ہی انداز میں لکھا جائے۔

۷۸۶

۴۲	۴۸	۴۶
۵۰	۴۵	۴۱
۴۴	۴۳	۴۹

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ہر ایک نقش پر "یا مومنُ" ۱۳۶ مرتبہ پڑھ کر دم کردے تو انشاء اللہ تعالیٰ ان کی تاثیر وافادیت میں زبردست اضافہ ہو جائے گا۔ مردوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقش کو اپنے گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں اور خواتین کو تاکید کی جائے کہ وہ نقش کو گلے میں ڈالیں یا پھر اپنے بائیں بازو پر باندھیں۔

یہ حق تعالیٰ کا اٹھواں صفاتی نام ہے۔ اس اسم مبارک کے مختلف معنیٰ اہلِ تحقیق نے بیان کئے ہیں۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ مہیمن کے معنیٰ گواہ کے ہیں۔ یعنی وہ ذات پاک جو اپنے بندوں کے تمام افعال کو اپنی آنکھوں سے دیکھتی ہے اور اس لئے وہ شاہد اور گواہ کہلاتی ہے۔ جب کہ بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ مہیمن سے وہ ذات مُراد ہے۔ جو بندوں کے جمیع احوال سے باخبر ہو اور ہر علانیہ اور پوشیدہ چیز اس پر آشکارا ہو۔

حضرت عمر فاروق رضؓ سے مروی ہے کہ آپ سے کسی شخص نے اسم مہیمن کے معنیٰ پُوچھے آپ نے جواب میں کچھ توقف فرمایا۔ کہ اتنے میں ایک بدوی فصیح اللسان عورت اپنے خاوند کی شکایت کے لئے آپ کے پاس آئی اور کہنے لگی کہ یا امیر المومنین میرے خاوند پر میرا حق موجود ہے اور میرے پاس مہیمن بھی ہے۔ کیا آپ میرا حق دلوا سکتے ہیں۔ اس عورت نے مہیمن گواہ اور شاہد کے معنیٰ میں استعمال کیا تھا۔ عمر فاروق رضؓ نے پوچھنے والے کو اسی وقت جواب دیا کہ مہیمن سے مراد گواہ اور دیکھنے والا مراد ہے۔

بعض محققین نے فرمایا ہے کہ اس کے معنیٰ وہی ہیں جو مومن کے ہیں۔ مومن باب افعال سے ہے اور مہیمن باب مفاعلت سے۔ مہیمن بھی اصل میں مومن ہی تھا۔ دوسرے ہمزہ میں تلیین کا قاعدہ جاری کرکے اُسے یار سے بدل دیا اور پہلے ہمزہ کو ہ سے بدلا۔ یہ تغیر لفظوں میں

کیا گیا۔ معنیٰ دونوں کے ایک ہی ہیں۔ یعنی وہ ذاتِ گرامی جو تمام عیوب، خطاؤں اور لغزشوں سے پوری طرح محفوظ اور امن وامان میں ہو۔

بعض علماء نے یہ فرمایا ہے کہ یہ اسم اُس ذات کے لئے خاص ہے جس میں تین صفات جمع ہوں۔ اوّل لوگوں کو ان کے اعمال و انجام سے مطلع کرتا ہو کہ اس کے عمل کا یہ نتیجہ ظاہر ہوگا ——— دوسرے تمام مخلوقات کے رزق کی ذمہ داری اس پر ہو۔ تیسرے ان کی زندگی اور موت اس کے قبضۂ قدرت میں ہو۔ جس ذات میں یہ تینوں صفات جمع ہوں گی۔ وہ "مہیمن" کہلائے گی۔ اور ظاہر ہے کہ یہ صفات اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور میں ممکن نہیں ہیں۔

مہیمن کے اعداد ۱۴۵ ہیں۔ یہ جلالی اور جمالی دونوں صفتوں سے متصف ہے۔ اور مزاج اس کا آتشی ہے۔ اس کا موکل قطیائیل ہے۔

اس اسم مبارک سے بایں طور استفادہ کیا جاسکتا ہے کہ بندہ اپنے نفس کی حفاظت کرے اور اپنے نفس کا محاسبہ کرتا رہے اور ہر کام کی انجام دہی کے وقت یہ سوچ لے کہ اللہ تعالیٰ سے کوئی کام مخفی نہیں ہے۔

اس اسمِ مُبارک میں ہیبت وعظمت پوری شدت کے ساتھ موجود ہے اور دشمنوں کے قلوب کو مرعوب کرنے اور انھیں مطیع اور مسخر کرنے کی خاص تاثیر اس میں موجود ہے۔ جو شخص حسب قاعدہ اس اسم مُبارک کا ذکر کرتا ہے۔ دنیا اس سے مرعوب ہوتی ہے اور سخت دل دشمن بھی اس کے سامنے نرم دل بن جاتے ہیں۔ اور سر جھکانے پر مجبور ہوتے ہیں مشکل کام اس پر آسان ہو جاتے ہیں۔ الجھنیں کافور ہو جاتی ہیں اور ناقابلِ برداشت بوجھ اٹھانے کی قوت اس میں پیدا ہو جاتی ہے۔ قلب کے اندر زبردست

روحانیت اور اعمال و افعال میں زبردست نورانیت پیدا ہوتی ہے اور اس کا چہرہ چہرۂ مومن اور چہرۂ ولی کی طرح کھل اٹھتا ہے۔

شیخ مغربی علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص چالیسؔ یا اسی روز تک یعنی ایک چلّہ یا دو چلّے اس اسم مبارک کا ذکر ۸۴۹۶ امرتبہ فجر کی نماز کے فوراً بعد کرے۔ جگہ ایک ہی ہو اور روزانہ فجر سے قبل غسل بھی کرے اور ممکن ہو تو روزانہ دورانِ عمل سبز لباس پہنے یا پھر سفید لباس پہنے اور عمل کے ختم تک کسی سے نہ بات کرے۔ نہ چپ رہے۔ بس لگاتار پڑھتا رہے۔ اور تعداد پوری کرکے دو نفلیں شکرانے کی روزانہ پڑھتا رہے تو سارا عالم مسخر اور مطیع ہو۔ قدیم اکابرین اس اسم مبارک کے ذریعہ فتوحات حاصل کرتے تھے اور اسی کے ذریعہ بندگانِ خدا پر اپنا رعب اور اپنی ہیبت قائم کرتے تھے۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص عشاء کی نماز کے بعد تازہ غسل کرکے تنہائی میں دو رکعت نفل پڑھ کر خلوصِ نیت کے ساتھ پوری توجہ سے اس اسم مبارک کی ایک سو بار تلاوت کرے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر و باطن کو صاف فرمائے گا اور اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہوں گے۔

بعض شارحینِ اسمائے حسنیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ غسل کرکے بوقت اشراق یا بوقتِ چاشت چالیس روز تک "یا مہیمنُ" ۱۴۵ مرتبہ روزانہ پڑھے تو وہ پوشیدہ بھیدوں سے واقف ہوگا۔ اس کی نگاہ میں زبردست قوت پیدا ہوگی۔ اور قوتِ فراست اسے عطا ہوگی تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی رضا اس کو بالیقین حاصل ہوگی۔

بعض حضراتِ عاملین نے فرمایا ہے کہ اسم مہیمنُ کا مؤکل قطیائیل ہے

اور اس کے ماتحت پانچ حاکم ہیں۔ ان میں سے ہر ایک فرشتوں کی ۴۵ صفوں کا حکمراں ہے اور ہر صف میں ۴۵ افرشتے ہیں۔ اُن کی مجموعی تعداد بیس ہزار پچیس ہے۔ اور اُن تمام فرشتوں پر حضرت جبرئیل علیہ السّلام نگراں ہیں۔ لہٰذا جو شخص اس اسم مبارک کو ۴۵ امرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو اس کو بلندی اور ترقی نصیب ہوگی اور باذن اللہ اسم مبارک کا موکّل تطیائیل بطورِ خاص اس کا محافظ ہوگا۔ اور جب وہ محافظ ہوگا تو اس کے ماتحت رہنے والے ملائکہ جن کی تعداد بیس ہزار سے زائد ہے وہ بھی اس کے جان و مال کی حفاظت میں لگ جائیں گے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی اس سے مانوس ہوں گے۔ اور روحانی طور پر اس اسم مبارک کا ذکر کرنیوالے کی مدد کریں گے۔

اہل حقیقت نے فرمایا ہے کہ یہ اسم اذکار اولیاء میں ہے اور اس اسم کے ذاکر کو ابدال کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔

اہل حقیقت نے فرمایا ہے کہ اس اسم کا ذاکر تجلیاتِ انوار الٰہیہ سے مشرف ہوا کرتا ہے۔

بعض حضراتِ عاملین سے یہ نقش منقول ہے۔ اور وہ فرماتے ہیں کہ اگر اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کراکے سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی میں پہنے اور روزانہ ستر مرتبہ اسم مبارک کا ذکر کرکے اس انگوٹھی پر دم کرلے اور دورانِ ذکر انگوٹھی کو دیکھتا رہے تو دولتِ بیکراں اور مرتبہ اعلیٰ نصیب ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ن	م	ی	ۂ	م
ی	ۂ	م	ن	م
م	ن	م	ی	ۂ
م	ی	ۂ	م	ن
ۂ	م	ن	م	ی

بعض اکابرین سے یہ بھی منقول ہے کہ اگر کوئی شخص اس نقش کو جو ذیل میں دیا جارہا ہے۔ سفید کاغذ پر گلاب و زعفران سے لکھ کر پھر اس پر سبز رنگ کا کپڑا چڑھا کر اپنے تکیہ میں سلوا لے اور رات کو اس تکیہ پر سر رکھ کر سونے سے پہلے روزانہ ۱۴۵ مرتبہ "یا مھیمنُ" پڑھے تو اس پر تجلیاتِ ربّانی کا ظہور ہو۔ ایسی ایسی بشارتیں خواب میں ہوں کہ عقل دنگ رہ جائے۔

اس اسمِ مبارک کے ذاکر کو حق تعالیٰ بار بار خواب میں نظر آتے ہیں اور خوابوں میں طرح طرح کی بشارتیں اولیاء کے ذریعہ اور کبھی کبھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ نصیب ہوتی ہیں۔ اور قلوب و اذہان پر اس کے ذاکر کا ایک ایسا اثر قائم ہوتا ہے۔ جس کو لفظوں میں بیان کرنا مشکل ہے۔

اگر اس اسم مبارک کا ورد بادشاہ کرے تو اس کی بادشاہت تا زندگی قائم رہے اور امور سلطنت میں کبھی رخنہ اندازی پیدا نہ ہو۔ رعایا مطیع اور فرمانبردار رہے۔ اور وزراء بھی حکم کی تعمیل بجالانے میں خوشی محسوس کریں۔ ملک فتنوں اور بغاوتوں سے پوری طرح محفوظ رہے۔

اس اسم مبارک کا ذاکر اگر خود کو عظیم ہوتے ہوئے بھی حقیر سمجھتا رہے اور بڑا ہوتے ہوئے بھی چھوٹا سمجھتا رہے۔ اعلیٰ ہوتے ہوئے بھی ادنیٰ سمجھتا رہے عالم ہوتے ہوئے بھی کم علم سمجھتا رہے اور اپنے نفس کو حق تعالیٰ کی کبریائی اور عظمت کے سامنے ذلیل و خوار کرتا رہے تو اس کو وہ بڑائی عطا ہو جو دنیا کے کروڑوں روپے خرچ کر کے بھی نصیب نہیں ہوسکتی۔

قطب عالم علامہ شیخ ابو العبّاس احمد ابن علیؒ مصنّف لطائف العوارف فرماتے ہیں کہ ہم کسی ایسے آدمی سے واقف نہیں ہیں جو "یا مھیمن" کا ذاکر نہ ہو۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر مھیمن کا نقش عددی لکھ کر اپنے

تکیئے میں سی لیں اور روزانہ رات کو اپنے نام کے اعداد میں ۱۴۵ کا اضافہ کرکے کل تعداد کے مطابق اِس اسم مُبارک کا ذکر کریں تو حیرتناک فوائد حاصل ہوں لوگوں کے دلوں میں محبت بھی پیدا ہو اور ہیبت بھی اور جہاں بھی جائیں لوگ حکم کی تعمیل کرنے پر مجبور ہوں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۰	۱۰	۵۰	۵	۴۰
۱۰	۵	۴۰	۵۰	۴۰
۴۰	۵۰	۱۰	۴۰	۵
۵۰	۴۰	۵	۴۰	۱۰
۵	۴۰	۴۰	۱۰	۵۰

اس اسم کا نقش ذوالکتابت بھی عزت وعظمت حاصِل کرنے کے لئے بہت مفید ہے۔ اس نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھیں اور روزانہ ۱۴۵ مرتبہ "یا مہیمن" پڑھیں۔ انشاء اللہ عزت وعظمت حاصِل ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

مہ	ی	م	ن
۴۱	۴۹	۴۶	۹
۴۸	۳۸	۱۲	۴۷
۱۱	۴۸	۴۷	۳۹

حق تعالیٰ کے اس اسم مُبارک میں ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ پانچ حروف پر مشتمل ہے۔ جب کہ دوسرے اسمار چار حروف والے ہیں۔ اور اس میں ایک خصوصیت وانفرادیت یہ بھی ہے کہ قرآن حکیم سے پہلے کی تمام آسمانی کتابوں

میں بطورِ خاص اس کا ذکر ہوا ہے۔ اس اسم مُبارک کے ذریعہ ہم لوگوں کو عزت و عظمت کی دولت بھی عطا کر سکتے ہیں اور اگر ہم انھیں نقوشِ دیں تو اُن میں طہارت، غنا اور پاکیزگی بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ اگر کسی کو دیکھیں اس میں ظاہری اور باطنی طور پر پراگندگی پائی جاتی ہے۔ وہ پاک و صاف نہیں رہتا یا وہ گناہوں اور نافرمانیوں کے سمندر میں غرق ہے تو اس کے لئے "مھیمنُ" کا نقش بے حد مفید ثابت ہوگا اور حیرتناک حد تک ایسے لوگوں کو فائدہ پہنچائے گا۔ مرض اگر شدید ہو تو دس تعویذ پینے کے لئے بھی دیئے جائیں۔ اور روزانہ سوتے وقت تعویذ پینے کی تاکید کی جائے۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت ان میں طہارتِ ظاہر و باطن پیدا کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو مشرق کی طرف رُخ کر کے یک زانو ہو کر لکھا جائے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸	۴۲	۳۹	۳۶
۴۰	۳۵	۲۹	۴۱
۳۴	۳۷	۴۴	۳۰
۴۳	۳۱	۳۳	۳۸

اور مذکورہ حروف سے شروع ہونے والے ناموں کے مریضوں کو پینے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے تو اس نقش کو اُوپر بیان کردہ طریقے کے مطابق لکھنا افضل ہے۔

۷۸۶

۵۲	۴۴	۴۹
۴۶	۴۸	۵۱
۴۷	۵۳	۴۵

جن مریضوں کے نام ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت رُخ جانب مغرب کر لیا جائے تو بہتر ہے۔ اور دو زانو ہو کر لکھا جائے تو اور بھی بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱	۳۷	۳۵	۴۲
۴۳	۳۴	۴۰	۲۸
۳۸	۳۰	۴۱	۳۶
۳۳	۴۴	۲۹	۳۹

اور مذکورہ مریضوں کو اگر مرض شدید ہو تو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو بھی اگر جانبِ مغرب ہو کر لکھا جائے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۵	۵۱	۴۹
۵۳	۴۸	۴۴
۴۷	۴۶	۵۲

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو اپنا رُخ جنوب کی جانب کرکے چوکڑی مار کر لکھا جائے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۳۳	۳۱	۴۳
۳۰	۴۴	۳۷	۳۴
۴۱	۲۹	۳۵	۴۰
۳۶	۳۹	۴۲	۲۸

اوران مریضوں کو اگر مرض شدید ہو تو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو مذکورہ طریقے ہی سے لکھا جائے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۷	۵۳	۴۵
۴۶	۴۸	۵۱
۵۲	۴۴	۴۹

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف ح، ز، ک، س، ق، ث یا ظ سے شروع ہوتے ہوں تو ان مریضوں کو گلے میں ڈالنے یا سیدھے بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو جانبِ شمال ہوکر اور اپنی بائیں ٹانگ پھیلا کر اور دائیں ٹانگ کھڑی کر کے لکھا جائے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲	۲۸	۳۶	۳۹
۳۵	۴۰	۴۱	۲۹
۳۷	۳۴	۳۰	۴۴
۳۱	۴۳	۳۸	۳۳

اور مذکورہ مریضوں کو اگر مرض شدید ہو تو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو بھی مذکورہ طریقے سے لکھا جائے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۹	۵۱	۴۵
۴۴	۴۸	۵۳
۵۲	۴۶	۴۷

اِن تمام نقوش کو لکھتے وقت یہ یقین دل میں ہونا چاہئے کہ بیماریوں سے نجات اسی وقت ممکن ہے جب اللہ کی مرضی ہو۔ ان کی مرضی نہ ہو تو کسی تعویذ یا دوا یا انجکشن یا آپریشن سے شفا اور صحت حاصل ہوجانا ممکن نہیں ہے ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ان پر ۱۴۵ مرتبہ "یا مہیمن" پڑھکر دم کر دیا جائے۔ تو سونے پر سہاگہ ہے۔ اور ان نقوش کی افادیت اور تاثیر میں اور بھی زیادہ اضافہ ہوگا۔ مردوں سے تاکید کی جائے کہ وہ نقش کو دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں سے کہا جائے کہ وہ نقش کو بائیں بازو پر باندھیں۔ اس نقش کو اگر دھاری دار کپڑے میں تعویذ کی شکل دی جائے تو افضل ترین ہے۔

حق تعالیٰ کا نواں صفاتی نام العزیز ہے۔ اس کے اعداد ۹۴ ہیں۔ یہ اسم مبارک عزت سے مشتق ہے۔ جس کے معنی قوت و غلبے کے آتے ہیں اور اس اسم سے مقصود وہ ذاتِ گرامی ہے جو اوصافِ مخلوقات سے متصف نہ ہو اور جس ذات کی حقیقت کا ادراک حواس ظاہرہ و باطنہ نہ کرسکیں۔ بعض علماء نے اس کے معنیٰ یہ بتائے ہیں کہ وہ ذات کہ جس کا مقام اتنا اعلیٰ اور ارفع ہو کہ اس کا حصول ناممکنات میں سے ہو۔ وہ نہ آنکھوں سے دیکھی جاسکے نہ ہاتھوں سے چھوئی جاسکے اور نہ قوت متخیلہ اس کو خیال میں لا سکے۔ وہ اپنی ذات و صفات میں اس قدر مستغنی ہو کہ کسی چیز میں وہ کبھی کسی غیر کی محتاج نہ ہو۔ ایسی باکمال ذات

کو عزیز کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ غالباً قرآن حکیم میں اسی لئے فرمایا گیا ہے۔
اِنَّ الْعِزَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا۔ یقیناً تمام عزتیں اللہ کے لئے ہیں۔
امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ عزیز وہ ذات ہے کہ جس کا مثل ممکن نہ ہو۔ اور حاجتیں جس سے روا ہوتی ہوں اور اس تک جسموں کی رسائی ناممکن ہو۔ جس میں یہ تینوں صفات میں سے ایک صفت بھی نہیں ہوگی وہ ذات عزیز کہلانے کی حقدار نہیں ہوگی۔ اور یہ تمام صفات بجز اللہ تعالیٰ کے کسی اور میں جمع نہیں ہوسکتیں۔ بندوں میں عزیز اُسے کہا جاتا ہے کہ جس شخص کے اہم امور میں لوگ محتاج ہوں۔
انسان کو چاہئے کہ اپنی خواہشاتِ نفسانیہ اور افعال و کردار پر غلبہ حاصل کرے اور خود کو سوال کی ذات سے محفوظ رکھے تاکہ حقیقی عزت و وقار حاصل ہو۔ یہ اسم مبارک جمالی ہے اور عنصر اس کا آتشی ہے۔ اس اسم مبارک کے اوصاف سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ اپنے نفس کو خواہشاتِ نفسانی اور شیطان کے مکر و فریب سے حتیّ الامکان محفوظ رکھے۔ حرص، غرور لالچ، کینہ اور حسد سے خود کو بچائے۔ اور سوال کی ذلّت سے خود کو جہاں تک ممکن ہو بچائے رکھے۔ اہل دُنیا کے دَروازے پر جاکر نہ کسی کے سامنے ذلیل ہو اور نہ کسی کی آبرو ریزی کرے اور اپنی تمام پریشانیاں اور ضرورتیں ماسوا اللہ تعالیٰ اور کسی پر ظاہر نہ کرے۔ اللہ کے سوا نہ کسی سے ڈرے اور نہ کسی کے آگے اپنا دامن پھیلائے۔ جو بندہ ان باتوں کا اہتمام کرے گا۔ اس کو "یا عزیزُ" کا ذکر زبردست فائدہ پہنچائے گا۔ اور اس شخص کو بھی اس کے ذکر سے خاص طور پر فائدہ ہوگا۔ جس کا نام عبدالعزیز ہو۔
بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص چالیس روز تک یومیہ چالیس مرتبہ

اس اسم کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اُسے دنیا میں معزز و مکرم کرے گا یہاں تک کہ وہ کسی کا محتاج نہیں رہے گا۔

امام جعفرؒ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ یا عزیزُ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو تمام دنیا سے بے نیاز کر دے گا اور اس کو ہر دلعزیزی کی دولت سے نوازے گا۔

اکابرین سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مُبارک کو سات ہزار دو سَو مرتبہ روزانہ خلوت میں قبلہ رُو ہو کر ۲۵ روز تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو تونگر بنا دیں گے۔ اور اہلِ دنیا کی گردنیں اس کے سامنے جھکنے لگیں گی اور اگر کوئی شخص خلوصِ نیت کے ساتھ اور ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی کے ساتھ دس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو قاضی الحاجات کی طرف سے اس کے لئے فرشتے نگہبان ہو جائیں۔ اور اس کے جان و مال کی حفاظت کریں۔ اور عجائبُ و غرائبُ اس شخص پر پے در پے منکشف ہوں۔

علّامہ بونیؒ اپنی مشہور تصنیف "لطائف العوارف" میں فرماتے ہیں۔ کہ عزیز اسم اعظم ہے۔ جو شخص اس اسم اعظم کا ذکر کرے گا۔ اللہ تعالےٰ اس کو دُنیا و آخرت میں عزت و سر بلندی نصیب کریں گے۔ اس اسم کا مؤکل میخائیل ہے۔ اس کے تحت ۹۴ مؤکل ہیں جو فرشتوں کی ۹۴ صفوں کے افسر ہیں اور فرشتوں کی ہر صف میں ۹۴ مؤکل ہیں اور یہ سب حضرت جبرئیل علیہ السلام کے زیرِ اثر ہیں۔

شیخ مغربی فرماتے ہیں کہ اگر آیتِ کریمہ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِيْمِ۔ کو شرفِ آفتاب میں پُر کر کے اپنے پاس رکھے تو سلاطین اور

حکام کی نظروں میں باعزت ہو۔ اور جانی دشمن بھی دوست بن جائیں ـــــ
اگر کوئی شرف زہرہ میں اس آیت کا نقش مخمس بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے تو ہمیشہ خوش وخرم رہے اور خلق کی نظروں میں محبوب ومقبول ہو۔ جہاں بھی جائے لوگ عزت واحترام کرنے پر مجبور ہوں۔ مشکلات میں آسانی پیدا ہو۔ دولت خوب ملے۔ امراض سے نجات حاصل ہو جائے، رزق وسیع ہو۔ قرض ادا ہو۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر زوجین میں اتفاق نہ ہو تو نقش مخمس عددی یا نقش مربع حرفی مشک وزعفران وگلاب سے لکھ کر میاں بیوی کو پلا دے۔ دونوں میں انشاء اللہ زبردست اتحاد پیدا ہوگا۔

شیخ تمیمیؒ نے جواہر القرآن میں تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص اس آیت کا ورد رکھے گا اس پر جادو اثر نہیں کرے گا اور نہ ہی آسیب وغیرہ کو اس پر قابو ہوگا۔ نقش مخمس عددی یہ ہے۔

۵۶۰	۵۶۸	۵۷۰	۵۷۷	۵۵۳
۵۷۵	۵۵۶	۵۵۸	۵۶۶	۵۷۳
۵۶۴	۵۷۱	۵۷۸	۵۵۴	۵۶۱
۵۵۷	۵۵۹	۵۶۷	۵۶۹	۵۶۶
۵۷۲	۵۷۴	۵۵۵	۵۶۲	۵۶۵

نقش مربع حرفی یہ ہے۔ (اعراب کی ضرورت نہیں ہے)

بالمومنین رؤف الرحیم	عنتم حریص علیکم	انفسکم عزیز علیہ ما	لقد جاءکم رسول من
لقد جاءکم رسول من	انفسکم عزیز علیہ ما	عنتم حریص علیکم	بالمومنین رؤف الرحیم
عنتم حریص علیکم	بالمومنین رؤف الرحیم	لقد جاءکم رسول من	انفسکم عزیز علیہ ما
انفسکم عزیز علیہ ما	لقد جاءکم رسول من	بالمومنین رؤف الرحیم	عنتم حریص علیکم

جو شخص ان نقوش کو تحریر کرے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ پہلے غسل کرے پاک صاف لباس پہنے ممکن ہو تو نیا لباس پہنے خوشبو کا استعمال کرے اور گلاب کی خوشبو کا بخور جلائے یا گلاب کے پتوں کی دھونی لے۔ اگر ان شرائط کے ساتھ نقش لکھے گئے تو انشاء اللہ نتائج خاطر خواہ برآمد ہوں گے۔ ورنہ محنت بیکار جائے گی

بعض اکابر سے یہ بھی مروی ہے کہ اگر کوئی شخص "یا عزیز" کو روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ۹۴ مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور آخر میں تین تین مرتبہ یہ کہے۔ یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِكَ یَا عَزِیْزُ۔ تو عزت و قبولیت کے دروازے چند ہفتوں کے بعد ہر طرف سے کھل جائیں گے۔

جو شخص ذلت و خواری کا شکار ہو۔ یا احساس کمتری میں مبتلا ہو۔ اس شخص کے لئے "عزیز" کا نقش تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے ذلت عزت میں بدل جاتی ہے۔ اور احساس کمتری کی بیماری سے بھی نجات عطا ہوتی ہے۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، ط، ف، م، ش یا ذ سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو مشرق کی طرف رُخ کرکے یک زانو ہو کر لکھا جاتے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۱۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

اور مذکورہ نام کے مریضوں کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کا بھی مذکورہ بالا طریقے کے مطابق لکھنا افضل ہے۔

۷۸۶

۳۲	۲۷	۳۵
۳۴	۳۱	۲۹
۲۸	۳۶	۳۰

جن مریضوں کے نام ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور بہتر ہے کہ اس نقش کو جانبِ مغرب ہو کر دو زانو لکھا جائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۴	۲۲	۲۹
۳۰	۲۱	۲۷	۱۶
۲۵	۱۸	۲۸	۲۳
۲۰	۳۱	۱۷	۲۶

اور مذکورہ نام کے مریضوں کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو بھی جانبِ مغرب ہو کر دو زانو ہو کر لکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۸	۳۴	۳۲
۳۶	۳۱	۲۷
۳۰	۲۹	۳۵

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو میں باندھنے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔
اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانب جنوب کر لیا جائے۔ تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۰	۱۹	۳۰
۱۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۲۳	۲۶	۲۹	۱۶

اور مذکورہ ناموں کے مریضوں کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو مذکورہ طریقے ہی سے لکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۰	۳۶	۲۸
۲۹	۳۱	۳۴
۳۵	۲۷	۳۲

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو۔
خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو میں باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر اپنا رُخ جانب شمال کر لیا جائے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

نقش یہ ہے

۲۹	۱۶	۲۳	۲۶
۲۲	۲۷	۲۸	۱۷
۲۴	۲۱	۱۸	۳۱
۱۹	۳۰	۲۵	۲۰

اور مذکورہ ناموں کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو مذکورہ ہی طریقے سے اگر لکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۲	۳۴	۲۸
۲۷	۳۱	۳۶
۳۵	۲۹	۳۰

ان تمام نقوش کو لکھتے یہ ایمان و یقین دل میں جاگزین ہونا چاہئے کہ بیماریوں سے نجات دلانا نہ کسی تعویذ کا کمال ہے اور نہ کسی دوا اور معالجے کا بیماریوں سے نجات عطا کرنے کی قدرت صرف ایک ہی ذاتِ گرامی کو حاصل ہے اور وہ حق تعالیٰ کی ذات گرامی ہے۔ حق تعالیٰ ہی امراض کو رفع کرتے ہیں وہی مریض کو شفا دیتے ہیں وہی کمزوروں کو طاقت عطا کرتے ہیں۔ اُن کی مرضی کے بغیر کوئی دوا اور کوئی تعویذ اپنا کوئی اثر نہیں دکھا سکتے۔ تعویذ لکھتے وقت اپنے مالکِ حقیقی سے یہ درخواست کی جائے کہ وہ مریض کو شفا اور صحت عطا کریں۔ اور تعویذ کی برکت سے اُسے بیماری کی دلدل سے نجات بخشیں۔ اگر ان تعویذوں کو لکھنے والا انسان اللہ پر اس کی قدرتِ کاملہ پر اور اس کی وحدانیت پر یقین کامل رکھنے والا ہوگا تو نقوش میں بے پناہ اثر ہوگا۔ اور اگر ایسا نہیں ہوگا تو نقوش اپنی تاثیر چھوڑنے میں بے اثر ہوں گے۔

اگر ان نقوش کو لکھنے کے بعد "العزیز" ۹۴ مرتبہ پڑھ کر اُن پر دم کر دیا جائے تو تاثیر انشاء اللہ دگنی ہو جائے گی۔

یہ بات واضح رہے کہ اگر مریض دنیا میں ذلت و خواری اور لوگوں کی ٹھوکروں کا شکار ہے تو پھر اُسے "یا عزیزُ" کا نقشِ مربع ہی لکھ کر دیا جائے۔ اُسے پینے کے نقش دینا مناسب نہیں ہے۔ لیکن اگر مریض احساسِ کمتری یا کم ظرفی اور اخلاقِ رذیلہ کا شکار ہو تو پھر اُسے پینے کے نقش بھی دینے چاہئیں —— اگر ایسے مریضوں پر ۹۴ مرتبہ "العزیز" پڑھ کر دم کر دیا جائے تو مرض سے چھٹکارا حاصل ہونے میں انشاء اللہ دیر نہیں لگے گی۔

الجبار

یہ حق تعالیٰ کا دسواں اسم صفاتی ہے۔ یہ مشترک ہے۔ یعنی یہ جمالی بھی ہے اور جلالی بھی۔ جبّار کے مرکب اعداد ۲۰۶ ہیں۔ جبّار اُسے کہتے ہیں کہ جس کی مشیت اور حکم ہر ایک زور زبردستی کے جاری ہو سکے۔ اس کے آگے کسی کو چون و چرا کرنے کا کوئی حق نہ ہو اور اس کے حکم میں نہ کسی کا دخل ہو اور نہ ہی اُسے کوئی رد کر سکتا ہو۔ جبّار وہ ذاتِ گرامی ہے جس کے قبضۂ قدرت سے کوئی باہر نہ ہو۔ اس کے سامنے ہر شئے مجبور و لاچار ہو اور قطعی طور پر اس کی دست نگر ہو۔ اور خواہی نخواہی اس کا حکم ماننے پر مجبور ہو۔

انسانوں میں جبّار اُس کو کہا جاتا ہے جو دوسروں کی اتباع سے بے پرواہ ہو اور دوسرے ہر ایک کام میں اس کی اتباع کرتے ہوں۔ اور وہ اپنی عزت اور مرتبے میں منفرد ہو۔ اور دوسرے لوگ اس کی نقل اور اقتدا کرنے میں فخر اور دین و دنیا کی سلامتی سمجھتے ہوں۔ مخلوق کو اُس سے فائدہ پہنچتا ہو اور وہ کسی سے فائدہ اٹھانے کا خواہاں نہ ہو۔ دنیا اس کی اقتدا کرتی ہو اور وہ دُنیا کی اقتدا کرنے سے بے نیاز ہو۔ انسانوں میں اس رُتبے اور اوصاف کا اگر کوئی انسان گزرا ہے تو وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی ہے۔ اور یہ خصوصیات دوسرے انبیاء کو بھی حاصل نہ ہو سکی ہیں اگرچہ رُتبے اور مرتبے کے اعتبار سے وہ بھی اپنی اپنی جگہ عظیم الشان تھے۔

اس نام کے اوصاف سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ اپنے نفس کا نقصان کرے۔ لیکن بندگی کے درجۂ کمال کو پہنچنے کیلئے مسلسل جدوجہد کرتا رہے

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی مسبعات عشر پڑھنے کے بعد اس اسم کو ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے تو ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔

"مسبعاتِ عشر" دس چیزوں کا وِرد مراد لیا جاتا ہے۔ اس کی تفصیل یہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سات مرتبہ، سورۂ فاتحہ سات مرتبہ۔ سورۂ فلق سات مرتبہ۔ سورۂ ناس سات مرتبہ۔ سورۂ اخلاص سات مرتبہ، سورۂ کافرون سات مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ۔ تیسرا کلمہ سات مرتبہ، درود شریف سات مرتبہ۔ اوّل و آخر۔ اس کے بعد یہ دُعا سات مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِیْ صَغِيْرًا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ يَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَيَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ -

اور اس کے بعد یہ دُعا سات مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ لِیْ وَبِهِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَا اَنْتَ لَهٗ اَهْلٌ وَلَا تَفْعَلْ بِنَا يَا مَوْلَانَا وَمَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ حَكِيْمٌ۔ جَوَّادٌ كَرِيْمٌ رَءُوْفُ الرَّحِيْمُ۔

جب تمام دُعائیں سات سات مرتبہ پڑھ لی جائیں تب ۲۱ مرتبہ یا جبار کہیں اور آخیر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ ظالموں کے شر سے نجات ملے گی۔

اگر کوئی شخص حصولِ سلطنت کیلئے پانچسو مرتبہ کوئی ایک وقت مقرر کرکے لگاتار سات ہفتوں تک "یا جبارُ" کا وِرد کرے تو جس مقصد سے پڑھے گا

انشاء اللہ اس مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔
اگر کوئی شخص صبح اور شام کو ۲۱۶ مرتبہ اس اسم کو پڑھ لیا کرے تو دشمنوں کی شرارتوں سے محفوظ رہے۔
اگر کوئی شخص اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر پہن لے۔ اس کا رعب اور دبدبہ سب پر قائم ہو۔
نقش یہ ہے۔

۴۷	۵۷	۵۸	۴۴
۵۲	۵۰	۴۹	۵۵
۴۸	۵۴	۵۳	۵۱
۵۹	۴۵	۴۶	۵۶

شیخ مغربی علیہ الرحمہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر اسم مکرم کو بکری کی کھال پر یا خرگوش کی کھال پر مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے ہاتھ پر باندھ لے تو شرِ جن والنس سے محفوظ رہے۔
نقش یہ ہے۔

ر	ا	ب	ج
ج	ب	ا	ر
ا	ر	ج	ب
ب	ج	ر	ا

شیخ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ چالیس روز تک دس ہزار مرتبہ روزانہ ایک وقت مقرر کر کے مکمل خلوت میں "یا جبّار" پڑھے تو نفس میں طہارت

ذہن میں پاکیزگی، فطرت میں انکساری پیدا ہوگی۔ تمام مقاصد میں کامیابی ملے گی اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔ اور مرتبے میں بلندی حاصل ہوگی۔
اگر اس اسم مبارک کو شرفِ مریخ میں لکھکر اپنے پاس رکھے تو جو بھی دیکھے مرعوب ہوجائے۔ اور حکم کی تعمیل کرے۔
بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر الجبار کے مندرجہ ذیل نقش کو سیسے پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھا جائے تو دشمنوں کی چالوں اور سازشوں سے محفوظ رہے ــــ نقش یہ ہے۔

ر	با	ج	ال
٢	٣٢	١٩٩	٤
٣٣	٥	١	١٩٨
٢	١٩٧	٣٤	٤

مولانا محمد ابراہیم دہلوی رح نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی بچہ دُبلا اور لاغر ہوگیا ہو۔ تو تھوڑا سا سرسوں کا تیل لیکر ایک ہزار ایک سو نو مرتبہ اس تیل پر یاجبارُ پڑھ کر دم کریں اور سات دن روزانہ اسی طرح دم کرتے رہیں اور روزانہ اس تیل کی مالش بچے کے بدن پر کرتے رہیں۔ انشاء اللہ بچے کی کمزوری دُور ہوگی۔ اور بچہ طاقت ور ہوجائے گا۔
حضرت رح فرماتے ہیں کہ جو شخص نمازِ پنجگانہ کے بعد ایک سو مرتبہ یاجبارُ پڑھے گا۔ وہ لوگوں کی غیبت اور بہتان طرازی سے رنجیدہ نہ ہوگا۔ اور جواں مردی اور نیک خوئی کی طرف اس کی طبیعت مائل رہے گی۔
اگر کسی شخص کے اولاد ہوئی اور پیدا ہوکر مرگئی۔ یا آئندہ اولاد ہونی بند ہوگئی ہو تو وہ گیارہ دن تک عشاء کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ "یاجبارُ" پڑھ کر

تین عدد مغز بادام پر دم کرے۔ایک دانہ بیوی کو کھلائے اور دو دانے خود کھائے۔پھر اپنی بیوی سے ہمبستری کرے۔گیارہ دن تک لگاتار ایسا ہی کرے۔انشاءاللہ بیوی حاملہ ہوگی۔اور فرزندِ صالح عطا ہوگا۔جب لڑکا ہو اس کا نام عزیز اللہ یا عطاء اللہ رکھے اور ساتؔ برس تک ہر سال ایک بکرا اللہ واسطے ذبح کرے اور محض اللہ کی رضا کے لئے اس کے گوشت کو پکا کر غریبوں کو کھانا کھلائے۔اگر ہمت نہ ہو تو کچا گوشت غریبوں میں تقسیم کر دے۔اگر اس کی بھی ہمت نہ ہو تو ساتؔ روپے ہر مہینے کے شروع میں بچے کے ہاتھ سے کسی اندھے فقیر کو دلوائے۔انشاءاللہ تعالیٰ بکرے کی تلافی ہوگی اور بچہ عمر طویل پائے گا۔

جس کے سر میں درد ہو اس کے ماتھے پر سات مرتبہ یا جبّارُ انگلی سے بغیر روشنائی کے لکھا جائے پھر تین مرتبہ ماتھے پر دباؤ دیتے ہوئے یا جبّارُ یا سلام ساتؔ ساتؔ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔انشاءاللہ کیسا ہی درد ہوگا جاتا رہے گا۔اگر درد آدھے سر میں ہوتا ہو تو یہی عمل صبح کو سورج نکلنے سے پہلے کیا جائے۔انشاءاللہ شفا ہوگی۔

اس اسمِ مبارک کے ذریعہ ان تمام افراد کا علاج کرنا چاہیئے جو انانیت میں مبتلا ہوں یا پھر دوسروں کی انانیت سے پریشان ہوں۔اگر مریض صرف اپنی فطرت کی خرابی کا شکار ہوں تو ان کو پینے کے نقش دینے چاہئیں۔اگر مرض شدید ہو۔اور دوسری صورت میں یعنی جب کہ وہ دوسروں کی انانیت سے پریشان ہوں تو صرف باندھنے کے نقش پر اکتفاء کرنا چاہیئے۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، ط، م، ش، ف، یا ز سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت ان میں انکساری پیدا کرنے کے لئے یا

دوسروں کی انانیت سے محفوظ رکھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش انھیں لکھکر دیا جائے۔ اس نقش کو مشرق کی طرف رُخ کر کے یک زانو ہو کر لکھے۔ افضل ہے — نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۱	۵۴	۵۷	۴۴
۵۶	۴۵	۵۰	۵۵
۴۶	۵۹	۵۲	۴۹
۵۳	۴۸	۴۷	۵۸

اور مذکورہ حروف سے شروع ہونے والے ناموں والے افراد کو مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو بھی مذکورہ طریقے سے لکھنا ہی افضل ہے۔

۷۸۶

۷۰	۶۴	۷۲
۷۱	۶۹	۶۶
۶۵	۷۳	۶۸

جن مریضوں کے نام ب، و، ی، ن، ص، ت، ض سے شروع ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانبِ مغرب کر کے دو زانو ہو کر لکھا جائے تو بہتر ہے

نقش یہ ہے

۴۷	۵۲	۵۰	۵۷
۵۸	۴۹	۵۵	۴۲
۵۳	۴۶	۵۶	۵۱
۴۸	۵۹	۴۵	۵۴

اور مذکورہ حروف سے شروع ہونے والے ناموں کے مریضوں کو پینے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے ———— اور اس نقش کو بھی مذکورہ طریقے ہی سے لکھنا افضل ہے۔

۷۸۶

۶۵	۷۱	۷۰
۷۳	۶۹	۶۴
۶۸	۶۶	۷۲

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو تو انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو اپنا رُخ جانبِ جنوب کرکے اور چوکڑی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۳	۴۸	۴۷	۵۸
۴۶	۵۹	۵۲	۴۹
۵۶	۴۵	۵۰	۵۵
۵۱	۵۴	۵۷	۴۴

اور مذکورہ حروف سے شروع ہونے والے ناموں کے مریضوں کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو بھی مذکورہ طریقے سے لکھنا ہی افضل ہے۔

۷۸۶

۶۸	۷۳	۶۵
۶۶	۶۹	۷۱
۷۲	۶۴	۷۰

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف خ، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو جانبِ شمال ہو کر اور اپنی بائیں ٹانگ پھیلا کر اور دائیں ٹانگ کھڑی کر کے لکھا جائے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۴	۵۱	۴۴	۵۷
۴۵	۵۶	۵۵	۵۰
۵۹	۴۶	۴۹	۵۲
۴۸	۵۳	۵۸	۴۷

اور مذکورہ حروف سے شروع ہونے والے ناموں کے مریضوں کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو مذکورہ طریقے سے لکھنا ہی افضل ہے۔

۷۸۶

۶۵	۷۱	۷۰
۷۳	۶۹	۶۴
۶۸	۶۶	۷۲

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت یہ یقین دل میں ہونا ضروری ہے کہ امراض سے نجات دلانے کی قدرت صرف حق تعالیٰ کی ذاتِ گرامی کو حاصل ہے۔ اگر ان کی مرضی نہ ہو تو کوئی مریض کسی بھی مرض سے نجات حاصل نہیں کر سکتا۔ اسباب کی پابند اس دنیا میں علاجِ انبیاء کی سنّت اور حکمِ خداوندی کی وجہ سے کیا جاتا ہے۔ ورنہ علاج کی کوئی حقیقت نہیں اگر مرضیٔ مولیٰ نہ ہو۔

اس یقین کو اپنے دل میں جماکر اگر علاج کریں گے تو دوائیں بھی کارگر ہوں گی۔ اور تعویذات بھی اور اگر فی نفسہٖ ان چیزوں کو مؤثر سمجھ لیا گیا تو یہ شرک جلی ہوگا۔ جس کی معافی بھی نہیں۔

اگر یاجبارُ کے مذکورہ نقوش کو لکھنے کے بعد ان پر ۲۰۶ مرتبہ یاجبّارُ پڑھ کر دم کر دیا جائے تو ان کی تاثیرات میں اور بھی اضافہ ہوجائیگا

اَلْمُتَکَبِّرُ

۱۰۶۲ مفتاحی

یہ حق تعالیٰ کا گیارہ واں صفاتی نام ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں بڑی عظمت والا اور حد سے زیادہ بزرگی والا۔ مُراد ہے وہ ذات جو تمام مخلوقات کے مقابلے میں عظیم ہو اور کل مخلوقات بہراعتبار اس کے سامنے ہیچ اور حقیر ہوں اس سے مراد وہ ذات بھی ہے جو کل مخلوقات پر حکمراں بھی ہو اور نگہبان بھی اور اس کے سامنے کسی کو بھی لب کشائی اور چون وچرا کا کوئی حق نہ ہو۔ اور ظاہر سی بات ہے کہ ایسی ذات بجز خدا تعالیٰ کے اور کوئی نہیں ہوسکتی۔ اس لئے اللہ کے سوا کسی کو بھی بڑائی اور اظہار تکبّر کا کوئی حق حاصل نہیں ہے اس لئے حدیث قدسی میں حق تعالیٰ نے خود ہی ارشاد فرمایا ہے کہ بڑائی میرا تہبند اور عظمت میری چادر ہے۔ جو شخص اُسے مجھ سے چھیننا چاہے یعنی جو میرے ہوتے ہوئے خود بڑائی کا اظہار کرنے لگے میں اُسے ضرور دوزخ میں ڈالوں گا۔ اس اسم مُبارک میں اللہ تعالیٰ کی بڑائی پوشیدہ ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی عظمت، رفعت، جلال اور رُتبے کو صحیح معنیٰ میں پہچان لے

اور صحیح طور سے ان کی بلندی اور کبریائی کو سمجھ لے گا وہ خود بخود عاجزی اور انکساری والی راہ اختیار کرلے گا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ۔

رَحِمَ اللّٰہُ امرُأً عَرَفَ قَدْرَہٗ فَلَمْ یَتَعَدَّ طَوْرَہٗ۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جس نے اپنی قدر پہچانی اور اپنی حد سے تجاوز نہیں کیا۔

ہر انسان کے اندر عنصرِ آتش ہونے کی وجہ سے کچھ نہ کچھ تکبّر کا مادہ ہوتا ہے اور جب یہ مادّہ حد سے سوا ہو جاتا ہے تو انسان کے اندر ایک مذموم عادت پیدا ہو جاتی ہے۔ جو اُسے سرکشی پر مجبور کرتی ہے۔ اور اسی وقت وہ آپے سے باہر ہو کر صفتِ خداوندی کا مقابلہ کرنا چاہتا ہے۔

انسان جو ایک مُشتِ خاک اور ایک گندے پانی سے وجود میں آیا ہے۔ اس میں صفت خداوندی کا مقابلہ کرنے کی اہلیت کیسے پیدا ہو سکتی ہے۔ اُسے چاہیئے کہ اپنی اصلیت اور حیثیت اور اوقات کو کبھی فراموش نہ کرے۔ وہ اس دُنیا میں ترقیوں کے منازل طے کرتا ہوا کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو جائے۔ لیکن خالقِ کون ومکان کے سامنے اس کی حیثیت ایک ذرّے سے زیادہ نہیں ہے۔ صاحبِ عقل انسان تواضع اور عاجزی کا چلن اختیار کرتا ہے اور یہی چلن اس کو اس دنیا میں بڑائی عطا کرتا ہے۔ ورنہ اس دُنیا میں جب بھی کسی انسان نے فرعونیت اور قارونیت کا راستہ اختیار کیا ہے۔ اور شدّاد جیسا تشدّد اور نمرودیت والی راہ پکڑی ہے۔ اللہ نے اسے دُنیا ہی میں ذلیل وخوار کیا ہے اور مچھر جیسے حقیر اور بے حیثیت جانوروں کے ذریعہ انھیں ذلّت ومنکبت عطا کی ہے۔ اور ایسی ذلّت عطا کی ہے کہ جو قیامت تک قابلِ ذکر سمجھی جائے گی۔

عقل وفہم کا تقاضا یہ ہے کہ اس دُنیا میں اُونچی پرواز کے لئے انسان
جیتے جی پیوندِ زمین ہوجائے اور عاجزی وانکساری کو اپنا اوڑھنا بچھونا
بنالے۔ پھر دیکھئے کہ اللہ ربّ العزت اس کو کس طرح عزتیں اور عظمتیں
عطا کرتے ہیں اور کس طرح اسے دنیا میں محبوبیت اور مقبولیت کا وہ مقامِ
اعلیٰ عطا کرتے ہیں جو اُن کے فضل وکرم کے بغیر مل جانا ممکن ہی نہیں ہے۔
اس نام کے اوصاف سے اپنے آپ کو متصف بنانے کی صورت یہ ہے
کہ انسان اپنے نفس کا جائزہ لے اور غور کرے اس کی بساط کیا ہے؟
اور رحمٰن ورحیم کے مقابلے میں اس کی حیثیت عرفی کیا ہے؟ اُسے خود
اندازہ ہوجائے گا کہ وہ اختیار رکھتے ہوئے کس قدر مجبور وبے بس ہے۔
اور علم وعقل رکھتے ہوئے کس قدر چھوٹا ہے۔ بڑی بیماریاں تو بڑی ہوتی ہیں
انسان کی اگر ڈاڑھ میں درد ہوجائے تو اسی وقت اُسے اندازہ ہوجاتا ہے
کہ اس کے اختیارات اور خود اعتباری کی حیثیت کیا اور کتنی ہے؟۔ اس لئے
اللہ کے تمام صالح بندوں نے خود کو ہمیشہ ذرہ بے مقدار سمجھا اور دُنیا کی
تمام آسائشوں کو اللہ کے مقابلے میں بے حیثیت گردانا۔ اور اس صفت
اور معرفت کی بنا پر انھیں اللہ تعالیٰ نے رتبۂ بلند عطا کیا اور ایسے لوگ
مرنے کے بعد بھی اپنی شہرت اور نام ونمود کے لحاظ سے زندہ بھی رہے اور
تابندہ بھی۔ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، معروف کرخیؒ، حسن بصریؒ، فضیل ابن عیاضؒ
اور بعد کے بزرگوں میں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ، نظام الدین اولیاءؒ،
داتا گنج بخش، مخدوم صابر کلیریؒ، حضرت شاہ ولایتؒ وغیرہ جیسے حضرات
اس دُنیا سے رخصت ہونے کے باوجود آج بھی زندوں سے زیادہ قابلِ اعتبار
ہیں اور قیامت تک عزت واحترام کی دولتیں انھیں عطا ہوتی رہیں گی،

کیوں کہ ان حضراتِ اولیاء نے اپنے خود کو پہچان کر اپنے خدا کو پہچان لیا تھا۔ مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ سے متصف ہو کر وہ مَنْ كَانَ لِلّٰهِ كَانَ اللّٰهُ لَهٗ کے مصداق بن گئے ــــــ اور رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ کا سرفرازنامہ انھیں اس دنیا میں بھی عطا ہوا اور آخرت میں ان شاء اللہ عطا ہو کر رہے گا۔

آج بھی جو بندہ اپنی حیثیت کو پہچان کر سجدہ ریز ہوگا اسے دنیا میں بھی عزت ملے گی اور آخرت میں بھی سرخروئی عطا ہوگی اور جو ابلیس کی طرح تکبّر کا مظاہرہ کر کے اپنی گردن کی رگیں پھلائے گا وہ راندۂ درگاہ ہو کر انجام کار مخلوق کی تھو تھو اور دُر دُر کا شکار ہوگا ــــــ اللہ تعالیٰ اس مضمون کے لکھنے والے اور پڑھنے والے سبھی افراد کو تکبّر اور غرور سے محفوظ رکھے۔ اور تواضع اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

یہ اسم "اسمِ جلالی" ہے اور اس کے مجموعی اعداد ۶۶۲ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم کو بیوی سے صحبت کرنے سے پہلے صرف دس مرتبہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کو فرزند صالح عطا کریں گے۔

اگر کوئی شخص اس کو ۶۶۲ مرتبہ روزانہ پڑھے تو سرکش دشمن بھی مطیع ہو جاتے ہیں۔ اور پڑھنے والے کا رعب ہر ایک چیز پر قائم ہو جاتا ہے۔

شیخ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اسم مبارک عالمِ برزخ میں صفتِ ہیبت پر مرقوم ہے اور اس اسم کا ذاکر ہمیشہ ہیبت اور رعب والا ہوتا ہے۔ اس اسمِ مبارک کا خادم خطیائیل ہے۔ جو حجابِ ہیبت کے پاس کھڑا رہتا ہے اس کے تحت پانچ روحانی طاقت والے فرشتے ہیں ان میں سے ہر ایک فرشتہ

۶۶۲ صفوں کا حاکم ہے۔ اور ہر ایک صف میں ۶۶۲ فرشتے صف باندھے کھڑے ہیں۔ ان میں سے سب کے رنگ سفید ہیں اور لباس سب کا زرد ہے جب ذاکر اس اسم کا ذکر کرتا ہے تو خطیائیل اس ذاکر کی باذن اللہ مدد کرتا ہے۔ اور اس کے کام میں آسانیاں فراہم کرنے کی جد و جہد کرتا ہے۔

اسم "یا متکبر" کے عامل بننے کے تین طریقے عاملین سے منقول ہیں۔

طریقہ نمبر ایک یہ کہ چالیس دن تک ترکِ حیوانات کے ساتھ اور پرہیز جلالی کے ساتھ ۱۵۰۷ مرتبہ کوئی ایک وقت اور ایک جگہ مقرر کر کے اس اسم مبارک کا ورد کرے۔ کامل تنہائی میں عمل کرے اور دورانِ عمل حصار کرے۔ —— اور دورانِ عمل زرد رنگ کا لباس پہنے۔ آخری ہفتے میں مختلف ڈراؤنی شکلیں دکھائی دیں گی۔ لیکن ذاکر کو اُن سے ڈرنا نہیں چاہئے۔ اور عمل کو جاری رکھنا چاہئے۔ یہ بات یاد رہے کہ ۲۱ دن کے بعد اگر عمل کو ترک کر دیا جائے تو عمل کی رجعت سے عامل کو مختلف قسم کی پریشانیاں گھیر لیتی ہیں۔ اور عامل کا دل اور دماغ دونوں متأثر ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا عمل کے ۳ ہفتے گزرنے کے بعد اگر عامل کسی بڑی بیماری کا شکار ہو جائے تو عمل کو مستقل مزاجی کے ساتھ جاری رکھنا چاہئے اور یقین رکھنا چاہئے کہ اب کامیابی کی منزل قریب سے قریب تر آگئی ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ پورے ایک سال تک کوئی ایک وقت مقرر کر کے ۶۶۲ مرتبہ روزانہ اس اسم کا ورد کرے۔ اور تمام کبیرہ گناہوں سے بچے۔ انشاء اللہ اس اسم کا عامل بن جائے گا۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اس اسم کو اسمِ ذات کی تعداد کے مطابق ۶۶ مرتبہ روزانہ پرہیز جمالی کے ساتھ اس طرح پڑھے۔ اَجِبْ یَا خَطیائیلُ

بحق یا متکبرُ اور لگاتار اس کو نوّے دن تک پڑھے۔ یہ تینوں طریقے اس اسمِ مبارک کے عامل بننے کے لئے منقول ہیں۔ اپنی طاقت صلاحیت دیکھتے ہوئے جو بھی طریقہ آسان محسوس ہو اس پر عمل کر لیا جائے۔ انشاء اللہ اس اسم کا عامل بننے کے بعد بے شمار فوائد عامل کو محسوس ہوں گے۔ ان سب کا احاطہ تحریر میں لانا ممکن نہیں ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ متکبرؔ کا نقش خواہ حرفی اور خواہ عددی۔ اگر کوئی شخص خود لکھکر بشرطیکہ وہ اس کا عامل ہو یا کسی عامل سے لکھوا کر اگر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو تمام مخلوق پر اس کی ہیبت اور رعب قائم ہو جائے۔ اور سرکش سے سرکش انسان بھی اس کے آگے سر جھکانے پر مجبور ہو۔

ان نقوش سے فائدہ اٹھانے کے لئے ان کی زکوٰۃ ادا کر دینا ضروری ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ جس نقش کی بھی حرفی یا عددی کی زکوٰۃ ادا کرنا چاہے اس کو روزانہ ۶۶۲ مرتبہ ۴۱ روز تک یا ۴۱ نقش ۶۶۲ دن تک لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر تالاب میں ڈالے۔ دونوں نقوش کی زکوٰۃ ایک ساتھ بھی ادا ہو سکتی ہے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد انشاء اللہ ان نقوش کا زبردست فائدہ سامنے آئے گا۔ اور دُنیا حیران ہوگی۔

نقوش یہ ہیں

نقشِ حرفی

م	ك	ر	ت	ب
ك	ت	ب	ر	م
ب	ر	ك	م	ت
م	ر	ت	ب	ك
ت	ب	م	ك	و

نقشِ عددی

۱۲۶	۱۳۲	۱۳۹	۱۴۵	۱۲۰
۱۴۰	۱۴۱	۱۲۱	۱۲۷	۱۳۳
۱۲۲	۱۲۸	۱۳۴	۱۳۶	۱۴۲
۱۳۰	۱۳۷	۱۴۳	۱۲۳	۱۲۹
۱۴۴	۱۲۴	۱۲۵	۱۳۱	۱۳۸

اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص تین اسمارِ الٰہی "العزیز" "الجبّار" اور المتکبر تینوں کو ایک ساتھ ۶۶۲ مرتبہ فجر کی نماز کے بعد کسی سے بات کئے بغیر چالیس دن تک پڑھے گا۔ اس کی عزّت وعظمت میں اضافہ ہوگا۔ اور اگر وہ شخص مقدمہ میں پھنسا ہوا ہوگا۔ اس میں فتح نصیب ہوگی۔ کسی سے جنگ چل رہی ہوگی تو اس میں کامرانی ملے گی۔ اور اگر قرض اس کے ذمّہ ہوگا تو اس کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اور اگر اس عمل کو کوئی شخص عمر بھر کا معمول بنالے تو ایسی ایسی فتوحات ظہور میں آئیں گی کہ جن کا تصوّر خواب وخیال میں بھی نہیں ہوگا۔ ممکن ہے کہ کوئی ایسا عہدہ اور منصب عطا ہوجائے۔ جس کے بارے میں کبھی سوچا تک نہ ہو۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ تینوں اسمار کو ملا کر اس طرح پڑھیں "اَلْعَزِیْزُ اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَکَبِّرُ" اوّل وآخیر گیارہ گیارہ مرتبہ درُود شریف پڑھیں۔ اور پھر دیکھیں کہ دنیا کس طرح آپ کے قدموں میں آتی ہے۔

بعض حضراتِ اکابر نے فرمایا ہے کہ اگر حق تعالیٰ کا نو اسمارِ مُبارک کا نقش "نو در نو" اس طرح لکھ کر کوئی شخص اپنی ٹوپی یا عمامے میں رکھے گا یا اپنے دائیں بائیں بازو پر باندھے گا ـــــ تو ہر شخص اطاعت کیلئے اس کے سامنے

سر جھکانے پر مجبور ہوگا۔ اور ہر طرف سے عزت واحترام کی ہوائیں چل پڑیں گی انشاء اللہ۔

اگر بے نمازی اس نقش کو استعمال کرے گا تو بجائے نفع کے نقصان ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر
الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله
القدوس	السلام	المؤمن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک
السلام	المؤمن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس
المؤمن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام
المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن
العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المہیمن
الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المہیمن	العزیز
المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المہیمن	العزیز	الجبار

شیخ ابوالعباسؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ان تین اسمارِ الٰہی کے حروف الگ تحریر کرکے اپنے پاس رکھے اور مکرر حروف کو ساقط کردے اور اُن کے چاروں طرف قرآن حکیم کی آیت اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا۔ الیٰ آخر کا دائرہ کھینچ دے اور اس نقش کو منگل کے دن مریخ کی ساعت میں تیار کرکے اپنے پاس رکھے تو جو بھی اُسے دیکھے گا مبہوت ہوگا۔ اور اس سے

نظریں نہ ملا سکے گا۔ نقش مکرر حروف کو حذف کرنے کے بعد اس طرح تیار ہوگا

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ

ال ع ز ی ج ب ر م ت ك

لکھتے وقت زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔ یہ آیت سورۂ فتح کی ہے اور سورۂ فتح ۲۷ ویں سپارے میں ہے۔ آیت کو قرآن حکیم سے ملا کر دیکھ لیں۔ تاکہ اگر کوئی غلطی ہو جائے تو آپ اس کی تصحیح کر سکیں۔

اس اسم صفاتی سے روحانی فائدہ اٹھانے کا طریقہ یہ ہے کہ جو لوگ غرور و انانیت میں مبتلا ہوں یا غرور و انانیت کا شکار ہوں تو اُن حضرات کو اس اسم صفاتی کا نقش بفضلِ خداوندی فائدہ پہنچاتا ہے اور انھیں مذکورہ بیماری سے نجات عطا ہو جاتی ہے۔ اگر انسان خود غرور و تکبر میں مبتلا ہو تو اس کو باندھنے والے نقش کے ساتھ ساتھ پینے کے نقش بھی دینے چاہئیں اور اگر وہ دوسرے لوگوں کے غرور اور انانیت کا شکار ہو تو اس کے لئے صرف باندھنے والا نقش ہی کام کرتا ہے۔ اس کا نقش دوسروں کے غرور و تکبر سے نجات دلاتا ہے اور اپنی طبیعت کے اندر تواضع اور انکساری پیدا کرتا ہے۔

جن مریضوں کے نام الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ سے شروع ہوتے ہوں۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت ان کو غرور و تکبر سے نجات دلانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر انھیں دیا جائے۔ اور اس نقش کو مشرق کی طرف رُخ کر کے یک زانو ہو کر اگر لکھا جائے تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۶۵	۱۶۸	۱۷۱	۱۵۸
۱۷۰	۱۵۹	۱۶۴	۱۶۹
۱۶۰	۱۷۳	۱۶۶	۱۶۳
۱۶۷	۱۶۲	۱۶۱	۱۷۲

اور مذکورہ حروف سے شروع ہونے والے ناموں کے مریضوں کو بشرطیکہ وہ خود غرور وانانیت کا شکار ہوں یا مغرور حضرات کو علاج کیلئے یہ نقش دیئے جارہے ہوں تو اُن کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔ کل ۱۴ نقش لکھ کر دیئے جائیں اور ایک نقش صبح اور ایک نقش شام کو پینے کی تاکید کی جائے۔ ان نقوش کا بھی مذکورہ ہی طریقے سے لکھنا افضل ہے۔

۷۸۶

۲۲۲	۲۱۶	۲۲۴
۲۲۳	۲۲۱	۲۱۸
۲۱۷	۲۲۵	۲۲۰

جن مریضوں کے نام ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض سے شروع ہوتے ہوں۔ ان حضرات کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو میں باندھنے کیلئے خواہ مرد ہوں یا عورت مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اگر اس نقش کو اپنا منہ جانب مغرب کرکے لکھیں تو افضل ہے۔ اور لکھتے وقت اگر دو زانو ہو جائیں تو سونے پر سہاگہ ہے۔

نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۱۶۱	۱۶۶	۱۶۴	۱۷۱
۱۷۲	۱۶۳	۱۶۹	۱۵۸
۱۶۷	۱۶۰	۱۷۰	۱۶۵
۱۶۲	۱۷۳	۱۵۹	۱۶۸

اور مذکورہ نام کے مریضوں کو اگر وہ مذکورہ شرائط پر پورے اُترتے ہوں تو اُن کو مندرجہ ذیل نقش پینے کے لئے دیئے جائیں اور انھیں مذکورہ ہی انداز میں لکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۱۷	۲۲۳	۲۲۲
۲۲۵	۲۲۱	۲۱۶
۲۲۰	۲۱۸	۲۲۴

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ر، ع، خ، ل اور غ ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت اُن کو تکبّر اور غرور سے نجات دلانے کے لئے خواہ وہ مبتلا ہوں یا شکار اُن کو مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے اور اس نقش کو جنوب کی طرف رُخ کر کے چوکڑی مار کر اگر لکھا جائے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۷	۱۶۲	۱۶۱	۱۷۲
۱۶۰	۱۷۳	۱۶۶	۱۶۳
۱۷۰	۱۵۹	۱۶۴	۱۶۹
۱۶۵	۱۶۸	۱۷۱	۱۵۸

اور مذکورہ نام کے مریضوں کو اگر انھیں تعویذ پلانے ضروری ہوں تو اُن کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور اُن کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۲۰	۲۲۵	۲۱۷
۲۱۸	۲۲۱	۲۲۳
۲۲۴	۲۱۶	۲۲۲

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو تو ان مریضوں کے گلے میں ڈالنے کیلئے یا سیدھے بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو اگر جانبِ شمال ہو کر اور اپنی بائیں ٹانگ پھیلا کر لکھا جائے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۷۱	۱۵۸	۱۶۵	۱۶۸
۱۶۴	۱۶۹	۱۷۰	۱۵۹
۱۶۶	۱۶۳	۱۶۰	۱۷۳
۱۶۱	۱۷۲	۱۶۷	۱۶۲

اور مذکورہ مریضوں کو اگر نقش پلانا ضروری ہو تو مندرجہ ذیل نقش پینے کے لئے دیئے جائیں اور انھیں مذکورہ طریقے ہی سے اگر لکھا جائے تو افضل ہے۔ اس بات کی وضاحت کی جا چکی ہے کہ پینے کے نقش کل ۱۴ لکھے جائیں گے اور صبح وشام ۷ روز تک پلائے جائیں گے۔

(نقش اگلے صفحہ پر ہے)

۷۸۶

۲۲۲	۲۲۳	۲۱۷
۲۱۶	۲۲۱	۲۲۵
۲۲۴	۲۱۸	۲۲۰

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت یہ یقین دل میں پیوست ہونا ضروری ہے کہ شفا اور صحت دینے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ہے۔ اور دوائیں غذائیں اور تعویذات محض ایک سبب اور ذریعہ ہیں۔ یہ چیزیں فی ذاتہٖ مؤثر نہیں۔ اس ایمان و یقین کیساتھ اگر تعویذات لکھے جائیں گے تو ان میں بفضل رب العٰلمین ایک عجیب و غریب تاثیر پیدا ہوگی۔ جو ذریعۂ شفا ہوگی۔

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ۶۶۲ مرتبہ "یا مُتکبّر" پڑھ کر ان سب پر دم کر دیا جائے تو اُن کی تاثیر انشاء اللہ دگنی ہو جائے گی۔ مردوں سے تاکید کی جائے کہ وہ تعویذ کو دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں سے تاکید کی جائے کہ وہ تعویذ کو بائیں بازو پر باندھیں۔ عورتیں جب ایّام سے ہوں اس وقت انھیں تعویذ باندھنے کی شروعات نہیں کرنی چاہئے اور اس حالت میں پینے کے تعویذوں کا استعمال بھی مناسب نہیں ہے۔

یہ تینوں اسماء ایک ہی معنیٰ میں مستعمل ہیں خالق اس ذات کو کہتے ہیں جو کسی شئے کو عدم سے وجود میں لائے۔ باری بھی ایجاد کرنے کے معنیٰ میں مستعمل ہے اور اسی طرح مصوّر تصویر بنانے اور ہیئت بخشنے میں بولا جاتا ہے۔ ان ناموں کے اوصاف سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ

احکام الہٰی کی پابندی کے ساتھ اپنی معاش کے سلسلے میں کوئی ایسا کام کرے جس سے حلال روزی ملتی رہے۔ اور زیادہ بہتر ایسا کام ہو سکتا ہے کہ جس کا اثر اس کی موت کے بعد بھی باقی رہے اور اس کے کام سے خدا کے بندے ہمیشہ فائدہ اٹھاتے رہیں پڑھنا پڑھانا، علم دین کی اشاعت تصنیف وتالیف، تبلیغِ دین کو ترجیح دے۔ اس لئے کہ ان کاموں کا نفع بالعموم مرنے کے بعد تک جاری رہتا ہے۔ علاوہ ازیں اگر محنت مزدوری، صنعت وحرفت، کاشتکاری یا تجارت وغیرہ کرے تو خاص طور پر رزقِ حلال کی فکر کرے۔ جو شخص حلال وحرام کی پرواہ کرنے والا نہ ہو اس کے لئے ان اسمار کا ورد کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔

امام غزالیؒ نے ان اسمار کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ جب کوئی شخص کسی چیز کے بنانے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے تین مدارج ہوتے ہیں۔ پہلا درجہ تو اندازہ ہے اس کے بعد اس کا وجود ہے اور تیسرا درجہ اس کی شکل وہیئت ہے۔ پہلے درجے کیلئے خالق کا استعمال ہوتا ہے اور دوسرے کے لئے باری کا اور تیسرے درجے کے لئے مصوّر کا ـــــ مثلاً ایک شخص مکان بنانے کا ارادہ کرتا ہے تو اوّلاً اس کا نقشہ تیار کرتا ہے اس کے لئے سامان فراہم کرتا ہے۔ یہ پہلا درجہ ہے اسے خلقت کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد معمار مکان بناتا ہے۔ یہ دوسرا درجہ ہے اُسے عربی میں بَرَ کہتے ہیں اسی سے باری بنا ہے۔ تیسرا درجہ مکان کی سفیدی اور نقش ونگار کا ہے اسے تصویر کہا جاتا ہے۔ اور یہ باتیں بطور مثال ہیں۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ گرامی ان تمام چیزوں سے ماوراء ہے۔ کیونکہ وہ خود ہی اندازہ کرنے والا خود ہی بنانے والا اور خود ہی زینت بخشنے والا ہے۔

خالق اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد ۷۳۱ ہیں اور اس کا موکل حقیائیل ہے ــــ اگر کوئی شخص اس اسم کو ظہر کے وقت روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو علومِ معرفت میں زبردست اضافہ ہو۔ جو شخص اس کو بہ کثرت پڑھتا رہے اس کے لئے حق تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا فرما دیتے ہیں جو قیامت تک اس اسم کے پڑھنے والے کیلئے اس کے حق میں دُعا کرتا رہتا ہے۔ اور پڑھنے والے کا چہرہ منور ہو جاتا ہے ــــــــ اور اس کا دل بھی قوی ہو جاتا ہے۔

اگر کوئی شخص صاحبِ اولاد ہونا چاہے لیکن کسی بنا پر اولاد سے محروم ہو تو ایک سال تک لگاتار اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ وہ صاحبِ اولاد ہوگا ــــ جو شخص لڑائی کے دوران تین سو مرتبہ "یا خالق" پڑھے گا۔ وہ اپنے دشمن پر غالب رہے گا۔

اکابرین نے صاحب اولاد ہونے کے لئے ایک عجیب و غریب عمل تحریر کیا ہے۔ وہ یہ کہ جو شخص اولاد کا خواہش مند ہو وہ جمعرات، جمعہ اور ہفتے میں متواتر ۳ دن تک روزہ رکھے۔ اور اس کے بعد اتوار، پیر اور منگل کو روزانہ تین تین ہزار مرتبہ "یا خالق" پڑھے۔ اور یہ عمل مغرب کی نماز کے بعد کرے۔ روزانہ عمل سے پہلے یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَنْوَارِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ وَمِفْتَاحِ الْیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَاَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ سو مرتبہ اور عمل کے بعد میں بھی سو مرتبہ پڑھے۔ اور اسی وقت ایک گلاس پانی پر دم کرے اور دُعا کرے کہ اے خالق اکبر اس پانی کی برکت سے مجھے فرزند صالح عطا فرما۔ اس کے بعد یہ پانی آدھا خود پی لے اور آدھا اپنی بیوی کو

پلادے۔ پانی ان دنوں میں پلائے جب بیوی ایام سے نہ ہو اور تینوں رات بیوی کے ساتھ خلوت کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے فرزند صالح عطا ہوگا۔ اور عمر طبعی کو پہنچے گا۔

حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلویؒ فرماتے ہیں کہ جس عورت کے بچے حمل گر جاتے ہوں تو وہ خود یا اس کا کوئی رشتہ دار ساٹھ دن تک برابر ہر روز، ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد "یا خالق" پڑھے اور اوّل وآخیر اکیس اکیس ۲۱ مرتبہ یہ مبارک درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِیْ الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظْمَتِهٖ ذَاتِكَ۔

یہ عمل کر کے پانی پر دم کرے اور عورت کو پلادے یا عورت خود دم کر کے پی لے اور تھوڑی سی روئی لیکر روزانہ اس کو دم کئے پانی میں تر کیا جائے اور احتیاط سے رکھ لیا جائے۔ ساتوے روز روئی کو حسب معمول تر کرنے کے بعد وہ جب سوکھ جائے تو اس کو تعویذ کی شکل دیکر اس کو کورے کاغذ میں کر کے اس پر موم جامہ چڑھالیں اور پھر کالے کپڑے میں پیک کر کے عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ حمل ساقط نہیں ہوگا۔ بچے کی پیدائش کے بعد یہی تعویذ بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ بچے کی عمر دراز ہوگی۔

شیخ بونیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ماہِ ثابت میں شروع کر کے چالیس ۴۰ روز کی خلوت کرے اور روزانہ پانچ ہزار ایک سو پندرہ مرتبہ عملیات کی مکمل شرائط کے ساتھ پڑھے تو اسرارِ مخلوقات منکشف ہوں گے اور کیسی بھی حاجت ہوگی بفضلہ تعالیٰ پوری ہوگی۔

شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی فرار ہو اور اس کا

پتہ نہ چلتا ہو تو یہ عمل کرے کہ پانچ ہزار مرتبہ یاخالق پڑھے۔ اس کے بعد دو رکعت نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی اور سورۂ اخلاص دس مرتبہ پڑھے۔ نماز سے فراغت کے بعد سجدے میں جائے اور سو مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سجدے سے اُٹھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ دُعا پڑھے یَاخَالِقُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلٌّ اِلَيْهِ مَعَادُهٗ۔ اس کے بعد اسی دُعا کو ایک کاغذ پر انار کے قلم سے مشک وزعفران سے لکھے اور نیچے مفرور یاگمشدہ کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھکر تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات میں اس کے احوال منکشف ہوں گے۔ اگر پہلی رات میں منکشف نہ ہوں تو اس تعویذ کو تکیہ میں سلوالیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر اندر اس کے حالات خواب میں ظاہر ہوں گے اور وہ جہاں بھی ہوگا بے قرار ہو کر گھر کی طرف لوٹے گا۔

یہ نقش اولاد کیلئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس کو لکھ کر بانجھ عورت کے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ق	ل	ا	خ
۵۶۹	۲	۲۹	۱۰۱
۲۸	۹۸	۶۰۳	۳
۴	۶۰۱	۹۹	۲۷

کوئی شخص کسی بھی مقصد میں کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہے۔ بس مقصد کا جائز ہونا ضروری ہے تو اس کو خالق کا نقش لکھ کر دیا جائے۔ انشاء اللہ بہت جلد وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

جن ضرورت مندوں کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ف، م، ش یا ذ ہو۔ خواہ وہ عورت ہوں یا مرد انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو مشرق کی طرف رُخ کر کے یک زانو ہو کر لکھا جائے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۲	۱۸۵	۱۸۹	۱۷۵
۱۸۸	۱۷۶	۱۸۱	۱۸۶
۱۷۷	۱۹۱	۱۸۳	۱۸۰
۱۸۴	۱۷۹	۱۷۸	۱۹۰

جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ خواہ وہ عورت ہوں یا مرد انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور بہتر ہے کہ اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانبِ مغرب کر لے اور دو زانو ہو کر لکھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۸	۱۸۳	۱۸۱	۱۸۹
۱۹۰	۱۸۰	۱۸۶	۱۷۵
۱۸۴	۱۷۷	۱۸۸	۱۸۲
۱۷۹	۱۹۱	۱۷۶	۱۸۵

جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو خواہ وہ عورت ہوں یا مرد انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت شمال کی

طرف رُخ کرلیا جائے تو بہتر ہے۔ اور نقش چوکڑی مار کر لکھے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۴	۱۷۹	۱۷۸	۱۹۰
۱۷۷	۱۹۱	۱۸۳	۱۸۰
۱۸۸	۱۷۶	۱۸۱	۱۸۶
۱۸۲	۱۸۵	۱۸۹	۱۷۵

جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو خواہ وہ عورت ہو یا مرد انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانبِ شمال کرلیا جائے تو بہتر ہے۔ اور نقش لکھتے وقت اپنی بائیں ٹانگ پھیلا کر اور اپنی دائیں ٹانگ کھڑی کر کے لکھیں تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۱۸۹	۱۷۵	۱۸۲	۱۸۵
۱۸۱	۱۸۶	۱۸۸	۱۷۶
۱۸۳	۱۸۰	۱۷۷	۱۹۱
۱۷۸	۱۹۰	۱۸۴	۱۷۹

خالق کا نقش پینے کے لئے نہیں دیا جاتا۔ اس لئے نقش مثلث نقل نہیں کئے جارہے ہیں —— ان تمام نقوش کو لکھتے وقت یہ یقین دل میں ہونا ضروری ہے کہ مقاصد کی تکمیل اللہ تعالیٰ کی مرضیات پر موقوف ہے۔ اللہ پر کامل بھروسے کے ساتھ نقوش لکھے جائیں اور اگر ان نقوش کو لکھ کر ان پر ۷۳۱ مرتبہ یا خالق پڑھ کر دم —— کردیں تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔

اَلْبَارِئُ

اسم باری اسم مشترک ہے۔ اور اس کے اعداد ۲۱۳ ہیں۔
اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی حکیم، ڈاکٹر یا عامل اس اسم کو ۲۱۳ مرتبہ روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ میں شفا پیدا کر دیں گے اور مریض اس کے علاج سے بفضل باری تعالیٰ شفا پاتے رہیں گے اس اسم مبارک کے ذریعہ عالم کی تسخیر کی جاتی رہی ہے
طریقہ اس کا یہ ہے۔ مغرب کی نماز سے فارغ ہو کر غسل کرے اور مصلے پر بیٹھ کر پہلے ۱۴۱ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ نَاصِرِ الْحَقِّ وَالْھَادِیْ اِلٰی صِرَاطِکَ الْمُسْتَقِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ حَقَّ قَدْرِہٖ وَمِقْدَارِہِ الْعَظِیْمِ پھر ۱۱ ہزار مرتبہ یا باریٔ پڑھیں۔ اس عمل کو لگاتار تین چلوں تک کریں۔ انشاء اللہ ایک عالم تسخیر ہوگا۔
اگر کوئی اس اسم مبارک کو ۲۶۴ مرتبہ اس نیت سے پڑھے کہ اس کا ذہن صاف ستھرا ہو جائے تو ایک چلہ گزر جانے پر اس کے ذہن میں نکھار پیدا ہو جائے گا۔ اور قوت فکر میں بھی زبردست اضافہ ہوگا۔
اس اسم مبارک کا نقش ان لوگوں کیلئے مفید ثابت ہوتا ہے جو معالج کی حیثیت رکھتے ہوں۔ اگر وہ اس نقش کو باندھنے کے ساتھ اس اسم مبارک کا روزانہ ۲۱۳ مرتبہ ورد کرتے رہیں تو افادیت و تاثیر میں دگنا اضافہ ہوگا۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے نازک ترین اور مشکل ترین امراض

کے علاج میں بھی کامیابی ملے گی اور مایوس کن امراض بھی اس معالج کے ہاتھوں شفا پائیں گے۔ جن کے پاس "یا باریٔ" کا نقش ہو یا جو حضرات اس اسم مبارک کا روزانہ ۲۱۳ مرتبہ ورد کرتے ہوں۔

اور اگر یہ نقش ان مریضوں کو دیا جائے جو اپنے ذہن کے اندر نکھار پیدا کرنا چاہیں تو ان کے لئے بھی اس اسمِ مبارک کا نقش مفید ثابت ہوتا ہے اور ایسے لوگوں کو نقش مثلث پینے کے لئے بھی دیا جا سکتا ہے۔ لیکن پینے کا نقش معالجین کو نہیں دینا چاہیئے۔

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر ان نقوش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کر کے ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو بہتر ہے ان نقوش کو اگر زرد رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے ضرورت مند استعمال کرے۔ فائدہ جلد ہوگا۔ انشاء اللہ

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۳	۵۶	۵۹	۴۵
۵۸	۴۶	۵۲	۵۷
۴۷	۶۱	۵۴	۵۱
۵۵	۵۰	۴۸	۶۰

اگر نقش ان حضرات کو دیا جائے جو اپنے باطن میں نکھار پیدا کرنا چاہتے ہیں تو انھیں پینے کے نقوش بھی دیئے جائیں اور پینے کیلئے ۶ نقش لکھ کر دیئے جائیں۔ ایک دن چھوڑ کر نقش پینے کی تاکید کیجائے

نقش اگر شربت یا دُودھ میں پلایا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا ــــ
ــــ مذکورہ حروف سے شروع ہونے والے ضرورت مندوں کو یہ نقش
دیا جائے۔

۷۸۶

۷۲	۶۷	۷۴
۷۳	۷۱	۶۹
۶۸	۷۵	۷۰

جن مریضوں کے نام ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض سے شروع
ہوتے ہوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یہ
نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو جانبِ مغرب ہو کر لکھا جائے اور
عامل اگر دوزانو ہو کر نقش لکھے تو بہتر ہے۔ ضرورت مند کو اس بات کی
تاکید کر دیں کہ وہ موم جامے کے بعد زرد رنگ کے کپڑے میں پیک
کر کے نقش کو استعمال کریں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۸	۵۴	۵۲	۵۹
۶۰	۵۱	۵۷	۴۵
۵۵	۴۷	۵۸	۵۳
۵۰	۶۱	۴۶	۵۶

اور مذکورہ افراد کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔
اور انھیں لکھتے وقت اگر مذکورہ انداز ہی میں لکھا جائے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۶۸	۷۳	۷۲
۷۵	۷۱	۶۷
۷۰	۶۹	۷۴

جن مریضوں کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د یا غ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر بیٹھ جائے تو بہتر ہے۔ اس نقش کو موم جامہ کرنے کے بعد زرد رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے استعمال کرنے کی تاکید کی جائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵	۵۰	۴۸	۶۰
۴۷	۶۱	۵۴	۵۱
۵۸	۴۶	۵۲	۵۷
۵۳	۵۶	۵۹	۴۵

اور مذکورہ حضرات کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو مذکورہ انداز ہی میں لکھنا بہتر ہے۔

۷۸۶

۷۰	۷۵	۶۸
۶۹	۷۱	۷۳
۷۴	۶۷	۷۲

جن مریضوں اور ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت، انھیں مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے دیا جائے اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے تو بہتر ہے۔ لکھتے وقت ایک

ٹانگ بچھا کر لکھنا افضل ہے۔ مریض کو تاکید کردیں کہ وہ موم جامے کے بعد زرد رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے نقش کو استعمال میں لائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶	۵۳	۴۵	۵۹
۴۶	۵۸	۵۷	۵۲
۶۱	۴۷	۵۱	۵۴
۵۰	۵۵	۶۰	۴۸

اور مذکورہ نام کے مریضوں کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو بھی مذکورہ ہی انداز میں لکھا جائے۔

۷۸۶

۶۸	۷۳	۷۲
۷۵	۷۱	۶۷
۷۰	۶۹	۷۴

ان تمام نقوشش کو لکھنے کے بعد اگر عامل باندھنے والے نقوش پر ۲۱۳ مرتبہ "یا باریُ" پڑھ کر دم کر دے تو سونے پر سہاگہ کے مترادف ہو۔ مردوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقش کو دائیں بازو پر اور عورتوں کو تاکید کی جائے کہ نقش کو بائیں بازو پر باندھیں اور باری تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں وہی کام کو بنانے اور بگاڑنے کی قدرت رکھتے ہیں۔ اُن کی مرضی اور حکم نہ ہو تو نقوش کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

المصوّر

اسم "مصور" اسم جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۳۳۶ ہیں۔
اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد روزانہ ۳۳۶ مرتبہ کرے گا تو لوگوں کے قلوب میں اس کی چاہت اور مقبولیت پیدا ہوگی۔
بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور روزانہ یا مصوّر ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پھر اسی پانی سے افطار کرلے۔ انشاء اللہ عورت حاملہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ فرزند صالح عطا کریں گے۔
اگر کوئی شخص سات دن تک پانچ ہزار مرتبہ روزانہ کوئی ایک وقت مقرر کرکے "یا مصوّر" پڑھے اور اوّل وآخیر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف بھی پڑھے تو سخت سے سخت مشکل آسان ہوجائے۔ یہی عمل اگر قرض کی ادائیگی کی نیّت سے پڑھا جائے تو قرض ادا ہوجائے۔ یہی عمل اگر مقدمہ میں کامیابی کے لئے پڑھا جائے تو مقدمہ میں کامیابی عطا ہو۔ اور اگر یہی عمل اس شخص کے لئے کیا جائے جو مفرور یا غائب ہو تو جلد از جلد وہ واپس آجائے یا اس کی اطلاع مل جائے۔
اس اسم مبارک کا نقش مفرور اور گمشدہ انسان کیلئے اس طرح بنائیں کہ نقش کے نیچے مفرور یا گمشدہ کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھدیں اور اُسے ہرے کپڑے میں پیک کرکے کسی پھل دار درخت پر لٹکا دیں۔ مقدمے کی کامیابی کے لئے بغیر نام کے سیدھے بازو پر باندھیں۔ اگر عورت کے لئے بنائیں تو بائیں بازو پر باندھنے کی تاکید کریں۔ اور اگر اس نقش کو بانجھ عورت

کے لئے بنائیں تو سُرخ رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں عورت کے ڈلوادیں۔

ضرورت مندوں میں سے جن کے نام کے شروع میں الف، ہ، ط، م ف، ش، یا ذ آتے ہوں ان کو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت مندرجہ ذیل نقش بنا کر دیں۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ مشرق کی جانب کریں اور ایک زانو ہو کر نقش لکھیں تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۳	۸۷	۹۰	۷۶
۸۹	۷۷	۸۲	۸۸
۷۸	۹۲	۸۵	۸۱
۸۶	۸۰	۷۹	۹۱

بانجھ عورتوں کو اس اسمِ مبارک کا نقشِ مثلث پینے کے لئے بھی دیا جائے۔ بہتر ہے۔ کل ۱۲ نقش دیئے جائیں اور غسلِ ایام کے بعد لگاتار ۱۲ دنوں تک رات کو سوتے وقت ایک نقش روزانہ پینے کی تاکید کی جائے جن عورتوں کے نام مذکورہ حروف سے شروع ہوتے ہوں۔ ان کو مندرجہ ذیل نقش زعفران سے بنا کر دیں۔

اور مذکورہ ہی انداز میں نقش لکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۱۳	۱۰۸	۱۱۵
۱۱۴	۱۱۲	۱۱۰
۱۰۹	۱۱۶	۱۱۱

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، س، ت یا ض ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیں اور اس نقش کو اپنا رُخ مغرب کی طرف کرکے لکھیں اور دو زانو ہو کر لکھیں تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۹	۸۵	۸۲	۹۰
۹۱	۸۱	۸۸	۷۶
۸۶	۷۸	۸۹	۸۳
۸۰	۹۲	۷۷	۸۷

اور ان بانجھ عورتوں کو جن کے نام کے شروع میں مذکورہ حروف ہوں انھیں یہ نقش پینے کے لئے ۱۲ کی تعداد میں بنا کر دیں۔ اور انھیں مذکورہ ہی انداز میں لکھیں۔

۷۸۶

۱۰۹	۱۱۴	۱۱۳
۱۱۶	۱۱۲	۱۰۸
۱۱۱	۱۱۰	۱۱۵

جن حضرات کے نام د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ سے شروع ہوتے ہوں وہ مرد ہوں یا عورت ان کو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیں۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جنوب کی جانب کریں اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھیں تو بہتر ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

۷۸۶

۸۶	۸۰	۷۹	۹۱
۷۸	۹۲	۸۵	۸۱
۸۹	۷۷	۸۲	۸۸
۸۳	۸۷	۹۰	۷۶

اُن بانجھ عورتوں کو جن کے نام مذکورہ حروف سے شروع ہوتے ہوں اُن کو مندرجہ ذیل نقش پینے کے لئے ۱۲ عدد دیئے جائیں اور انھیں لکھتے وقت مذکورہ طریقے کو ملحوظ رکھیں۔

۷۸۶

۱۱۱	۱۱۶	۱۰۹
۱۱۰	۱۱۲	۱۱۴
۱۱۵	۱۰۸	۱۱۳

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت ان کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش بنا کردیں اور اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانبِ شمال رکھیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۰	۷۶	۸۳	۸۷
۸۲	۸۸	۸۹	۷۷
۸۵	۸۱	۷۸	۹۲
۷۹	۹۱	۸۶	۸۰

ان بانجھ عورتوں کو جن کے نام مذکورہ حروف سے شروع ہوتے ہوں۔ اُن کو یہ نقش پینے کے لئے دیا جائے اور ۱۲ نقش دیئے جائیں، اور حسب قاعدہ انھیں پینے کی تاکید کی جائے۔

۷۸۶

۱۱۳	۱۱۴	۱۰۹
۱۰۸	۱۱۲	۱۱۶
۱۱۵	۱۱۰	۱۱۱

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت عامل کو یہ یقین رکھنا چاہئے کہ نقوش فی نفسہٖ مؤثر نہیں ہوتے۔ ان میں تاثیر اللہ تعالیٰ کے حکم سے پیدا ہوتی ہے۔ اگر اللہ کی مرضی نہ ہو تو نہ دوا کام کرتی ہے اور نہ تعویذ۔ اور یہی بات ضرورت مندوں کو بھی بتا دینی چاہئے تاکہ ان کے عقیدے خراب نہ ہوں۔ اگر حق تعالیٰ کو مؤثر حقیقی مان کر نقوش مرتب کئے جائیں گے۔ تو اُن کی تاثیر میں زبردست اضافہ ہوگا۔

حق تعالیٰ کا ۱۵ واں صفاتی نام "الغفّار" ہے۔ یہ اسم جلالی ہے۔ اور اس کا عنصر آتشی ہے۔ اس کے اعداد ۱۲۸۱ ہیں۔ غفّار کا مطلب بہت زیادہ خطائیں بخشنے والا۔ کیونکہ حق تعالیٰ کے ماسوا کوئی بھی ذات انسان کی خطاؤں کو معاف کرنے والی نہیں ہے۔ اس لئے غفّار کا

اطلاق کسی اور ذات پر ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ ایک طے شدہ بات ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ بندوں کے گناہوں پر مواخذہ فرماتا تو کوئی ایک بندہ بھی اس کے عذاب سے محفوظ نہیں رہتا۔

حدیث قدسی میں حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ اے میرے بندے اگر تو زمین کے برابر گناہ لے کر میرے پاس آئے گا تو میں زمین کے برابر مغفرت لیکر تیرے پاس آؤں گا۔ لیکن اس شرط کے ساتھ کہ تو میری ذات میں کسی کو شریک نہ کرے۔

غفّار کے وسیع تر معنیٰ یہ ہیں کہ وہ ذات کبریا کہ جو دنیا میں بندوں کی خوبیاں ظاہر فرماتا ہو اور ان کی برائیوں پر پردہ ڈالتا ہو اور آخرت میں اس کی خطاؤں سے درگزر فرماتا ہو۔

اللہ تعالیٰ کی بندے کے ساتھ پہلی پردہ پوشی تو یہ ہے کہ بدن انسانی میں جو قبیح اور بُری اشیاء تھیں۔ مثلاً پیشاب یا خانہ وغیرہ اُسے پیٹ میں مخفی رکھا۔ اور اس کے چہرے اور دوسرے اعضاء کو حُسن و جمال سے مزین فرمایا۔

دوسری پردہ پوشی یہ ہے کہ بندے کے اکثر گناہوں کو لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رکھا۔ اگر انسان کے تمام گناہ ظاہر ہو جایا کرتے تو وہ کسی سے نظریں ملانے کے قابل نہ رہتا۔

بہرکیف۔ غفّار کے وسیع تر معنیٰ دُنیا اور آخرت میں بندوں کی خطاؤں سے درگزر کرنے اور اُن کے گناہوں پر پردہ ڈالنے کے ہیں۔ اور یہ اس ذاتِ کبریا کی ایسی صفت ہے کہ دوسرا اس میں شریک نہیں ہو سکتا۔

حق تعالیٰ کے اس اسمِ مبارک سے فائدہ وہی لوگ اٹھا سکتے ہیں جو انسانوں کی خطاؤں کو درگزر کرنے کی صفت سے متصف ہوں۔ جو

لوگ اپنے ماتحت لوگوں کی لغزشوں کو معاف کر دینے کا جذبہ اور حوصلہ نہ رکھتے ہوں انھیں اس بات کا کوئی حق نہیں کہ وہ یہ خواہش کریں کہ مالک دو جہاں اُن کے گناہوں کو درگزر کردے۔ جو حضرات لوگوں کے عیبوں کو اچھالتے ہوں۔ انھیں اس بات کی خواہش نہیں کرنی چاہیے کہ اُن کے عیب چھُپے رہیں گے۔ جو دوسروں کی پردہ داری کرے گا۔ اللہ اُس کی پردہ داری کرے گا۔

جو شخص نماز جمعہ کے بعد اس اسم کو سَو بار پڑھے گا اس پر انشاء اللہ تعالیٰ مغفرتِ خداوندی کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے۔ ہر تنگی رفع ہوگی۔ اور اللہ کے فضل وکرم سے بے شمار رزق ملے گا۔

یاد رکھیں کہ مغفرت سے اللہ تعالیٰ کے تین اسمار مشتق ہیں۔ غافر، غفور اور غفار۔ غفار میں سب سے زیادہ مبالغہ پایا جاتا ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں بے انتہا معاف کرنے والا اور بے انتہا پردہ پوشی کرنے والا۔ اس اسم مُبارک کا ورد کرنے والا رحمتِ خداوندی کا خاص طور پر حقدار ہو جاتا ہے۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص حد سے زیادہ پریشان ہو تو آدھی رات کو آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر آسمان کی طرف حسرتناک نظروں سے رنجیدہ صورت بنا کر سَو مرتبہ "یا غفار" پڑھے۔ انشاء اللہ چند روز ایسا کرنے سے اس کی پریشانی جاتی رہے گی۔

اگر کوئی شخص نماز عصر کے بعد یَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِی سَو مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اس کی زندگی ہی میں اس کی مغفرت کا فیصلہ ہو جائے۔

اگر کوئی مقدمے کے دوران دونوں فریقوں کے درمیان کوئی راضی

نامہ کرانا چاہے تو گیارہ دن تک مغرب کی نماز کے بعد "یا غفار" ۵۱۲۴ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ایسی صورتیں بنیں گی کہ دونوں فریق صلح کرنے پر مجبور ہوں گے۔

"یا غفار" کا نقش ذوالکتابت ہر اس شخص کیلئے مفید ثابت ہوتا ہے جو بُرے راستے سے اچھے راستے کی طرف آنا چاہتا ہو یا جو مصائب کی دلدل سے نکلنے کا آرزومند ہو۔

اس نقش کو لکھ کر دھاری دار کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں۔ نقش یہ ہے۔

۲۸۶

ر	ا	ف	غ
۷۹	۱۰۰۱	۱۹۹	۲
۱۰۰۲	۸۲	۰	۱۹۸
۰	۱۹۷	۱۰۰۳	۸۱

اگر کسی شخص کی طبیعت نیکی کی طرف مائل نہ ہوتی ہو اور اس کا نفس اُسے بُرے کاموں پر اکساتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل بہ نیت توبہ پڑھے نماز سے فارغ ہونے کے بعد ۳۱۲۵ مرتبہ "یا غفار" پڑھے۔ اس عمل کو لگاتار چالیس دن تک کرتا رہے۔ انشاء اللہ طبیعت میں سدھار پیدا ہوگا۔ بُرے کاموں سے نفرت ہوگی۔ اور دِل نیک کاموں کی طرف چلے گا۔

اس اسم مبارک کا نقش ان لوگوں کیلئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ جو گناہوں کی وجہ سے اپنی رُوحانی قوت کو نقصان پہنچا چکے ہوں۔ اور گناہوں

کی وجہ سے اُن کے گھر کی خیر و برکت ختم ہو گئی ہو۔اس اسم مُبارک کے نقش کی برکت سے ان میں نیکی اور عبادت کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اور روزی کے دروازے بھی ہر طرف سے کھلنے شروع ہو جاتے ہیں۔

اگر گناہوں کی کثرت کی وجہ سے عبادات سے طبیعت حد سے زیادہ اکتاتی ہو۔ اور گھر میں بھی نحوست محسوس ہوتی ہو اور جسم بھی نحوست کی وجہ سے سُست رہتا ہو اور ہر وقت نیلیتی طاری رہتی ہو تو پھر ایسے لوگوں کو پینے کے نقش بھی دینے چاہئیں۔ اگر مرض بڑھا ہوا ہو تو پینے کے نقوش کی ضرورت نہیں ہے۔

جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کر کے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔ اس نقش کو کسی دھاری دار کپڑے میں پیک کرنے سے تاثیر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۰	۳۲۳	۳۲۶	۳۱۲
۳۲۵	۳۱۳	۳۱۹	۳۲۴
۳۱۴	۳۲۸	۳۲۱	۳۱۸
۳۲۲	۳۱۷	۳۱۵	۳۲۷

اگر مرض شدید ہو تو پینے کے ۲۱ نقش بھی دیئے جائیں۔ روزانہ ایک نقش پینے کی تاکید کی جائے۔ ان نقوش کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھا جائے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۳۸	۴۳۳	۴۴۰
۴۳۹	۴۳۷	۴۳۵
۴۳۴	۴۴۱	۴۳۶

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور اگر دوزانو ہو کر یہ نقش لکھا جائے تو افضل ہے۔ نقش کو دھاری دار کپڑے میں تعویذی شکل دیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۵	۳۲۱	۳۱۹	۳۲۶
۳۲۷	۳۱۸	۳۲۴	۳۱۲
۳۲۲	۳۱۴	۳۲۵	۳۲۰
۳۱۷	۳۲۸	۳۱۳	۳۲۳

اور مذکورہ افراد کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو مذکورہ ہی انداز میں لکھا جائے۔

۷۸۶

۴۳۴	۴۳۹	۴۳۸
۴۴۱	۴۳۷	۴۳۳
۴۳۶	۴۳۵	۴۴۰

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، خ، یا غ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ اس نقش کو دھاری دار کپڑے میں پیک کرکے استعمال کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۲	۳۱۷	۳۱۵	۳۲۷
۳۱۴	۳۲۸	۳۲۱	۳۱۸
۳۲۵	۳۱۳	۳۱۹	۳۲۴
۳۲۰	۳۲۳	۳۲۶	۳۱۲

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔

۷۸۶

۴۳۴	۴۴۱	۴۳۴
۴۳۵	۴۳۷	۴۳۹
۴۴۰	۴۳۳	۴۳۸

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور لکھتے وقت ایک ٹانگ کھڑی کرلے اور ایک بچھالے تو افضل ہے۔ نقش کو دھاری دار کپڑے میں تعویذ کی

شکل دی جائے۔　　نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۶	۳۱۲	۳۲۰	۳۲۳
۳۱۹	۳۲۴	۳۲۵	۳۱۳
۳۲۱	۳۱۸	۳۱۴	۳۲۸
۳۱۵	۳۲۷	۳۲۲	۳۱۷

اور مذکورہ حضرات کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو
مذکورہ شرائط ہی کے ساتھ لکھا جائے۔

۷۸۶

۴۳۸	۴۳۹	۴۳۴
۴۳۳	۴۳۷	۴۴۱
۴۴۰	۴۳۵	۴۳۶

اگر ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد عامل ۱۰۰ مرتبہ "یا غفار" پڑھ کر
ان پر دم کر دے تو ان نقوش کی تاثیر اور افادیت اور بھی بڑھ جائے۔ مردوں
کو تاکید کی جائے کہ وہ نقش اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں کو
تاکید کی جائے کہ وہ نقش کو اپنے بائیں بازو پر باندھیں۔ ہر عامل کے
لئے یہ ضروری ہے کہ وہ مریضوں کو یہ بات سمجھاتا رہے کہ دواؤں اور
تعویذوں میں تاثیر اور افادیت پیدا کرنیوالی ذات حق تعالیٰ کی ہے۔ اُن کی
مرضی اور حکم کے بغیر نہ دوائیں اپنا اثر دکھاتی ہیں اور نہ ہی تعویذات۔ اسلئے نقش
باندھنے یا پینے سے پہلے اگر اس بات کی دُعا کر لی جائے کہ اللہ تعالیٰ اس نقش کی
برکت سے ہمیں مقصد میں کامیابی عطا کرے تو بات قرین عقیدہ بھی ہوگی اور
اس کے اچھے اور مفید نتائج سامنے آئیں گے۔

القھّار

اللہ تعالیٰ کا ۱۶واں صفاتی نام "القھّار" ہے۔ یہ اسم مبارک جلالی ہے اور اس کے اعداد ۳۰۶ ہیں۔ عنصر آتشی ہے۔ قہاریت باری تعالیٰ کی مخصوص صفت ہے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ قاہر اور قہّار وہ ذات ہے جو ظالموں اور سرکشوں سے مظلوموں کا انتقام لیتی ہے۔ اور بندے میں قہاریت یہ ہونی چاہیئے کہ انسان اپنے نفس اور شیطان سے انتقام لے۔ شیطان سے انتقام یہ ہے کہ اس کی اتباع نہ کرے اور نفس سے انتقام یہ ہے کہ اس کی بے جا خواہشات کو روندتا چلا جائے۔

اہلِ تحقیق نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۳۰۶ مرتبہ روزانہ اس اسم کا ذکر کرے تو دُنیا کی محبّت اس کے دل سے نکل جائے۔ اگر اس اسم کا ذکر جمعہ کے دن نماز فجر کی سنّت اور فرض کے درمیان ۳۰۶ مرتبہ دشمن کو مغلوب کرنے کی نیّت سے کرے تو دشمن ذلیل ہو اور مغلوب ہو کر سامنے آئے۔

اگر دو اہلِ حق گروہ میں تصادم ہو جائے تو اس وقت اس اسم مبارک کا سات سو مرتبہ وِرد کر کے لگاتار ۷ دن تک دُعا کرنے سے لڑائی صلح میں بدل جاتی ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی ناحق پریشان کرتا ہو تو وہ شخص سات روزے رکھے اور ہر روز ظہر کی نماز کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ

"القہار" پڑھے۔ اوّل و آخر اکیس ۲۱ اکیس ۲۱ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّ جَھْرًا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

ہر سو ۱۰۰ مرتبہ کے بعد یہ تصور کرے کہ دشمن پر بجلی گر گئی ہے اور وہ ذلیل و خوار ہو گیا ہے۔ یہی عمل مقدمات میں بھی کام کرتا ہے۔ مقدمات یا کسی بھی مہم کی وجہ سے پڑھتے وقت ہر تسبیح پر یہ خیال کرے کہ جس طرح حضرت ابراھیم علیہ السّلام کو آگ سے نجات ملی تھی اور یوسف علیہ السّلام کو قید سے نجات حاصل ہوئی تھی۔ اسی طرح مجھے بھی اب ہر مشکل اور ہر مصیبت سے چھٹکارا حاصل ہونے والا ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تمام مصائب اور مشکلات سے خلاصی نصیب ہو جائے گی۔

اس عمل کے دوران اگر جَو کی روٹی کا استعمال کیا جائے تو عمل کی قوت دگنی ہو جاتی ہے۔ عامل کیلئے ضروری ہے کہ دورانِ عمل تمام گناہوں سے بچے اور بدبو دار چیزوں سے مثلاً حقّہ، بیڑی سگریٹ، پیاز، لہسن اور مولی وغیرہ سے دُور رہے۔

.جو بچے سوکھیا کی بیماری یا امّ الصبیان کی وجہ سے سُوکھ گئے ہوں اُن کے لئے آدھی کلو سرسوں کے تیل پر ایک ہزار مرتبہ "یا قہار" پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ پھر اس تیل سے صبح و شام ۱۲ روز تک بچے کے جسم پر مالش کریں۔ انشاء اللہ دس دن میں بچہ بالکل تندرست اور توانا ہو جائے گا۔

.بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی گھر میں جن یا آسیب کا خلل ہو اور اس گھر کے رہنے والوں کو ڈر لگتا ہو تو کورے چراغ پر سات ۷ مرتبہ "یا قہار"

لکھدیں۔ اس کے بعد اس میں تیل سرسوں کا ڈال کر رات کو چراغ روشن کریں۔ اس طرح گیارہ چراغ تیار کریں اور روزانہ گیارہ دن تک ایک چراغ جلائیں۔ انشاء اللہ گھر کی تمام اذیت دینے والی چیزیں اور جن و آسیب وغیرہ دفع ہوں گی۔ اور گھر بفضلہٖ تعالیٰ تمام آفتوں اور خبیث چیزوں سے محفوظ ہو جائے گا۔

جس گھر میں اس طریقے سے چراغ جلائیں جائیں وہاں کسی طرح کی گڑیا، مورتی نہیں ہونی چاہئے۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ رہے گا۔

"یاقہارُ" کا نقش جادو کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے بھی اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ کالے علم اور سفلی جادو کے اثرات سے نجات پانے کیلئے ساتؔ روز تک پانی پر ۱۸۳۹ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ اس عمل سے پہلے گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور عمل کے آخیر میں گیارہ مرتبہ سورۂ ناس پڑھنی چاہئے۔ انشاء اللہ ساتؔ دن لگاتار یہ عمل کرنے سے مریض پوری طرح جادو کے اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔

اکابرین سے منقول ہے کہ "یاقہارُ" کا عامل بننے کے لئے روزانہ اس اسم مبارک کو ۱۲۵۰۰ بار ورد میں رکھیں۔ چالیسؔ دن کے بعد صرف ۱۲۵ مرتبہ پڑھ لینا کافی ہے۔

اس اسم مبارک کا نقش ذوالکتابت اگر مریخ کی ساعت میں لکھکر اپنے پاس رکھا جائے تو دشمن ہمیشہ مغلوب رہے۔ اور زندگی کی تمام رکاوٹیں بالخصوص وہ رکاوٹیں جو انسانوں نے کسی عمل کے ذریعہ سے قائم کی ہوں۔ وہ دور ہو جائیں۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

ق	ھ	ا	ر
۴	۲۰۱	۹۹	۶
۱۹۸	۳	۷	۹۸
۴	۹۷	۱۹۹	۲

یَاقہارُ" کا نقش جان و مال کی حفاظت اور دشمنوں پر غلبہ پانے کے لئے استعمال میں آتا ہے اور بفضلہٖ تعالیٰ انتہائی مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اس اسمِ مُبارک کے نقوش صرف باندھنے کیلئے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مستعمل ہوتے ہیں۔ اس لئے مثلث نقوش لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرکے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔ ان نقوش کو اگر کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے استعمال میں لائیں تو فائدہ بہت جلد ہو گا انشاء اللہ۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۹	۸۲	۷۹	۷۶
۸۰	۷۵	۷۰	۸۱
۷۴	۷۷	۸۴	۷۱
۸۳	۷۲	۷۳	۷۸

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو

خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے..... یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو اگر جانب مغرب ہو کر اور دوزانو ہو کر لکھا جائے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۲	۷۵	۷۷	۷۲
۶۹	۸۰	۷۴	۸۳
۷۶	۸۱	۷۱	۷۸
۷۹	۷۰	۸۴	۷۳

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د یا غ ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۳	۷۲	۷۳	۷۸
۷۴	۷۷	۸۴	۷۱
۸۰	۷۵	۷۰	۸۱
۶۹	۸۲	۷۹	۷۶

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا

رُخ جانب شمال کر لے اور ایک ٹانگ کھڑی کر کے اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۲	۶۹	۷۶	۷۹
۷۵	۸۰	۸۱	۷۰
۷۷	۷۴	۷۱	۸۴
۷۲	۸۳	۷۸	۷۳

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۳۰۶ مرتبہ "یا قہار" پڑھکر اُن پر دَم کر دے تو سونے پر سُہاگہ ہوگا۔ مردوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقش کو دائیں بازو پر اور عورتوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقش بائیں بازو پر باندھیں اور باری تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں۔ باری تعالیٰ ہی کے حکم سے نظامِ کائنات چل رہا ہے۔ وہ چاہیں تو غلبہ عطا کر دیں۔ وہ چاہیں تو مغلوب کر دیں۔ عزّت و ذلّت کی تمام کنجیاں اُن ہی کے دستِ قدرت میں مقیّد ہیں۔

حق تعالیٰ کا ۱۷واں صفاتی نام "وھاب" ہے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۴ ہیں۔ یہ اسمِ مُبارک وہب اور ہبہ سے مشتق ہے۔

اور اس کے معنیٰ بخشنے اور عطا کرنے کے آتے ہیں۔ ایسی بخشش اور عطا کہ جس کے پیچھے کوئی غرض نہ ہو۔ حق تعالیٰ اپنے بندوں کو بغیر کسی غرض کے عطا کرتے ہیں۔ اسی لئے بجا طور پر صرف وہی حقیقتاً جواد اور وھاب کہلانے کے حقدار ہیں۔

اس اسمِ مبارک سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے۔ اپنی جان و مال کو بندہ خدا کی رضا حاصل کرنے کے لئے بے دریغ خرچ کرے۔ اور بغیر کسی مفاد اور لالچ کے اللہ کے بندوں کی مدد کرے۔ جو ایسا کرے گا۔ اللہ اُسے بے حساب دولت عطا کرے گا اور اُسے کبھی محتاج نہیں ہونے دے گا۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو تو اُسے چاہیئے کہ چاشت کی نماز میں آخری سجدے میں چالیس مرتبہ "الوھاب" پڑھے۔ اگر اس عمل کی پابندی کسی نے چالیس دن کرلی تو اللہ تعالیٰ اس کے فقر و فاقے کو دُور کردیں گے اور اُسے مخلوق سے بے نیاز کردیں گے۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص نمازِ صبح کے بعد اس اسمِ مبارک کا وِرد تین سو مرتبہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کو کشادہ کردیں گے اور اُسے اتنا عطا کریں گے کہ اس سے سمیٹا نہ جائے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص نصف شب کے بعد اپنے گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر تین سو مرتبہ "یا وھاب" پڑھے گا تو چند دنوں میں اس کی غربت رفع ہو جائے گی۔ اور اللہ تعالیٰ اُسے ایسی فراخی عطا کریں گے کہ جس کا وہ تصوّر بھی نہیں کرسکتا۔

اگر کوئی شخص بے روزگاری کا شکار ہو تو اُسے چاہیئے کہ چاند کی پہلی

جمعرات کو روزہ رکھے۔ اور چاولوں کی سفید کھیر سے روزہ افطار کرے۔ عشار تک کسی طرح کی کوئی نمکین چیز نہ کھائے۔ عشار کی نماز کے بعد "یا وھاب" ۴ ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے۔ آگے پیچھے چودہ چودہ مرتبہ دُرود شریف پڑھے۔ انشار اللہ بہت جلد اس کو ملازمت مل جائے گی۔ بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔ یہ عمل بہت کم خطا کرتا ہے۔ اگر بعد نمازِ عشار روزانہ کوئی شخص ۱۴ سو مرتبہ "یا وھابُ" پڑھنے کو معمول بنالے تو اس کے رزق میں اتنا اضافہ ہوجائے کہ قیاس میں نہ آسکے۔

حضرت مولانا ابراہیم صاحب دہلویؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص فقر و فاقے کا شکار ہو اور مالدار بننے کا خواہش مند ہو تو وہ نمازِ فجر کے بعد اس اسمِ مُبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈالے۔ تین چلّوں کے درمیان اس پر روزی کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں گے اور اُسے وہم وگمان سے زیادہ رزق ملے گا۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دن میں دس بجے وضو کرکے قبلہ رُو کھڑے ہو کر سجدے کی آیت وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ پڑھے۔ پھر فوراً سجدے میں چلا جائے اور تین مرتبہ تسبیح پڑھنے کے بعد سات مرتبہ "یا وھابُ" پڑھے تو کچھ ہی عرصے میں اس کی مالی مشکلات ختم ہو جائیں گی۔ اور رزق موسلا دھار بارش کی طرح برسنے لگے گا۔

اکابرین کا معمول تھا جب انھیں کوئی حاجت درپیش ہوتی تو آدھی رات کے بعد وضو کرکے ۳ سجدے کرتے۔ پھر ہاتھ اُٹھا کر سو مرتبہ "یا وھاب" پڑھا کرتے۔ تین روز یہ عمل کرتے تھے اور اُن کی حاجت پُوری ہوجاتی تھی۔ آج بھی اگر کوئی صاحبِ ایمان اپنے بزرگوں کی تقلید ایمان ویقین کے ساتھ

کرے گا تو اس کی حاجتیں پوری ہوں گی۔ اور رزق بے حساب ملے گا۔

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحبؒ فرماتے ہیں کہ غریب آدمی کو چاہئے کہ دن میں دس بجے وضو کرے۔ پھر ۴ رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت ادا کرے۔ نماز سے فراغت کے بعد سجدے میں جائے اور ایک سو چار مرتبہ "یا وھاب" پڑھے۔ ہر مہینے میں سات مرتبہ یہ عمل کر لیا کرے تو چند ماہ کے اندر اندر اس قدر رزق ملے گا کہ عقل حیران رہ جائے گی۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ کسی مُلک میں قحط سالی ہو جائے اور بارش کی شدید ضرورت ہو تو گیارہ آدمی مل کر "یا وھابُ" کا ختم کریں۔ ۷۱ ہزار مرتبہ تین دن تک لگاتار پڑھا جائے۔ چوتھے دن انشاء اللہ بارش ہو جائے گی۔

طریقۂ عمل یہ ہے کہ گیارہ آدمی وضو کر کے بیٹھیں اور کوئی میٹھی چیز اپنے سامنے رکھ لیں۔ گیارہ کے گیارہ آدمی اُنیس اُنیس مرتبہ یہ دُرود شریف پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰہِ۔

پھر سب مل کر مجموعی طور پر ۷۱ ہزار مرتبہ "یا وھابُ" پڑھ کر اُنیس [19] اُنیس [19] مرتبہ ہر شخص مذکورہ دُرود شریف پڑھے۔ اور پھر سب مل کر بارش کی دُعا کریں۔ انشاء اللہ چوتھے دن زبردست بارش ہو گی۔ یہ عمل حیرتناک ہے جو کبھی خطا نہیں کرتا۔

منقول ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ایک مرتبہ مناجات کی اور پروردگار عالم سے پوچھا کہ اے پروردگار ------

میں تیرے سوا کس سے وسیلہ مانگوں تاکہ میری ہر دُعا قبول ہو۔ جواب ملا تو ہمارے ہی نام کا وسیلہ پکڑ۔ اور اس نام کا وسیلہ اختیار کر جس کے

ذریعہ مانگنے والے کو ہم بے حساب کرتے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ السّلام نے دریافت کیا کہ وہ کونسا نام ہے۔ اس پر حق تعالیٰ نے اپنا نام وھابُ بتایا۔ جب سلیمان علیہ السّلام پر یہ نام واضح ہوا تو آپ نے اس کا ورد اختیار کیا اور اس کی برکت سے آپ کو جن وانس کی بادشاہت عطا کی گئی۔

اس کی زکوٰۃ کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد ۴۲ مرتبہ اس اسم مُبارک کا ورد رکھا جائے۔ دِن کی نمازوں کے بعد "الوہابُ" پڑھا جائے۔ اور رات کی نمازوں کے بعد "یا وھابُ" پڑھیں۔ اوّل و آخیر پانچ پانچ مرتبہ دُرود شریف پڑھتے رہیں۔ ایک سال لگاتار اس عمل سے زکوٰۃ انشاء اللہ ادا ہوگی۔ اور پڑھنے والا اس اسم مُبارک کا عامل بن جائے گا۔ اس کے بعد جب کوئی حاجت ہو۔ خواہ وہ حاجت کتنی ہی بڑی اور اہم ہو عامل کو چاہیئے کہ نصف شب کے بعد اُٹھے۔ غسل کرے۔ نیا لباس یا دُھلا ہوا لباس پہنے اور دِل سے دوگانہ نماز ادا کرے۔ اس کے بعد ننگے سر کھڑے ہو کر عاجزی اور انکساری کے ساتھ ایک ہزار بیالیس مرتبہ "یا وھابُ" پڑھے۔ جب تین سو مرتبہ پڑھ چکے تو بیٹھ کر پڑھے۔ پھر جب بیٹھ کر سات مرتبہ پڑھ چکے تو پھر کھڑا ہو جائے اور بیالیس مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھے۔ اور اپنا مطلب خدا کے سامنے رکھے اسی طرح لگاتار ۳ راتوں تک کرے۔ انشاء اللہ کیسی بھی مراد ہوگی پُوری ہوگی۔

بعض اکابرین سے یہ منقول ہے کہ جو شخص یا وھابُ کی زکوٰۃ ۱۲ لاکھ مرتبہ پڑھ کر ادا کرے گا۔ وہ اس کا مکمّل عامل بن جائے گا۔ پھر وہ جس کام کیلئے بھی اس کا ورد کرے گا اس میں کامیابی ملے گی۔ ۱۲ لاکھ کی تعداد ایک سال میں بھی پُوری کی جاسکتی ہے۔

بزرگوں سے "یا وھابُ" کا یہ نقش منقول ہے جو ہر قسم کی مُراد اور خواہش کیلئے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ ناجائز اُمور میں اس نقش کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ب	ا	ھ	و
ھ	و	ب	ا
و	ھ	ا	ب
ا	ب	و	ھ

یا وھابُ کا نقش عددی یہ ہے

۷۸۶

۲	۱	۵	۶
۵	۶	۲	۱
۶	۵	۱	۲
۱	۲	۶	۵

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی غریب کی بیٹی کی شادی روپیہ پیسہ نہ ہونے کی وجہ سے رُکی ہوئی ہو تو اُسے چاہیئے کہ "یا وھاب" "یا رزّاقُ" ۳۱۲۵ مرتبہ بعدِ نماز عشاء پڑھے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھے۔ عمل کے اختتام پر سجدے میں جا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور اپنی بیٹی کی شادی کے لئے وسائل کی دُعا کرے۔ اس عمل کو لگاتار چالیس دِن کرکے سوا لاکھ کی تعداد پُوری کرے۔ انشاء اللہ چالیس دن سے پہلے ہی رقم کا بند و بست ہو جائے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص حد سے زیادہ مقروض ہو۔ اور آمدنی کی کمی کی وجہ سے قرض کی ادائیگی ناممکن ہو۔ اور قرض خواہ صبح و شام اُسے پریشان کرتے ہوں تو اُسے چاہئے کہ بعد نمازِ جمعہ چند افراد خواہ وہ اس کے گھر ہی کے ہوں اکٹھے کرے۔ اس کے بعد سب مل کر اکیس مرتبہ درُود شریف اور گیارہ مرتبہ استغفار پڑھیں۔ اس کے بعد اکتالیس ہزار سات سو مرتبہ سب مل کر "یَا وَہَابُ" پڑھیں۔ آخیر میں پھر گیارہ مرتبہ استغفار اور اکیس مرتبہ درُود شریف پڑھکر دُعا کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ قرض سے نجات عطا کرے۔ اس عمل کے بعد اگلے دن سے روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ "یا وہابُ" مقروض خود پڑھتا رہے اور لگاتار چالیس دن تک روزانہ اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس دوران ایسی جگہ سے اس کی مدد ہوگی جس کا وہ پہلے سے کوئی گمان نہیں کرسکتا۔ بہت ہی مجرب اور لاجواب عمل ہے۔ جس بھائی کا دل چاہے وہ آزما کر دیکھے۔ اور خود اندازہ کرلے کہ ربّ العٰلمین ان سے رُجوع کرنے والے کو کس طرح نوازتے ہیں۔

بعض اکابرین نے "یا وَہابُ" کا عامل بننے کا یہ طریقہ بتایا ہے۔ کہ بعد نمازِ عشاء مکمّل تنہائی میں کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر ۵۴۰۰ مرتبہ "یا وہابُ" پڑھے۔ آگے پیچھے نو نو مرتبہ درُود شریف پڑھے۔ چالیس دن تک اس عمل کو جاری رکھنے کے بعد درمیان میں ۳ دن تک بعد نمازِ عشاء کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر گیارہ سو مرتبہ استغفار کرے۔ اس کے بعد پھر پہلے والے عمل کو دُہرائے۔ یعنی دوسرا چلّہ پھر شروع کرے۔ اور حسب سابق ۵۴۰۰ مرتبہ روزانہ "یا وہابُ" پڑھے۔ دوسرا چلّہ پُورا ہونے کے بعد پھر ۳ دن تک روزانہ گیارہ سو مرتبہ درُود شریف پڑھے۔ ۳ دن کے بعد پھر تیسرا چلّہ "یا وہّابُ" کا شروع کرے۔ اس طرح پُورے ۳ چلّے مکمّل ہو جانے پر اس اسم کا

"عامل کامل" بن جائے گا۔ ۳ چلوں کے بعد "یا وھابُ" گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے۔ یا وھابُ کا عامل زبردست قوت کا مالک ہوتا ہے۔ وہ مستجاب الدعوات ہوجاتا ہے۔ جس دعا کیلئے بھی ہاتھ اٹھائے گا۔ وہ قبول ہوگی۔ جس کے لئے کوئی بھی عمل کرے وہ تکمیل کو پہنچے گا اور باا ثر ہوگا۔

ایک بزرگ نے فرمایا ہے کہ دنیا میں جتنے بھی اہل اللہ اور اصحاب دل لوگ گزرے ہیں۔ وہ سب کے سب "یا وھابُ" کے عامل تھے۔

جن حضرات کا نام واؤ سے شروع ہوتا ہو وہ حضرات اگر اپنے نام کے مجموعی اعداد کے برابر روزانہ "یا وَھابُ" کا ورد کریں تو کامیابی قدم قدم پر انھیں نصیب ہو اور زندگی کی تمام مشکلات سے بالخصوص مالی مشکلات سے انھیں چھٹکارا نصیب ہوجائے۔

"وھابُ کے اعداد چونکہ صرف ۱۴ ہیں۔ اس لئے اکابرین اور ماہرینِ فن نے اس کے مربع کا نقش بنانے کے لئے "یا" کے اعداد اس میں شامل کرکے نقش بنایا ہے۔ اس کا نقش پینے کے لئے نہیں دیا جاتا۔ صرف گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے دیا جاتا ہے۔ اس کا نقش غربت اور بے کسی دور کرنے کے لئے۔ قرض کی ادائیگی کیلئے۔ ملازمت کے حصول کیلئے اور زندگی کی تمام مرادوں کی تکمیل کیلئے موثر ثابت ہوتا ہے اور اس نقش کی برکت سے پروردگار عالم اپنے بندے کی ضروریات وحاجات نیز خواہشات پوری فرماتے ہیں ——— اور اس کو غربت اور مایوسی کی دلدل سے نکال لیتے ہیں۔

جن ضرورت مندوں کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف

ذ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیں۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرکے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ اس نقش کو گہرے سبز رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے استعمال کرنے سے اس کی تاثیر و قوت میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۲
۳	۱۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۶

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرکے اگر دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے نقش کو گہرے سبز رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۹	۷	۱۵
۱۶	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۴	۸
۵	۱۷	۲	۱۱

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، خ، ر یا غ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت، انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ اس نقش کو گہرے سبز کپڑے میں پیک کرکے استعمال کریں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰	۵	۴	۱۶
۳	۱۷	۹	۶
۱۴	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۵	۱

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت۔ انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور لکھتے وقت ایک ٹانگ کھڑی کرلے اور ایک بچھالے تو افضل ہے۔ نقش کو گہرے سبز رنگ کے کپڑے میں استعمال کریں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۴	۲
۹	۶	۳	۱۷
۴	۱۶	۱۰	۵

اگران تمام نقوش کو لکھنے کے بعد عامل ۱۰۰ مرتبہ "یا وھاب" پڑھ کر نقوش پر دم کردے تو ان نقوش کی تاثیر وافادیت میں اضافہ ہو جائے۔

مردوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقوش اپنے دائیں بازو پر اور عورتوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقوش اپنے بائیں بازو پر باندھیں۔

ہر عامل کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے مریضوں کو یہ بات سمجھاتا رہے کہ دواؤں اور تعویذات میں تاثیر اور افادیت پیدا کرنے والی ذات حق تعالیٰ کی ہے۔ ان کی مرضی اور حکم کے بغیر نہ دوائیں اپنا اثر دکھاتی ہیں اور نہ ہی تعویذات۔

اس لئے نقش باندھنے سے پہلے اگر اس بات کی دعا کرلی جائے کہ اللہ تعالیٰ اس نقش کی برکت سے ہمیں مقصد میں کامیابی عطا کرے اور ہمارے مریض کو شفا اور صحت عطا کرے تو بات قرینِ عقیدہ بھی ہوگی اور اس کے اچھے اور مفید نتائج سامنے آئیں گے۔

حق تعالیٰ کا ۱۸ واں اسم صفاتی رزاق ہے۔ یہ اسم جمالی ہے اور اس کے مجموعی اعداد ۳۰۸ ہیں۔ رزاق کا فاعل رازق ہے۔ رازق کہتے ہیں رزق فراہم کرنے والے کو اور رزق پیدا کرنے والے کو رزاق مبالغے کا صیغہ ہے۔ مطلب ہے وہ ذات جو حد سے زیادہ رزق پیدا کرنے والی اور اپنے بندوں کی ضرورت کے مطابق انھیں رزق مہیا کرنے والی ہے۔

رزق کی دو قسمیں ہیں۔ ایک رزقِ ظاہر اور ایک رزقِ باطن۔ رزقِ ظاہر تو غذائیں اور وہ تمام چیزیں ہیں جو بدن کے لئے فائدہ مند ہوں۔ اور رزقِ باطن علوم و معارف ہیں۔ اور یہی اشرف ترین رزق ہے۔ کیونکہ رزقِ ظاہر تو صرف بدن کے لئے کارآمد ہے۔ اور وہ بھی صرف ایک وقتِ معینہ تک لیکن رزقِ باطن ابدی ہے۔ جس کا فائدہ آخرت میں بھی محسوس ہوگا۔ اور اس دنیا میں بھی رزقِ باطن کے بے شمار فوائد انسان کو پہنچتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں طرح کے رزقوں کا کفیل بھی ہے اور خالق بھی۔ اللہ جسے چاہتا ہے دونوں طرح کے رزق عطا کرتا ہے۔ اور جسے چاہتا ہے اُسے ایک ہی رزق عطا کرتا ہے۔ اس کے فیصلے میں کسی کو چون وچرا کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

اس نام سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ ہر فکر و خیال کے انسان کے ساتھ ہمدردی کرنی چاہئے۔ اور تمام مخلوق کی حسبِ مقدار اور حسبِ وسعت مدد کرنی چاہئے۔ امیر ہو یا غریب اپنا ہو یا بیگانہ، دوست ہو یا دشمن سبھی کو اپنے تعاون کا حق دار سمجھنا چاہئے۔ اور دیتے وقت کسی کیساتھ بھی سوتیلے پن کا سلوک نہیں کرنا چاہئے۔ حق تعالیٰ جس طرح نمازیوں کو رزق دیتا ہے اسی طرح بے نمازیوں کو بھی رزق عطا کرتا ہے۔ وہ جس طرح مسلمانوں کی مدد کرتا ہے۔ اسی طرح کافروں اور منکروں کی مدد کرتا ہے اور اس دنیا میں وہ سبھی جدو جہد کرنے والوں اور ضرورت مندوں کی امداد کرتا ہے۔ ہمیں بھی اس کی صفت سے متصف ہونے کے لئے اپنے اور غیر کی مدد بلا امتیاز کرنی چاہئے۔ تب ہی ہمیں اس اسم رزاق کے ورد کے فائدے حاصل ہو سکتے ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر اس اسم کو کوئی شخص اپنے گھر کے چاروں کونوں میں بعد نماز فجر ۳۰۸ مرتبہ پڑھکر پھونک ماردے تو گھر کی غربت ۴۰ دن کے اندر اندر ختم ہو جائے۔ ہر کونے میں ۳۰۸ مرتبہ "یارزاق" پڑھیں۔ اور لگاتار چالیس ۴۰ دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ عمل پڑھتے وقت رُخ بیت اللہ کی طرف رکھیں۔

اگر کوئی تاجر اس اسم کو عشار کی نماز کے بعد ۳۰۸ مرتبہ روزانہ پڑھ کر فراخی کی دُعا کرے تو ایک ماہ کے اندر اندر اُسے اس کا فائدہ محسوس ہو۔

جس شخص کی ملازمت چھوٹ گئی ہو اور پھر وہ ملازمت کی تلاش میں ہو تو اُسے چاہئے کہ ۳ روزے رکھے۔ اور روزانہ صبح کی نماز کے بعد ۱۰ ہزار مرتبہ "یارزاق" پڑھے۔ اوّل و آخیر سات سات مرتبہ دُرود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ایک مہینے کے اندر اندر اُسے وہی ملازمت جو چھوٹ گئی ہے یا اُس سے بہتر ملازمت ملے گی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کو روزگار نہ ملتا ہو تو وہ "رزاق" کا یہ نقش گلاب و زعفران سے لکھکر سبز رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ چند ہفتوں میں روزگار نصیب ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۹۸	۳	۲۰۱
۴	ر	ز	۹۷
۱۹۹	ا	ق	۸
۹۹	۹	۱۹۸	۲

"یارزاق" کا نقش روزگار کے حصول اور ترقی کاروبار اور تنگدستی

کو دُور کرنے کے لئے استعمال میں آتا ہے اور بفضلہٖ تعالیٰ مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اس اسم مُبارک کے نقوش صرف ہاتھ پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے یا دُکان و مکان میں لٹکانے کے لئے مستعمل ہیں۔ اس لئے مثلث نقوش دینے کی ضرورت نہیں۔

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کیطرف کرکے دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۲	۷۸	۷۵	۸۳
۸۴	۷۴	۸۱	۶۹
۷۹	۷۱	۸۲	۷۶
۷۳	۸۵	۷۰	۸۰

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، دیا غ ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس کو لکھتے وقت عامل اپنا رخ جنوب کی طرف کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۹	۷۳	۷۲	۸۴
۷۱	۸۵	۷۸	۷۴
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۶	۸۰	۸۳	۶۹

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ شمال کیطرف کرلے اور ایک ٹانگ کھڑی کرکے اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۸۳	۶۹	۷۶	۸۰
۷۵	۸۱	۸۲	۷۰
۷۸	۷۴	۷۱	۸۵
۷۲	۸۴	۷۹	۷۳

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۳۰۸ مرتبہ "یارزاق" پڑھکر ان نقوش پر دم کردے تو سونے پر سہاگہ ہو۔ اور ان کی تاثیر بڑھ جائے۔ مردوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں کو تاکید کیجائے کہ وہ بائیں بازو پر باندھیں۔ اور ضرورت مندوں کو اس بات کی بھی تاکید کریں کہ اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ وہ قادرِ مطلق ہے۔ اور وہی رزاق ہے۔ وہی پانی برساتا ہے۔ اور وہی رزق عطا کرتا ہے۔ اور اسی کے دستِ قدرت میں تمام خوبیوں اور نعمتوں کی کنجیاں ہیں۔

الفتّاحُ

حق تعالیٰ کا ۱۹واں صفاتی نام "الفتّاحُ" ہے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ اوراس کے اعداد ۴۸۹ ہیں۔ فتاح کے دو معنیٰ آتے ہیں۔ مخلوق کے لئے راحتوں کے دروازے کھولنے والا اور مخلوق پر حکم چلانے والا حق تعالیٰ ہیں یہ دونوں صفتیں دوسری صفات کی طرح بدرجۂ کمال موجود ہیں۔ وہ اپنی تمام مخلوقات کے لئے حاجت روا بھی ہے۔ اور مشکل کشا بھی۔ اور صرف اسی کو حکمرانی بھی زیبا دیتی ہے۔ اسی لئے اس کو احکم الحاکمین بھی کہتے ہیں۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ فتاح اس ذات کو کہتے ہیں کہ جس کی عنایت سے ہر مصیبت دور ہو اور اس کی ہدایت سے ہر مشکل آسان ہوتی ہو۔ اور اسی کے ذریعہ دشمنوں پر فتح حاصل کی جاتی ہو۔ فتوحِ خداوندی کے مختلف طریقے ہوتے ہیں۔ کبھی انبیاء کے ذریعہ رشد وہدایتؐ کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔ اور کبھی اولیاء کے قلوب پر کشف والہام کے ذریعہ فتوحات ہوتی ہیں۔ اور کبھی معجزات کے ذریعہ کامرانیوں کی منزل نصیب ہوتی ہے۔ بہرحال ہر مصیبتؐ وراحتؐ کی کنجی اس کے دستِ قدرت میں ہے۔

قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے۔ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ ط اوراس کے پاس غیب کی چابیاں ہیں جنھیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اس آیت سے اندازہ ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ کے ہاتھ میں تمام مغیبات کی کنجیاں ہیں۔ اور وہ اپنی کنجیوں کے استعمال کرنے میں مختارِ کل ہے۔

اور ایک دوسری آیت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ حق تعالیٰ ہی اپنے بندوں کے لئے رحمت کے دروازے کھولتا ہے اور اسی کو دروازے کھولنے اور بند کرنے کی قدرتِ تامہ حاصل ہے۔

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ۔ جو کچھ اللہ لوگوں کے لئے رحمت کے دروازے کھولتا ہے نہ اُسے کوئی بند کرنے والا ہے اور نہ کوئی اس کے بعد بھیجنے والا۔

حق تعالیٰ کی شان یہ ہے کہ وہ اپنی مخلوق پر روزی اور رزق کے دروازے کھولنے کے ساتھ ساتھ اس پر علم و معرفت کے دروازے بھی کھولتے ہیں۔ وہ کسی کیلئے اگر دروازے کھولنے کا فیصلہ کرلیں تو اس پر کوئی دروازے بند نہیں کر سکتا۔ اور اگر وہ کسی پر رحمت کے دروازوں کو بند کردیں تو کسی کی یہ مجال نہیں کہ اس پر نصرت و رحمت کے دروازوں کو کھول سکے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس نام سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ مخلوقات کی مشکلات کو حل کرتا رہے اور ان کی جسمانی اور مالی امداد کرکے مجازی طور پر فاتح بننے کی کوشش کرے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی یہ چاہے کہ میرے دل کے پردے کھل جائیں اور عشقِ الٰہی کی دولت حاصل ہو جائے تو روزانہ صرف ستر مرتبہ اس کو پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ اس کے دل میں نور اور صفائی پیدا ہوگی۔

اگر کسی کو مرضِ نسیان ہو جائے تو روزانہ بعد نماز فجر اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر ۷ مرتبہ "اَلْفَتَّاحُ" پڑھے۔ چند ہفتوں میں دماغ میں زبردست قوت پیدا ہوگی۔ اور نسیان کا مرض بھی ختم ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص کسی مشکل کو سلجھانا چاہے تو بعد نمازِ عشاء ۷۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔ اور عمر بھر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ ہر طرف سے فتوحات کے دروازے کھلتے چلے جائیں گے۔

اگر کوئی کسی مقدمہ میں پھنس جائے یا دشمنوں کی سازش کا شکار ہو جائے تو اس مصیبت سے نکلنے کے لئے روزانہ ۴۸۹ مرتبہ اس اسم کا ورد کرے۔ انشاء اللہ مشکلات حل ہوں گی۔ اور مصائب کسی بھی طرح کے ہوں۔ ان سے نجات ملے گی۔

دشمنوں پر فتح پانے اور اس کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہنے اور اپنے ظاہر و باطن کو درست کرنے کے لئے ۴۸۹ مرتبہ بعد نماز عشاء آدھی رات کو "یا فتّاحُ" کھڑے ہو کر پڑھے۔

قید سے رہائی کے لئے "یا فتاح" ۲۱ ہزار مرتبہ روزانہ سات دن تک پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ بہت جلد رہائی کا فیصلہ ہوگا۔

دستِ غیب کے لئے اس اسمِ مبارک کو ۱۸ شب و روز میں ۸۰۷۹۳ مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد روزانہ پانچسو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ غیب سے روزی ملے گی۔

علامہ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ جو شخص عروج ماہ میں نمازِ عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے۔ اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں سورۂ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ملک پڑھے۔ اور نماز سے فراغت کے بعد ۴۸۹ مرتبہ "یا فتاح" پڑھ کر اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے نقش پہلے سے تیار کر کے یا کسی عامل سے تیار کرا کر رکھے۔ انشاء اللہ زندگی کی تمام مشکلات میں آسانی پیدا ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵	۱۰۹	۱۰۲	۱۰۰	۹۳
۱۰۵	۹۸	۹۱	۸۸	۱۰۷
۹۴	۸۶	۱۱۰	۱۰۳	۹۶
۱۰۸	۱۰۱	۹۹	۹۳	۸۹
۹۷	۹۵	۸۷	۱۰۶	۱۰۴

بعض اکابرین نے یہ فرمایا ہے کہ جو شخص ہر رات کو "یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ" ۹۷ مرتبہ پڑھے تو اُسے زندگی میں رزق بے حساب و بے شمار ملے۔

جن لڑکیوں کی شادیاں رک جاتی ہیں اور لڑکیاں ماں باپ کیلئے پریشانی کا سبب بنتی ہیں۔ ایسی لڑکیاں روزانہ بعد نماز عصر "الفتّاح" ۱۵۶ مرتبہ پڑھا کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد مناسب پیغام موصول ہوگا۔ یہ عمل لڑکی کے والدین بھی کر سکتے ہیں اور اس کے بہن بھائی بھی کر سکتے ہیں۔

اگر کوئی طالب علم اس بات کا خواہش مند ہو کہ ہر امتحان میں اُسے اعلیٰ کامیابی ملے تو روزانہ اس اسم مُبارک کو ۴۸۹ مرتبہ پڑھ کر امتحان میں کامیابی کی دُعا کرے۔

جو شخص اس اسم مُبارک کا عامل بننا چاہے تو روزانہ ۴۰ روز تک عشاء کے بعد "یا فتّاحُ" ۱۴۹۶ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے بعد وہ جب بھی کسی کو اس کا نقش دے گا اس میں تاثیر پیدا ہوگی۔ اور تعویذ باندھنے والے کو نصرت و کامیابی ملے گی۔

اس اسم مُبارک کا نقش ہر طرح کی بندش کھولنے کیلئے تیر بہدف کا

درجہ رکھتا ہے۔ اس اسم مبارک کے مربع کا نقش دھاری دار کپڑے میں بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کے لئے دیا جائے اور اگر بندش سخت ہو تو اس اسم مبارک کا نقش پینے کے لئے دیا جائے۔ انشاء اللہ ان نقوش کے استعمال سے ہر طرح کی بندش اور رکاوٹ دور ہوگی۔

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو پُر کرتے وقت عامل اپنا رخ مشرق کیطرف کرکے ایک زانو ہوکر لکھے تو بہتر ہے۔ ان نقوش کو دھاری دار کپڑے میں پیک کرکے استعمال میں لائیں تو فائدہ بہت جلد ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۲	۱۲۵	۱۲۸	۱۱۴
۱۲۷	۱۱۵	۱۲۱	۱۲۶
۱۱۶	۱۳۰	۱۲۳	۱۲۰
۱۲۴	۱۱۹	۱۱۷	۱۲۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ کل ۲۱ نقش ۷ روز میں صبح وشام اور رات کو سوتے وقت کیلئے دیئے جائیں۔ انکو لکھتے وقت بھی بیان کردہ تفصیل کو ملحوظ رکھے۔

۷۸۶

نقش یہ ہے

۱۶۴	۱۵۹	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۰	۱۶۷	۱۶۲

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو پُر کرتے وقت عامل اپنا رُخ اگر مغرب کی طرف کر کے دو زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۱۷	۱۲۳	۱۲۱	۱۲۸
۱۲۹	۱۲۰	۱۲۶	۱۱۴
۱۲۴	۱۱۶	۱۲۷	۱۲۲
۱۱۹	۱۳۰	۱۱۵	۱۲۵

اور مذکورہ افراد کو پہننے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اور انھیں مذکورہ انداز ہی میں لکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶۰	۱۶۵	۱۶۴
۱۶۷	۱۶۳	۱۵۹
۱۶۲	۱۶۱	۱۶۶

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د یا غ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو پُر کرتے وقت عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۴	۱۱۹	۱۱۷	۱۲۹
۱۱۶	۱۳۰	۱۲۳	۱۲۰
۱۲۷	۱۱۵	۱۲۱	۱۲۶
۱۲۲	۱۲۵	۱۲۸	۱۱۴

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں اور انھیں لکھتے وقت مذکورہ تفصیل کو ملحوظ رکھیں۔

۷۸۶

۱۶۲	۱۶۷	۱۶۰
۱۶۱	۱۶۳	۱۶۵
۱۶۶	۱۵۹	۱۶۴

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو پُر کرتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرکے اپنی ایک ٹانگ اٹھاکر اور ایک بچھاکر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸	۱۱۴	۱۲۲	۱۲۵
۱۲۱	۱۲۶	۱۲۷	۱۱۵
۱۲۳	۱۲۰	۱۱۶	۱۳۰
۱۱۷	۱۲۹	۱۲۴	۱۱۹

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت مذکورہ تفصیل کا لحاظ رکھیں۔

۷۸۶

۱۶۴	۱۶۵	۱۶۰
۱۵۹	۱۶۳	۱۶۷
۱۶۶	۱۶۱	۱۶۲

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر عامل ان نقوش کو لکھنے کے بعد ہر ایک نقش پر بالخصوص اس نقش پر جو باندھنے کے لئے دیا جائے ۴۸۹ مرتبہ "یافتاحُ" پڑھ کر دم کردے تو ان کی تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جائے۔ پینے کے لئے ہر مریض کو ۲۱ نقش لکھ کر دیئے جائیں اور مریض کو تاکید کی جائے کہ روزانہ ۳ نقش پیئے جائیں۔ صبح کو ناشتے سے پہلے شام کو عصر اور مغرب کے درمیان اور رات کو سونے سے پہلے۔

بازو پر باندھنے والے یا گلے میں ڈالنے والے نقوش کو موم جامہ کر کے دھاری دار کپڑے میں پیک کر کے استعمال کرنے کی تاکید کریں۔ انشاءاللہ ان نقوش کی برکت سے ہر طرح کی بندشیں اور رکاوٹیں ختم ہوں گی اور نصرت و فتوحات کے دروازے اللہ کے فضل و کرم سے کھلنے شروع ہو جائیں گے۔

العلیم

حق تعالیٰ کا ۱۹۱واں صفاتی نام "العلیم" ہے۔ علیم اس ذاتِ گرامی گرامی کو کہتے ہیں جس کا علم ہر شے کو محیط ہو، یعنی کہ ہر چیز اس کے احاطۂ علم میں ہو۔ اور وہ ایسی ذات ہو کہ کسی بھی چیز کا علم رکھنے میں کسی واسطے کا محتاج نہ ہو۔ اس کا علم کسی کا بخشا ہوا بھی نہ ہو۔ وہ اپنی ذات سے خود عالم ہو۔ اور اس کے ماسوا یہ خصوصیات کسی اور ذات میں موجود نہ ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے بعد اللہ کے جتنے بھی انبیاء اس دُنیا میں مبعوث ہوئے ہیں۔ انھیں عوام و خواص کے مقابلے میں زیادہ علم حاصل تھا۔ اور

تمام نبیوں اور رسولوں میں سب سے زیادہ علم و معرفت کی دولت فخر کائنات آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھی۔ لیکن تمام ارباب عقیدہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نبیوں کو جو بھی علم عطا ہوا تھا۔ وہ اللہ کے عطا کرنے سے عطا ہوا۔ اور اللہ کا علم کسی عطا اور کسی کی عطا کا محتاج نہیں ہے۔

بعض حضراتِ صحابہ کو اس بات کی خوش گمانی تھی کہ شاید محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب کا مکمل علم حاصل ہے۔ اس خوش گمانی کا دفعیہ کرتے ہوئے حق تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب میں یہ ارشاد فرمایا ہے۔

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِىْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِىَ السُّوْٓءُ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرما دیجئے کہ میں اپنی جان کیلئے بھی نفع و نقصان کا مالک نہیں۔ (چہ جائیکہ کسی اور کے لئے) مگر جتنا اللہ چاہے۔ اور اگر میں غیب جانتا تو میں اپنے لئے بہت سی بھلائیاں جمع کر لیتا۔ اور مجھے کبھی کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔ میں تو ایمان والوں کو خوش خبری سنانے اور ڈرانے کیلئے بھیجا گیا ہوں۔

قرآن حکیم کی اس آیت سے یہ بات تو واضح ہو جاتی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام مغیبات کا علم حاصل نہیں تھا لیکن اس میں بھی دو رائے نہیں کہ حق تعالیٰ کے بعد سب سے زیادہ علم اگر کسی کو حاصل تھا تو وہ ذاتِ محمدی ہی تھی۔ ان کی قوتِ ادراک اور قوتِ فراست بھی دنیا کے تمام انسانوں سے اور حد تو یہ ہے کہ تمام نبیوں سے زیادہ بڑھی ہوئی تھی۔

حق تعالیٰ کو علمِ معرفت کے معاملے میں انفرادیت اور تخصیص اس بنا پر بھی ہے کہ ان کا علم بے حد و بے حساب ہے اور اس بنا پر بھی ہے کہ اللہ کا علم کسی حواسِ ظاہرہ یا باطنہ کا محتاج نہیں ہے جب کہ انبیار کو جو علم عطا ہوا ہے وہ حواسِ خمسہ کا محتاج ہے۔

بہر حال حق تعالیٰ کی ذاتِ گرامی وہ ذاتِ گرامی ہے جو زمین کی گہرائیوں سمندر کی گہرائیوں اور پہاڑوں کی دبی ہوئی حقیقتوں کے بارے میں علم رکھتی ہے اور یہ علم رکھنے میں وہ کسی واسطے کی احتیاج نہیں رکھتی۔ اس لئے بجا طور پر یہی ایک ذات "علیم" کہلانے کی حقدار ہے۔ یعنی ایسی جاننے والی ذات جو سب سے زیادہ جانتی ہے۔ اور سب سے زیادہ جاننے کے معاملے میں کسی واسطے اور ذریعے کی ہرگز ہرگز محتاج نہیں ہے۔

یہ اسم اجمالی ہے۔ اس کا مزاج خاکی ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۵۰ ہیں اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ اپنے علم کو بڑھانے کی جدوجہد کرتا رہے۔ اور زیادہ سے زیادہ علم دین حاصل کرنے کی فکر میں لگا رہے

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد ۱۵۰ مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈال لے تو اللہ تعالیٰ اس کے علم میں بے پناہ اضافہ کر دیں گے۔ اور علومِ باطن منکشف ہوں گے۔

اگر کوئی شخص استخارہ کی نیت سے شب جمعہ میں عشار کی نماز کے بعد دو نفلیں پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر سجدے میں جاکر ۱۵۰ مرتبہ "یا علیم" پڑھے۔ پھر کسی سے بات کئے بغیر سو جائے تو اسی رات پورا پورا حال اس پر منکشف ہوگا۔ اور مقصد کے نیک و بد ہونے میں منجانب اللہ رہنمائی ہوگی۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے بچے پر روزانہ ۲۱ مرتبہ

"یا علیمُ" پانی پر دم کر کے نہار منہ پلائے اور ایک سال تک لگاتار اس عمل کو جاری رکھے تو اس بچے کی ذہانت وفراست اور قوّت حافظہ بے پناہ بڑھ جائیگی۔ جو بچہ بولتا نہ ہو۔ اس بچّے کے گلے میں یہ نقش ڈالیں۔ انشاء اللہ چند دنوں کے بعد وہ بولنے لگے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ع	م	ی	ل
ی	ل	ع	م
ل	ی	م	ع
م	ع	ل	ی

اس اسم مبارک کا نقش خاص طور پر ان لوگوں کے لئے مفید ہے۔ جو علم دین میں کمال حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن ذہن کی کمی یا قوّت حافظہ کے فقدان کی وجہ سے انھیں قدم قدم پر دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ایسے طلباء کیلئے "یا علیمُ" کا نقش تیر بہدف کا کام کرتا ہے۔ اور اس کے استعمال کے بعد ان کی ذہانت میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور اُن کی قوّتِ حافظہ بھی بڑھ جاتی ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ا، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ اس کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیں۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور یک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے)

۷۸۶

۳۰	۴۳	۴۰	۳۷
۴۱	۳۶	۳۱	۴۲
۳۵	۳۸	۴۵	۳۲
۴۴	۳۳	۳۴	۳۹

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔

۷۸۶

۵۳	۴۶	۵۱
۴۸	۵۰	۵۲
۴۹	۵۴	۴۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرکے دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۳	۳۶	۳۸	۳۳
۳۰	۴۱	۳۵	۴۴
۳۷	۴۲	۳۲	۳۹
۴۰	۳۱	۴۵	۳۴

اور ان حضرات وخواتین کو پینے کے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔

۵۱	۵۲	۴۷
۴۶	۵۰	۵۴
۵۳	۴۸	۴۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ر، ع، خ، ل یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جنوب کی طرف کرکے آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۹	۳۴	۳۳	۴۴
۳۲	۴۵	۳۸	۳۵
۴۲	۳۱	۳۶	۴۱
۳۷	۴۰	۴۳	۳۰

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔

۷۸۶

۴۹	۵۴	۴۷
۴۸	۵۰	۵۲
۵۳	۴۶	۵۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو۔ اُن کو گلے میں باندھنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرکے اور اپنی دائیں ٹانگ بچھا کر اور اپنی بائیں ٹانگ کھڑی کرکے لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۴۳	۳۰	۳۷	۴۰
۳۶	۴۱	۴۲	۳۱
۳۸	۳۵	۳۲	۴۵
۳۳	۴۴	۳۹	۳۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیں

۷۸۶

۵۱	۵۲	۴۷
۴۶	۵۰	۵۴
۵۳	۴۸	۴۹

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت یہ یقین دل میں پیوست ہونا ضروری ہے کہ دین ودُنیا کی ہر نعمت عطا کرنے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ہے۔ اس یقین کے ساتھ اگر تعویذ لکھے جائیں گے تو ان کی تاثیر میں اضافہ ہوجائیگا

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ہر نقش پر ۱۵۰ مرتبہ "یا علیم" پڑھ کر دم کردیں تو ان کی تاثیر میں اور بھی اضافہ ہوجائے گا۔ مَردوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے بائیں بازو پر باندھیں۔

حق تعالیٰ کا ۲۱واں صفاتی نام القابض اور ۲۲واں صفاتی نام الباسط ہے۔ قابض کہتے ہیں روکنے والے کو۔ اور روح قبض کرنے والے کو بھی کہتے ہیں اور اس ذات کو بھی کہتے ہیں جس کے اندر دائرے بالکل تنگ کر دینے کی پوری پوری صلاحیت اور پورا پورا اختیار ہو۔ گویا کہ قابض وہ ذات ہے جو انسانوں میں سے جس کے لئے چاہے رزق کے دروازے بند کر دے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر وہ کسی پر رزق کے دروازے کو بند کر دے تو دنیا کی ساری طاقتیں مل کر بھی اس پر رزق کے دروازوں کو کھول نہیں سکتیں وہ کسی کو اگر محروم کر دے تو کس میں طاقت ہے کہ اسے عطا کر دے۔

اس نام سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ انسان اپنے نفس پر عیش پرستی کے دروازوں کو بند کر دے اور اس کو من مانی کرنے کا موقعہ نہ دے۔ اس کے مقابلے دوسرا نام الباسط ہے۔ اور باسط کے معنیٰ ہیں۔ کھولنے والا۔ یعنی وہ ذاتِ گرامی جو اپنے بندوں پر خوشیوں کے اور روزیوں کے دروازے کھولتی ہے اور اس میں خوشی اور رزق کھولنے کی پوری پوری صلاحیت بھی ہے اور اختیار بھی۔ حقیقت تو یہ ہے اگر وہ ذات کسی پر رزق کے دروازوں کو کھولنے کا ارادہ کر لے تو دنیا کی تمام قوتیں مل کر بھی اس کی فراخی اور کشادگی کے دروازوں کو بند نہیں کر سکتیں۔

اللہ تعالیٰ کے اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندے

اللہ کے دوسرے بندوں کیلئے اپنے گھر کے اور دل کے دروازوں کو چوپٹ کردیں۔ اور ہر وقت اور ہر آن اُن کی مدد اور نصرت کے لئے ہمہ تن تیار رہیں۔

یہ دونوں نام قرآن حکیم سے ماخوذ ہیں۔ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے

مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗٓ اَضْعَافًا کَثِیْرَۃً ؕ وَاللّٰہُ یَقْبِضُ وَیَبْصُۜطُ ۪ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۝ (البقرۃ)

کون ہے وہ شخص جو اللہ کو قرض حسنہ دے تو وہ اُسے بیشمار زیادہ کر کے عطا فرمائے اور اللہ ہی رزق کھولتا اور بند کرتا ہے اور تم اسی کی جانب لوٹ کر جانے والے ہو۔

قابض اسم جلالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۹۰۳ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص چالیس دن تک چار نوالوں پر یَا قَابِضُ لکھ کر کھائے گا وہ ہمیشہ بھوک سے محفوظ رہے گا۔

جو شخص صبح اور مغرب کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ "یا قابض" پڑھے گا۔ کوئی جادو اس پر اثر نہیں کرے گا۔ اور کسی کی بددُعا اس پر اثر انداز نہیں ہوگی اور کبھی جن اور بھوت کا اثر بھی اس پر نہیں ہو گا۔ ہر ایک قسم کی بالائی بلاؤں کو دفع کرنے میں یہ اسم دراصل اسم اعظم کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ اسم عجیب التاثیر اسم ہے۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مُبارک کو روزانہ ۱۸۰ مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر لیا کرے تو دشمنوں کی مکاری اور ضرر رسانی سے محفوظ رہے۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ یہ اسم مُبارک نشے جیسی قابلِ لعنت

برائیوں سے بچانے میں اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ مثلاً اگر کسی کو شراب، افیون گانجہ وغیرہ کی عادت پڑی ہوئی ہو تو گھر کا کوئی فرد اس اسمِ مبارک کو ۱۸۵ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے اس کو پلائے یا اگر پلا نہ سکے تو نشے کے عادی کے کپڑوں پر اس پانی کی چھینٹیں دے تو اس کی نشے کی عادت چھوٹ جائیگی اس عمل کو لگاتار ۴۱ دن تک کرنا چاہئے۔

ایسی عورت جو بدچلن اور آوارہ ہو اور خاوند کے لئے دل آزاری کا سبب بنتی ہو۔ اس کے لئے یہ عمل ہے کہ روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کرے۔ لگاتار ۴۰ دن تک اسی طرح پڑھیں۔ اور پانی پر دم کرتے رہیں ۴۱ ویں دن عورت کو پلائیں۔ اگر نہ پلا سکیں تو عورت اور اس کی ماں کا نام لکھکر اس پانی میں یہ پرچہ رکھکر پانی کسی بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ وہ عورت بدکاری سے محفوظ ہو جائے گی۔

یا قابض کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ اس اسم مبارک کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور لگاتار ۱۰۰ سو دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ عامل ہو جائیگا اور پھر اس اسم کے ہر عمل میں مکمل کامیابی ملے گی۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کسی عورت کو خونِ حیض زیادہ آتا ہو یا کسی کو دستوں کی بیماری لگ گئی ہو یا کسی کو پیشاب کی زیادتی کا مرض لاحق ہو تو ایسی تمام صورتوں میں یہ نقش مفید اور انشاء اللہ مؤثر ثابت ہوگا۔ اور مریض کو بیماری سے نجات ملے گی۔ اس نقش کو خاکی کپڑے میں پیک کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۳	۷۹۶	۶	۹۸
۴	ق	۱	۷۹۸
۹۴	ب	ض	۷
۸۰۲	۵	۹۶	

بزرگوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ عزرائیل علیہ السلام جو موت کے فرشتے ہیں۔ اسی اسم مبارک کے عامل ہیں۔ اور اس ہی کی قوت سے باذن اللہ وہ مخلوقات کی روحیں قبض کرتے ہیں۔ جو شخص اس کا وِرد رکھّے گا اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں سے روکے گا۔ اور زبردست قوّت تصرف کی عطا کرے گا۔ اس اسم کا نقش خاص طور پر گناہوں سے باز رکھنے کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت عامل اگر اپنا رُخ مشرق کی طرف کرکے ایک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۱۸	۲۳۲	۲۲۸	۲۲۵
۲۲۹	۲۲۴	۲۱۹	۲۳۱
۲۲۳	۲۲۶	۲۳۴	۲۲۰
۲۳۳	۲۲۱	۲۲۲	۲۲۷

اگر مرض شدید ہو تو پینے کے لئے بھی تعویذ دیئے جائیں پینے کیلئے ۱۲ تعویذ دیئے جائیں۔ پہلے دن صبح و شام دو تعویذ۔ ایک صبح ایک شام

اس کے بعد روزانہ ایک تعویذ مریض کو پانی میں گھول کر پلائیں۔
طریقہ یہ ہے کہ ایک تعویذ کم سے کم ۱۲ گھنٹے پانی میں گھولے رکھیں۔ اس کے بعد اس کا پانی مریض کو پلائیں۔
مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھے گا تو افضل ہوگا۔

۷۸۶

۳۰۲	۲۹۷	۳۰۴
۳۰۳	۳۰۱	۲۹۹
۲۹۸	۳۰۵	۳۰۰

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ نقش لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرکے دو زانو ہو کر نقش لکھے تو بہتر ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۱	۲۲۶	۲۲۴	۲۳۲
۲۳۳	۲۲۳	۲۲۹	۲۱۸
۲۲۷	۲۲۰	۲۳۱	۲۲۵
۲۲۲	۲۳۴	۲۱۹	۲۲۸

اور مذکورہ حضرات کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور انھیں لکھتے وقت بیان کردہ شرائط کو ملحوظ رکھیں۔

۷۸۶

۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د یا غ ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کر کے آلتی پالتی مار کر لکھے تو بہتر ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸

اور مذکورہ حضرات کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت بیان کردہ شرائط کا لحاظ رکھے۔

۳۰۰	۳۰۵	۲۹۸
۲۹۹	۳۰۱	۳۰۳
۳۰۴	۲۹۷	۳۰۲

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے

مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کر کے اپنی ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۲	۲۱۸	۲۲۵	۲۲۸
۲۲۴	۲۲۹	۲۳۱	۲۱۹
۲۲۶	۲۲۳	۲۲۰	۲۳۴
۲۲۱	۲۳۳	۲۲۷	۲۲۲

اور مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور لکھتے وقت بیان کردہ شرائط کا لحاظ رکھیں۔

۷۸۶

۳۰۲	۳۰۳	۲۹۸
۲۹۷	۳۰۱	۳۰۵
۳۰۴	۲۹۹	۳۰۰

عامل اگر ان نقوش کو لکھنے کے بعد ان پر ۹۰۳ مرتبہ یا قابض پڑھ کر دم کر دے تو ان نقوش کی تاثیر کئی گنا بڑھ جائے۔ تمام مریضوں کو پینے کے لئے ۱۲ نقش دیئے جائیں۔ عورتوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقش اپنے بائیں بازو پر باندھیں۔ مردوں کو تاکید کی جائے کہ دائیں بازو پر باندھیں۔ نقش کو خاکی رنگ کے کپڑے میں موم جامے کے بعد پیک کرنے کی تاکید کریں۔ عورتیں مخصوص ایام میں نقش باندھ سکتی ہیں۔ لیکن پینے کے نقش اس زمانہ میں استعمال نہ کرائیں۔

قابض کے مقابلے میں باسط نام ہے۔ قابض کے معنیٰ روکنے والے

کے ہیں۔ اور باسط کے معنیٰ کھولنے والے کے ہیں۔ اور یہ دونوں ہی صفتیں پروردگار عالم کی ہیں۔ وہ کھولنے کا ارادہ کریں تو کس کی مجال ہے کہ بند کر سکے اور اگر وہ بند کرنے کا ارادہ کریں تو کس کی طاقت ہے جو کھول سکے۔

باسط اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۷۲ ہیں۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مبارک کو ۷۲ مرتبہ پڑھکر ہر فرض نماز کے بعد اپنے ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مَل لیا کرے تو وہ کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

بعد نمازِ عشار اگر اس اسم مبارک کو دس ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے تو رزق میں فراخی ہو۔

اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو اپنے نام کے مجموعی اعداد کے برابر پڑھے تو جس مقصد کے لئے پڑھے گا۔ اللہ کے فضل و کرم سے اس میں کامیابی ملے گی۔ اور بند دروازے کھلتے چلے جائیں گے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس عورت کا خاوند بداخلاق، آوارہ اور بدمزاج ہو۔ وہ عورت اگر تین سو مرتبہ یا باسِطُ پڑھکر پانی پر دم کر کے خاوند کو پلادے یا کھانے کی کسی چیز میں ملادے اور تین دن تک لگاتار اس عمل کو جاری رکھے تو شوہر کی بداخلاقی اور آوارگی رفع ہوگی۔ اور فوری طور پر اس میں کمی پیدا ہو جائے گی۔ انشاء اللہ

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ یا باسِطُ کا ایک خصوصی عمل دستِ غیب کے دروازے کھول دیتا ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔

عمل یہ ہے کہ ۴۱ دن کی مکمل خلوت اختیار کرے اور لوگوں سے ملاقات اور بات چیت کو ترک کر دے۔ اور ہر فرض نماز کے بعد یا باسِطُ ۱۴۱

ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور عشار کی نماز کے بعد ۱۶ ہزار مرتبہ پڑھے۔ کل تعداد ایک دن میں ۷۲ ہزار مرتبہ ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ عامل کو چاہئے کہ روزانہ ۴۱ نقش تحریر کرے۔ اور دریا کے کنارے جاکر چالیس نقش آٹے میں گولی بناکر دریا میں ڈالے اور ایک نقش بچالے۔ اگلے دن اس نقش کو بھی آٹے میں گولی بناکر دریا میں ڈالے اور جو نئے نقش لکھے گا اس میں سے ایک بچالے۔ اسی طرح ہر روز ایک نقش تازہ بچاتا رہے۔ اور ایک دن پہلے والا شامل کرکے دریا میں ڈالتا رہے۔ آخری دن کا جو تازہ نقش بچائے گا اس کو اپنے دائیں بازو پر چاندی کی ڈبیا میں کرکے باندھ لے انشاء اللہ دستِ غیب حاصل ہو گا۔

اس بارے میں یہ نکتہ ذہن میں رکھیں کہ ہر روز نقش وہی بچانا ہے جو آخیر میں ۴۱ واں نقش لکھا جائے گا۔ اور آخری دن بھی اسی آخری نقش کو بچاکر باندھنا ہے۔ اور یہی نقش ذریعۂ دستِ غیب ثابت ہو گا۔ بہت ہی مجرّب عمل ہے۔ اور ہمت والوں کے لئے ایک تحفۂ لاثانی ہے۔

بعض بزرگوں نے یا باسِطُ کے عمل کی جامع شکل یہ بتائی ہے کہ ماہ مبارک میں دن یا رات کے کسی بھی حصے میں گیارہ سو مرتبہ مندرجہ ذیل انداز سے پڑھے اور پورے ماہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ روزی کے دروازے ایسی ایسی جگہ سے کھلیں گے کہ جہاں سے دروازے کھلنے کا وہم وگمان بھی نہیں ہو گا۔ بڑا عجیب وغریب عمل ہے۔ اور قدردانوں کے لئے نعمتِ عظمیٰ ہے۔ اور ناقدروں کے لئے تو دولتِ دوجہاں بھی کوئی معنیٰ نہیں رکھتی۔

عمل یہ ہے۔ "یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ" اس کا مطلب یہ ہے۔ اے کشادہ کرنے والی ذات! جتنا تو چاہے

میرے رزق کو کشادہ کردے بغیر کسی حساب کے۔ یعنی اندازے اور حساب ومقدار سے زیادہ عطا کر۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا تو بہت جلد اللہ کے فضل وکرم سے غنی ہوجائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ط	س	ا	ب
۱۰	۳	۴۷	۱۲
۳۴	۴	۱۸	۱۶
۱۹	۵	۶	۴۲

تسخیر کے لئے ایک بہت ہی عجیب وغریب عمل بڑوں سے منقول ہے اور ایمان ویقین والوں کے لئے یہ عمل بڑی ہی قابلِ قدر نعمت ہے۔ یہ عمل کبھی خطا نہیں کرتا۔ اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے اس عمل کو انجام دیں۔ اور اپنی آنکھوں سے قدرتِ خداوندی کا کرشمہ ملاحظہ کریں۔

عمل یہ ہے کہ یا باسط کا نقش مثلث درج ذیل انداز سے اسطرح مرتب کریں کہ پہلے نقش کے ۹ خانے بنالیں۔ اس کے بعد ۷۲ مرتبہ درود شریف پڑھکر نقش کے اوپر ۷۸۶ لکھیں۔ اور ۵ مرتبہ سورۂ نصر (اذا جاء نصر اللہ) پڑھ کر پہلے خانے میں ۶ لکھیں پھر ۵ مرتبہ سورۂ نصر پڑھ کر دوسرے خانے میں ۱۲ لکھدیں۔ اس طرح ہر خانے میں پانچ مرتبہ سورۂ نصر پڑھکر نقش کی چال کے مطابق چھ چھ کا اضافہ کرتے چلے جائیں۔ آخری خانے میں ۷۲ مرتبہ باسط پڑھکر یا باسط لکھدیں۔ نقش مکمل ہونے کے

بعد پھر ۷۲ مرتبہ دُرود شریف پڑھیں۔ اور اس نقش کو ۹ گرام چاندی کی ڈبیہ میں ----- رکھکر اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ خلقِ خدا مطیع ہوگی۔
نقش یہ ہے۔ گول دائرے میں نقش کی چال تحریر ہے۔

۷۸۶

۱۸ (۳)	۴۸ (۸)	۶ (۱)
۱۲ (۲)	۲۴ (۴)	۳۶ (۶)
۴۲ (۴)	یاباسط (۹)	۳۰ (۵)

اسم "یاباسطُ" کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ اس اسم کو روزانہ بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ لگاتار ۴۰ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ اسم مُبارک کی زکوٰۃ ادا ہوگی۔ چالیس ۴۰ دن میں کل تعداد پانچ لاکھ مرتبہ ہوگی۔ روزانہ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھنا بھی ضروری ہے۔

اس اسم مُبارک کا نقش صرف باندھنے کیلئے دیا جاتا ہے۔ اور اس کا نقش غربت وافلاس کو دُور کرنے میں بہت ہی مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو، خواہ وہ مرد ہو یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مشرق کرلے۔ اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۱	۲۴	۱۰
۲۳	۱۱	۱۶	۲۲
۱۲	۲۶	۱۹	۱۵
۲۰	۱۴	۱۳	۲۵

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو خواہ وہ مرد ہو یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رخ مغرب کیطرف کرکے دوزانو ہوکر لکھے تو بہتر ہے
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳	۱۹	۱۶	۲۴
۲۵	۱۵	۲۲	۱۰
۲۰	۱۲	۲۳	۱۷
۱۴	۲۶	۱۱	۲۱

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د، یا غ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرکے آلتی پالتی مار کر لکھے تو بہتر ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰	۱۴	۱۳	۲۵
۱۲	۲۶	۱۹	۱۵
۲۳	۱۱	۱۶	۲۲
۱۷	۲۱	۲۴	۱۰

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل

نقش دیاجائے۔ اگراس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب شمال کرے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے۔ تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۱۰	۱۷	۲۱
۱۶	۲۲	۲۳	۱۱
۱۹	۱۵	۱۲	۲۶
۱۳	۲۵	۲۰	۱۴

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۲۷ مرتبہ یاباسطُ پڑھ کر دم کردے تو ان کی تاثیر میں اور بھی اضافہ ہو جائے۔ مردوں کو اس بات کی تاکید کیجائے کہ سبز رنگ کے کپڑے میں نقش کو پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ سبز رنگ کے کپڑے میں نقش کو پیک کر کے اپنے بائیں بازو پر باندھیں۔

حق تعالیٰ کا ۲۲ واں صفاتی نام الخافِض بمعنیٰ پست کرنے والا اور ۲۳ واں صفاتی نام الرافع بمعنی بلند کرنے والا ہے۔ خافض اسم جلالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۴۸۱ ہیں اور رافع اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۳۵۱ ہیں۔ یہ دونوں اسماء قرآن مجید میں موجود نہیں ہیں۔ بلکہ نبی کریم صلی اللہ

علیہ وسلم نے حدیث میں ان کا بیان فرمایا ہے۔ ان دونوں صفاتی نام سے اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ جس کو چاہیں اپنے فضل سے بلندی عطا کر دیں۔ اور جس کو چاہیں اپنی شان قہاریت سے کام لیتے ہوئے اس کو عہدے سے گرادیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ جس کو عروج عطا کرنا چاہیں اسے کوئی پستی عطا نہیں کر سکتا۔ عروج وزوال اور پستی وبلندی کے تمام اختیاراتِ کلّی حق تعالیٰ کے دستِ قدرت میں مقید ہیں۔

ان دونوں ناموں سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ اہل حق سے تعلق اور محبت کرنی چاہئے اور ان کی عزت وتکریم کرنی چاہئے — اور اُن کے ساتھ مل کر اسلام کو بلندی پر پہنچانے کی جدوجہد کرنی چاہئے اور جو ارباب باطل ہیں۔ اُن سے عداوت رکھنی چاہئے اور اُن کی بیخ کنی کرنے کیلئے مختلف تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے دن بعد نمازِ عشاء، سات ہزار مرتبہ "یاخافض" پڑھے تو دشمن پر فتح پائے۔

جو شخص اس اسم کو پانچ سو مرتبہ روزانہ بعد نمازِ فجر پڑھے گا وہ ہمیشہ رحمتِ الٰہی کے سائے میں رہے گا۔ اور دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہے گا۔ جو دشمن اس پر حملہ کرنے کا ارادہ کرے گا وہ خود مُنہ کی کھائے گا۔

اگر کوئی شخص "یاخافِض" کو کسی روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھالے اور اور چالیس دن تک لگاتار یہی عمل کرے تو آئندہ کبھی اس کو بھوک کا احساس نہیں ہوگا۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اس اسم کو ۱۴۸۱ مرتبہ ۴۰ دن تک

کوئی پڑھے تو اس کا دشمن ذلیل وخوار ہوگا۔ اور اس کو اپنے بُرے ارادوں میں ہرگز ہرگز کامیابی نصیب نہیں ہوگی۔

اگر کوئی بُرا آدمی کسی شریف لڑکی کے پیچھے پڑجائے اور اس کی عزت کے درپے ہو تو اس اسم کو لگاتار ۱۱ دن تک سورج غروب ہونے سے کچھ دیر پہلے ۸۸۸۶ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ گیارہ دن کے اندر اندر اس کی خباثتوں سے نجات مل جائے گی۔

اگر کسی شریف انسان کو کوئی شخص پریشان کرتا ہو تو اس کی شرارتوں سے بچنے کے لئے سات روزے رکھیں اور ہر روز افطار کے بعد نمازِ مغرب سے فارغ ہو کر دس ہزار مرتبہ "یاخافضُ" پڑھے۔ انشاء اللہ اس بُرے آدمی کی شرارت وخباثت سے چھٹکارا نصیب ہوگا۔

کسی بھی مقابلے کے وقت اگر مقابلے سے ۳ دن پہلے روزانہ اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھ لیں۔ تو مدِ مقابل پر رعب طاری ہوجائے۔ اور مقابلے میں مدِ مقابل کو شکستِ فاش ہو۔

یاخافضُ کی زکوٰۃ اس طرح ادا کریں کہ اس کو روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیں اور لگاتار ۴۱ دن تک پڑھتے رہیں چلّے کے بعد اس اسم کو روزانہ سو مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اور جب بھی اس اسم مبارک کا کوئی عمل کیا جائے گا وہ بفضلِ خداوندی مؤثر ثابت ہوگا۔

اس اسم صفاتی کا نقش دشمنوں سے حفاظت کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف ش یا ذ ہو۔ اُن کو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیا جائے۔ اگر اس نقش کو عامل لکھتے وقت اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶	۴۰	۴۳	۲۹
۴۲	۳۰	۳۵	۴۱
۳۱	۴۵	۳۸	۳۴
۳۹	۳۳	۳۲	۴۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھکر دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کر کے دو زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲	۳۸	۳۵	۴۳
۴۴	۳۴	۴۱	۲۹
۳۹	۳۱	۴۲	۳۶
۳۳	۴۵	۳۰	۴۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، خ یا غ ہو تو اس کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھکر دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۰	۳۶	۲۹	۴۳
۳۰	۴۲	۴۱	۳۵
۴۵	۳۱	۳۴	۳۸
۳۳	۳۹	۴۴	۳۲

اگر ان نقوش کو لکھنے کے بعد عامل ان پر "یا خافض" ۱۴۸۱ مرتبہ پڑھ کر دم کردے تو ان کی تاثیر میں اور بھی اضافہ ہوجائے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص آدھی رات کو سو مرتبہ "یا رافع" چالیس دن تک پڑھے۔ حق تعالیٰ اس کو عروج عطا کریں۔ اور دشمنوں پر غلبہ بھی عطا کریں۔

اگر کوئی شخص اس اسم کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ چالیس دن تک پڑھے تو عظیم مرتبہ حاصل ہو اور دشمنوں کا خوف دل سے نکل جائے۔

جو شخص کسی حاکم یا افسر کے سامنے ڈرتا ہو تو وہ تین دن تک تین ہزار مرتبہ "یا رافع" پڑھے اور پھر جس وقت ملاقات کے لئے جائے تو یا رافع پڑھتا ہوا جائے۔ انشاء اللہ دل سے خوف نکل جائے گا۔ اور حاکم بہت مہربانی اور نرم دلی سے پیش آئے گا۔

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ رزق میں ترقی عطا ہو تو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے پاس احتیاط سے رکھ لے۔ اور روزانہ ۱۸۶۶ مرتبہ "یا رافع" بعد نمازِ عشاء پڑھ کر اس پر دم کرتا رہے اور اس عمل کو لگاتار چالیس دن تک کرے۔ آخری دن نقش کو بند کرکے پیک کرکے ہرے کپڑے میں لپیٹ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ روزی میں زبردست عروج

ہوگا نقش یہ ہے

۷۸۶

ر	ع	ف	ا
ف	ا	ر	ع
ا	ف	ع	ر
ع	ر	ا	ف

اس اسم کا نقش روزی میں اضافے اور عہدے اور مقام میں بلندی اور روزگار میں ترقی کے لئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ ان حضرات وخواتین کو مندرجہ ذیل نقش لکھکر دیا جائے اور نقش لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۰	۹۴	۹۰	۸۷
۹۱	۸۶	۸۱	۹۳
۸۵	۸۸	۹۶	۸۲
۹۵	۸۳	۸۴	۸۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو تو اس کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھکر دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کر کے دو زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۳	۸۸	۸۶	۹۴
۹۵	۸۵	۹۱	۸۰
۸۹	۸۲	۹۳	۸۷
۸۴	۹۶	۸۱	۹۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو اس کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانبِ جنوب کرکے آلتی پالتی مار کر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۸	۸۴	۸۳	۹۵
۸۲	۹۶	۸۸	۸۵
۹۳	۸۱	۸۶	۹۱
۸۷	۹۰	۹۴	۸۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو تو اُن حضرات وخواتین کو مندرجہ ذیل نقش لکھکر دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرکے دائیں ٹانگ اٹھا کر اور بائیں ٹانگ پھیلا کر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۴	۸۰	۸۷	۹۰
۸۶	۹۱	۹۳	۸۱
۸۸	۸۵	۸۲	۹۶
۸۳	۹۵	۸۹	۸۴

اگر ان نقوش کو لکھنے کے بعد ۳۵۱ مرتبہ "یا رافعُ" پڑھ کر دم کردیں۔ تو اُن کی تاثیر میں اور بھی اضافہ ہو جائے۔

المعزّ المذلّ

حق تعالیٰ کا ۲۵ واں صفاتی نام المعزّ اور ۲۶ واں صفاتی نام المذل ہے معز کے معنیٰ ہیں کہ وہ ذات جو جس کو چاہے عزّت دے اور مذل کے معنیٰ ہیں کہ وہ ذات جو جسے چاہے ذلّت دے۔ اس مفہوم کو قرآن حکیم کی آیت میں بیان کیا گیا ہے۔ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ یعنی وہ جس کو چاہے عزّت عطا کرے اور جس کو چاہے ذلّت عطا کرے۔ وہ عزّت و ذلّت دینے میں مختارِ کل بھی ہے اور قادرِ مطلق بھی۔

المعزّ اسمِ جمالی ہے اور اس کے اعداد ۱۱۷ ہیں۔ اس نام سے فائدہ اٹھانے کی صورت یہ ہے کہ اس کا ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ کے بندوں کی توقیر کی جائے۔ بالخصوص ان لوگوں کی عزّت و تکریم کی جائے جو اپنے سے کسی بھی اعتبار سے بڑے ہوں۔ اگر کوئی شخص عمر میں بھی بڑا ہے تو بھی وہ قابلِ احترام ہے۔ اللہ کے بندوں کی توقیر کرنے والا جب اللہ کے اس صفاتی نام کا ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو عظیم الشان قسم کی بڑائی اور عظمت عطا کرتے ہیں۔ اور لوگوں کے دلوں میں اس کی عزّت و ہیبت پیدا کر دیتے ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص پیر یا جمعہ کی رات کو مغرب کی نماز کے بعد ۴۰ امرتبہ یامعزّ پڑھے گا۔ خلقت کی نظروں میں ہیبت اور عزّت پائے گا۔ اور غیر اللہ کا خوف اس کے دل سے نکل جائے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسمِ مبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر سفر کے لئے روانہ ہوگا۔ تو دورانِ سفر کسی بھی طرح کی اذیت اس کو نہیں پہنچے گی۔ تمام سفر راحت و آرام کے ساتھ کٹے گا اور لوگ اس کے ساتھ محبّت و احترام کا برتاؤ کریں گے۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر ہر فرض نماز کے بعد "یا معزّ" سو مرتبہ پڑھ لیا جائے تو ہر دل عزیزی کی دولت حاصل ہو۔

اگر کوئی نصف رات گزر جانے کے بعد ۶۰ مرتبہ لگاتار دو ماہ پڑھ لے تو اس کو عزّت و رفعت کا مقام حاصل ہو۔

بعض اکابرین سے مروی ہے کہ اس اسم مبارک کی دعوت کا طریقہ یہ ہے کہ ہر رات کو دس ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا وِرد کریں اور لگاتار ۵۲ دن تک اس وِرد کو جاری رکھیں۔ اس دوران عامل کو عجیب عجیب طرح کی بشارتیں ہوں گی۔ اور عامل عزّت و رفعت کی دولت سے سرفراز ہوگا۔

اگر کسی عورت کی، اس کی سُسرال میں قدر نہ ہو اور بات بات پر اس کو ذلیل کیا جاتا ہو تو اس کو چاہئے کہ ایک گلاس پانی پر "یا معزّ" ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے پی لے اور اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام خاندان کی نظروں میں وہ محبوب و مقبول ہو جائے گی۔ اور ہر فرد و بشر اس کی عزّت کرنے پر مجبور ہوگا۔

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اہل دنیا اس کی عزّت کریں اور اس کے حکم کی تعمیل کرنے پر مجبور ہوں۔ اور وہ جدھر بھی جائے ہر طرف اس کے ساتھ عزّت و تکریم کا معاملہ ہو تو اس کو چاہئے "یا معزّ" ۴۱ روز تک روزانہ ۱۰۰ ۴۱ مرتبہ پڑھے اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھے۔

انشاء اللہ ایسا مقام بلند اور مقام مقبولیت حاصل ہوگا کہ عقل حیران ہوگی۔ ۴۱ دن کے بعد اس اسمِ مبارک کا ورد روزانہ ۱۱۷ مرتبہ تمام عمر کرتا رہے۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس اسمِ مبارک کا عامل بن جائے تو وہ اس اسم کو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے اور چالیس ۴۰ دن کے بعد ۱۱۷ مرتبہ روزانہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اور پھر اس اسمِ مبارک کا نقش جسے بھی دے گا اس کو عزت و توقیر حاصل ہوگی۔

یا معزّ کا یہ نقش عزت و وقار حاصل کرنے میں تیر بہدف ہے۔ اگر اس نقش کو چاندی کے پترے پر کھود کر کوئی اپنے پاس رکھے تو تسخیر و مقبولیت کی دولت سے سرفراز ہو۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بعزتك	اعـزتى	يامعـز	ياعزيز
ياعزيز	يامعز	اعـزتى	بعزتك
اعـزتى	بعزتك	ياعـزير	يامعـز
يامعـز	ياعـزير	بعزتك	اعـزتى

اس اسمِ مبارک کا نقش مربّع ان حضرات کیلئے مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے جو کسی عہدے یا عزت و وقار کے خواہش مند ہوں یا اپنا رتبہ بڑھانے کی آرزو رکھتے ہوں۔

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے

مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت عامل اگر اپنا رُخ مشرق کی طرف کر کے ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹	۳۲	۳۵	۲۱
۳۴	۲۲	۲۸	۳۳
۲۳	۳۷	۳۰	۲۷
۳۱	۲۶	۲۴	۳۶

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کر کے دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۳۰	۲۸	۳۵
۳۶	۲۷	۳۳	۲۱
۳۱	۲۳	۳۴	۲۹
۲۶	۳۷	۲۲	۳۲

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د، یا غ ہو، خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کر کے آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶	۲۴	۲۶	۳۱
۲۷	۳۰	۳۷	۲۳
۳۳	۲۸	۲۲	۳۴
۲۱	۳۵	۳۲	۲۹

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ خواہ وہ مرد ہو یا عورت اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کر کے ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲	۲۹	۲۱	۳۵
۲۲	۳۴	۳۳	۲۸
۳۷	۲۳	۲۷	۳۰
۲۶	۳۱	۳۶	۲۴

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان نقوش پر ۱۱ مرتبہ "یامعز" پڑھ کر دم کر دیں تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔ ان نقوش کو ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے عورتوں کے لئے بائیں بازو پر اور مردوں کے لئے دائیں بازو پر باندھنے کی تاکید کی جائے۔ یا پھر گلے میں ڈالنے کی تاکید کریں۔

اسم مذل۔ اسمِ جلالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۷۷۰ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس کا ورد کرے گا اس کو گناہگاروں سے اور گناہوں سے وحشت ہونے لگے گی۔ اور نیک لوگوں کی صحبت میں دل لگے گا۔

اگر کسی شخص کو دشمنوں سے خوف ہو تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد سجدے میں جا کر "یا مذل" ۷۷ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے دل سے دشمنوں کا خوف نکل جائے گا۔ اور وہ امن وامان میں رہے گا۔

اگر کسی ظالم یا کافر کا غرور توڑنا ہو اور اس کو ذلیل وخوار کرنا ہو تو سات مرتبہ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ "پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یَا مُذِلُّ پڑھیں۔ اور ظالم وکافر کی ذلت وخواری کی دعا کریں۔ اور اس عمل کو ۷ روز تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ وہ ظالم وکافر انسان ذلت وپسپائی سے دور ہوگا اور اس کا غرور ٹوٹ کر رہے گا۔

یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ یہ اسم جلالی ہے۔ اگر پڑھنے میں کوئی غلطی ہوگئی یا کسی بھی طرح کی بے احتیاطی ہوگئی تو اپنی جان کو خطرہ رہے گا۔

جس عورت کے بچے اُم الصبیان میں مر جاتے ہوں تو اس کے بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لئے تانبے کی تختی پر مندرجہ ذیل نقش کندہ کر کے دیا جائے اور ۱۲ سال تک یہ عمل جاری رکھیں کہ سات فقیروں کو ہر ماہ کھانا ایک وقت کا کھانا کھلائیں۔ انشاء اللہ بچے زندہ رہیں گے۔

نقش یہ ہے۔

یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ
یَا مُذِلُّ یَا مُذِلُّ یَا مُذِلُّ

شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس اسم مبارک کا مؤکل اس کے تابع ہو اور پھر عامل کے اشارے پر وہ باذن اللہ اس کی عزت و دولت جیسے مسائل میں عامل کی مدد کرے تو عامل کو چاہیئے کہ ساٹھ روز کی مکمل خلوت اختیار کرے اور روزانہ دس ہزار مرتبہ یا مُذِل کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عِزَّتِہٖ وَسُلْطَانِہٖ۔ پڑھے۔ اس کمرۂ خلوت میں عامل کسی اور کو دخل اندازی نہ کرنے دے۔ اور اس عمل سے پہلے عامل تین پاؤں کا ایک تخت تیار کرائے جو انجیر کی لکڑی سے بنایا گیا ہو۔ اس کے تینوں پاؤں پر "یامذلّ" لکھے اور تخت کے اوپر بھی یامذل لکھے۔ بغیر کسی اشد ضرورت کے عامل عمل کے بعد اس کمرے سے باہر نہ آئے۔ عمل کے بعد ہر وقت ذکر اللہ میں مشغول رہے۔ اور بکثرت درود ابراہیم پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ آخری دن مؤکل حاضر ہو کر مطیع ہو گا۔ اور عامل کی مختلف امور میں ایسی مدد کرے گا کہ عقل حیران ہو گی۔ اس طرح کے عمل کسی مستند عامل کی اجازت اور رہنمائی کے بغیر ہرگز ہرگز نہیں کرنے چاہئیں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

اگر کوئی شخص کسی حاکم یا افسر سے پریشان ہو تو ۴۰ دن تک اس اسم مُبارک کا وِرد روزانہ ۱۲۵۰ مرتبہ کرے۔ انشاء اللہ افسر کی زبان بند ہو جائے گی۔

اگر کسی کو نفسانی خواہشات بہت زیادہ پریشان کرتی ہوں تو اس کو چاہیئے کہ ایک گلاس پانی پر روزانہ ۷۷۰ مرتبہ "یامذلّ" پڑھ کر دم کر کے پی لیا کرے۔ انشاء اللہ خواہشات کنٹرول میں آجائیں گی۔

اس اسم کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ دس ہزار مرتبہ بہ نیت زکوٰۃ

اس کا ورد کرے اور ۱۱ دن تک کرتا رہے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو گی۔ اور اس اسم مبارک کی خصوصیات سے عامل بہرہ ور ہو گا۔

یامذل کا نقش گناہوں اور وسوسوں سے بچانے میں بھی مؤثر ہے۔ اگر کسی کو معصیت سے بچانے کیلئے اس کا نقش دیا جائے تو مربع نقش گلے میں ڈالنے کے لئے اور مثلث نقش، عدد پینے کیلئے دیئے جائیں اور اگر اس کا نقش کسی شخص کو ظالم افسر سے بچانے کے لئے یا فاسق دشمن کو مقہور اور ذلیل کرنے کے لئے دیا جائے تو مربع دو نقش اس کو بنا کر دیئے جائیں اور عناصر میں دشمن کے نام کے پہلے حرف کا اعتبار کریں نہ کہ ضرورت مند ہی کے نام کے پہلے حرف کا جب کہ معصیت سے بچانے والے نقوش میں ضرورت مند ہی کے نام کا اعتبار ہو گا۔ جو نقش دشمنوں یا افسروں کی زبان بندی کیلئے دیئے جائیں گے۔ ان کے نیچے یہ عبارت لکھی جائے "زبان بند کردم فلاں ابن فلاں فی حق فلاں بحق یامذل۔ اس کام کے لئے دو نقش دیئے جائیں۔ ایک ضرورت مند کے بازو پر باندھا جائے اور ایک کسی سوکھے ہوئے درخت پر لٹکا دیا جائے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے۔ اور اس نقش کو مریخ کی ساعت میں لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے

۱۸۵	۱۹۸	۱۹۵	۱۹۲
۱۹۶	۱۹۱	۱۸۶	۱۹۷
۱۹۰	۱۹۳	۲۰۰	۱۸۷
۱۹۹	۱۸۸	۱۸۹	۱۹۴

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں۔

۷۸۶

۲۵۸	۲۵۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۵۷	۲۵۴
۲۵۳	۲۶۱	۲۵۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور ان کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور مریخ کی ساعت میں یہ نقش لکھے تو افضل ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۸	۱۹۳	۱۹۱	۱۹۸
۱۹۹	۱۹۰	۱۹۶	۱۸۵
۱۹۴	۱۸۷	۱۹۷	۱۹۲
۱۸۹	۲۰۰	۱۸۶	۱۹۵

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور لکھتے وقت مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں۔

۷۸۶

۲۵۳	۲۵۹	۲۵۸
۲۶۱	۲۵۷	۲۵۲
۲۵۶	۲۵۴	۲۶۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ اور ان کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور بہتر ہے کہ مریخ کی ساعت میں نقش لکھے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۴	۱۸۹	۱۸۸	۱۹۹
۱۸۷	۲۰۰	۱۹۳	۱۹۰
۱۹۷	۱۸۶	۱۹۱	۱۹۶
۱۹۲	۱۹۵	۱۹۸	۱۸۵

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ اور ان کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں۔

۷۸۶

۲۵۶	۲۶۱	۲۵۳
۲۵۴	۲۵۷	۲۵۹
۲۶۰	۲۵۲	۲۵۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ اور ان کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے۔ اور بہتر ہے کہ مریخ کی ساعت میں نقش لکھے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

۷۸۶

۱۹۸	۱۸۵	۱۹۲	۱۹۵
۱۹۱	۱۹۶	۱۹۷	۱۸۶
۱۹۳	۱۹۰	۱۸۷	۲۰۰
۱۸۸	۱۹۹	۱۹۴	۱۸۹

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں

۷۸۶

۲۵۸	۲۵۹	۲۵۳
۲۵۲	۲۵۷	۲۶۱
۲۶۰	۲۵۴	۲۵۶

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۷ مرتبہ "یامذل" پڑھ کر دم کردے تو ان کی تاثیر میں بے پناہ اضافہ ہو جائے۔ جو نقش دشمنوں اور افسروں کی زبان بندی کیلئے دیئے جائیں ان کے نیچے مذکورہ عبارت لکھ دی جائے۔ اس صورت میں ایک نقش مریض کے گلے میں لٹکا دیں۔ اور ایک نقش کسی سوکھے ہوئے درخت پر باندھ دیں۔ یہ دونوں نقش سرخ رنگ کے کپڑے میں پیک کرائیں۔ اگر نقش کسی کو خطاؤں اور وساوس سے بچانے کے لئے دیئے جائیں۔ تو گلے میں باندھنے والا یا بازو پر باندھنے والا نقش کالے کپڑے میں پیک کرائیں۔ مردوں کو سیدھے بازو پر اور خواتین کو بائیں بازو پر باندھنے کی تاکید کریں اور یقین رکھیں کہ فنِ عملیات اور حروف کی تاثیر اپنی جگہ لیکن اثر جب تک نہیں ہوتا۔ جب تک مالکِ دوجہاں کی مرضی نہ ہو۔

حق تعالیٰ کا ۲۷ واں صفاتی نام السّمیعُ ہے۔ سمیع سمع سے مشتق ہے۔ جس کے معنیٰ سُننے کے آتے ہیں۔ اور سمیع کے معنیٰ ہیں بہت سُننے والا۔ انسانوں اور حیوانوں میں یہ صفت بایں طور پائی جاتی ہے کہ وہ اپنے کانوں کے سوراخوں کے ذریعے سنتے ہیں۔ لیکن خُدا کے سننے اور بندے کے سننے میں بہت سے مراتب میں فرق ہے۔ بندہ کانوں کے سوراخوں کے ذریعہ سنتا ہے۔ جب اس کے کانوں کے سُوراخ خراب ہو جاتے ہیں یا بند ہو جاتے ہیں تو اس کا سننا موقوف ہو جاتا ہے۔ اور قوتِ سماعت ختم ہو جاتی ہے۔ لیکن حق تعالیٰ سُننے کے بارے میں کانوں کا محتاج نہیں ہے۔ بندہ پیدا ہونے سے پہلے سننے کی صفت سے محروم ہوتا ہے اور جب اس پر موت طاری ہو جاتی ہے تو سُننے کی قوت پھر فنا ہو جاتی ہے۔

لیکن چونکہ خدا تعالیٰ ازل سے ہے اور ابد تک رہے گا اس لئے اس کی صفات بھی ازل ہی سے ہیں اور ابد ہی تک رہیں گی۔ خدا نہ خود فانی ہے نہ اس کی صفات فانی ہیں۔ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہیگا۔ اور اس کی صفات اور خصوصیات بھی ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ ہمیشہ رہیں گی۔

بندوں کو جو قوتِ سماع دی گئی ہے وہ محدود ہے۔ یعنی بندے صرف قریب کی آواز سُننے پر قادر ہیں۔ اور دُور کی آواز سُننے سے وہ قاصر ہیں

اسی طرح بندے بلند آواز کو سُن سکتے ہیں۔ لیکن ہلکی اور پست آواز کو سننے کی قدرت نہیں رکھتے۔

لیکن حق تعالیٰ جس طرح قریب کی سنتا ہے اسی طرح دُور کی آواز بھی سنتا ہے۔ اور جس طرح وہ بلند آوازوں کو سنتا ہے۔ اسی طرح وہ پست سے پست آواز سننے کی بھی قدرت رکھتا ہے۔ حتّٰی کہ دلوں کی دھڑکن اور اندھیری شب میں، چکنے پتھر پر چیونٹی۔۔۔ کی آواز کو بھی وہ بخوبی سُن لیتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو "سمیع" کہنا جائز نہیں ہے۔ کیوں کہ بندوں کا اور دوسری مخلوقات کا سُننا کانوں کا پابند ہے۔ جب کہ حق تعالیٰ کا سننا کانوں اور دوسرے ذریعوں کا پابند نہیں۔

"السمیع" اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۱۸۰ ہیں۔ اس اسم الٰہی سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ بندہ دوسرے بندوں کو سُنے اور اُن کی فریاد و فغاں پر توجہ دے۔ جو انسان محتاجوں اور ضرورت مندوں کی پکار سنکر ان پر دھیان دے گا اور اُن کی ضرورتیں حتّی الامکان پوری کرے گا۔ تو اس کے لئے اس اسم الٰہی کا ورد بہت مفید ثابت ہوگا۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر جمعرات کے دن چاشت کے وقت کوئی شخص پانچ سو مرتبہ "السمیع" پڑھ کر دُعا کرے گا تو دُعا ضرور قبول ہوگی

بعض اکابر نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ایک تسبیح عشاء کے بعد "یا سمیع" کی پڑھ لیا کرے تو زیادہ وقت نہیں گزرے گا کہ وہ مستجاب الدعوات ہو جائے گا۔

حضرت محمد احمد تمیمیؒ نے فرمایا ہے کہ جو شخص قرآن حکیم کی اس آیت کو شرفِ آفتاب میں سفید ریشمی کپڑے پر لکھکر اپنی ٹوپی میں رکھ لے یا

اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے تو عزیز خلائق ہو۔
نقش یہ ہے۔

العلیم	السمیع	اللہ وھو	فسیکفیکھم
فسیکفیکھم	اللہ وھو	السمیع	العلیم
السمیع	العلیم	فسیکفیکھم	اللہ وھو
اللہ وھو	فسیکفیکھم	العلیم	السمیع

سید حسین اخلاطیؒ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص حد سے زیادہ مقروض ہو اور قرض کی ادائیگی کی کوئی سبیل نہ بن رہی ہو تو مذکورہ آیت کا نقش عددی سفید کاغذ پر لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے قرض ادا ہونے کے وسائل پیدا ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

۲۲۴	۲۲۸	۲۳۱	۲۱۷
۲۳۰	۲۱۸	۲۲۳	۲۲۹
۲۱۹	۲۳۳	۲۲۶	۲۲۲
۲۲۷	۲۲۱	۲۲۰	۲۳۲

اس نقش کو بازو پر باندھنے کے ساتھ ساتھ ۸ روز تک بعد نماز عشاء مذکورہ آیت کو ۴۶۸ مرتبہ تلاوت کرنی چاہئے۔ اس تلاوت سے نقش میں تاثیر پیدا ہوگی۔

اگر کان میں شدید درد ہو تو "یاسمیع" ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر کان

پر دم کر دے۔ اسی وقت درد انشاء اللہ موقوف ہوگا۔

اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو تمام عمر بہرے پن کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔

اگر بواسیر کا مرض ختم نہ ہوتا ہو تو دوا پر ۲۵۰۰ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھکر دم کردیں۔ اس کے بعد دوا کا استعمال وقتِ مقررہ پر کرتے رہیں انشاء اللہ بواسیر ختم ہوگی۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ رفعِ حاجات کیلئے "ہوالسمیع العلیم" اٹھارہ ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں مختلف لوگ مل کر پڑھیں۔ مجموعی تعداد اٹھارہ ہزار مرتبہ ہوجائے اس کے بعد حاجت کے لئے دُعا کریں فوراً قبول ہوگی۔

جانوروں کی بولی کا علم جاننے کے لئے "یاسمیع" اٹھارہ سو مرتبہ روزانہ لگاتار پانچ سال تک پڑھے۔ اور شکار وغیرہ سے اور جانوروں کو پکڑنے اور مارنے سے دور رہے۔ انشاء اللہ جانوروں کی بولی سمجھنے کی صلاحیت اللہ کے فضل سے پیدا ہوگی۔

اس اسم مبارک کو دس ہزار مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھنے سے اس کی زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے۔ اس کے بعد کسی کو بھی اگر اس کا نقش لکھ کر دیا جائے گا تو فوراً باذن اللہ مؤثر ثابت ہوگا۔ اس کا نقش تمام مقاصد میں کام کرتا ہے اور اللہ کے فضل وکرم سے حاجات پوری ہوجاتی ہیں۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یاذ ہو۔ اُن کے گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہوکر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۴	۴۸	۵۱	۳۷
۵۰	۳۸	۴۳	۴۹
۳۹	۵۳	۴۶	۴۲
۴۷	۴۱	۴۰	۵۲

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ ایک مریض کو ۱۸ نقش دیئے جائیں۔ یہ نقش جسم کے اندر سے بندش کے اثرات ختم کرنے میں انشاءاللہ مؤثر ثابت ہوں گے پینے کے نقوش اس صورت میں دیئے جائیں جب رکاوٹوں کی وجہ سے کام بنتے بنتے بگڑ جاتے ہوں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۱	۵۶	۶۳
۶۲	۶۰	۵۸
۵۷	۶۴	۵۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرکے روزانہ دوزانو ہوکر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۰	۴۶	۴۳	۵۱
۵۲	۴۲	۴۹	۳۷
۴۷	۳۹	۵۰	۴۴
۴۱	۵۳	۳۸	۴۸

ان ہی حضرات وخواتین کے لئے پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں

۷۸۶

۵۷	۶۲	۶۱
۶۴	۶۰	۵۶
۵۹	۵۸	۶۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ر، ع، خ، ل یا غ ہو، اُن کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جنوب کی طرف کرکے آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۷	۴۱	۴۰	۵۲
۳۹	۵۳	۴۶	۴۲
۵۰	۳۸	۴۳	۴۹
۴۴	۴۸	۵۱	۳۷

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔

۷۸۶

۵۹	۶۴	۵۷
۵۸	۶۰	۶۲
۶۳	۵۶	۶۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ اس کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ شمال کی طرف کر کے اور اپنی دائیں ٹانگ بچھا کر اور اپنی بائیں ٹانگ کھڑی کر کے لکھے تو افضل ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۱	۳۷	۴۴	۴۸
۴۳	۴۹	۵۰	۳۸
۴۶	۴۲	۳۹	۵۳
۴۰	۵۲	۴۷	۴۱

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔

۷۸۶

۶۱	۶۲	۵۷
۵۶	۶۰	۶۴
۶۳	۵۸	۵۹

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت عامل کو یہ یقین رکھنا چاہئے کہ دین ودنیا کی نعمتیں عطا کرنیوالی ذات صرف اور صرف حق تعالیٰ کی ہے اس یقین کو اگر پامال نہیں ہونے دیں گے تو نقوش کی تاثیرات میں اور بھی اضافہ ہوگا۔ اور نتائج جلد برآمد ہوں گے۔

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ان پر "یا سمیع" ۱۸۰ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا جائے تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔ مردوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش کو اپنے بائیں بازو پر باندھیں "یا سمیع" کا نقش ہرے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کریں ـــــــ

حق تعالیٰ کا صفاتی نام "البصیر" ہے یہ نام جمالی ہے اور عنصر اس کا خاکی ہے۔ اس کے اعداد تین سو دو ہیں

اللہ تعالیٰ بصیر ہے۔ وہ اپنی اس صفت کی بنا پر کائنات کی ہر چیز کو دیکھ رہا ہے۔ اور دیکھنے کی صفت انسانوں میں بھی ہے اور دوسری مخلوقات میں بھی ہے۔ لیکن انسان اور دوسری مخلوقات کا دیکھنا آنکھوں کا محتاج ہے۔ اور آنکھوں کی نعمت سے سرفراز ہوتے ہوئے دیکھنا بھی ایک دائرے تک محدود ہے۔ انسان زیادہ فاصلے کی چیز کو نہیں دیکھ سکتا۔ اسی طرح دیوار کے پیچھے کی اشیاء کا وہ دیدار نہیں کر سکتا۔ لیکن حق تعالیٰ کی قدرت کا کمال یہ ہے کہ وہ بغیر کسی ذریعہ کے دیکھتا ہے۔ اور اس کا دیکھنا لا محدود ہے۔ وہ زمین اور سمندر کی گہرائیوں میں چھپی ہوئی چیزوں کو بھی اسی طرح دیکھ لیتا ہے جس طرح ہم ایک گز فاصلے کی چیزوں کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ اپنی اس صفت کی بنا پر بلاشبہ حق تعالیٰ کی ذات بصیر کہلانے کی مستحق ہے وہ انسانوں کے دل میں پوشیدہ رازوں سے بھی واقف ہے۔ اور اسے ہر انسان کی نیت کا بھی علم ہے۔ اور یہ صفت اس کے ماسوا کسی اور میں نہیں ہے۔ اس صفت سے متصف ہونا ممکن نہیں ہے۔ لیکن اپنی بندگی میں کمال پیدا کرنے کے لئے انسان کو چاہئے کہ ہر وقت اس کا احساس رکھے کہ حق تعالیٰ اس کی ایک ایک حرکت کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ وہ سات تالوں میں بھی دیکھنے

کی قدرت رکھتا ہے۔ اس کے احاطۂ بصارت سے کوئی چیز بھی بچی ہوئی نہیں ہے۔ اس لئے گناہ اور خطا کا ارتکاب کرتے وقت یہ یقین رکھنا چاہیئے کہ خدا دیکھ رہا ہے۔ یہ یقین اگر مستحکم ہوجائے گا تو غلطیوں اور لغزشوں سے بچنے کی توفیق بھی نصیب ہوگی۔ کوشش اس بات کی بھی کرلی چاہیئے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں دیکھنے کی صفت سے بہرہ ور کیا ہے۔ تو ہمیں آنکھوں کا ناجائز استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ اگر ہم ان چیزوں کو دیکھیں گے جن کا دیکھنا شرعاً ممنوع ہے تو ہم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت کی ناقدری کا مظاہرہ کریں گے۔ آنکھوں کی قدردانی کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم ان چیزوں کے دیکھنے سے باز رہیں جن کا دیکھنا ازروئے شرع جائز نہیں ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص "البصیر" روزانہ ۱۰۰ سو مرتبہ پڑھے تو اس کی بینائی کبھی متاثر نہ ہو۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ جمعہ کے دن ۳۰۲ مرتبہ "البصیرُ" پڑھنے سے دل کا میل اور کھوٹ رفع ہوجاتا ہے۔ دل کے اندر بصیرت پیدا ہوتی ہے۔ جو آنکھوں کی بصارت سے زیادہ کام کرتی ہے۔ اور انسان کو شرح صدر کی دولت عطا ہوتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ اپنی آنکھوں کو ممنوع چیزوں کے دیدار سے بچاتے ہوئے "یا بَصِیرُ" کا ورد کیا جائے۔

بعض اکابرین کا قول یہ ہے کہ اگر کوئی شخص جمعرات کے دن مغرب کی سنتوں اور فرض کے درمیان "یا بصیرُ" ۱۰۰ سو مرتبہ پڑھنے کو معمول بنائے تو اللہ جل شانہٗ اس کو ہدایت کبریٰ کی دولتِ بیکراں سے سرفراز کریں گے۔ اور اس کو پے در پے حسنات کی توفیق عطا ہوگی۔

شیخ بونیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص دیکھنے کے بعد مسنون دعا کے بعد چاند کی طرف دیکھتے ہوئے سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھکر یہ دُعا پڑھے تو اس کا ضمیر روشن ہو جائے۔ اور اس کے دل میں قوتِ ادراک اور قوتِ فراست پیدا ہو جائے۔

دُعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِحَقِّ اِسۡمِكَ یَا بَصِیۡرُ اِلَّا مَا اَبۡصَرۡتَنِیۡ وَ عَافِیۡتَنِیۡ بِحَقِّ اِسۡمِكَ الۡاَعۡظَمِ یَا اللّٰہُ یَا بَصِیۡرُ۔

ہر فرض نماز کے بعد "یا بَصِیۡرُ" پڑھنے والا کبھی بینائی کی دولت سے محروم نہیں ہوتا۔ اور اگر عصر کی نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ اس اسم کا ورد کیا جائے تو ورد کرنے والا ناگہانی آفت سے محفوظ رہتا ہے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص چالیس دن تک گیارہ سو مرتبہ پڑھنے کے بعد اس اسم کو ہمیشہ گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو سفید موتیے کی بیماری سے وہ محفوظ رہے۔ اگر سفید موتیا آنکھوں میں خدانخواستہ پیدا ہو جائے تو آپریشن سے پہلے بکثرت "یا بصیرُ" پڑھنے سے آپریشن کامیاب ہو جاتا ہے۔ اور سفید موتیے سے نجات مل جاتی ہے

اس اسم مُبارک کا عامل بننے کے لئے ۴۰ دن میں سوا لاکھ کی تعداد پُوری کریں۔ اور ۴۱ ویں دن بچّوں میں شیرینی تقسیم کریں۔ اس کے بعد آپ جس عمل کے لئے "یا بَصِیۡرُ" کا استعمال کریں گے۔ کامیابی ملیگی۔

یا بصیرُ کا نقش بینائی کے لئے اور انسان کے اندر فراست و تدبّر پیدا کرنے کے لئے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل

نقش لکھ کر دیں۔ اگران نقوش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے۔ اور نقش دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۵	۷۸	۸۱	۶۸
۸۰	۶۹	۷۴	۷۹
۷۰	۸۳	۷۶	۷۳
۷۷	۷۲	۷۱	۸۲

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور لکھتے وقت مذکورہ شرائط کالحاظ رکھنا افضل ہے۔

۷۸۶

۱۰۲	۹۶	۱۰۴
۱۰۳	۱۰۱	۹۸
۹۷	۱۰۵	۱۰۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ضؔ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیں۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے

۷۸۶

نقش یہ ہے

۷۱	۷۶	۷۴	۸۱
۸۲	۷۳	۷۹	۶۸
۷۷	۷۰	۸۰	۷۵
۷۲	۸۳	۶۹	۷۸

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیں۔ اور ان کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۹۷	۱۰۳	۱۰۲
۱۰۵	۱۰۱	۹۶
۱۰۰	۹۸	۱۰۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د، یا غ ہو۔ اُن کو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جنوب کی طرف کر کے آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۷	۷۲	۷۱	۸۲
۷۰	۸۳	۷۶	۷۳
۸۰	۶۹	۷۴	۷۹
۷۵	۷۸	۸۱	۶۸

اور مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور اُن کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۰۰	۱۰۵	۹۷
۹۸	۱۰۱	۱۰۳
۱۰۴	۹۶	۱۰۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو —— اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیں۔

اگر عامل اُن کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ کھڑی کرکے اور دوسری ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۱	۶۸	۷۵	۷۸
۷۴	۷۹	۸۰	۶۹
۷۶	۷۳	۷۰	۸۳
۷۱	۸۲	۷۷	۷۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۱۰۲	۱۰۳	۹۷
۹۶	۱۰۱	۱۰۵
۱۰۴	۹۸	۱۰۰

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۳۰۲ مرتبہ "یابصیر" پڑھ کر دم کردے تو نقش کی قوت وتاثیر میں اضافہ ہوجائے۔ اور نتیجہ جلد برآمد ہو۔ مردوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ نقش اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں کو بائیں بازو پر باندھنے کی تاکید کی جائے —— نقش کو آسمانی رنگ کے کپڑے میں اگر پیک کرکے باندھیں تو بہتر ہے۔

حق تعالیٰ کا ۲۹ واں صفاتی نام حَکَم ہے۔حکم کے معنیٰ ہیں فیصلہ کرنے کے اور یہاں مراد ہے وہ ذات جو فیصلے کا مکمل حق اور اختیار رکھتی ہے۔ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے کہ :اور حکم کرنے کا حق اسی کو ہے۔اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

مجازی طور پر کوئی اللہ کا بندہ بھی حاکم ہو سکتا ہے۔لیکن حقیقی طور پر اس پوری کائنات میں ایک ہی حاکم ہے۔اور وہ ہے حق تعالیٰ کی ذاتِ گرامی۔اس صفت سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ حق تعالیٰ اگر بندے کو حاکم بنادے یا کسی فیصلے کا ذمہ دار بنادے تو اس کا فرض ہے کہ وہ عدل و انصاف سے کام لے۔کیوں کہ حق تعالیٰ اپنے تمام فیصلوں میں انصاف اور رحم کو ملحوظ رکھتے ہیں۔اس کے نیک بندوں کا فرض بھی یہ ہے کہ فیصلوں میں عدل و انصاف کا لحاظ بھی رکھیں۔اور رحم و کرم کو بھی نظر انداز نہ کریں۔

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔اور اس کے کل اعداد ۶۸ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص عشاء کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کو پانچ سو مرتبہ پابندی کے ساتھ ۴۰ دن تک پڑھ لے اسکو معاشی تنگی سے نجات مل جائے۔

روزانہ ۶۸ مرتبہ اس کو تازندگی پڑھنے سے عدل و انصاف کی صلاحیت بندے میں پیدا ہوتی ہے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے۔ جو شخص زندگی کے کسی بھی شعبے میں اقتدار چاہتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ یا حکم ۳۴۰ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاءاللہ اس ورد کی برکت سے اس کو اقتدار حاصل ہو جائے گا۔ اور منجانب اللہ اقتدار اور حاکمیت نصیب ہوگی۔

ایسا حاکم جو یہ چاہتا ہو کہ اس کی حکومت دیر تک قائم رہے تو اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ قوم خوش رہے گی۔ رعب قائم رہے گا۔ اور اللہ کے فضل وکرم سے اقتدار باقی رہے گا۔

جو حاکم یا جج یہ چاہتا ہو کہ اس کے قلم سے انصاف ہو۔ اور ناانصافی نہ ہو تو فیصلے والی رات ایک ہزار مرتبہ یَا حَکَمُ پڑھ کر دُعا کرے۔ انشاءاللہ دُعا قبول ہوگی اور مقدمہ کا فیصلہ حق بجانب ہوگا۔

بزرگوں نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اس اسم مُبارک کو ۶۸ ہزار مرتبہ پڑھے تو اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہوں گے۔ (یہ ایک رات کا عمل ہے)

اس اسم مُبارک کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے۔ ڈھائی ہزار مرتبہ روز اس اسم مُبارک کو پڑھے اور لگاتار چالیس دن تک پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ عامل بن جائے گا۔ اور اس کا لکھا ہوا تعویذ باذن اللہ مؤثر ثابت ہوگا۔ اس اسمِ مُبارک کا نقش اقتدار کے حصُول کے لئے اور اقتدار کی بقا کے لئے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ اُن کو دائیں بازو پر باندھنے کیلئے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیدیں۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر اپنا رُخ مشرق کی

جانب کریں۔ اور ایک زانو ہو کر لکھیں تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶	۲۰	۲۳	۹
۲۲	۱۰	۱۵	۲۱
۱۱	۲۵	۱۸	۱۴
۱۹	۱۳	۱۲	۲۴

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو اُن کو سیدھے بازو پر باندھنے کے لئے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیں۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر اپنا رُخ مغرب کی طرف کریں۔ اور دو زانو ہو کر لکھیں تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲	۱۸	۱۵	۲۳
۲۴	۱۴	۲۱	۹
۱۹	۱۱	۲۲	۱۶
۱۳	۲۵	۱۰	۲۰

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف د، ح، ر، ع، خ، ل، یا غ ہو۔ ان کو سیدھے بازو پر باندھنے کے لئے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیں۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جنوب کی طرف کریں۔ اور آلتی پالتی مار کر لکھیں تو افضل ہے۔ نقش دوسرے صفحے پر دیکھئے۔

۷۸۶

۱۹	۱۳	۱۲	۲۴
۱۱	۲۸	۱۸	۱۴
۲۲	۱۰	۱۵	۲۱
۱۶	۲۰	۲۳	۹

جن حضرات کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ اُن کو سیدھے بازو پر باندھنے کے لئے یا گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دیں۔ اگر اس کو لکھتے وقت اپنا رُخ شمال کی طرف کرلیں۔ اور ایک ٹانگ بچھا کر اور ایک اٹھا کر لکھیں تو افضل ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	۹	۱۶	۲۰
۱۵	۲۱	۲۲	۱۰
۱۸	۱۴	۱۱	۲۵
۱۲	۲۴	۱۹	۱۳

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت عامل کو یہ یقین رکھنا چاہئے کہ حاکم اعلیٰ حق تعالیٰ کی ذاتِ گرامی ہے۔ اور اس دُنیا میں وقتی طور پر اور محدود انداز میں جو اقتدار نصیب ہوتا ہے۔ وہ بھی اللہ کی دین ہے۔ اس دُنیا میں جو کچھ کسی کو عطا ہوتا ہے وہ رب کا فضل ہے۔ یہ یقین عملیات کے اندر ایک عجیب طرح کی تاثیر پیدا کرتا ہے۔ اور کامیابی سے ہمکنار کراتا ہے۔ نقوش لکھنے کے بعد اگر اُن پر ۶۸ مرتبہ یَاحَکَمُ پڑھ کر دم کر دیں۔ تو نقوش کی تاثیر دوگنی ہو جائے گی اور اللہ کے فضل سے نتائج جلد پیدا ہوں گے۔

حق تعالیٰ کا ۳۰ واں صفاتی نام عدل ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں انصاف کرنے والا۔ یعنی وہ ذات جو اپنے بندوں کے معاملات میں انصاف کرنے والی ہے۔ چنانچہ قرآن حکیم کی متعدد آیات میں یہ بات ارشاد فرمائی گئی ہے کہ قیامت کے دن تمام انسانوں کے اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی۔ اور زندگی بھر کے تمام مقدمات کے فیصلے کئے جائیں گے اس وقت ذرہ برابر بھی کسی پر ظلم نہیں ہوگا۔ اور حق تعالیٰ اپنے بندوں کے ساتھ انصاف یا پھر رحم و کرم کا معاملہ فرمائیں گے۔ حق تعالیٰ کو ناانصافی پسند نہیں ہے۔ اس کے بندوں میں سے جو ظلم اور ناانصافی کا مرتکب ہوتا ہے۔ اس کو بھی اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ جس چیز کو وہ پسند نہ کریں۔ اس کے خود ہی مرتکب ہو جائیں (العیاذ باللہ) حق تعالیٰ انصاف کو پسند کرتے ہیں۔ اور خود بھی انصاف اور عدل ہی کا مظاہرہ کریں گے۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ دوسروں کے معاملات میں عدل اور انصاف کو ملحوظ رکھے۔ بالخصوص اگر اس کو کسی جگہ فیصل بنا دیا جائے۔ تو اس کا فرض ہے کہ کسی ایک فریق کے ساتھ ظلم کا معاملہ نہ کرے۔

اَلعَدلُ اسمِ جَلالی ہے۔ بعض حضرات نے اس کو مشترک بھی مانا ہے

اس کے اعداد ۱۰۴ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روٹی کے ٹکڑے پر العدل لکھکر کھالیا کرے اور اس عمل کو سال بھر تک جاری رکھے۔ تو مخلوق مسخّر ہوگی۔

بعض اکابرین نے یہ فرمایا ہے کہ سال بھر اگر صرف جمعہ کے دِن روٹی کے ۲۰ ٹکڑوں پر العَدْلُ لکھ کر کھالیا کرے تو مخلوق مسخّر ہوگی۔ اور اس کی طرف کھینچی چلی آئے گی۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر نصف شب کے بعد کوئی شخص "یاعدل" ۱۰۴ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ تو تمام مخلوق مطیع و فرمانبردار ہوجائے۔

اگر کوئی شخص کسی ظالم کے ظلم میں مبتلا ہو تو اُسے چاہئے کہ نمازِ فجر کے بعد پانچ ہزار تین سو سولہ مرتبہ اس اسم کا ذکر کرے۔ انشاء اللہ ۱۴ دنوں میں ظلم سے نجات ملے گی۔ اور ظالم کے دل میں رحم پیدا ہوگا۔ ورنہ پھر ظالم برَباد ہوجائے گا۔

اگر کوئی حاکم یا افسر روزانہ اس اسم کو ایک سو چار مرتبہ پڑھے تو تمام رعایا اور ماتحت لوگ اس کی عزّت کریں۔ اور اس کے حکم کے آگے بخوشی اپنی گردن جھکادیں۔

اگر کوئی شخص کسی معاملے میں تذبذب کا شکار ہو اور چاہتا ہو کہ منجانب اللہ اس کی صحیح رہنمائی ہوجائے تو وضو کرکے قرآن مجید سامنے رکھکر بیٹھ جائے۔ پھر ایک مرتبہ الحمد شریف، سات مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

سُبْحٰنَكَ لَاعِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

اور ۱۴ مرتبہ یَاعَدْلُ پڑھکر قرآن حکیم کسی بھی جگہ سے کھول کر دائیں جانب

پہلی آیت کا ترجمہ دیکھے۔ اگر اس آیت میں رحم وکرم اور لطف ومہربانی کی بات ہو یا کسی اچھی بات کا تذکرہ ہو تو سمجھ لیں کہ حق تعالیٰ اس کام کو پسند کرتے ہیں جو وہ کرنے جارہا ہے اور اگر آیت میں عذاب کا یا قہر خداوندی کا یا کسی بُری بات یا بُری مثال کا ذکر ہو تو سمجھ لیں کہ حق تعالیٰ کی مرضی اس کام میں شامل نہیں ہے جو وہ کرنیکا ارادہ کررہا ہے۔

عدل وانصاف حق تعالیٰ کی بہت بڑی صفت ہے۔ انسان کو اپنے خالق ومالک کی اس صفت کو اپنا کر اپنے مالک کے رنگ میں رنگنا چاہئے۔ اسی میں اس کے لئے فلاح وکامرانی ہے۔ لیکن دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ انسان سے مختلف معاملات میں ظلم اور ناانصافی کا مظاہرہ ہوتا رہتا ہے۔ اکثر لوگ اپنی بیوی بچوں کے ساتھ بھی انصاف نہیں کرپاتے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کی تلاوت ۴۰۰ ۱۰مرتبہ ۴۰ ۱دن تک کرلے اور اس کے بعد روزانہ ۱۰۴ مرتبہ زندگی بھر پڑھتا رہے۔ تو وہ منصف مزاج ہو جائے گا۔ اور اس ذات سے ناانصافی کا صدور نہیں ہوسکے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی جج اور منصف اس اسم مبارک کو ننانوے مرتبہ پڑھ کر عدل وانصاف کی کرسی پر بیٹھے تو حق تعالیٰ ایسی بصیرت عطا کریں گے کہ نادانستہ طور پر بھی اس کے قلم سے ناانصافی سرزد نہیں ہوگی۔ اور وہ جو بھی فیصلہ کرے گا وہ حق بجانب ہوگا۔

اگر کوئی شخص مقدمہ ہار گیا ہو اور اس کو یقین ہو کہ اس کے ساتھ فیصلے میں ناانصافی ہوئی ہے تو اپیل دائر کرنے سے پہلے اس اسم مبارک

کو تین دن تک روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے ۔ اس کے بعد اپیل دائر کرے اور اپیل دائر کرنے کے بعد دوسرے فیصلے تک روزانہ اس اسم مبارک کو گیارہ سو مرتبہ پڑھتا رہے ۔ انشاء اللہ دوسرا فیصلہ اس کے حق میں ہو گا ۔

اگر ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک کو ۳۳ مرتبہ پڑھ لیا جائے تو تمام متعلقین اور اہل خانہ مسخّر اور تابع رہیں گے ۔

اگر کوئی اس اسم مبارک کا عامل بننا چاہے تو روزانہ گیارہ ہزار ۱۱۰۰۰ مرتبہ سو ۱۰۰ دن تک پڑھے ۔ العدل کا عامل خود بھی انصاف پسند ہوتا ہے اور یہ جس ظالم کے خلاف کوئی بھی اقدام کرے گا ۔ اللہ کے فضل سے زبردست کامیابی ملے گی ۔ اس اسم مبارک کا نقش ظلم و ستم سے بچنے کیلئے اور حصولِ انصاف کیلئے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے ۔ جس کے ہاتھ پر العدل کا نقش ہو گا ۔ وہ خود بھی ظلم کرنے سے محفوظ رہے گا ۔ اور دوسروں کے ظلم سے بھی اس کی حفاظت ہو گی ۔ جو لوگ اس کا نقش پانی میں گھول کر پئیں گے اُن کی طبیعت میں انصاف پسندی کا جوہر پیدا ہو گا ۔ اور وہ دوسروں پر ظلم و ستم کرنے سے باذن اللہ محفوظ رہیں گے ۔ ——— اگر دوسروں کے ظلم و ستم سے بچنے کا خواہش مند ہو تو صرف باندھنے والا نقش کافی ہے لیکن اگر کوئی خود بھی منصف مزاج بننے کا خواہشمند ہو اور چاہتا ہو کہ خود اس کے ظلم کا لوگ شکار نہ ہوں ۔ اور ناگہانی طور پر اُس سے کسی کے خلاف کوئی ناانصافی نہ ہو جائے تو پھر ایسے شخص کو اس کے نقش پینے بھی چاہئیں ۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف ، ہ ، ط ، م ، ف ، ش

یا ذ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرکے ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۹	۳۲	۱۸
۳۱	۱۹	۲۴	۳۰
۲۰	۳۴	۲۷	۲۳
۲۸	۲۲	۲۱	۳۳

ان حضرات وخواتین کو پہنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دئے جائیں۔ اور ان نقوش کو عامل مذکورہ طریقے سے لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۶	۳۰	۳۸
۳۷	۳۵	۳۲
۳۱	۳۹	۳۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرکے دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

۷۸۶

۲۱	۲۷	۲۴	۳۲
۳۳	۲۳	۳۰	۱۸
۲۸	۲۰	۳۱	۲۵
۲۲	۳۴	۱۹	۲۹

ان حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ ان نقوش کو لکھتے وقت عامل مذکورہ طریقے کو ملحوظ رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۱	۳۷	۳۶
۳۹	۳۵	۳۰
۳۴	۳۲	۳۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د، یا غ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جنوب کی طرف کر کے آلتی مالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸	۲۲	۲۱	۳۳
۲۰	۳۴	۲۷	۲۳
۳۱	۱۹	۲۴	۳۰
۲۵	۲۹	۳۲	۱۸

ان حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اوراُن کو لکھتے وقت عامل اگر مذکورہ طریقے کوملحوظ رکھے توافضل ہے۔

۷۸۶

۳۱	۳۹	۳۴
۳۷	۳۵	۳۲
۳۶	۳۰	۳۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش، یا ظ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازور پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرکے ایک ٹانگ اٹھاکر اور ایک ٹانگ بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۹	۲۵	۱۸	۳۲
۱۹	۳۱	۳۰	۲۴
۳۴	۲۰	۲۳	۲۷
۲۲	۲۸	۳۳	۲۱

ان حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اوران کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کوملحوظ رکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے۔)

۷۸۶

۳۶	۳۷	۳۱
۳۰	۳۵	۳۹
۳۸	۳۲	۳۴

اگران نقوش کو لکھنے کے بعد عامل ان پر ۱۰۴ مرتبہ "یا عدل" پڑھ کر دم کرلے تو اُن کی قوت و تاثیر دگنی ہوجائے۔ ہر مریض کو ۱۴۱ نقش پینے کے لئے دیئے جائیں۔ ہرے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔ مرد اپنے دائیں بازو پر نقش باندھیں۔ اور عورتیں اپنے بائیں بازو پر نقش باندھیں۔ ضرورت مندوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ اگران نقوش کو استعمال کرنے والے حضرات "یا عدل" کی ایک تسبیح روزانہ پڑھیں گے تو نتائج بفضلِ خداوندی جلد برآمد ہوں گے۔

حق تعالیٰ کا ۳۰واں صفاتی نام لطیف ہے۔ لُطف کے معنیٰ ہیں مہربانی اور نرمی کرنے کے۔ حق تعالیٰ کیوں کہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔ اور اپنے بندوں کے ساتھ نرمی کرنا اس کی مخصوص صفت ہے۔ اس لئے وہ بجا طور پر لطیف کہلانے کا مستحق ہے۔

اس اسم کی رُو سے اللہ کے ہر بندے پر اور بالخصوص ایک مسلمان پر

یہ فریضہ عائد ہوتا ہے کہ اللہ کے سب بندوں کے ساتھ لطف اور مہربانی کا اظہار کرے اور حکمتِ عملی کے ساتھ انھیں اللہ کے دین کی دعوت دے۔ اور اس میں کسی قسم کی سختی اور تعصب سے کام نہ لے۔

اس اسم کا مزاج جمالی ہے اور اس کے اعداد ۱۲۹ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص فقر وفاقہ میں مبتلا ہو۔ اور رزق سے متعلق اس کی کوششیں پامال ہوجاتی ہوں تو اس کو چاہئے کہ اوّل وہ دو رکعت نفل پڑھے۔ اس کے بعد سو مرتبہ یا لطیفُ پڑھے۔ اور دُعا مانگے۔ اور جب تک کام نہ بن جائے روزانہ اس عمل کی تکرار کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد روزگار سے سرفراز ہوگا ـــــــ یہی عمل ان لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے بھی کارگر ہوتا ہے جن کی شادی میں رُکاوٹیں پڑ رہی ہوں۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص خالی مکان میں بیٹھکر اس اسم کو ۱۶۳۴۱ مرتبہ پڑھے۔ تو اس کی مُراد پُوری ہو جائے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ کسی فرد کا دِل اپنی طرف مائل کرنے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد اس اسمِ مبارک کو ۱۲۰۹ مرتبہ پڑھے۔ اور دُعا کرے اوّل وآخیر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھے۔ اور لگاتار اس عمل کو ۱۱ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کیسا بھی سخت دِل انسان ہوگا۔ وہ نرم پڑ جائے گا۔ اور عامل کی طرف مائل ہو جائے گا۔

بزرگوں کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد ۱۳۳ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے رِزق میں خوب برکت ہو اور ہر طرف سے کشادگی کے دَروازے اس پر کھل جائیں۔

اگر کسی شخص کو زبردست مہم درپیش ہو تو وہ ایک تسبیح میں ۱۲۹ دانے ڈالے اور ۱۲۹ مرتبہ اس تسبیح کو پڑھے۔ اس طرح اس اسم مُبارک کے پڑھنے کی کل تعداد سولہ ہزار چھ سو اکتالیس مرتبہ ہوگی۔

لیکن ہر تسبیح کے ختم پر یہ آیت لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۳ مرتبہ اس آیت کو پڑھیں۔ اور جو بھی دل میں مقصد ہو اس کو اپنی زبان سے بیان کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ایک ہفتے کے اندر اندر کامیابی ملے گی۔ لیکن عمل صرف ایک دن کرنا ہے۔ اس کے بعد رحمتِ خداوندی کا انتظار کرنا ہے۔ البتہ روزانہ ۱۲۹ مرتبہ "یا لطیفُ" پڑھتے رہیں۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص کے پاس یا لطیفُ کا نقش حرفی ہوگا —— اہل دنیا اس کے ساتھ لطف اور نرمی کا برتاؤ کریں گے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ف	ی	ط	ل
ل	ط	ی	ف
ی	ف	ل	ط
ط	ل	ف	ی

شیخ ابُوالعباس بونیؒ فرماتے ہیں —— کہ رزق کیلئے یہ نقش تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ اور روزگار کی تمام کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوتی ہیں۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے)

۷۸۶

الله لطیف	بعبادہٖ	یرزق	من یشاء
من یشاء	یرزق	بعبادہٖ	الله لطیف
بعبادہٖ	الله لطیف	من یشاء	یرزق
یرزق	من یشاء	الله لطیف	بعبادہٖ

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ آیت اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ۝ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اور ۱۲۹ مرتبہ یالطیفُ پڑھ کر دعا کرے تو فوراً دعا قبول ہوگی۔

اگر کوئی شخص قرآن حکیم کی اس آیت کو اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ کی ۱۳ مرتبہ تلاوت کر کے ۱۲۹ مرتبہ "یالطیفُ" پڑھے اور اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کرے۔ تو تمام رنج و غم دور ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق پڑھنے والے کی طرف کھنچنے لگے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی کو جاہ و منصب اور اعلیٰ مرتبے کے حصول کی خواہش ہو تو اس کو چاہئے کہ قرآن حکیم کی آیت اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۝ نو مرتبہ پڑھنے کے بعد ۱۲۹ مرتبہ یالطیفُ پڑھے۔ اور اس عمل کو ۹ دن تک کرنے کے بعد چھوڑ دے اور پردۂ غیب سے مدد خداوندی کا انتظار کرے۔

بُزرگوں سے روایت ہے کہ "یالطیفُ" کا درج ذیل نقش ذوالکتابت تمام امور میں اصلاح اور نکھار پیدا کرتا ہے اور انسان کو کامیابیوں سے ہمکنار کراتا ہے۔

۷۸۶

ف	ی	ط	ل
۸	۳۱	۷۹	۱۱
۳۲	۱۱	۸	۷۸
۹	۷۷	۳۳	۱۰

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ حسبِ منشا شادی کرنے کے لئے اس اسمِ مُبارک کو ۱۲۹۰۰ مرتبہ لگاتار ۴۰ دن تک پڑھیں ـــــ انشاء اللہ حسب منشا شادی ہو جائے گی۔

لا علاج بیماری کو دفع کرنے کے لئے ایک بوتل پانی پر گیارہ ہزار مرتبہ "یالطیفُ" پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور گیارہ دن تک صبح و شام یہ پانی مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض رفع ہو گا۔

اس اسمِ مُبارک کا عامِل بننے کا طریقہ یہ ہے۔ اس اسم مبارک کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ ---- چالیس دن تک پڑھیں۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس اسمِ مبارک کا مؤکل غائبانہ طور پر عامِل کی زبردست مدد کرے گا۔

"یالطیفُ" کا نقش دنیا کی نظروں میں سُرخرو ہونے، مختلف مسائل میں کامیابی حاصل کرنے، لاعلاج بیماری سے نجات پانے اور حسب منشا شادی کرانے کے لئے بالخصوص مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ پینے کے نقش صرف بیماری میں کارگر ہوتے ہیں۔ دوسرے مسائل میں پینے کے نقش دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف،

ش یا ذ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو پُر کرتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کر کے ایک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲	۳۵	۳۸	۲۴
۳۷	۲۵	۳۱	۳۶
۲۶	۴۰	۳۳	۳۰
۳۴	۲۹	۲۷	۳۹

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اور اس نقش کو مُرتّب کرتے وقت مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۴۴	۳۹	۴۶
۴۵	۴۳	۴۱
۴۰	۴۷	۴۲

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت عامل اگر اپنا رُخ مغرب کی طرف کر کے دو زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے)

۷۸۶

۲۷	۳۳	۳۱	۳۸
۳۹	۳۰	۳۶	۲۴
۳۴	۲۶	۳۷	۳۲
۲۹	۴۰	۲۵	۳۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اوران کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۴۰	۴۵	۴۴
۴۷	۴۳	۳۹
۴۲	۴۱	۴۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د، یا غ ہو۔ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔اگر اس نقش کو پُر کرتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴	۲۹	۲۷	۳۹
۲۶	۴۰	۳۳	۳۰
۳۷	۲۵	۳۱	۳۶
۳۲	۳۵	۳۸	۲۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور اُن کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۴۲	۴۷	۴۰
۴۱	۴۳	۴۵
۴۶	۳۹	۴۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یاظ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کر کے اپنی ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر نقش لکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۸	۲۴	۳۲	۳۵
۳۱	۳۶	۳۷	۲۵
۳۳	۳۰	۲۶	۴۰
۲۷	۳۹	۳۴	۲۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۴۴	۴۵	۴۰
۳۹	۴۳	۴۷
۴۶	۴۱	۴۲

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ان نقوش کو لکھنے کے بعد "یَا لَطِیْفُ" ۱۲۹ مرتبہ پڑھکر ان پر دَم کر دے تو اُن کی قوت و تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جائے۔ پینے کے لئے ہر مریض کو گیارہ گیارہ نقوش لکھکر دیئے جائیں۔ باندھنے والے نقش نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے استعمال کرنے کی تاکید کی جائے۔ ان نقوش کی برکت سے مسائل بھی حل ہوں گے۔ اور لاعلاج امراض سے نجات مل جائے گی۔ انشاء اللہ

حق تعالیٰ کا ۳۱ واں صفاتی نام اَلْخَبِیْرُ ہے۔ یہ خبر سے مشتق ہے اور اس کے معنیٰ ہیں خبرگیری رکھنے والا۔ اس کائنات میں جہاں بھی اور جو بھی چیز موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے باخبر ہے۔ اس لئے بجا طور پر وہ خبیر کہلانے کا مستحق ہے۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ کو چاہئے کہ امورِ دین سے ہر وقت باخبر رہے۔ اور اپنے عالمِ ظاہر اور عالمِ باطن پر بھی نظر رکھے۔

یہ اسمِ مُبارک جلالی ہے۔ اس کے اعداد ۸۱۲ ہیں۔ جو شخص بوقتِ تہجد اس کو بکثرت پڑھے گا۔ اس پر کشف و الہام کی بارشیں، شروع ہو جائیں گی۔

بعض بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس اسمِ مُبارک کا بکثرت ذِکرُ

کرنے والا انسان نفس کی شرارتوں سے محفوظ ہوجاتا ہے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی کام میں استخارہ کرنا منظور ہو تو جمعرات کا روزہ رکھے۔ شام کو افطار کے بعد اوّل وقت نمازِ عشاء پڑھنے کے بعد اوّل گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ ۝ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ پڑھے اور اپنے مقصد کا خیال دل میں رکھتے ہوئے پاک وصاف بستر پر سوجائے انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی رات میں کامیابی ملے گی۔

بعض بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ استخارے کیلئے مذکورہ عمل کے ساتھ ساتھ یہ نقش بھی تکیئے کے نیچے رکھ لینا چاہئے۔ اس سے کامیابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

۷۸۶

خ	ب	ی	ر
ر	ی	ب	خ
ب	ر	خ	ی
ی	خ	ر	ب

تشخیصِ مرض کے لئے اس اسمِ مُبارک کا وِرد بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اگر کوئی معالج اس اسمِ مُبارک کو ۸۱۲ مرتبہ پڑھنے کا روزانہ معمول بنالے تو مریض کی صورت دیکھتے ہی معالج کے مرض سمجھ میں آجائے گا۔

اگر کسی کے گھر یا کہیں سے نکاح کا پیغام آیا ہو اور اس کے اچھے

بُرے کی معلومات کرنی ہوں تو والدین میں سے کوئی سات دن تک تنہائی میں بیٹھ کر روزانہ ۲۴۸۳ مرتبہ "یا خبیرُ" پڑھے اور بغیر کسی سے بات کیئے ہوئے سوجائے۔ اور سوتے وقت مقصد کا خیال دل میں رکھے۔ انشاء اللہ ۳ راتوں میں اللہ تعالیٰ کی مرضی معلوم ہوجائے گی۔

اس اسمِ مبارک کا عامل بننے کے لئے ۱۲۹۹۲ مرتبہ اس اسم کو روزانہ پڑھنا چاہیئے۔ ۴۰ دن میں زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔ اس کے بعد اس کا نقش جس کو بھی دیا جائے گا۔ بفضلِ ربُّ العٰلمین مؤثر ثابت ہوگا۔

اس اسمِ مُبارک کا نقش نفس کی بُرائیوں اور شیطانی خیالوں سے محفوظ رہنے کے لئے بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ عقل و خرد میں اضافہ کرنے کے لئے بھی اس کی تاثیر مُسلّم ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو۔ اُن کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرکے ایک زانو ہوکر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۸۲۶

۲۰۲	۲۰۶	۲۰۹	۱۹۵
۲۰۸	۱۹۶	۲۰۱	۲۰۷
۱۹۷	۲۱۸	۲۰۴	۲۰۰
۲۰۵	۱۹۹	۱۹۸	۲۱۰

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو افضل ہے

۷۸۶

۲۷۲	۲۶۶	۲۷۴
۲۷۳	۲۷۱	۲۶۸
۲۶۷	۲۷۵	۲۷۰

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت، انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو پُر کرتے وقت عامل اپنا رُخ مغربؔ کی طرف کرلے اور دوزانو ہوکر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۸	۲۰۴	۲۰۱	۲۰۹
۲۱۰	۲۰۰	۲۰۷	۱۹۵
۲۰۵	۱۹۷	۲۰۸	۲۰۲
۱۹۹	۲۱۱	۱۹۶	۲۰۶

اور مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اور اُن کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے)

۷۸۶

۲۷۲	۲۷۳	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۱	۲۷۵
۲۷۴	۲۶۸	۲۷۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، غ، خ، د، یا غ ہو۔ ان کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس کو پُر کرتے وقت عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۰	۱۹۸	۱۹۹	۲۰۵
۲۰۰	۲۰۴	۲۱۱	۱۹۷
۲۰۷	۲۰۱	۱۹۶	۲۰۸
۱۹۵	۲۰۹	۲۰۶	۲۰۶

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ اور ان کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۶۷	۲۷۵	۲۷۰
۲۷۳	۲۷۱	۲۶۸
۲۷۲	۲۶۶	۲۷۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق،

ث یا ظ ہو، اس کو بازو پر باندھنے اور گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کر کے اپنی ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۹	۱۹۵	۲۰۲	۲۰۶
۲۰۱	۲۰۷	۲۰۸	۱۹۶
۲۰۴	۲۰۰	۱۹۷	۲۱۱
۱۹۸	۲۱۰	۲۰۵	۱۹۹

مذکورہ حضرات کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۷۲	۲۷۳	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۱	۲۷۵
۲۷۴	۲۶۸	۲۷۰

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ان نقوش کو مُرتب کرنے کے بعد ان پر "یاخبیرُ" سو مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اُن کی قوت و تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جائے۔ پینے کے لئے ہر مریض کو ۱۸ نقش دیئے جائیں۔ اور باندھنے والے نقش کو کالے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔

حق تعالیٰ کا ۳۲ واں صفاتی نام الحلیم ہے حلیم اس ذاتِ گرامی کو کہتے ہیں۔ جو مغلوبُ الغضب نہ ہو اور انتقام لینے میں جلدی کرنے والی نہ ہو۔ بلکہ اقتدار اور اختیار کے باوجود عفو درگزر کرنے والی ہو۔ اور یہ صفت باری تعالیٰ کے لئے خاص ہے۔ وہ اپنے بندوں کو گناہوں کی سزا کا حق اور اختیار رکھنے کے باوجود سزا اور تادیب میں جلدی نہیں کرتے۔ بلکہ بسا اوقات اپنے خطا کار بندوں کو معاف ہی کر دیتے ہیں۔

اس نام سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ بندے کو بُرے لوگوں کی ایذا رسانی پر صبر و تحمل سے کام لینا چاہئے اور ظالموں اور جابروں کا مقابلہ بُردباری سے کرنا چاہئے۔ جو لوگ بُردبار ہوں اور طبیعت کے اعتبار سے حلیم و کریم ہوں۔ اُن کے لئے "یا حلیمُ" کا وظیفہ تیر بہدف ہوتا ہے۔ اور اُن کی تمام مرادیں اس وظیفے سے بر آتی ہیں۔

یہ اسم جلالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۸۸ ہیں۔

اگر کوئی شخص پانچوں وقت کی نماز کے بعد ۷ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھنے کا معمول بنائے تو معرفت الٰہی کے اسرار اس کے دِل میں جگہ پا جائیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یا حلیمُ کا نقش لکھکر پھر اُسے پانی سے دھوکر وہ پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے تو وہ درخت خوب پھل لائے۔ اور اسکے پھلوں کا ذائقہ لاجواب ہوجائے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی کسان اس کے نقش کا پانی کھیت میں چھڑک دے تو کھیتی خوب پروان چڑھے اور غلّے میں خوب خیر و برکت ہو۔

اکابرین سے یہ منقول ہے کہ اگر کوئی شخص یا حلیمُ کا نقش لکھکر اس پر ۷ مرتبہ "یا حلیمُ" پڑھ کر دم کر دے۔ پھر اس کو پانی میں گھول کر اُس پانی کو اپنے چہرے پر مل لے اور کسی ظالم کے سامنے چلا جائے تو وہ ظالم انسان ایک دم نرم پڑ جائے گا۔ اور حُسن سلوک کرنے پر مجبور ہوگا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی سردار یا حاکم روزانہ سات سو مرتبہ اس اسمِ مبارک کا ورد رکھے تو اس کی سرداری اور حکمرانی قائم رہے اور دُنیا اس کے آگے سر جھکانے پر مجبور ہو۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص ظہر کی نماز کے بعد اس اسمِ مبارک کو نو مرتبہ پڑھ لیا کرے تو وہ ہمیشہ سُرخرو رہے۔ اور مخلوق کے سامنے کبھی ندامت اور رسوائی کی نوبت نہ آئے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مریض کے سرہانے بیٹھ کر یا کھڑے ہوکر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور دس مرتبہ "یا حلیمُ" پڑھے تو اللہ کے فضل و کرم سے وہ مریض شفایاب ہوجائے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۹۹ روز تک مکمّل خلوت

اختیار کرے اور ہر فرض نماز کے بعد ۸۸ مرتبہ اس کا ورد رکھے اور رات کو سونے سے پہلے آٹھ سو اسّی مرتبہ پڑھے۔ مدّت پوری ہوجانے پر اس کا یہ نقش گلاب و زعفران سے لکھکر اپنے دائیں بازو پر باندھے تو انس و جن کی زبردست تسخیر اُسے حاصل ہو۔ اس نقش کو اولیاء اللہ نے بابُ المراد کا نام دیا ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ح ۲۱	ل ۲۵	ی ۲۸	م ۱۴
م ۲۷	ی ۱۵	ل ۲۰	ح ۲۶
ل ۱۶	ح ۳۰	م ۲۳	ی ۱۹
ی ۲۴	م ۱۸	ح ۱۷	ل ۲۹

شیخ ابُوالعبّاس بونیؒ نے فرمایا کہ ـــــــ اگر کوئی شخص اس کا مندرجہ ذیل نقش شرف قمر میں لکھ کر اس کو اپنے پاس رکھے تو اخلاقِ حسنہ اُسے نصیب ہوں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ح	ل	ی	م
۲۹	۱۱	۳۹	۵
۴۲	۶	۳۲	۱۲
۹	۴۱	۷	۳۱

بعض بزرگوں سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص دردِ سر میں مبتلا ہو تو

...س کے سر پر ہاتھ رکھکر عامل کو چاہئے تین بار یاحلیمُ پڑھے۔ اور اس کے بعد یہ آیت پڑھکر دم کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت دردسر کی شکایت رفع ہوگی۔

آیت یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَاۚ وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ○

یہی عمل دردپیٹ کے لئے بھی بے حد مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اور بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ یہ عمل تمام امراض کے لئے مؤثر ہے۔

اگر کسی بچے کو دیکھیں کہ وہ حد سے زیادہ نافرمان ہے۔ بڑوں کے ساتھ اور والدین کے ساتھ گستاخانہ رویہ رکھتا ہے اور اس کے اپنے رشتے دار اور متعلقین اس کی حرکات سے بددل اور پریشان ہوں تو اس کا علاج یہ ہے کہ ایک بوتل پانی پر آٹھ ہزار آٹھ سو مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ اور روزانہ یہ پانی ۸ دن تک اس کو پلائیں۔ انشاء اللہ اس کی اخلاقی حالت سدھر جائے گی۔ اور اس میں بفضلِ ربّ العٰلمین حیرتناک تبدیلی پیدا ہوگی۔

کوئی مقروض انسان اگر یہ چاہے کہ قرض خواہ اس کو کسی جگہ ذلیل نہ کرے تو قرض خواہ سے ملاقات کے وقت دل ہی دل میں "یاحلیمُ" بلاتعداد پڑھنا شروع کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرض خواہ کی زبان بند ہوجائے گی۔

جو شخص ۲۵۲ مرتبہ روزانہ سونے سے پہلے اس اسم مبارک کا ورد لگاتار ایک سال تک کرتا رہے۔ تو مخلوق اس کی گرویدہ ہوجائے۔ اور

وہ خود بھی حد سے زیادہ نرم اور لوگوں سے محبت کرنے والا بن جائے۔

اگر کوئی شخص اپنی دکان کی ترقی چاہتا ہو تو اس اسم مبارک کو کسی کاغذ پر آٹھ سو مرتبہ لکھ کر اس کو پانی میں گھول دے اور یہ پانی دُکان کے چاروں کونوں میں چھڑک دے۔ انشاء اللہ خوب خیر و برکت ہوگی۔

کیسا بھی شدید مرض ہو۔ اگر اس اسم مبارک کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لیں۔ اور مریض کو صبح و شام یہ پانی پلائیں۔ تو مرض رفع ہو جائے۔

جو شخص اس اسم مبارک کا عامل بننا چاہے تو اس کو چاہئے کہ اس اسم مبارک کو چالیس دن میں پانچ لاکھ مرتبہ پڑھے۔ ایک دن کی تعداد ہوگی بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ۔ پرہیز کچھ نہیں۔ صرف خلوت میں بیٹھ کر پڑھنا شرط ہے۔ تعداد پوری ہو جانے پر عامل بن جائے گا۔ اور بے پناہ فوائد کا ظہور ہوگا۔

اکثر اکابرین نے تسخیر خلق کی دولت اسی اسم مبارک کے ورد سے حاصل کی تھی۔ تسخیر خلق کے لئے مؤثر ترین عمل یہ ہے کہ اس اسم مبارک کو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں۔ چلّہ کشی کے بعد انشاء اللہ زبردست تسخیر ہوگی۔ اور ہر دیکھنے والا محبت کرنے پر اور سر تسلیم خم کرنے پر مجبور ہوگا۔

"یا حلیم" کا نقش طبیعت میں نرمی پیدا کرنے اور دل کی سختی کو دُور کرنے کے لئے خاص طور پر مفید و مؤثر ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش

لکھ کر دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور اس نقش کو ساعتِ قمر میں لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱	۲۵	۲۸	۱۴
۲۷	۱۵	۲۰	۲۶
۱۶	۳۰	۲۳	۱۹
۲۴	۱۸	۱۷	۲۹

مندرجہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو مذکورہ شرائط کے ساتھ لکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۰	۲۵	۳۳
۳۲	۲۹	۲۷
۲۶	۳۴	۲۸

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی جانب کرلے اور اس نقش کو ساعتِ قمر میں مرتب کرے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۳	۲۰	۲۸
۲۹	۱۹	۲۶	۱۴
۲۴	۱۶	۲۷	۲۱
۱۸	۳۰	۱۵	۲۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اوران کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۶	۳۲	۳۰
۳۴	۲۹	۲۵
۲۸	۲۷	۳۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف. د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو۔اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔اس نقش کو مرتّب کرتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور اگراس نقش کو ساعتِ قمر میں مرتّب کرے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۱۸	۱۷	۲۹
۱۶	۳۰	۲۳	۱۹
۲۷	۱۵	۲۰	۲۶
۲۱	۲۵	۲۸	۱۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اوراس کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۸	۳۴	۲۶
۲۷	۲۹	۳۲
۳۳	۲۵	۳۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو ـــــ ان کو گلے میں لٹکانے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے۔ اور اگر اس کو ساعتِ قمر میں مرتب کرے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۱	۱۴	۲۸
۱۵	۲۷	۱۷	۲۰
۳۰	۱۶	۱۹	۲۳
۱۸	۲۴	۲۹	۱۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھا جائے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۶	۳۲	۳۰
۳۴	۲۹	۲۵
۲۸	۲۷	۳۳

اگر ان نقوش کو لکھنے کے بعد عامل ان پر ۸۸ مرتبہ "یاحلیمُ" پڑھ کر دم کردے تو ان نقوش کی قوت وتاثیر میں زبردست اضافہ ہوجائے یہ نقوش خاکی رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے، پینے کے لئے ۸ نقش لکھ کر دیئے جائیں۔ اگر مرض شدید ہو تو ۱۸ نقش پلائے جائیں۔

حق تعالیٰ کا ۳۴ واں صفاتی نام العظیم ہے۔ عظیم سے مُراد وہ ہستی ہے جو اپنی ذات اور صفات میں عظیم تر ہو۔

اس صفت سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ ایسے اعمال اختیار کرے جن کی بدولت اس کو عظمت اور بلندی عطا ہو۔ اور ان اعمال سے گریز کرے جو پستی اور گراوٹ کی طرف لیجانے والے ہوں۔

یہ اسم مُبارک مشترک ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۰۲۰ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مُبارک کو بکثرت پڑھیگا وہ لوگوں کی نظروں میں بفضلِ ربّ العٰلمین عظیم تر ہو جائے گا۔

بعض بزرگوں کا ارشاد ہے کہ اس اسم مُبارک کے ورد سے کیسی بھی مہلک بیماری ہو نجات مِل جاتی ہے۔ اور مریض کو صحتِ کاملہ عطا ہوتی ہے۔ اگر اس اسم مُبارک کو باوضو پڑھا جائے تو اثرات جلد مرتّب ہوتے ہیں۔

بزرگوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مُبارک کو چالیس۴۰ روز تک چار ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا۔ دین و دنیا میں کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس کو دین وُ دُنیا کی نعمتوں سے سرفراز کریں گے۔ اور دُور، دُور تک اس کی شہرت پھیل جائے گی۔ بے پناہ مال و دولت اُسے حاصِل ہوگا۔ اور کبھی روٹی روزی سے محتاج نہیں ہو سکے گا اس

کے دوست تو اس کی عزّت کریں گے ہی اس کے دشمن بھی اس سے مرعوب ہوں گے اور اس کا احترام کرنے پر مجبور ہوں گے۔

اگر کسی شخص کو کوئی مالی پریشانی درپیش ہو تو اس کو چاہئے چالیس روز تک روزانہ اس اسم کا وِرد بارہ ہزار مرتبہ کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر مالی پریشانی سے نجات مِل جائے گی۔

اہلِ تحقیق نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص تنگ دست ہو اور تنگدستی سے نجات چاہتا ہو۔ یا کوئی شخص ذلیل و خوار ہو اور دُنیا کی نظروں میں معزز ہونا چاہتا ہو تو سونے کے پترے پر اسم عظیم کا حرفی نقش شرفِ آفتاب میں تحریر کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ اگر سونے کے پترے پر ممکن نہ ہو تو زرد رنگ کے ریشمی کپڑے میں کالی روشنائی سے شرفِ آفتاب میں یہ نقش لکھکر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تنگ دستی اور ذلت و خواری سے نجات مل جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ع	م	ی	ظ
ی	ظ	ع	م
ظ	ی	م	ع
م	ع	ظ	ی

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اسکو چاہئے کہ ساٹھ مرتبہ پانی پر "یا عظیمُ" پڑھ کر دم کرکے پی لے۔ انشاء اللہ اسی وقت اس کے پیٹ کا درد ختم ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص ہمیشہ اقتدار میں رہنا چاہے تو اس کو چاہئے اس وظیفے کو ۱۱۰ دن تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

یَا عَظِیْمُ ذُوالثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْکِبْرِیَاءِ فَلَا یَزِلُّ عِزَّہٗ یَا عَظِیْمُ"

اس اسمِ مبارک کا عامل بننے کیلئے ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھیں۔ اس چلے کے بعد اس اسمِ مبارک کا تعویذ عامل ضرورتمندوں کو دے سکتا ہے۔ انشاء اللہ فوراً فائدہ ہوگا۔

اس اسمِ مبارک کا نقش کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کرنے کیلئے بفضلِ خدا مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اور جو لوگ دُنیا کی نگاہوں میں معزز اور سُرخرو ہونا چاہتے ہیں۔ اُن کے لئے بھی اس اسمِ مبارک کا نقش تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ اس نقش کو اتوار کے دن شمس کی ساعت میں تیار کرنا مفید ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو، ان کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رخ مشرق کی طرف کرکے ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۰۲۶

۲۴۷	۲۶۱	۲۵۸	۲۵۴
۲۵۹	۲۵۳	۲۴۸	۲۶۰
۲۵۲	۲۵۶	۲۶۳	۲۴۹
۲۶۲	۲۵۰	۲۵۱	۲۵۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان نقوش کو لکھتے وقت بھی اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۷۱	۳۶۶	۳۷۳
۳۷۲	۳۷۰	۳۶۸
۳۶۷	۳۷۴	۳۶۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۶	۲۵۳	۲۶۱
۲۶۲	۲۵۲	۲۵۹	۲۴۷
۲۵۷	۲۴۹	۲۶۰	۲۵۴
۲۵۱	۲۶۳	۲۴۸	۲۵۸

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں اور انکو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۷۱	۳۷۲	۳۶۷
۳۶۶	۳۷۰	۳۷۴
۳۷۳	۳۶۸	۳۶۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د یا غ ہو۔ ان کو بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اگر اس کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۲	۲۵۰	۲۵۱	۲۵۷
۲۵۲	۲۵۶	۲۶۳	۲۴۹
۲۵۹	۲۵۳	۲۴۸	۲۶۰
۲۴۷	۲۶۱	۲۵۸	۲۵۴

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اور اُن کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۶۷	۳۷۴	۳۶۹
۳۷۲	۳۷۰	۳۶۸
۳۷۱	۳۶۶	۳۷۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق،

ث یاظ ہو۔ان کو بازو پر باندھنے اور گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور اپنی ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۱	۲۴۷	۲۵۴	۲۵۸
۲۵۳	۲۵۹	۲۶۰	۲۴۸
۲۵۶	۲۵۲	۲۴۹	۲۶۳
۲۵۰	۲۶۲	۲۵۷	۲۵۱

ان ہی حضرات و خواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۷۱	۳۷۲	۳۶۷
۳۶۶	۳۷۰	۳۷۴
۳۷۳	۳۶۸	۳۶۹

یہ بات یاد رکھیں کہ "یاعظیمُ" کے پینے کے نقوش خاص طور پر پیٹ کی تمام بیماریوں میں مفید ثابت ہوتے ہیں۔اگر بیماری معمولی ہو تو ایک مریض کو ۷ روز تک نقش پلائے جائیں۔اور اگر بیماری بڑھی ہوئی ہو تو ۴۰ نقوش ۴۰ دن تک ایک مریض کو پلائے جائیں۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ان نقوش کو مرتّب کرنے کے بعد "یاعظیمُ" پڑھ کر ان پر تیس مرتبہ دم کردیا جائے تو اُن کی تاثیر و قوّت

میں زبردست اضافہ ہو جائے۔ باندھنے والے نقوش ہرے کپڑے میں پیک کر کے باندھنے کی تاکید کی جائے۔ پینے والے نقوش گلاب و زعفران سے لکھنے چاہئیں۔ باندھنے والے نقوش اگر ساعتِ شمس میں لکھے جائیں تو بہتر ہے۔ پینے والے نقوش کسی بھی سعید ساعت میں لکھے جا سکتے ہیں۔

حق تعالیٰ کا ۳۴ واں صفاتی نام الغفور ہے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ عنصر خاکی ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۲۸۶ ہیں۔ اس کے معنیٰ ہیں معاف کرنے والا۔ غفار بھی حق تعالیٰ کا صفاتی نام ہے۔ اور اس کے معنیٰ بھی معاف کرنے والے کے آتے ہیں۔ لیکن غفّار کے مقابلے میں غفور میں مبالغہ زیادہ ہے۔ غفّار کہتے ہیں۔ معاف کر دینے والے کو اور غفور کہتے ہیں اس ذات کو جو بار بار معاف کرنے کا وصف رکھتی ہے۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ لوگوں کی غلطی کو معاف کرنے کی روش اپنائے اور اگر بندہ خود کو رنگِ خداوندی میں رنگنا چاہتا ہو تو لوگوں کی غلطیوں کو بار بار نظر انداز کرنے کا حوصلا اپنے اندر پیدا کرے۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ جو بندہ دوسروں کی خطاؤں سے درگزر کرتا ہے تو حشر کے میدان میں حق تعالیٰ اس کی خطاؤں اور لغزشوں سے درگزر کریں گے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسمِ مُبارک کو ہر فرض نماز کے بعد ۱۷ مرتبہ پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس کے دل کی سیاہی کو دور کردیں گے اور اس کے باطن کو روشن کردیں گے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو شدید بخار ہو یا شدید سَر میں دَرد ہو یا آواز بیٹھ گئی ہو تو غفور کے حروف کاغذ پر گلاب و زعفران سے لکھ کر پھر اس نقش کو پانی میں تر بتر کرکے اس کو چوسے اور چند منٹ کے بعد اس کو گولی بنا کر نگل لے۔ اس عمل کو ۳ دن تک جاری رکھے۔ روزانہ ۳ دن تک ایک نقش بنا کر ایسا ہی کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کو مذکورہ امراض سے نجات حاصل ہوجائے گی۔

اگر بات کے ظاہر ہوجانے میں رسوائی کا اندیشہ ہو تو "الغفُور" کو ۱۲۰ مرتبہ پڑھ کر کسی کالے رنگ کے پتھّر پر دم کرکے کسی کنوئیں میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رسوائی سے محفوظ رہیں گے اور بات کا چرچا نہیں ہوگا۔

اگر کسی شخص سے کوئی قصور سرزد ہوگیا ہو اور اس کو حاکم کی مجلس میں جانے سے ڈر لگتا ہو اور خطرہ اس بات کا ہو کہ حاکم طلب کرے گا۔ اور سزا دے گا تو اس کو چاہیئے کہ کسی نمازی یا کسی عامل سے یہ نقش لکھوا کر اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے حاکم اس کے قصور معاف کردیگا اور اس پر نگاہِ کرم ڈالنے پر مجبور ہوگا۔

۷۸۶

ع	ف	و	ر
۷	۱۹۹	۱۰۰۱	۷۹
۱۹۸	۴	۸۲	۱۰۰۲
۸۱	۱۰۰۳	۱۹۷	۵

اگر کوئی شخص مالی تنگی میں مبتلا ہو گیا ہو یا کسی شخص کا چلتا چلاتا کاروبار اچانک بند ہو گیا ہو۔ یہ بند ہو جانا کسی گردش کی وجہ سے ہو یا کسی بندش کی وجہ سے اس اسم مبارک کو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ چالیس۴۰ روز تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مالی تنگی سے نجات ملے گی۔ اور کاروبار کی رکاوٹیں بفضلِ خداوندی ختم ہو جائیں گی۔

اگر اچانک کوئی مصیبت پیش آجائے تو چند آدمی مل کر ۳ دن میں سوالاکھ کی تعداد پوری کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت سے نجات مل جائے گی۔

اگر کسی کے دل میں رنج والم کے بادل چھائے ہوئے ہوں اور کسی طرح بھی اس کے دل سے غم دور نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے "یا غفور" کو الگ الگ حروف میں روٹی کے تین ٹکڑوں پر یا تین بسکٹوں پر لکھ کر دیں۔ اور تین روز تک نہار منہ ایک ٹکڑا روز کھانے کی تاکید کریں۔ انشاء اللہ احساس غم دور ہو گا۔۔۔۔۔اور دل کو خوشی میسر آئے گی۔

اس اسم مبارک کا نقش۔ حاکم کو مہربان کرنے کے لئے، مالی تنگی دور کرنے کیلئے، کاروبار کی حالت درست کرنے کیلئے اور طویل ترین بیماری سے نجات پانے کیلئے اور دل کی سیاہی دور کرنے کے لئے اللہ کے فضل و کرم سے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو۔ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت اُن کے لئے بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۴	۳۲۷	۳۲۴	۳۲۱
۳۲۵	۳۲۰	۳۱۵	۳۲۶
۳۱۹	۳۲۲	۳۲۹	۳۱۶
۳۲۸	۳۱۷	۳۱۸	۳۲۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور مذکورہ شرائط کے ساتھ انھیں لکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۳۲	۴۲۴	۴۳۰
۴۲۶	۴۲۹	۴۳۱
۴۲۸	۴۳۳	۴۲۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ اُن کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۷	۳۲۰	۳۲۲	۳۱۷
۳۱۴	۳۲۵	۳۱۹	۳۲۸
۳۲۱	۳۲۶	۳۱۶	۳۲۳
۳۲۴	۳۱۵	۳۲۹	۳۱۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے ــــــ یہ نقش دیئے جائیں ــــــ اوران کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۲۵	۴۳۱	۴۳۰
۴۳۳	۴۲۹	۴۲۴
۴۲۸	۴۲۶	۴۳۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ر،ع، خ، ل، یا غ ہو۔ اُن کو بازو پر باندھنے کے لئے یا گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرکے چوکڑی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۳	۳۱۸	۳۱۷	۳۲۸
۳۱۶	۳۲۹	۳۲۲	۳۱۹
۳۲۶	۳۱۵	۳۲۰	۳۲۵
۳۲۱	۳۲۴	۳۲۷	۳۱۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اوراس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۲۸	۴۳۳	۴۲۵
۴۲۶	۴۲۹	۴۳۱
۴۳۲	۴۲۴	۴۳۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اگر عامل اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور اپنی بائیں ٹانگ پھیلا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۷	۳۱۴	۳۲۱	۳۲۴
۳۲۰	۳۲۵	۳۲۶	۳۱۵
۳۲۲	۳۱۹	۳۱۶	۳۲۹
۳۱۷	۳۲۸	۳۲۳	۳۱۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پلانے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۳۰	۴۳۱	۴۲۵
۴۲۴	۴۲۹	۴۳۳
۴۳۲	۴۲۶	۴۲۸

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت یہ یقین عامل کے دل میں ہونا چاہیئے کہ امراض سے شفاء دینے اور مُرادوں کی تکمیل کرنے والی ذات حق تعالیٰ کی ہے۔ اُن کی مرضی شامل حال نہ ہو تو تعویذات کاغذ کے پُرزوں سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔ اگر یہ یقین عامل کے دل میں جاگزیں ہوگا تو اللہ تعالیٰ کی مدد ضرور آئے گی۔ اور مریضوں اور ضرورت مندوں کا بیڑہ ضرور پار ہوگا۔

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ۷ا مرتبہ "الغفور" پڑھ کر ان پر دم کر دیا جائے تو اُن کی تاثیر بفضلِ خداوندی دُگنی ہو جائے۔ مردوں کو دائیں بازو پر اور عورتوں کو بائیں بازو پر نقش باندھنے کی تاکید کی جائے اور الغفور کے نقش نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے استعمال میں لانے کی تاکید کی جائے۔

حق تعالیٰ کا ۳۶ واں صفاتی نام الشّکور ہے۔ اس کے معنیٰ قدردانی کے ہیں۔ مراد وہ ذات ہے جو بندوں کے اچھے اعمال کی قدر کرتی ہے اور انھیں اچھے کاموں کی جزا عطا کرتی ہے۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ اچھے افعال کی قدردانی کا مظاہرہ کرے اور حُسن سلوک پر لوگوں کا شکر گزار رہے۔

"الشکور" اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۵۲۶ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص گھریلو پریشانیوں سے تنگ آگیا ہو اور ہر وقت اس کا دل پریشان اور اداس رہتا ہو تو اس اسم مبارک کو ۴۰ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اس کی پریشانی دُور ہوگی اور دل کو ایک قسم کا سکون حاصِل ہوگا۔

اگر کسی کی بینائی متأثر ہو رہی ہو اسی اسم کو ۴۰ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے آنکھوں پر ملے۔ انشاء اللہ بینائی میں اضافہ ہوگا۔

اگر کوئی حد سے زیادہ غریب ہو یا غیر معمولی طور پر مقروض ہو تو اس اسم مبارک کو روزانہ پانچ ہزار مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ غربت ختم ہوگی۔ غیب سے کوئی مدد ہوگی۔ اور قرض ادا ہوگا۔

اگر کوئی دنیاوی عزّت کا خواہش مند ہو تو ۱۲۰ دن تک روزانہ ۳ ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے۔ اور پھر کرشمۂ خداوندی دیکھئے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر الشکور کے اس نقش کو لکھکر کوئی شخص اپنے پاس رکھّے۔ تو رزق میں زبردست کشادگی ہو۔ یہ نقش سونے کے پترے پر شرف شمس یا شرف قمر میں لکھا جائے ورنہ سنہرے کاغذ پر لکھا جائے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	ش	کو	ر
۲۷	۱۹۹	۳۲	۲۹۹
۱۹۸	۲۴	۳۰۲	۳۳
۳۰۱	۳۴	۱۹۷	۲۵

جو شخص روزانہ اس اسم مبارک کو ۸۰۰۰ ہزار مرتبہ پڑھے چالیس روز تک وہ مستجاب الدعوات ہو جائے گا۔ اور اس کے بعد جو دُعا کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہو گی۔ اور اس اسم مبارک کا نقش لکھ کر کسی کو دے گا تو مقصد میں کامیابی ملے گی۔

اس اسم کا نقش آنکھوں کی بینائی، حصولِ دولت، حصولِ عزت اور اطمینانِ قلب کے لئے دینا مفید ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور اس نقش کو ساعتِ قمر میں لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے

۵۸۶

۱۲۴	۱۳۷	۱۳۴	۱۳۱
۱۳۵	۱۳۰	۱۲۵	۱۳۶
۱۲۹	۱۳۲	۱۳۹	۱۲۶
۱۳۸	۱۲۷	۱۲۸	۱۳۳

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مغرب کرلے اور نقش ساعت قمر میں لکھے تو بہتر ہے۔ نقش اگلے صفحے پر دیکھئے۔

۷۸۶

۱۲۷	۱۳۲	۱۳۰	۱۳۷
۱۳۸	۱۲۹	۱۳۵	۱۲۴
۱۳۳	۱۲۶	۱۳۶	۱۳۱
۱۲۸	۱۳۹	۱۲۵	۱۳۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف، ف، د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت عامل اگر اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور نقش ساعتِ قمر میں لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۳	۱۲۸	۱۲۷	۱۳۸
۱۲۶	۱۳۹	۱۳۲	۱۲۹
۱۳۶	۱۲۵	۱۳۰	۱۳۵
۱۳۱	۱۳۴	۱۳۷	۱۲۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ اُن کو گلے میں لٹکانے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور نقش ساعتِ قمر میں لکھے تو بہتر ہے۔

(نقش اگلے صفحے پر ملاحظہ کیجئے)

۷۸۶

۱۳۷	۱۲۴	۱۳۱	۱۳۴
۱۳۰	۱۳۵	۱۳۶	۱۲۵
۱۳۲	۱۲۹	۱۲۶	۱۳۹
۱۲۷	۱۳۸	۱۳۳	۱۲۸

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ہر ایک نقش پر ۱۳۱ مرتبہ "یا شکور" پڑھ کر دم کر دیں تو نقش کی قوت و تاثیر دو گنی ہو جائے — یہ نقوش زرد رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔ مردوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ اپنے دائیں بازو پر نقش باندھیں اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ نقش اپنے بائیں بازو پر باندھیں۔ نقش باندھنے والا اگر روزانہ ۳۶۰ مرتبہ بعد نمازِ مغرب "یا شکور" پڑھ لیا کرے تو نتائج جلد برآمد ہوں گے۔

العلیٌّ

حق تعالیٰ کا ۷۳واں نام العلی ہے۔ علی کے معنیٰ ہیں بہت اونچا بہت بلند۔ یہ نام علو اور علوت سے مشتق ہے۔ اور علو اور علوت بلندی اور اونچائی کو کہتے ہیں۔ حق تعالیٰ بلاشبہ دنیا کی ہر ہر چیز اور ہر ہر حقیقت سے بلند و بالا ہے۔ اس لئے بجا طور پر وہ "علی" کہلانے کا حق دار ہے۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ انسان اخلاق و کردار اور

علم وعمل میں دوسروں سے بلند ہونے کی کوشش کرے اور اپنے ہاتھ کو دوسرے ہاتھوں کے مقابلے میں اونچا رکھے۔ جیساکہ حدیث پاک میں فرمایا گیا ہے کہ اونچا والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے افضل ہے۔

العلی اسم جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۱۰ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ اسمِ مبارک نصف شب گزر جانے پر ۴۱ مرتبہ ۴۱ روز تک پڑھے۔ تو عزت ومرتبے میں بے انتہا اضافہ ہو۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ ایک سودس مرتبہ اس کا ورد رکھے۔ تو صاحب ادراک ہو جائے اور حق تعالیٰ مالی مشکلات سے بھی اُسے نجات عطا کریں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص راستہ بھٹک جائے اُسے چاہیئے کہ وہ "العلی" کا ورد شروع کر دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کو راستہ مل جائے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی لڑکی کا پیغامِ شادی نہ آتا ہو تو اس اسم مبارک کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے لڑکی کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کی برکت سے قابل قدر پیغامات موصول ہوں گے۔

پیغام شادی حاصل کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ لڑکا ہو خواہ لڑکی بذاتِ خود ۲۹۰۷ مرتبہ تنہائی میں بیٹھ کر بعد نماز عشاء "یا علی" کا وِرد کرے لگاتار ۴۱ راتوں تک انشاء اللہ تعالیٰ اس دوران اچھا پیغام موصول ہوگا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص کی بیوی نافرمان ہو تو اس کو چاہئے ۲۱ دن تک روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ اس اسمِ مُبارک کا ورد کر کے دُعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیوی مطیع ہو جائے گی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص نماز فجر کے بعد "العلی" گیارہ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ خلقِ خدا کی نظروں میں محبوب ہو جائے گا۔ اگر وہ غریب ہو تو امیر ہو جائے۔ اگر ادنیٰ مرتبہ پر ہو تو بہت جلد اعلیٰ مرتبہ حاصل کرلے۔ اگر غریب الوطن ہو تو عزت و عافیت کے ساتھ اپنے وطن واپس آجائے۔ بڑے لوگوں کا تقرب حاصل ہو جائے۔ اور خود بھی بڑائی اور عظمت سے بہرہ ور ہو جائے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی جگہ درد ہو تو "العلی" تین سو مرتبہ پڑھکر وہاں دم کر دے تو درد اسی وقت موقوف ہو گا۔

بزرگوں کے فرمان کے مطابق اگر ایک گلاس پانی پر ایک ہزار مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھکر دم کر کے اس شخص کو پلائیں جسے خونی بواسیر کا عارضہ ہو اور اس عمل کو لگاتار ے دن تک جاری رکھیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس عارضے سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

اس اسم مبارک کا ورد خصوصیت کے ساتھ ڈاکٹروں اور وکیلوں کے لئے بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اس کا وِرد کرنے سے اُن کے کام میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور انھیں بھرپور شہرت اور مقبولیت حاصل ہوتی ہے۔

اس کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ ہزار مرتبہ اس اسم مُبارک

کا ورد لگاتار ۱۱ دن تک کریں۔ اور اس دوران ترکِ جلالی کریں۔ مچھلی، گوشت، انڈے سے مکمل پرہیز کریں۔

اس اسمِ مبارک کا نقش حُبّ و تسخیر، شادی، خونی بواسیر، نکسیر وغیرہ میں باذن اللہ مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے۔ اور ایک زانو ہوکر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷	۳۰	۳۳	۲۰
۳۲	۲۱	۲۶	۳۱
۲۲	۳۵	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۳	۳۴

ان ہی حضرات و خواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۸	۳۲	۴۰
۳۹	۳۷	۳۴
۳۳	۴۱	۳۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت عامل اگر اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	۲۸	۲۶	۳۳
۳۴	۲۵	۳۱	۲۰
۲۹	۲۲	۳۲	۲۷
۲۴	۳۵	۲۱	۳۰

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت عامل اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے

۷۸۶

۳۳	۳۹	۳۸
۴۱	۳۷	۳۲
۳۶	۳۴	۴۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جنوب کی جانب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۴	۲۳	۲۴	۲۹
۲۵	۲۸	۳۵	۲۲
۳۱	۲۶	۲۱	۳۲
۲۰	۳۳	۳۰	۲۷

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ اگر ان نقوش کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۳	۴۱	۳۶
۳۹	۳۷	۳۴
۳۸	۳۲	۴۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ت، یا ط ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیں۔ اگر عامل اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ شمال کی طرف کرے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰	۲۷	۲۰	۳۳
۲۱	۳۲	۳۱	۲۶
۳۵	۲۲	۲۵	۲۸
۲۴	۲۹	۳۴	۲۳

ان ہی حضرات کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیں۔ان کو لکھتے وقت اگر مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۳	۳۹	۳۸
۴۱	۳۷	۳۲
۳۶	۳۴	۴۰

اگر ان نقوش کو لکھنے کے بعد عامل ۱۱۰ مرتبہ "العلی" پڑھ کر ان پر دم کر دے تو ان کی قوت و تاثیر دگنی ہو جائے۔

حق تعالیٰ کا ۳۸ واں صفاتی نام الکبیر ہے۔کبیر کہتے ہیں اُس ذات گرامی کو جس کی بڑائی اور کبریائی دو اور دو چار کی طرح مسلّم ہو۔اور وہ اپنے وجود میں اتنا کامل اور مکمّل ہو کہ دوسرے اپنا وجود باقی رکھنے میں اس کے محتاج ہوں۔اور ہر شے کا وجود اس کی ذات سے وابستہ ہو۔اور چوں کہ تمام اشیاء کا وجود ذاتِ خداوندی سے وابستہ ہے۔اس لئے وہ ہر اعتبار سے کبیر و اکبر ہے۔

اور انسانوں میں کبیر وہ شخص ہے۔جس میں تمام صفات کمالیہ جمع ہوں۔اور کمالِ انسانی سے مراد عقل وفہم، علم واخلاق، دین و شریعت اور زہد و تقویٰ ہیں۔جس انسان میں یہ نعمتیں جمع ہوں گی۔

وہ کبیر سمجھا جانے کا مستحق ہے۔ اولیاء اللہ اسی لئے سب سے زیادہ عظیم اور لائق و فائق سمجھے جاتے تھے کہ ان میں یہ مذکورہ صفات پوری طرح موجود ہوتی تھیں۔ آج بھی جس اللہ کے بندے میں یہ اوصاف نمایاں ہونگے اس کے ولی اور کبیر ہونے میں کوئی شبہ نہ ہوگا۔

یہ اسم مبارک بعض حضرات کے نزدیک جلالی اور بعض حضرات کے نزدیک جمالی ہے۔ اس کے اعداد ۲۳۲ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مبارک کو روزانہ ۲۳۲ مرتبہ پڑھے گا۔ وہ عالی مرتبت ہو جائے گا۔

اگر کوئی صاحب اقتدار شخص اس کو ۲۳۲ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کا رعب اور دبدبہ بڑھتا ہی چلا جائے اور اس کی عزت و عظمت کبھی کم نہ ہو۔

اس کا ورد رکھنے والے پر علم و معرفت کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اور دین و دنیا میں نمایاں کامیابیاں اُسے میسر آتی ہیں۔

جو شخص یہ چاہے کہ اس کا رعب اور دبدبہ خلقت پر قائم ہو جائے ۳ ہزار مرتبہ اس اسم کا ورد ۱۲۰ دن تک کرے اس کے بعد تمام عمر ۲۳۲ مرتبہ اس کو روزانہ پڑھتا رہے۔

اگر کوئی بیمار شخص روزانہ نوّے مرتبہ پڑھکر اپنے اُوپر دَم کر لیا کرے تو بہت جلد صحت یاب ہو جائے۔

حصولِ عظمت کیلئے بزرگوں سے الکبیر کے دو نقش منقول ہیں۔ یہ دونوں نقش انسان کو بفضل کبیر و عظیم اعلیٰ مرتبے پر پہنچا سکتے ہیں۔ دونوں ہی طریقے مؤثر ہیں۔ عاملین جس کو آسان سمجھیں آزمائیں۔

۷۸۶

ک	ب	ی	ر
ر	ی	ب	ک
ب	ک	ر	ی
ی	ر	ک	ب

۷۸۶

ک	ب	ی	ر
۲۰۱	۹	۳	۱۹
۴	۲۲	۱۹۸	۸
۷	۱۹۹	۲۱	۵

شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یَاکَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الذی لَاتَھْدِیْ العقول لوصف عظمتہٖ ۷۰۰ مرتبہ سات دن تک برابر پڑھے۔ تو جو حاجت ہو پوری ہوگی۔ اور جو قرض ہوگا۔ ادا ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص تسخیر خلائق میں کمال حاصل کرنا چاہے تو وہ ۲۱ ہزار مرتبہ "یاکبیرُ" چالیس دن تک پڑھے۔ دورانِ چلّہ ترکِ حیوانات ولذات کرے۔ اور اس طرح پڑھے کہ ساڑھے دس ہزار مرتبہ اوّل شب میں پڑھے۔ اور ساڑھے دس ہزار مرتبہ آخر شب میں پڑھے۔ آخر شب میں صبح کاذب سے پہلے پہلے اپنا عمل مکمل کرلے۔ چلّہ پورا ہونے پر زبردست تسخیر حاصل ہوگی۔ تمام مخلوقات باذنِ اللہ عامل کے سامنے

سر جھکائیں گی۔ اور اطاعت کا مظاہرہ کریں گی۔ عجیب و غریب عمل ہے۔ جو کسی خزانۂ عامری سے کم نہیں۔

اگر کسی کے رشتے دار یعنی والدین، بہن بھائی یا بیوی بچے کسی ناراضگی کی بنا پر یا کسی اور وجہ سے جدا ہو گئے ہوں۔ یا کسی کی بیوی اپنے شوہر سے ناراض ہو کر چلی گئی ہو اور واپس آنے کا نام نہ لیتی ہو تو اس کو چاہئے کہ "یا کبیر" روزانہ ۱۴۸۴۸ مرتبہ لگاتار گیارہ روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ ناراضگی ختم ہو گی۔ اور روٹھے ہوئے لوگ مان جائیں گے۔ اور واپس آجائیں گے۔

اگر کوئی شخص حد سے زیادہ غربت اور تنگ دستی کا شکار ہو۔ اور محنت و جدوجہد کے باوجود اس کی ذلت اور مصیبت اور افلاس کم ہونے کا نام نہ لیتے ہوں تو اس کو چاہئے اس اسم مبارک کو ۹۲۸ مرتبہ لگاتار ۳ سالوں تک پڑھے۔ انشاء اللہ اس عرصے میں اس کے تمام مصائب ختم ہو جائیں گے۔ اور غربت سرمایہ داری میں بدل جائے گی۔

اگر کسی عورت کو اس کی ساس یا خاوند ناجائز تنگ کرتے ہوں۔ اور گھر میں اس کی کوئی عزت نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ اس اسم مبارک کو ۲۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اپنے گھر والوں کو بالخصوص ساس اور شوہر کو پلاتے رہیں۔ اور اس عمل کو ایک مہینے میں چار مرتبہ ہر جمعرات کو یا کسی بھی دن ہفتے اور منگل کے سوا کرے۔ انشاء اللہ خاوند اور ساس دونوں مطیع ہو جائیں گے۔

اگر کوئی شخص "یا کبیر" کو ماہِ رمضان میں گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ تو اس کو زبردست بزرگی اور عظمت حاصل ہو، کسی بڑی خواہش کی تکمیل

کے لئے گیارہ سو مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواہش پوری ہو جائے گی۔

"یا کبیرُ" کا نقش عظمت و عزت اور مرتبہ واقتدار کے حصول کے لئے بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اور یا کبیرُ کا نقش جسمانی امراض کیلئے بھی مفید ہے۔ اگر ضرورت مند شخص کسی عہدے کے حصول یا تسخیر خلائق کے لئے نقش لے تو اس کو باندھنے والا نقش دیا جائے۔ اور جسمانی امراض کے لئے اگر نقش طلب کرے تو اس کو پینے والے نقش بھی، عدد دیئے جائیں۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو۔ اُن کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷	۶۱	۶۴	۵۰
۶۳	۵۱	۵۶	۶۲
۵۲	۶۶	۵۹	۵۵
۶۰	۵۴	۵۳	۶۵

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اور اُن کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کو اگر ملحوظ رکھیں تو بہتر ہے۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے)

۷۸۶

۸۱	۷۳	۷۸
۷۵	۷۷	۸۰
۷۶	۸۲	۷۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ اُن کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۴	۵۶	۵۹	۵۳
۵۰	۶۲	۵۵	۶۵
۵۷	۶۳	۵۲	۶۰
۶۱	۵۱	۶۶	۵۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۷۸	۸۰	۷۴
۷۳	۷۷	۸۲
۸۱	۷۵	۷۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ر، ع، خ،

ل یا غ ہو۔ ان کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ ---جنوب کرلے ۔ اور چوکڑی مار کر لکھے تو افضل ہے ۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۰	۵۴	۵۳	۶۵
۵۲	۶۶	۵۹	۵۵
۶۲	۵۱	۵۶	۶۲
۵۷	۶۱	۶۴	۵۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۷۶	۸۲	۷۴
۷۵	۷۷	۸۰
۸۱	۷۳	۷۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج ، ز ، ک ، س ، ق ، ث یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ اگر عامل اس نقش کو لکھتے وقت اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور اپنی بائیں ٹانگ پھیلا کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۶۴	۵۰	۵۷	۶۱
۵۹	۶۱	۶۲	۵۱
۵۶	۵۵	۵۲	۶۶
۵۳	۶۵	۶۰	۵۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۷۸	۸۰	۷۴
۷۳	۷۷	۸۲
۸۱	۷۵	۷۶

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت عامل کو اس بات کا یقین ہونا چاہئے کہ کسی بھی انسان کو عزت وعظمت عطا کرنے والی ذات حق تعالیٰ کی ذات ہے۔وہ جسے چاہیں عزت دیں اور جسے چاہیں ذلیل وخوار کریں۔ اُن کے فیصلے کے آگے تمام تدابیر ہیچ ہیں یہ یقین اگر دِل میں جاگزیں ہوگا تو نقوش میں ایک عجیب تاثیر ہوگی۔اور حق تعالیٰ اپنے فضل وکرم کا مظاہرہ کریں گے۔اور نقوش کے اندر غیر معمولی تاثیر اپنے خصوصی------ کرم سے پیدا کریں گے۔اگر ان نقوش پر ۲۳۲ مرتبہ "یا کبیر" پڑھ کر دم کردیا جائے۔تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔اور نقوش کی تاثیر بڑھ جائے گی۔ مریض کو پینے کے لئے، نقش دیئے جائیں۔انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔اور طالب کی عظمت ووقعت میں اضافہ ہوگا۔

حق تعالیٰ کا ۳۹ واں صفاتی نام الحفیظ ہے۔ حفیظ کے معنی حفاظت کرنے کے ہیں۔ چونکہ حق تعالیٰ اپنی تمام مخلوق کے محافظ اور نگہبان ہیں۔ اس لئے بجا طور پر وہ حفیظ کہلانے کے مستحق ہیں۔

یہ اسم اسمِ جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۹۹۸ ہیں۔ اس اسمِ مبارک میں رنگ جانے کی صورت یہ ہے کہ انسان جس طرح اپنے جان و مال اور عزّت و آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ اسی طرح دوسروں کی عزّت و آبرو اور ان کی جان و مال کی حفاظت کرے۔ اور کمزوروں کے لئے جائے پناہ ـــــ اور بے چھت والوں کے لئے سائبان بننے کی فکر کرے۔ ایسا کرنے والے انسان پر حق تعالیٰ کا کرم نازل ہوگا۔ اور حق تعالیٰ اس کی دنیا اور آخرت میں خاص طور پر حفاظت فرمائیں گے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسمِ مبارک کا نقش اپنے ہاتھ پر باندھے تو وہ آگ میں جلنے اور پانی میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

جس پر اوپری اثرات ہوں اس کے لئے بھی اس اسم مبارک کا نقش مفید ثابت ہوگا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ہولِ دل کیلئے یہ نقش بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

حافظے میں اضافے کے لئے بھی اس نقش کی تاثیر بہت جلد کھل کر سامنے آتی ہے۔

اگر کوئی چاہے کہ کفر و شرک اور بدعت و گمراہی کا اثر اس کے دل پر نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو اپنے گلے میں ڈالے اور اس نقش کو پابندی سے ۹۱ دن تک پیئے۔

اگر کوئی شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ "یا حفیظ" پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ تمام آفات سے محفوظ رہے۔

اگر کوئی شخص ہر ماہ چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ کو ایک نقش سفید کاغذ پر بنا کر دریا میں ڈالے تو ہر قسم کے دشمنوں، جن و انس سے اور حاسدوں کے حسد سے محفوظ رہے۔

اگر کوئی شخص اس نقش کو چاندی کی پلیٹ پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھے تو تمام مخلوقات کی نظروں میں محبوب و مقبول ہو جائے اور ہر طرح کے شر اور فتنے سے اس کی حفاظت رہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ح	ظ	ی	ف
ی	ف	ح	ظ
ف	ی	ظ	ح
ظ	ح	ف	ی

اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو ۹۹۸ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے اپنے اسباب پر چھڑک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا اسباب

چوری سے اور ضائع ہو جانے سے محفوظ رہے گا۔

اس اسم مبارک کو اگر ۱۱ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے اس بچے کو پلائیں جو نظرِ بد کا شکار ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد سے نجات ملے گی۔ اور آئندہ کے لئے محفوظ رہے گا۔

اگر کہیں طاعون پھیل رہا ہو تو ۳۲۹۹ مرتبہ روزانہ اس اسم کا ورد کرنے والے لوگ طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

اس اسم مبارک کا عامل بننے کے لئے ضروری ہے کہ روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ ۴۱ دن تک پڑھیں۔ پرہیز کوئی نہیں ہے۔ ۴۱ دن میں زکوٰۃ ادا ہونے کے بعد تین سو مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔

اس اسم مبارک کا نقش ہر قسم کی پریشانی سے حفاظت کے لئے اور ہر قسم کی بیماری سے نجات کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ا، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو۔ اس کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ مشرق کی طرف کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۴۹	۲۵۲	۲۵۵	۲۴۲
۲۵۴	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۲۴۴	۲۵۷	۲۵۰	۲۴۷
۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۶

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں

اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھّے تو افضل ہے

۷۸۶

۳۳۶	۳۲۸	۳۳۴
۳۳۰	۳۳۳	۳۳۵
۳۳۲	۳۳۷	۳۳۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۵۵	۲۴۸	۲۵۰	۲۴۵
۲۴۲	۲۵۳	۲۴۷	۲۵۶
۲۴۹	۲۵۴	۲۴۲	۲۵۱
۲۵۲	۲۴۳	۲۵۷	۲۴۶

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اگر ان کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھّے۔ تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۳۴	۳۳۵	۳۲۹
۳۲۸	۳۳۳	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۰	۳۳۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ر، ع، خ، ل یا غ ہو۔ ان کے گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جنوب کی طرف کرے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۶
۲۴۴	۲۵۷	۲۵۰	۲۴۷
۲۵۴	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۲۴۹	۲۵۲	۲۵۵	۲۴۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اگر ان کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے

۷۸۶

۳۳۲	۳۳۷	۳۲۹
۳۳۰	۳۳۳	۳۳۵
۳۳۶	۳۲۸	۳۳۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور اپنی دائیں ٹانگ بچھا کر اور بائیں ٹانگ اٹھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۵	۲۴۲	۲۴۹	۲۵۲
۲۴۸	۲۵۳	۲۵۴	۲۴۳
۲۵۰	۲۴۷	۲۴۴	۲۵۷
۲۴۵	۲۵۶	۲۵۱	۲۴۶

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۳۴	۳۳۵	۳۲۹
۳۲۸	۳۳۳	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۰	۳۳۲

ان تمام نقوش کو لکھتے وقت عامل کے دل میں یہ یقین پیوست ہونا چاہئے کہ حق تعالیٰ کی ذات اپنے تمام بندوں کی محافظ ہے اور اسی ذاتِ گرامی سے مزید حفاظت کی دُعا کرنے والے بندوں کو مزید تحفظ عطا ہوتا ہے۔

ان نقوش کو لکھنے کے وقت ۱۹ مرتبہ ان نقوش پر "یا حَفِیظُ" پڑھ کر دم کر دینے سے نقوش کی قوت وتاثیر میں زبردست اضافہ ہوگا۔ پینے کے لئے ہر ضرورت مند کو ۱۹ نقش دیئے جائیں۔ اور بازو پر باندھنے والے نقوش کو نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔

المقیت

حق تعالیٰ کا چالیسواں صفاتی نام المقیت ہے۔ مقیت سے مراد وہ ذات ہے جو اپنے بندوں کو تمام اقسام کی روزیاں مہیا کرتی ہے۔ اور تمام طاقتوں کے خزانے اس کے ہاتھ میں ہیں۔ اور اس سے مراد وہ ذات ہے جو ہر چیز پر کلّی اختیار رکھتی ہے۔

قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے۔ وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقِیْتًا ؕ حق تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والے ہیں۔ اور چونکہ وہ اس کائنات کی ہر بڑی اور چھوٹی چیز پر کلّی اختیار رکھتے ہیں۔ لہٰذا ہر چیز کا سوال خواہ وہ کتنی بڑی اور کتنی ہی چھوٹی کیوں نہ ہو۔ اسی سے کرنا چاہیے۔

ایک حدیث قدسی میں بذاتِ خود حق تعالیٰ فرماتے ہیں۔

یَا مُوْسٰی اِسْأَلْنِیْ کُلَّ شَیْءٍ حَتّٰی شِرَاکِ نَعْلِکَ وَمِلْحِ فِیْ قِدْرِکَ

اے موسیٰ! تو مجھ سے ہر چیز کا سوال کر حتّٰی کہ اپنے جوتے کے تسمے اور ہانڈی کے لئے نمک کا بھی۔

مقیت کے معنی قدرت رکھنا۔ قوّت دینا اور نگرانی اور خبر گیری رکھنے کے بھی ہیں۔ یعنی وہ ذات جو خود طاقت ور ہے۔ اور جو اپنے بندوں کو مخصوص قِسم کی طاقتیں عطا کرتی ہے۔ اور جو اپنے بندوں کی خبر گیری بھی رکھتی ہے۔ اور نگرانی بھی۔

اس اسمِ الٰہی سے متّصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ اللہ کے دوسرے بندوں کی خبرگیری رکھّے۔ اور اپنی طاقت اور بساط کے مطابق ان کی نگرانی بھی کرے۔ اور ان کو کمک بھی پہنچائے۔ غریبوں کو کھانا کھلانا کمزوروں کی ہر قسم کی مدد کرنا۔ مہمانوں کی میزبانی کرنا۔ گرتے ہوئے کو سہارا دینا۔ یتیموں کی سرپرستی کرنا۔ پڑوسیوں کی خبرگیری رکھنا — اور ستم زدہ لوگوں کی فریاد سُننا وغیرہ۔ کمک پہنچانے کے دائرے میں آتے ہیں۔

یہ اسم جمالی ہے۔ اس کے اعداد ۵۵۰ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی مٹی کے پیالے پر "یَا مُقِیۡتُ" لکھ لے اور دَورانِ سفر اس میں پانی پیئے تو زبردست قوت حاصل ہو اور پُورے سفر میں بھوک کا احساس نہ ہو۔

کِسی پاک مٹی کے ڈھیلے پر اگر ۵۵۰ مرتبہ "یَا مُقِیۡتُ" پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس رکھ لیں۔ اور دَورانِ سفر اس کو سونگھتے رہیں تو بھُوک اور پیاس ہرگز ہرگز پریشان نہ کرے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے اگر کوئی شخص روزانہ ۱۰۰ سَو مرتبہ اس اسمِ الٰہی کا وِرد کرے تو وہ حق تعالیٰ کے سوا سب سے بے نیاز ہوجائے۔

اگر کوئی شخص روزانہ ۷۰ امرتبہ اس کا وِرد کرے تو اس پر روزی کے دَروازے کھُل جائیں۔ اور تنگدستی رفع ہوجائے۔

اگر کِسی کو روزہ لگ رہا ہو اور اُسے بھوک یا پیاس کا احساس ہو رہا ہو تو اس اسمِ الٰہی کا وِرد شروع کردے۔ چند منٹ میں بھُوک اور پیاس کا احسَاس ختم ہوجائے گا۔

اگر بچہ روتا ہو تو اس کے گلے میں اس کا تعویذ ڈالیں۔ اس کا رونا موقوف ہو جائے گا۔

اگر کوئی بچہ بدزبان ہو۔ یا کوئی بچہ بات بات پر ضد کرتا ہو تو مٹی کے خالی آبخورے پر سات مرتبہ "یا مقیتُ" پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر پانی ڈال کر بچے کو پلائیں۔ اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔ انشاء اللہ اس کی بدزبانی اور ضد ختم ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص کسی شدید بیماری کے بعد زبردست ضعف اور کمزوری محسوس کر رہا ہو تو کسی خوشبودار پھول پر سات مرتبہ یہ اسم الٰہی پڑھکر دم کر کے اُسے دیں۔ انشاء اللہ وہ اپنے اندر توانائی محسوس کرے گا اگر اس عمل کو سات دن تک جاری رکھیں گے تو سات ہی دن میں اس کی کمزوری رفع ہو جائے گی۔ اور حیرت انگیز طور پر اس کی کھوئی ہوئی طاقت بغیر کسی غذا کے واپس آجائے گی۔

اگر کسی کی آنکھ دُکھتی ہو تو دوا یا سُرمہ پر سات مرتبہ "یا مُقیتُ" پڑھ کر دم کر کے آنکھ میں لگائیں تو آنکھ کا دُکھنا بند ہو گا۔ یہ عمل آنکھ کی ہر بیماری میں مُفید ہے۔

دَرد قولنج میں سَو مرتبہ پڑھکر ایک گلاس پانی پر دَم کر کے پلائیں۔ دَرد رفع ہو گا۔

اگر کوئی شخص گیس کا مریض ہو تو کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں سات سات مرتبہ "یا مُقیتُ" پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رفتہ رفتہ گیس کی بیماری سے بالکل نجات مِل جائے گی۔

اگر کوئی جانور بکری، گائے، بھینس وغیرہ چارہ نہ کھاتا ہو۔ تو تین

مرتبہ چارے پر یہ اسمِ الٰہی پڑھکر دم کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ جانور چارہ کھانے لگے گا۔

صالحین اور اولیاءِ کرام اس اسمِ الٰہی کا بکثرت ذکر کرتے تھے۔ اس عمل سے بغیر کھائے پیئے ان کے جسم میں قوت اور توانائی پیدا ہوا کرتی تھی۔ جو شخص بغیر کچھ کھائے پیئے قوت و توانائی حاصل کرنا چاہے وہ بکثرت اس اسمِ الٰہی کا وِرد کرے۔

اگر کوئی شخص باضابطہ اس اسمِ الٰہی کا عامل بننا چاہے تو روزانہ ۸۸۰۰ مرتبہ اس اسمِ الٰہی کا وِرد کرے۔ ۴۰ دن تک پرہیز کچھ نہیں۔ جگہ کی بھی پابندی کی قید نہیں۔ البتہ درمیان میں ناغہ نہیں ہونا چاہئے چالیس دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اور پھر اس اسمِ الٰہی کے نقش میں زبردست تاثیر پیدا ہوگی۔ اس اسمِ الٰہی کا نقش بچوں کی ضد دُور کرنے ان کا رونا ختم کرنے، بڑوں کی کمزوری دُور کرنے اور انھیں تقویت پہنچانے نیز ان کو بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رکھنے کیلئے دیا جاتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ ان کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرکے یک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۱۳۷	۱۴۰	۱۴۳	۱۳۰
۱۴۲	۱۳۱	۱۳۶	۱۴۱
۱۳۲	۱۴۵	۱۳۸	۱۳۵
۱۳۹	۱۳۴	۱۳۳	۱۴۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان نقوش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۷۴	۱۶۹	۱۷۷
۱۷۶	۱۷۳	۱۷۱
۱۷۰	۱۷۸	۱۷۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو بازو پر باندھنے یا گلے میں لٹکانے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو مرتب کرتے وقت عامل اگر اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۳۳	۱۳۸	۱۳۶	۱۴۳
۱۴۴	۱۳۵	۱۴۱	۱۳۰
۱۳۹	۱۳۲	۱۴۲	۱۳۷
۱۳۴	۱۴۵	۱۳۱	۱۴۰

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان نقوش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۱۷۰	۱۷۶	۱۷۴
۱۷۸	۱۷۳	۱۶۹
۱۷۲	۱۷۱	۱۷۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، ل، ع، خ، د یا غ ہو۔ اُن کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۹	۱۳۴	۱۳۳	۱۴۴
۱۳۲	۱۴۵	۱۳۸	۱۳۵
۱۴۲	۱۳۱	۱۳۶	۱۴۱
۱۳۷	۱۴۰	۱۴۳	۱۳۰

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ اگر ان نقوش کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر رہے۔

۷۸۶

۱۷۲	۱۷۸	۱۷۰
۱۷۱	۱۷۳	۱۷۶
۱۷۷	۱۶۹	۱۷۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ق، س، ث یا ظ ہو اُن کو بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اگر اس نقش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور اپنی ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۴۰	۱۳۷	۱۳۰	۱۴۳
۱۳۱	۱۴۲	۱۴۱	۱۳۶
۱۴۵	۱۳۲	۱۳۵	۱۳۸
۱۳۴	۱۳۹	۱۴۴	۱۳۳

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان نقوش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۷۰	۱۷۶	۱۷۴
۱۷۸	۱۷۳	۱۶۹
۱۷۲	۱۷۱	۱۷۷

یہ بات یاد رکھیں کہ "یا مقیتُ" کے نقوش مذکورہ بیماریوں اور ضرورتوں میں مؤثر ہونے کے ساتھ اپنے حق کیلئے اور حصولِ اقتدار کیلئے بھی مفید اور مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے بھی "یا مقیتُ" کا نقش تیر بہدف ثابت ہوا ہے۔

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر پچاس مرتبہ "یا مقیتُ" پڑھ کر ان پر دَم کر دیا جائے تو اُن کی تاثیر اور جاذبیت میں مزید اضافہ ہو جائے۔ نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی عامل تاکید کرے۔ اگر یا مقیت کا نقش چڑھتے چاند اور چڑھتے سورج میں کیا جائے تو اس کے اثرات بہت جلد ظاہر ہوتے ہیں۔

حق تعالیٰ کا ۴۱ واں صفاتی نام "الحسیبُ" ہے حسیب اُس ذاتِ گرامی کو کہتے ہیں جو حساب لینے کا حق اور طاقت رکھتی ہو۔ قرآن میں فرمایا گیا ہے ۔ وَکَفیٰ بِاللہِ حَسِیْبًاؕ حق تعالیٰ حساب لینے کے لئے کافی ہے۔ حدیث میں فرمایا گیا ہے وَھُوَ اَسرَعُ الحِسَابُ ۔ کہ حق تعالیٰ بہت جلد اپنے بندوں کا حساب لینے والا ہے ۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کو دشمنوں یا چور اچکوں سے یا رہزنوں اور قاتلوں سے جان و مال کا خطرہ ہو تو نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور روزانہ حَسْبِیَ اللہُ الحِسَاب پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص کی بطور خاص حفاظت ہوگی ۔ اور اس کے جان و مال ہر طرح کی آفات سے محفوظ رہیں گے ۔

اس اسمِ الٰہی کے اعداد ۸۰ ہیں ۔ اور یہ اسم مشترک ہے ۔ یعنی یہ جلالی بھی اور جمالی بھی ۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص روزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھنے کا اس اسمِ الٰہی کو معمول بنائے گا تو وہ وساوسِ شیطان سے محفوظ رہے گا ۔ اور بُرے ہمسایہ کی ریشہ دوانیوں سے بھی اس کی حفاظت ہوگی ۔

اگر کسی کی آنکھ میں کوئی زخم ہو جائے یا آنکھ دُکھنے آجائے تو

اس کو چاہیئے کہ سات دن تک ستر مرتبہ "یاحَسِیْبُ" پڑھے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی طالب علم روزانہ عشاء کے بعد اسّی مرتبہ اور امتحان کے زمانہ میں تین راتوں تک گیارہ سو مرتبہ، اور باقی راتوں میں ۳۶۰ مرتبہ پڑھے گا تو وہ امتحان میں اچھے نمبروں سے پاس ہو گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کو اس بات کا خوف ہو کہ اس کا مالک اس سے حساب وکتاب طلب کرے گا جس میں اس کی رسوائی ہو گی تو اس کو چاہیئے کہ عشاء کے بعد ۳ ہزار مرتبہ "یاحَسِیْبُ" پڑھے اور دل میں یہ تصور جمائے رکھے کہ میرے مالک سے حقیقی مالک نے حساب کتاب طلب کیا ہے اور اسوجہ سے وہ میرے حساب سے غافل ہو کر اپنے حساب کی فکر میں لگ گیا ہے۔ اس عمل کو لگاتار ۳ راتوں تک کرے۔ انشاءاللہ مالک کا دل حساب کتاب کی طرف سے نرم پڑ جائے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص "حسیب" کا نقش ذوالکتابت بنوا کر اپنے ہاتھ پر باندھ لے تو اس کو مقبولیت کا مقام عطا ہو۔ عزت میں اضافہ ہو۔ لوگ اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے پر مجبور ہوں۔ رزق کی فراوانی ہو۔ اور دشمنوں کے شر سے اور حاسدوں کے حسد سے بھی حفاظت رہے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

ح	س	ی	ب
۱	۱۱	۵۹	۹
۵۸	۶	۴	۱۲
۱۳	۳	۷	۵۷

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۳۰۰ مرتبہ "یاحسیبُ" پڑھکر گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی جملہ امورِ زندگی میں کفالت فرمائیں۔ اور اس کی ہر جائز خواہش پوری ہو۔ نیز اس کا مقام ان لوگوں میں ہو جائے جن کی دُعائیں رد نہیں ہوتیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے اگر کسی شخص کا قرض وصول نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہئے کہ عشاء کے بعد "یاحَسِیْبُ" آٹھ ہزار مرتبہ چالیس دِن تک پڑھے۔ اور ۴۱ ویں دن ایک کاغذ پر گیارہ مرتبہ "یاحسیبُ" لکھکر اور اپنا اور اس شخص کا نام لکھکر جس سے قرض وصول کرنا ہے کسی درخت پر لٹکا دیں۔ اپنی اور اس شخص کی والدہ کا نام بھی لکھیں انشاء اللہ تعالیٰ قرض وصول ہو جائے گا۔ نام اس طرح لکھیں۔ اَللّٰھُمَّ عطف فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں۔ پہلے اس کا اور اس کی والدہ کا نام لکھیں۔ اور پھر اپنا اور اپنی والدہ کا۔

اگر کوئی شخص روزانہ اس اسم الٰہی کو ۱۲۸۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو تمام سال امن وامان میں رہے۔ اور زندگی کی تمام ضروریات بحُسن وخوبی پوری ہوں۔

اگر کسی شخص کے خلاف غلط انکوائری چل رہی ہو اور اس سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو روزانہ "یاحفیظُ یاحسیبُ" ۸۶۰۴ مرتبہ پڑھے۔ لگاتار ۴۰ دن تک، انشاء اللہ تعالیٰ اس کے خلاف انکوائری کا سلسلہ ختم ہو جائے گا اور وہ الزام سے بری ہو جائے گا۔

یَاحَسِیْبُ کا عامل بننے کے لئے اس اسم الٰہی کو چالیس دِن تک

۱۲۸۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیئے بہ نیت زکوٰۃ۔ اس کے بعد ایک تسبیح اس کی زندگی بھر پڑھتے رہیں۔ تاکہ زکوٰۃ کا اثر باقی رہے۔

"یاحسیبُ" کا نقش امتحان کی کامیابی لوگوں میں مقبولیت کسی معاملے میں سُرخروئی، حساب وکتاب کی آسانی اور تحقیق وتفتیش سے نجات وغیرہ جیسے امور میں تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔ "یاحسیبُ" کا نقش صرف باندھنے یا گلے میں ڈالنے کیلئے کارگر ہے۔ پینے کے نقوش اس اسم الٰہی کے نہیں دیئے جاتے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو۔ ان کو مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۳	۲۶	۱۲
۲۵	۱۳	۱۸	۲۴
۱۴	۲۸	۲۱	۱۷
۲۲	۱۶	۱۵	۲۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ اُن کو مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے تو بہتر ہے۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے)

۷۸٦

۱۵	۲۱	۱۸	۲٦
۲۷	۱۷	۲۴	۱۲
۲۲	۱۴	۲۵	۱۹
۱٦	۲۸	۱۳	۲۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو۔ اُن کو مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کر لے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸٦

۲۲	۱٦	۱۵	۲۷
۱۴	۲۸	۲۱	۱۷
۲۵	۱۳	۱۸	۲۴
۱۹	۲۳	۲٦	۱۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ش، یا ظ ہو۔ ان کو مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کر لے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸٦

۲٦	۱۲	۱۹	۲۳
۱۸	۲۴	۲۵	۱۳
۲۱	۱۷	۱۴	۲۸
۱۵	۲۷	۲۲	۱٦

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر اسّی مرتبہ "یا حسیبُ" پڑھ کر دم کر دے تو ان کی قوت و تاثیر میں اضافہ ہو جائے ان نقوش کو ساعت شمس میں لکھنا مفید ثابت ہوتا ہے۔ ان نقوش کو نیلے رنگ کے کپڑے میں یا آسمانی یا فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کی تاکید کی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قدم قدم پر فائدہ اور کامرانی کے آثار نظر آئیں گے۔ اور مقاصدِ حسنہ میں کامیابی عطا ہوگی۔

حق تعالیٰ کا ۴۲واں صفاتی نام الجلیل ہے۔ جلیل کے معنیٰ ہیں بڑا، اور بزرگ ــــ یہ اسمِ الٰہی جلالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۷۳ ہیں۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ انسان اپنے اندر عظمت پیدا کرنے کی کوشش کرے۔ ان اوصافِ حمیدہ کو اختیار کرے۔ جو انسان میں بڑائی اور عظمت پیدا کرتے ہیں۔ اور جن کو اختیار کر کے اربابِ دنیا انسان کی عزت و توقیر کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد "یا جلیلُ" سات مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب میں اپنی محبت پیدا کر دیں گے۔

بزرگوں سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسم الٰہی

کا وِرد رکھے اور آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے تو وہ تین چلّوں کے بعد صاحبِ جلال ہو جائے گا۔ اور لوگوں پر اس کا رعب اور ہیبت قائم ہو جائے گی۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۷ روز تک اس اسمِ الٰہی کو روٹی پر سات سات مرتبہ لکھکر کھائے اور روزانہ ایک سادی روٹی خیرات کرے تو ۴۰ دن میں صاحبِ کمال ہو جائے۔ اور مخلوق اس کی عزت کرنے پر مجبور ہو۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۸ گرام چاندی اور ایک گرام سونا ملا کر ایک پترا تیار کرائے اور اس پر مندرجہ ذیل نقش کندہ کرا کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے تو تمام دشمنوں پر اس کا رعب قائم ہو جائے اور اپنے پرائے سب اس کی توقیر کرنے لگیں۔ اور ماتحت لوگ اس کے حکم کی تعمیل کرنے پر مجبور ہوں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ج	ل	ی	ل
ل	ی	ل	ج
ل	ج	ل	ی
ی	ل	ج	ل

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی مقدمہ میں پھنس گیا ہو اور اس کے خلاف لوگ جھوٹی گواہی دینے پر تلے ہوئے ہوں تو ایک ہزار مرتبہ "یا جَلِیلُ" پڑھکر دُعا کرے کہ گواہوں کی زبان بند ہو جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے بعد وہ گواہی دینے پر قادر نہ ہو سکیں گے۔

اگر کوئی شخص چاندی کی انگشتری میں "یا جلیلُ" کندہ کرا کر پہنے تو جس حاکم کے پاس جائے گا عزت پائے گا۔ اور حاکم اس کی بات ملنے گا

اگر کوئی شخص دورانِ سفر دس۱۰ مرتبہ اپنے سامان پر "یا جلیلُ" پڑھ کر دم کر دے تو وہ سامان چوری سے محفوظ رہے گا۔

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ وہ خلقِ خدا کو مسخر کر لے تو اس اسم الٰہی کو چالیس۴۰ دن تک ۳۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اس کے بعد روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے ــــ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق مسخر ہو جائیگی اور پڑھنے والا لوگوں کی توجہ کا مرکز بن جائے گا۔

اگر کوئی بچہ آسیب زدہ ہو تو اس اسم الٰہی کو سات۷ ہزار مرتبہ پڑھیں اس کے بعد ایک کاغذ پر سات۷ مرتبہ یہ اسم الٰہی لکھیں اور چاروں طرف آیت الکرسی لکھدیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ صحت مند ہو جائے گا۔ اور اثرات سے چند ہی دنوں میں نجات مل جائے گی۔

اگر کوئی شخص سولہ ہزار مرتبہ چالیس دن تک اس اسم کو پڑھے گا۔ جو بھی مقصد ہو گا۔ اس کا پورا ہو جائے گا۔

شادی ہونے کے بعد اپنی بیوی سے خلوت کرنے سے پہلے دو۲ رکعت نفل شکرانہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس اسم الٰہی کو گیارہ۱۱۰۰ سو مرتبہ پڑھیں۔ اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اپنی دلہن کو کھلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں بے مثال محبت ہو جائے گی۔

"یا جلیلُ" کا عامل بننے کے لئے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ۶۲۵۰ مرتبہ اس کا ورد کرنا چاہئے۔ ۴۰ دن میں زکوٰۃ ادا ہو گی۔ اس کے بعد

صرف ۷۳ مرتبہ روزانہ کافی ہے۔

"یا جلیلُ" کا نقش تمام مقاصد اور تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ اس نقش کو جس مقصد کے لئے بھی دیا جائے گا۔ اس میں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ملے گی۔ اور جس بیماری کے لئے دیا جائے گا اس بیماری سے مریض کو نجات مل جائے گی۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو مرتب کرتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کر کے یک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۱	۲۴	۱۰
۲۳	۱۱	۱۷	۲۲
۱۲	۲۶	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۳	۲۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۰	۲۸
۲۷	۲۴	۲۲
۲۱	۲۹	۲۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳	۱۹	۱۷	۲۴
۲۵	۱۶	۲۲	۱۰
۲۰	۱۲	۲۳	۱۸
۱۵	۲۶	۱۱	۲۱

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے

۷۸۶

۲۱	۲۷	۲۵
۲۹	۲۴	۲۰
۲۳	۲۲	۲۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، د، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو مرتب کرتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر مرتب کرے تو افضل ہے

(نقش اگلے صفحے پر ہے)

۷۸۶

۲۵	۱۳	۱۵	۲۰
۱۶	۱۹	۲۶	۱۲
۲۲	۱۷	۱۱	۲۳
۱۰	۲۴	۲۱	۱۸

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت عامل اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے

۷۸۶

۲۱	۲۹	۲۳
۲۷	۲۴	۲۲
۲۵	۲۰	۲۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق ث، یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو مرتّب کرتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور اپنی ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر مرتّب کرے۔ تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱	۱۸	۱۰	۲۴
۱۱	۲۳	۲۲	۱۷
۲۶	۱۲	۱۶	۱۹
۱۵	۲۰	۲۵	۱۳

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۷	۲۱
۲۰	۲۴	۲۹
۲۸	۲۲	۲۳

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان نقوش پر ۳۷ مرتبہ "یا جلیل" پڑھ کر دم کر دے تو اُن کی تاثیر میں کئی گنا اضافہ ہو جائے۔

ان نقوش کو لکھتے وقت عامل کا یہ یقین ہونا چاہیئے کہ اس دُنیا میں کوئی بھی مصیبت اور مرض اس وقت تک رفع نہیں ہو سکتا۔ جب تک مالک کون ومکاں کی مرضی نہ ہو۔ اس لئے نقوش لکھتے وقت عامل کا دھیان مالک کی طرف ہونا چاہتے۔ اور اسی سے مقاصد میں کامیابی کی دُعا کرنی چاہیئے۔ ہر مریض کو پینے کے صرف ۱۱ نقش دیئے جائیں۔ اور باندھنے والے نقش کو نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔

محمد اجمل مفتاحی

حق تعالیٰ کا ۴۳ واں صفاتی نام الکریم ہے۔ کریم کے معنی ہیں بڑا سخی، بے حد شریف، بلاسفارش دینے والا۔ براہِ راست سننے والا۔ بڑا بزرگ، گویا کہ کریم حقیقتاً اس کو کہیں گے جو سب سے بڑا ہو۔ سب سے زیادہ فیاض ہو۔ سب سے زیادہ شریف اور رتبے والا ہو۔ اور جو لوگوں کی مدد براہِ راست کرتا ہو۔ اور کسی کی سفارش کے بغیر لوگوں کو عطا کرتا ہو اور عطا کرنے میں کسی کا پابند اور مشورے کا محتاج نہ ہو۔ اور ظاہر ہے کہ یہ تمام خوبیاں صرف ایک ہی ذات کے اندر موجود ہیں۔ اور وہ ذات حق تعالیٰ شانہٗ کی ذاتِ گرامی ہے۔

حق تعالیٰ کی شان یہ ہے کہ وہ سزا دینے پر قادر ہونے کے باوجود اپنے بندوں کو معاف کر دیتے ہیں۔ وہ اپنے بندوں سے جو وعدہ کرتے ہیں اُسے پورا کرتے ہیں۔ اور بندوں کو ان کے استحقاق اور اُن کی امیدوں سے زیادہ عطا کرتے ہیں۔ بندوں کی التجا سنتے ہیں۔ اور جو بندے کے حق میں بہتر ہو اس کا فیصلہ اس کے حق میں کر کے اپنی بزرگی اور کرامت کا اظہار بار بار کرتے ہیں۔

بندہ اگر ناشکری اور ناقدری کا مظاہرہ نہ کرے۔ تو اللہ تعالیٰ کے رحم و کرم کے معاملات کو جو اس کی ذاتی زندگی میں پیش آتے ہیں۔ اس کے لئے اُن کا شمار کرنا ناممکن ہو جائے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ سخی اس کو کہتے ہیں جو مانگنے پر کسی کو محروم نہ کرے۔ اور کریم اس کو کہتے ہیں جو بغیر مانگے اور بغیر طلب کئے بھی عطا کرے۔ حق تعالیٰ سخی بھی ہیں اور کریم بھی۔ وہ مانگنے پر اپنے بندوں کو محروم نہیں رکھتے۔ اور بندے اگر اس کے آگے اپنے دامن کو نہ پھیلائیں تو وہ تب بھی دینے اور عطا کرنے کی صفت کو اپنائے رکھتے ہیں اور قدم قدم پر اپنے بندوں کو اپنے کرم وعنایات سے نوازتے رہتے ہیں۔ اور رحم وکرم کی انتہا یہ ہے کہ وہ اپنے بندوں کو بلا تفریق نوازتے ہیں، اس لئے کہ وہ صرف مسلمانوں اور نمازیوں کے رب نہیں ہیں بلکہ وہ تمام عالموں کو پالنے والے ہیں۔ اور سب کو بلا استثنیٰ عطا کرتے ہیں۔

حق تعالیٰ کی اس صفت سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ ہر بندہ اللہ کے دوسرے بندوں کے ساتھ رحم وکرم کا معاملہ کرے۔ ان کی ضروریات کا حتیٰ الامکان خیال رکھے۔ دوسروں کی مدد اپنی بساط کے مطابق عمر بھر کرتا رہے۔ اور جب مدد کرے تو لوگوں کی امید سے زیادہ انھیں دے اور بلا تفریق مذہب وملت اپنا ہاتھ اونچا رکھے۔ تنگ نظری اور تنگ دامانی سے دُور رہے۔ پھر بندے کو اس اسم الٰہی کے وِرد کرنے کے فائدے بہت جلد محسوس ہوں گے

ہم صبح وشام "یا کریمُ" کا وظیفہ پڑھتے رہیں۔ اور لوگوں کی مدد سے جان چرائیں۔ لوگوں کو ان کی امیدوں سے بہت کم دیں۔ یا بالکل نہ دیں۔ اُن کی خطاؤں سے درگزر نہ کریں۔ دوسرے مذہبوں اور مسلکوں کے بارے میں تنگ نظری اور تنگ دلی کا مظاہرہ کریں تو ہم اس اسمِ الٰہی کے وظیفوں سے کچھ بھی فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ کیوں کہ جبتک ہم اپنے خالق

کے رنگ میں خود کو رنگنے کی کوشش نہیں کریں گے تو ہمیں اس کے نام کو پکارنے کا بھی کوئی حق نہیں ہے۔

کریم اسم جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۲۷۰ ہیں۔

اگر کوئی روزانہ اس اسم الٰہی کو سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے گا تو سخاوت اور فیاضی کی صفت اس کے اندر انشاء اللہ پیدا ہوگی۔ اور رفتہ رفتہ اس اسم کا پڑھنے والا کریم النفس ہو جائے گا۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو رات کو سونے سے پہلے ۲۷۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو فرشتے اس کیلئے یہ دُعا کرتے ہیں۔ اکرم اللہ اے پروردگار اللہ تو اس بندے کو معزز اور مکرم بنا دے۔

حضرت علیؓ اس اسم الٰہی کو ہمیشہ پڑھا کرتے تھے۔ قیامت تک لوگ حضرت علیؓ کا نام لے کر "کرم اللہ وجہہ" کہتے رہیں گے۔ یہ انعام ہے اس نیکی کا جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنی زندگی میں عمر بھر کی تھی۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کے ماں باپ بخیل ہوں اور اولاد کو محروم رکھتے ہوں یا اولاد بخیل ہو اور ماں باپ پر خرچ کرنے سے اس کا دم نکلتا ہو۔ یا شوہر بخیل ہو ——— اور بیوی کی ضروریات پوری کرتے وقت اس کا دِل تنگ ہو جاتا ہو تو ایسی تمام صورتوں میں ایک ہزار مرتبہ یا کَرِیمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانے سے بُخل اور تنگ دلی کی بیماری ختم ہو جاتی ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ اس اسم الٰہی میں الوَھَّابُ ذُوالطَّوْلِ کا اضافہ کر کے سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھتا ہے یعنی یَا کَرِیمُ

الوھّابُ ذُوالطولِ" تو وسعتِ رزق کے سلسلے میں ایسے ایسے عجائبات اپنی آنکھوں سے دیکھے گا کہ عقل حیران ہو جائے گی۔ اور ایسی جگہ سے رزق ملے گا کہ جہاں سے رزق ملنا وہم وگمان میں بھی نہیں ہوگا۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص ان دونوں نقوش کو نیک ساعت میں لکھکر اپنے پاس رکھّے گا تو اس کی روزی کشادہ ہوگی۔ بندشیں ختم ہوں گی۔ اور حیرتناک طور پر اس کے لئے رزق کے دروازے کھُل جائیں گے۔

وہ دونوں نقش یہ ہیں۔ ان نقوش کو آتشی چال سے پُر کیا جائے۔

۷۸۶

م	ی	ر	ک
ک	ر	ی	م
ی	م	ک	ر
ر	ک	م	ی

۷۸۶

وھّاب	ذوالطول	منعِم	کریم
منعِم	کریم	وھّابُ	ذوالطول
کریم	منعِم	ذوالطول	وھّابُ
ذُوالطول	وھّاب	کریم	منعِم

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ کوئی اس کی قدر نہیں کرتا یا کوئی یہ محسوس کرے کہ کسی جگہ یا کسی محکمے یا اپنے ہی گھر

یں اس کی عزت اور قدر نہیں ہے تو وہ چالیس دن تک ہر نماز کے بعد اس اسمِ الٰہی کو ۵۲۸ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ لوگ اس کی عزت و تکریم کرنے پر مجبور ہوں گے۔

اگر کسی شخص کی کوئی حاجت پوری نہ ہوتی ہو۔ وہ اس اسمِ الٰہی کو روزانہ ۱۱ ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور لگاتار ۷ ماہ تک اس عمل کو جاری رکھے حاجت کتنی بھی بڑی ہوگی انشاء اللہ پوری ہو جائے گی۔

اس اسمِ الٰہی کو اگر روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھا جائے عمر بھر۔ تو پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ پھر وہ جو بھی دعا کرتا ہے وہ قبول ہوتی ہے۔

اگر کوئی شخص حد سے زیادہ تنگ دست ہو تو اس کو چاہیئے نمازِ فجر کے بعد اور نمازِ عشاء کے بعد ایک گھنٹے تک روزانہ بلا تعداد گھڑی میں دیکھکر اس کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تنگ دستی دور ہو گی۔ اور رزق کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں گے۔ اور غیب سے بھی مدد ہو گی۔

اگر کسی دشمن سے جانی یا مالی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ۴۰ دن تک اس اسمِ الٰہی کو روزانہ ۱۴۲۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ کی پناہ میں رہے گا ــــــ اور دشمن ذرہ برابر بھی نقصان نہیں پہونچا سکیں گے۔

اس اسمِ الٰہی کا نقش دوسروں کو اپنے اوپر مہربان کرنے کے لئے دیا جاتا ہے۔ اور بفضلِ ربّ کریم تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ اور اس اسمِ الٰہی کے پینے کے نقوش تنگ دلی اور بخل دور کرنے کے لئے استعمال

ہوتے ہیں۔ اور اُن کے پینے سے بہت اچھے اور مفید نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۲۸۶

۶۷	۷۰	۷۳	۶۰
۷۲	۶۱	۶۶	۷۱
۶۲	۷۵	۶۸	۶۵
۶۹	۶۴	۶۳	۷۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۲۸۶

۹۱	۸۶	۹۳
۹۲	۹۰	۸۸
۸۷	۹۴	۸۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص ت یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی جانب کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۷۳	۶۶	۶۸	۶۳
۶۰	۷۱	۶۵	۷۴
۶۷	۷۲	۶۲	۶۹
۷۰	۶۱	۷۵	۶۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور اگر ان نقوش کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۹۱	۹۲	۸۷
۸۶	۹۰	۹۴
۹۳	۸۸	۸۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ ان نقوش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ شمال کی طرف کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۷۴	۶۳	۶۴	۶۹
۶۵	۶۸	۷۵	۶۲
۷۱	۶۶	۶۱	۷۲
۶۰	۷۳	۷۰	۶۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان نقوش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۸۹	۹۴	۸۷
۸۸	۹۰	۹۲
۹۳	۸۶	۹۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں۔ اُن کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جنوب کی طرف کرلے اور اپنی دائیں ٹانگ بچھا کر اور اپنی بائیں ٹانگ اٹھا کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۳	۶۰	۶۷	۷۰
۶۶	۷۱	۷۲	۶۱
۶۸	۶۵	۶۲	۷۵
۶۳	۷۴	۶۹	۶۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۹۱	۹۲	۸۷
۸۶	۹۰	۹۴
۹۳	۸۸	۸۹

ان تمام تعویذوں کو لکھنے کے بعد اگر ان پر ۲۵ مرتبہ "یا کریمُ" پڑھکر دم کردیں تو ان کی تاثیر و قوّت میں اضافہ ہو جائے۔ یا کریمُ کا تعویذ ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے بازو پر باندھنے کی تاکید کردیں۔ مرد سیدھے بازو پر باندھیں اور عورت بائیں بازو پر۔ اگر بازو پر باندھنا کسی وجہ سے ممکن نہ ہو تو پھر گلے میں تعویذ ڈالیں۔

حق تعالیٰ کا ۴۴ واں صفاتی نام الرّقیبُ ہے۔ الرقیب کے معنیٰ ہیں نگہبان اور نگرانی کرنے والا بعض علمار نے فرمایا ہے کہ جو ذات ہر چیز کو جانتی ہو اور ہر چیز کی محافظ بھی، اسی کو رقیبُ کہتے ہیں۔ گویا کہ رقیب علیم وحفیظ کا مجموعہ ہے۔

کراماً کاتبین ہر وقت بندے کے ساتھ رہتے ہیں۔ اور اُس کی ایک ایک بات نوٹ کرتے ہیں۔ اس لئے انھیں رقیب کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے۔

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ط

(بندہ) نہیں بولتا کوئی بات مگر اسی وقت ایک نوٹ کرنے والا نوٹ کرلیتا ہے۔

بہرکیف حق تعالیٰ کی ذاتِ گرامی چونکہ اپنے بندوں کے احوال سے باخبر بھی ہے اور ان کی ذات چونکہ بندوں کے لئے محافظ کی حیثیت بھی

--------- رکھتی ہے۔ اس لئے انھیں رقیب کہا جاتا ہے اس نام سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ بندہ اپنے نفس کی نگرانی کرتا رہے اور حق تعالیٰ کو علیم وخبیر جانتے ہوئے ہر لمحہ اور ہر آن اس سے ڈرتا رہے۔

یہ اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد ۳۱۲ ہیں۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے ذکر سے مال واولاد کی حفاظت ہوتی ہے۔

اگر حاملہ عورت روزانہ اپنے پیٹ پر اپنا دایاں ہاتھ رکھکر ساتؔ مرتبہ "یارقیبُ" پڑھے تو حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا۔

اگر دورانِ سفر کسی بھی بچّے کی گردن پر ساتؔ مرتبہ "یارقیبُ" پڑھ دے تو بچّہ دورانِ سفر تمام آفات وحادثات سے محفوظ رہے گا۔

اگر ہر فرض نماز کے بعد ساتؔ مرتبہ "یارقیبُ" پڑھا جائے تو بندے کے دل میں اپنے مالک کی محبّت پیدا ہوجائے۔

اگر روزانہ سوؔ مرتبہ "یارقیبُ" پڑھنے کا معمول بنالے۔ اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے تو پڑھنے والا صاحبِ جلال ہوجائے اور مخلوقات پر اس کا رعب اور دبدبہ قائم ہوجائے۔

اگر کوئی چیز گم ہوجائے تو اس اسم کو بہ کثرت پڑھے انشاءاللہ وہ چیز مل جائے گی۔

اگر مال واسباب پر پڑھکر ساتؔ مرتبہ دم کردیا جائے تو مال واسباب ضائع ہونے سے اور چوری ہونے سے محفوظ رہیں۔

اگر سات مرتبہ کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر روزانہ ۲۱ دن تک کسی کند ذہن بچے کو پانی سے دھو کر پلائیں تو اس کی کند ذہنی ختم ہو جائے۔

اگر کوئی شخص رات کو ۷ مرتبہ پڑھ کر اپنے گھر کی چاروں سمتوں میں پھونک مار دے تو اس کے گھر چور نہیں آئیں گے۔ اور اگر آ گئے تو کچھ نہیں لے جا سکیں گے۔

اگر کسی کے زخم یا پھنسی پھوڑے ٹھیک نہ ہوتے ہوں تو سات دن تک لگاتار ۳۱۲ مرتبہ "یارقیبُ" پڑھ کر اس کے زخموں اور پھنسی پھوڑوں پر دَم کر دیا جائے تو انشاء اللہ اس کے زخم اور پھنسی پھوڑے خشک ہو جائیں گے۔

اس اسم کے ورد میں کرنی کرتوت اور جادو وغیرہ کو باطل کرنے کی قوت بہت زیادہ ہے۔ اگر کسی شخص کو یہ گمان ہو کہ اس کے خلاف گھر یا باہر کا کوئی فرد کالے علم یعنی جادو وغیرہ کے تعویذ ڈالتا ہے یا اسی طرح کی کوئی اور حرکت کرتا ہے جو نقصان دہ بن سکتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ ۴۰ دن تک لگاتار اس اسم کا ورد ۴۸ ۱۲ مرتبہ کرے۔ ۴۰ دن کے بعد روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ ہر طرح کے کالے علم کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔ اور اس کے بعد ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہے گا۔ جس گھر میں یہ عمل ہو گا اس گھر کا ہر فرد اور اس گھر کی ہر شے اللہ کی حفاظت میں رہے گی۔

اگر کوئی شخص سفر میں جائے اور وہ اس اسم کو ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے اپنے تمام بچوں کو اور بیوی کو پلا دے اور کچھ پانی اپنے مکان کے چاروں گوشوں میں چھڑک دے تو اس کی واپسی تک انشاء اللہ اس کے

اہل خانہ اللہ کی حفاظت میں رہیں گے۔

اگر کسی عورت کا حمل بار بار ضائع ہو جاتا ہو تو ایک الائچی لے کر اس اسم الٰہی کو گیارہ سو مرتبہ پڑھکر اس الائچی پر دَم کرکے عورت کو کھلا دے۔ اسی طرح لگاتار، روز تک الائچی کھلائی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ساقط ہونے سے محفوظ رہے گا۔ اور بچہ تندرست پیدا ہوگا۔

اگر کوئی روزانہ اس اسم الٰہی کو ۴٩٩٢ مرتبہ ۴٠ روز تک پڑھے۔ تو وہ شخص اس اسم کا عامل ہو جائے گا۔ اس کے بعد وہ اس اسم الٰہی کا جو بھی عمل کرے گا وہ مؤثر اور مفید ہوگا۔ اور تاثیر ظاہر ہونے میں دیر نہیں لگے گی۔

اس اسم الٰہی کے نقوش، لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے مال واسباب کی حفاظت کے لئے، حمل کی حفاظت کے لئے جادو ٹونا کو باطل کرنے کے لئے، کند ذہنی کو رفع کرنے کے لئے دیئے جا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد نتائج برآمد ہوں گے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو۔ تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے۔ اور ایک زانو ہوکر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے

٧٨٦

٧٧	٨١	٨۴	٧٠
٨٣	٧١	٧٦	٨٢
٧٢	٨٦	٧٩	٧٥
٨٠	٧۴	٧٣	٨٥

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔
اور اُن کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے

۱۰۵	۱۰۰	۱۰۷
۱۰۶	۱۰۴	۱۰۲
۱۰۱	۱۰۸	۱۰۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی جانب کرلے اور دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۳	۷۹	۷۶	۸۴
۸۵	۷۵	۸۲	۷۰
۸۰	۷۲	۸۳	۷۷
۷۴	۸۶	۷۱	۸۱

اُن ہی حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۰۱	۱۰۶	۱۰۵
۱۰۸	۱۰۴	۱۰۰
۱۰۳	۱۰۲	۱۰۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو۔ تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے۔ اور لکھتے وقت اگر آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۰	۷۴	۷۳	۸۵
۷۲	۸۶	۷۹	۷۵
۸۳	۷۱	۷۶	۸۲
۷۷	۸۱	۸۴	۷۰

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے

۷۸۶

۱۰۳	۱۰۸	۱۰۱
۱۰۲	۱۰۴	۱۰۶
۱۰۷	۱۰۰	۱۰۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے۔ اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔

٧٨٦

٨١	٧٧	٧٠	٨٤
٧١	٨٣	٨٢	٧٦
٨٦	٧٢	٧٥	٧٩
٧٤	٨٠	٨٥	٧٣

ان ہی حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

٧٨٦

١٠١	١٠٦	١٠٥
١٠٨	١٠٤	١٠٠
١٠٣	١٠٢	١٠٧

ان تمام تعویذات کو لکھنے کے بعد اگر اُن پر ۷ مرتبہ "یارقیبُ" پڑھ کر دم کر دیں تو اُن کی تاثیر و قوت میں اضافہ ہو جائے۔ یارقیبُ کا نقش نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کریں۔ مرد کو تاکید کریں کہ سیدھے بازو پر باندھیں اور عورت کو تاکید کریں کہ نقش اپنے اُلٹے بازو پر باندھے۔ ورنہ پھر گلے میں ڈالیں۔

حق تعالیٰ کا ۴۵ واں صفاتی نام المجیبُ ہے۔ یہ نام اجابت سے بنا ہے اور اجابت کا مطلب ہے جواب دینا۔ اور سُننے والے کی پُکار سُننا اور قبول کرنا۔

حق تعالیٰ چوں کہ اپنے بندوں کی دُعاؤں کو سُنتا بھی ہے اور انھیں قبول بھی کرتا ہے۔ اس لئے اُسے "مجیب" کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے۔

اُدْعُوْنِیٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ط تم مجھے پُکارو میں تمہاری پُکار سنوں گا۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ اللہ کے دوسرے بندوں کی درخواست حتی الامکان قبول کرے ـــ اور حتی الوسع اس بات کی کوشش کرے کہ کسی کا سوال رَد نہ ہو۔

یہ اِسم، اسمِ جمالی ہے اور اس کے اعداد ۵۵ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس اسم کو بہ کثرت پڑھنے والا مستجابُ الدعوات ہو جاتا ہے اور اگر کوئی شخص روزانہ ایک تسبیح اس کی پڑھنے کا معمول بنائے تو نفس اور شیطان کی چالوں سے وہ محفوظ ہو جائے

اگر کوئی شخص کسی دشمن کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہنے کا خواہش مند ہو تو اسے چاہئے کہ روزانہ چالیس مرتبہ اس کا ورد رکھے۔ اور دشمن کی چالوں سے حفاظت کی دُعا کرے۔

اگر کوئی شخص اس اسمِ مبارک کو سات مرتبہ پڑھکر اپنے مال و اسباب پر دستک دے اور اپنی شہادت کی انگلی سے اپنے مکان کا حصار کردے تو اس کا مال واسباب اور اس کا مکان اللہ کی نگہبانی میں آجائے۔ اور چوروں اُچکوں نیز دوسری مخلوقات کے شر سے وہ محفوظ رہے۔

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو اپنے ہاتھ سے اپنا سر پکڑ کر تین مرتبہ "یا مجیبُ" پڑھے اور اپنے سینے پر دم کرے۔ کسی دوسرے کے لئے عمل کرے تو اپنے ہاتھوں سے اس کا سر پکڑ کر اس کے سر پر دم کرے۔ پھر دوسری مرتبہ پانچ بار پڑھکر دم کرے۔ کیسا بھی درد ہوگا انشاء اللہ اسی وقت رفع ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص کسی کاغذ پر اس اسمِ الٰہی کو ننانوے مرتبہ لکھکر اپنے پاس رکھے گا تو اس کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔

اگر کسی شخص کے خط کا جواب کہیں سے نہ آتا ہو یا کسی محکمے میں دی گئی درخواست قبول نہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ تین دن تک نمازِ فجر کے بعد اس اسمِ الٰہی کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اسکا جواب آجائے گا۔ اور اس کی درخواست قبول کرلی جائے گی۔ بعض بزرگوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ روزانہ اس عمل کے آخیر میں ۲۶ مرتبہ "یا سَرِیعُ یا مجیبُ" بھی پڑھنا چاہیئے۔

شیخ بونی ؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی کو مسخر کرنا چاہے تو اس کی تصویر اتار کر خلوت میں تصویر سامنے رکھکر گیارہ سو مرتبہ "یا مجیبُ" پڑھے۔ اس کے بعد کسی مٹی کی پلیٹ پر ستّر مرتبہ اس اسم کو لکھکر اس تصویر

کے ساتھ جنگل میں دفن کردے۔ انشاء اللہ وہ شخص مسخر ہوجائے گا۔

اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم الٰہی کو گیارہ دن تک روزانہ پانچ ہزار پانچ سو مرتبہ پڑھے۔ اور اپنی شادی کی دُعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کی شادی کہیں طے ہوجائے گی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کی دُعا اس کے لئے اور دوسروں کے حق میں بھی قبول ہوتی رہے تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم الٰہی کو روزانہ ۲۲۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے۔ اگر کسی قیدی کی رہائی مطلوب ہو تو مختلف لوگ مل کر ایک نشست میں اس اسم الٰہی کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر اس کی رہائی کی دُعا کریں۔ انشاء اللہ دُعا قبول ہوگی۔ اور قیدی کو رہائی نصیب ہوگی۔

اگر کسی کی بیوی ناراض ہوکر مائیکہ چلی گئی ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم الٰہی کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرکے اپنے دروازے پر پانی چھڑک دے۔ اس عمل کو گیارہ دن تک روزانہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بیوی واپس آجائے گی یہی اس شوہر کے لئے بھی کیا جاسکتا ہے۔ جو گھر سے ناراض ہوکر کہیں چلا گیا ہو۔

اگر کسی شخص کو مرشد کی تلاش ہو تو اس کو چاہیئے کہ روزانہ بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ اس اسم الٰہی کو دس دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی خواہش پوری ہوگی اور اس کی ملاقات کسی مرشد سے ہوجائے گی۔

اس اسم الٰہی کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ۴۰ دن تک اس اسم الٰہی کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ بہ نیتِ زکوٰۃ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی پھر اس اسم الٰہی کا نقش مختلف مقاصد میں انشاء اللہ مؤثر ثابت ہوگا۔

اس اسم الٰہی کا نقش حرفی جان و مال کی حفاظت کے لئے فریم میں آویزاں کرنا چاہئے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م	ج	ی	ب
ی	ب	م	ج
ب	ی	ج	م
ج	م	ب	ی

اس اسم الٰہی کا نقش جملہ حاجات و خواہشات کی تکمیل کیلئے دیا جاسکتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ خواہ مرد ہوں یا عورت انھیں گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۲۰	۱۶	۱۳
۱۷	۱۲	۷	۱۹
۱۱	۱۴	۲۲	۸
۲۱	۹	۱۰	۱۵

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت

یا ض ہو، ان کو مندرجہ ذیل نقش دینا چاہیئے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۱۴	۱۲	۲۰
۲۱	۱۱	۱۷	۶
۱۵	۸	۱۹	۱۳
۱۰	۲۲	۷	۱۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ، ر، ح، ل، ع، خ، د، یا غ ہو تو اس کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۱۰	۹	۲۱
۸	۲۲	۱۴	۱۱
۱۹	۷	۱۲	۱۷
۱۳	۱۶	۲۰	۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور

ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶	۱۳	۶	۲۰
۷	۱۹	۱۷	۱۲
۲۲	۸	۱۱	۱۴
۱۰	۱۵	۲۱	۹

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر "یا مجیبُ" ۵۵ مرتبہ پڑھکر اُن پر دم کر دیا جائے تو نقوش کی قوت و تاثیر میں اضافہ ہو جائے۔ "یا مجیبُ" کا نقش پینے کے لئے دینا ضروری نہیں ہے۔ اس لئے پینے کے نقوش کی تفصیل نہیں دی گئی۔

حق تعالیٰ کا ۴۶ واں صفاتی نام الواسعُ ہے۔ واسع ماخوذ ہے وسعت سے اور وسعت کہتے ہیں فراخی اور کشادگی کو۔ یعنی وہ ذات گرامی جو اپنے بندوں کے لئے وُسعت اور کشادگی پیدا کرنے والی ہے۔ اور بعض حضرات کا فرمانا یہ ہے کہ حق تعالیٰ کا علم چوں کہ وسیع ہے اور دُنیا کی کوئی شئے ذاتِ گرامی کے علم سے باہر نہیں ہے۔ اس لئے اس کو واسع کہا جاتا ہے بعض بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ حق تعالیٰ کے علم کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

اور اس کے جود و کرم کی بھی کوئی انتہا نہیں۔ اس لئے وہ بہر اعتبار واسع کہلانے کا حق دار ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ انسان اپنے خیالات میں وسعت اور کشادگی پیدا کرے اور اللہ کے بندوں کے لئے دریا دلی کا مظاہرہ کرے۔

یہ اسم، اسم جمالی ہے اس کے اعداد ۱۳۷ ہیں۔ جو شخص اس اسم کا ورد بار بار کرے اس کو وسعت اور فراخی نصیب ہو۔ جو شخص نمازِ ظہر کے بعد ۶۰ مرتبہ اس اسم کو روزانہ پڑھے گا تو اس کا دل کھل جائے گا۔

اگر کوئی روزانہ ۱۳۷ مرتبہ صبح و شام پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کی روزی فراخ ہو جائے۔

جو شخص غربت و افلاس کا شکار ہو اس کو چاہئے کہ ۳ دن تک روزانہ اس اسم الٰہی کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ افلاس سے نجات مل جائے گی۔

اگر کسی بچے کو قرآن مجید یاد نہ ہوتا ہو تو ہر قمری مہینے کی پہلی، دوسری تیسری کو ۱۰۰ مرتبہ "یا وَاسِعُ" پڑھکر ایک گلاس پانی پر دم کرکے پلانا چاہیے انشاء اللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص چڑھتے چاند میں اس نقش کو لکھکر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھکر اس پر دم کردے اور اس کو اپنے ہاتھ پر باندھنے کے بعد روزانہ ۱۳۷ مرتبہ "یا وَاسِعُ" پڑھتا رہے تو اس کی روزی میں زبردست اضافہ ہو جائے۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے)

۷۸۶

و	ا	س	ع
ع	س	ا	و
ا	و	ع	س
س	ع	و	ا

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو سترہ دن تک روزانہ ستر ہزار مرتبہ پڑھے تو تمام مخلوقات اس کے تابع ہو جائیں۔ اور اس کو مرتبۂ بلند حاصل ہو۔

صاحب شمس المعارفؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص "یا واسعُ" ۳۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے کی عادت ڈالے اس کی عمر میں اضافہ ہو —— اور اس کے ہر کام میں آسانی پیدا ہو جائے۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی دکان میں زبردست ترقی ہو تو جمعہ کے دن ۳۱۲۵ مرتبہ اس اسم الٰہی کو خود پڑھے۔ یا کچھ لوگ مل کر پڑھیں اور لگاتار ۴۰ دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دکان میں زبردست ترقی ہوگی۔

اگر کوئی گھرانہ غربت اور افلاس کا شکار ہو تو اس کو چاہئے کہ ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ اس اسم کو مختلف گھر کے افراد مل کر پڑھیں اور لگاتار ۴۰ دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ اِنْ شَاءَ اللہ تعالیٰ غربت و افلاس سے نجات مل جائے گی۔

اگر اس اسم الٰہی کو روزانہ ۳۳ مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈالے تو کاروبار اور رزق میں اضافہ ہوتا رہے

اس اسم الٰہی کو ۱۳۷۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ۴۰ دن میں اس اسم الٰہی کا عامل بن جاتا ہے۔ پھر اس اسم الٰہی کا نقش ـــــ وسعتِ رزق کیلئے اگر کسی کو دیا جائے گا تو فوراً اثر ہوگا۔ اور اس کی مالی حالت میں سدھار پیدا ہوگا۔

"یا واسعُ" کا نقش صرف گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے دیا جاتا ہے۔ اس نقش سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔ روزگار بڑھتا ہے۔ اور ذہن وفکر میں کشادگی پیدا ہوتی ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے۔ اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۴	۳۷	۴۰	۲۶
۳۹	۲۷	۳۳	۳۸
۲۸	۴۲	۳۵	۳۲
۳۶	۳۱	۲۹	۴۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے ـــ یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی جانب کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۴۰	۳۳	۳۵	۲۹
۲۶	۳۸	۳۲	۴۱
۳۴	۳۹	۲۸	۳۶
۳۷	۲۷	۴۲	۳۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو توان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ـــــــ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱	۲۹	۳۱	۳۶
۳۲	۳۵	۴۲	۲۸
۳۸	۳۳	۲۷	۳۹
۲۶	۴۰	۳۷	۳۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو، اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر لکھے تو افضل ہے

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۴۰	۲۶	۳۴	۳۷
۳۳	۳۸	۳۹	۲۷
۳۵	۳۲	۲۸	۴۲
۲۹	۴۱	۳۶	۳۱

ان تعویذات کو لکھنے کے بعد اگر ان پر اا مرتبہ "یا واسع" پڑھ کر دم کر دیں تو ان کی تاثیر و قوت میں اضافہ ہو جائے۔ اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔

حق تعالیٰ کا ۴۷ واں صِفاتی نام الحکیم ہے۔ حکیم --- ماخوذ ہے حِکمت سے۔ اس معنیٰ کے اعتبار سے حکیم کہلانے کی حقدار وہ ذات ہے جسے حقائقِ اشیاء کا علم کلی طور پر ہو۔ اور جو دانائی کے اعتبار سے بھی دوسروں پر فائق ہو۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ حکمت و دانائی کو زندگی کے ہر ہر معاملے میں اختیار کرے اور منشاءِ الٰہی کے خلاف کوئی کام انجام نہ دے۔

یہ اسم اسمِ جمالی ہے۔ اس کے اعداد ۷۸ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۷۸۰ مرتبہ اس اسم

کا وِرد کرے گا تو وہ صاحبِ حِکمت بن جائے گا۔

اگر کسی شخص کی کوئی آرزو پُوری نہ ہوتی ہو تو ۶ دن تک اس اسم کا ورد ۱۱ سو مرتبہ روزانہ کرے بحکمِ خدا آرزو پُوری ہو جائے گی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر میاں بیوی میں نا اتفاقی ہو اور بیوی چاہے کہ شوہر اس سے محبت کرے تو کسی میٹھی چیز پر ایک ہزار مرتبہ "یا حکیمُ" پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھِلا دے۔ انشاءاللہ شوہر کے دِل میں بیوی کی محبت پیدا ہوگی۔

یہی عمل ___ اگر کسی بھی بدمزاج انسان کے لئے کیا جائے تو اُس کی بدمزاجی دُور ہو جائے۔

ظہر کی نماز کے بعد ۹۰ مرتبہ پڑھنے سے ___ ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مُبارک کا نقش ذوالکتابت لکھ کر اپنے پاس رکھے گا ___ تو اس میں اخلاقِ حسنہ پیدا ہوں گے۔ اور دوسرے لوگ بھی اس کے ساتھ حسنِ اخلاق کا معاملہ کریں گے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م	ی	ک	ح
۱۹	۹	۳۹	۱۱
۱۰	۲۲	۸	۳۸
۹	۳۷	۱۱	۲۱

علامہ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو روزانہ ۷۸۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اور ۳ سال تک لگاتار پڑھتا رہے تو اس پر انوار واسرار منکشف ہونے لگیں گے۔

اگر رات کو سوتے وقت کوئی شخص اس اسم الٰہی کے ۷۸ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس پر حکمت اور دانائی کی راہیں۔ کھل جائیں گی۔ اور اس کی فہم وفراست میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔

جو حکیم یا ڈاکٹر مندرجہ ذیل وظیفے کو گیارہ سو مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھے گا۔ اس میں امراض کو سمجھنے کی طاقت بہت زیادہ پیدا ہو جائے گی۔ اور بفضلِ خدا اس کا تجویز کردہ علاج کامیاب ہوگا۔ وظیفہ یہ ہے۔

یَا حَکِیْمُ تَحَکَّمْتَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْحِکْمَۃُ فِیْ حِکْمَۃِ حِکْمَتِکَ یَا حَکِیْمُ ط

جو شخص ۴۰ دن تک بہ نیت زکوٰۃ اس اسم الٰہی کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیگا وہ اس اسم کا عامل ہو جائے گا۔ اس اسم الٰہی کا نقش صرف باندھنے کے لئے دینا چاہیے۔ اور حکمت وفراست میں اضافہ کرنے کیلئے دینا چاہیے

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ف، ش، یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت۔ اگر عامل رُخ مشرق کی طرف کرلے اور یک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۲۳
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے

نقش یہ ہے۔

۱۵	۲۰	۱۸	۲۵
۲۶	۱۷	۲۳	۱۲
۲۱	۱۴	۲۴	۱۹
۱۶	۲۷	۱۳	۲۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو۔ تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ ان نقوش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جنوب کی طرف کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۱	۱۶	۱۵	۲۶
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۴	۱۳	۱۸	۲۳
۱۹	۲۲	۲۵	۱۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش

دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ شمال کی طرف کرے اور اپنی دائیں ٹانگ بچھا کر اور اپنی بائیں ٹانگ اٹھا کر لکھے تو نقش بے نظیر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۱۲	۱۹	۲۲
۱۸	۲۳	۲۴	۱۳
۲۰	۱۷	۱۴	۲۷
۱۵	۲۶	۲۱	۱۶

ان تمام تعویذوں کو لکھنے کے بعد اگر ان پر ۷۸ مرتبہ "یا حکیم" پڑھ کر دم کر دیں ــــ تو اُن کی تاثیر میں اضافہ ہو جائے گا۔

حق تعالیٰ کا ۴۸ واں صفاتی نام "الودود" ہے یہ اسم جمالی ہے۔ اس کے اعداد ۲۰ ہیں ــــ جو شخص اس کے وظیفے کو سو مرتبہ روزانہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ کی محبت اس کے دل میں بدرجہ عشق پیدا ہو گی۔

اگر کوئی شخص اپنے نافرمان محبوب کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہے تو بعد نماز عشاء ۳۳۰ مرتبہ محبوب کا تصور کر کے پڑھے۔ انشاء اللہ وہ فرمانبردار ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص اپنے محبوب کے نام کے اعداد کے برابر پڑھ کر کسی میٹھی

چیز پر دم کر کے محبوب کو کھلا دے۔ انشاء اللہ محبوب مطیع اور مسخر ہو جائیگا۔

اگر کسی کا لڑکا آوارہ ہو گیا ہو یا نافرمان ہو تو بعد نماز جمعہ ۱۰۰۱ بار پڑھکر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اس کو کھلائیں، ۴ جمعوں تک ایسا کریں انشاء اللہ تعالیٰ وہ سیدھے راستے پر آجائے گا۔

اگر میاں بیوی میں نااتفاقی رہتی ہو تو اس اسم الٰہی کو ۱۰۰۱ مرتبہ پڑھکر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں کو کھلائیں تو اُن کی نااتفاقی دور ہو جائیگی اور دونوں میں بے مثال محبت قائم ہو جائے گی۔

اگر عورت ۳ ہزار مرتبہ "یا وُدودُ" پڑھکر کسی خوشبو پر دم کر کے وہ خوشبو لگا کر اپنے خاوند کے پاس جائے تو اس کا خاوند اس پر فریفتہ ہو جائیگا

جس شخص کا گھوڑا بدمزاج یا شریر ہو تو چنے کے آٹے پر ۳ مرتبہ "یا وُدودُ" پڑھکر دم کر کے گھوڑے کو کھلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ۳ دن میں گھوڑا ٹھیک ہو جائے گا۔

تسخیر عام کے لئے اس اسم مُبارک کو ۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ۴۰ دن تک لگاتار۔ ۳ دن ناغہ کر کے پھر ایک چلہ اسی طرح پُورا کریں۔ اس طرح ۳ چلے کریں۔ ۳ چلوں کے بعد گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھنے معمول بنالیں انشاء اللہ تعالیٰ عوام و خواص عامل پر دیوانہ وار فدا ہوں گے۔

اس اسم الٰہی کا عامل بننے کے لئے ۵۱۲۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ اور بہ نیت زکوٰۃ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ ۴۰ دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی ــــ اس اسم الٰہی کا نقش برائے محبت تیر کی طرح کام کرتا ہے۔

اس اسم الٰہی کا نقش عددی بھی کارگر ثابت ہوتا ہے۔ اور نقش حرفی بھی۔ ہر مزاج کے مرد اور عورت کو یہ دونوں نقش گلے میں ڈالنے یا

بازو پر باندھنے کے لئے دیئے جا سکتے ہیں۔
نقش کے نیچے طالب و مطلوب کے نام لکھ دینے چاہئیں۔
نقش یہ ہے۔ نقش عددی یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۴	۶	۴
۶	۴	۶	۴
۴	۶	۴	۶
۴	۶	۴	۶

الحُب فلاں ابن فلاں
علیٰ حب فلاں ابن فلاں

نقش حرفی یہ ہے

و	د	و	د
و	د	و	د
د	و	د	و
د	و	د	و

الحب فلاں ابن فلاں
علیٰ حُبّ فلاں ابن فلاں

اس اسمِ الٰہی کے نقش کا ایک طریقہ یہ بھی ہے۔ یہ نقش فنی اعتبار سے درست نہیں ہے۔ لیکن موثر بہت ہے۔

۷۸۶

۵	۸	۷
۹	۷ ۲ ۱ ۷ ۴	۱۰
۶	۱۱	۳

الحب فلاں ابن فلاں

علی حب فلاں ابن فلاں

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو تو اُن کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اُن کو مشرق کی طرف رُخ کر کے لکھیں۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱	۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، ی، ن، ص، ت یا ض ہو تو اُن کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اُن کو مغرب کی طرف رُخ کر کے لکھیں۔

۷۸۶

۳	۹	۸
۱۱	۷	۲
۶	۴	۱۰

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو تو اُن کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اُن کو لکھتے وقت جنوب کی طرف اپنا رُخ کریں۔

۷۸۶

۶	۱۱	۳
۴	۷	۹
۱۰	۲	۸

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، ش، ق، ث، یا ظ ہو تو ان کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو شمال کی طرف رُخ کرکے لکھیں۔

۷۸۶

۸	۹	۳
۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۲۰ مرتبہ "یا وُدُودُ" پڑھکر دم کردے تو ان کی تاثیر کئی گنا زیادہ ہو جائے۔ ان نقوش کو کم سے کم ۷، اور زیادہ سے زیادہ ۴۱ نقوش پینے کے لئے دیئے جائیں شربت وغیرہ میں نقش زیادہ اثر دکھائے گا۔

حق تعالیٰ کا ۴۹ واں صفاتی نام المجید ہے، مجید، ماجد اور مجد سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں حد سے زیادہ عظیم ترین ذات۔ یہ اسم، اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۵۷ ہیں۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہوگی کہ بندہ اپنے اندر عظمت پیدا کرے اور عظمت بندوں میں عاجزی اور انکساری سے پیدا ہوتی ہے۔ بڑائی سے نہیں۔ جو بندہ خود کو کمتر اور دوسرے بندوں کو اپنے سے بہتر سمجھے درحقیقت وہی عظیم ہے

- جو شخص اس اسم الٰہی کا ورد روزانہ ۱۰۰ مرتبہ کرے گا وہ عظیم المرتبت ہوگا

اگر کسی کے پیر یا ہاتھ میں پھوڑا ہو گیا ہو یا کسی کو جذام، کوڑھ یا برص کی شکایت ہو تو اس کو چاہیئے کہ چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخوں کے روزے رکھے اور افطار سے پہلے ۳۶۰ مرتبہ "المجید" پڑھکر بیماری کی جگہ پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات مل جائے گی۔

اگر کسی شخص کو آتشک کی بیماری ہو یا خونی بواسیر ہو تو اس اسم الٰہی کو سات ہزار مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے صبح و شام ۷ روز تک یہ پانی پیئے۔ انشاء اللہ بیماری سے نجات ملے گی۔

جس شخص کی پسلی میں درد ہو اس کو چاہیئے کہ ایک ہزار مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھکر روئی پر دم کر کے وہ روئی درد کی جگہ باندھے انشاء اللہ

پسلی کے درد سے نجات مل جائے گی

اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہوگیا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو چاندی کی تختی پر کندہ کرکے اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد وہ اپنے عہدے پر دوبارہ فائز ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

د	ج ی	م	ال
۳۹	۳۲	۳	۱۴
۳۳	۴۲	۱۱	۲
۱۲	۱	۳۴	۴۱

اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو ۵۷۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور لگاتار تین سال تک پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اس کو بزرگی عطا کریں گے

جو شخص اس اسم کو روزانہ ۳۰۰ مرتبہ پڑھتا رہے اس کا ہر کام آسانی سے سرانجام پائے گا۔ اگر لڑکے یا لڑکی کی شادی کسی وجہ سے رک گئی تو اس اسم کو ۳۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے کی برکت سے شادی کا انتظام ہو جائے گا۔ اس اسم الٰہی کا ورد رکھنے والے کا کوئی کام نہیں رکتا۔

اس اسم الٰہی کو ہر نماز کے بعد اگر کوئی ۵۷ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس میں تقویٰ اور پرہیز گاری پیدا ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ سگریٹ بیڑی کی عادت چھوٹ جائے تو روزانہ ۲۱۲۵ مرتبہ چھوٹی الائچی کے ایک دانے پر دم کرکے یہ الائچی چبائیں اس عمل کو لگاتار ۴۰ روز تک کریں۔ یہ عمل کسی اور کے لئے بھی کیا جاسکتا ہے

لیکن الائچی وہی چبائے گا جس کے لئے عمل کیا گیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیڑی سگریٹ کی عادت چھوٹ جائے گی۔

اس اسم الٰہی کا مکمل عامل بننے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس اسمِ الٰہی کو روزانہ بہ نیت زکوٰۃ ۱۲۵۰۰ مرتبہ لگاتار ۴۰ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد مذکورہ بالا تمام عملیات میں زبردست کامیابی ملے گی۔

اس اسمِ الٰہی کے نقش موذی امراض، حصولِ اقتدار، مقبولیتِ عامّہ کے لئے دیئے جا سکتے ہیں۔ جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ع، م، ف، ش یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے اور یک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱۷	۲۰	۶
۱۹	۷	۱۳	۱۸
۸	۲۲	۱۵	۱۲
۱۶	۱۱	۹	۲۱

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے

۲۰	۱۵	۲۲
۲۱	۱۹	۱۷
۱۶	۲۳	۱۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرکے دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۹	۱۵	۱۳	۲۰
۲۱	۱۲	۱۸	۶
۱۶	۸	۱۹	۱۴
۱۱	۲۲	۷	۱۷

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

۱۶	۲۱	۲۰
۲۳	۱۹	۱۵
۱۸	۱۷	۲۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جنوب کی طرف کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۱۶	۱۱	۹	۲۱
۸	۲۲	۱۵	۱۲
۱۹	۷	۱۳	۱۸
۱۴	۱۷	۲۰	۶

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۳	۱۶
۱۷	۱۹	۲۱
۲۲	۱۵	۲۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ز، ک، س، ق، ش، یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ شمال کی طرف کرلے اپنی دائیں ٹانگ اٹھا کر اور بائیں ٹانگ بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰	۶	۱۴	۱۷
۱۳	۱۸	۱۹	۷
۱۵	۱۲	۸	۲۲
۹	۲۱	۱۶	۱۱

ان ہی حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دئے جائیں ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

۲۰	۲۱	۱۶
۱۵	۱۹	۲۳
۲۲	۱۷	۱۸

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ہر نقش پر ۵۷ مرتبہ "مجید" پڑھکر دم کر دیں تو ان کی تاثیر میں کئی گنا اضافہ ہو جائے۔ ان نقوش کو نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔ پینے کے لئے ایک مریض کو ۴۱ نقش دیئے جائیں انشاء اللہ تعالیٰ زبردست فائدہ محسوس کریں گے۔ اس دنیا میں انسانوں کو فائدہ جب ہی ہوتا ہے۔ جب حکم خداوندی شامل حال ہو۔ اس لئے ہر عامل کا فرض ہے کہ وہ خود بھی اپنے مالک پر بھروسہ رکھے اور مریضوں کی ذہن سازی بھی کرتا رہے۔ کیونکہ بندگی کی اصل معراج یہی ہے کہ مالک کے سوا نہ کسی کو معبود سمجھے نہ کسی کو مددگار۔

حق تعالیٰ کا پچاسواں صفاتی نام الباعث ہے۔ اس کا مطلب ہے وہ ذات جو مرنے کے بعد انسانوں کو دوبارہ حشر کے دن اٹھائیگی۔ یہ بعثت سے ماخوذ ہے۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ جن لوگوں کے دل اور ضمیر مردہ ہو چکے ہیں۔ ان کو نئی زندگی دینے کے لئے دین کی تبلیغ کرے اور انسانوں کو معصیت اور بے ضمیری کی دلدل سے نکالنے کی جدّ وجہد زندگی بھر جاری رکھے۔

یہ اسمِ الٰہی مشترک ہے اور اس کے اعداد ۵۷۳ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ہر رات کو سونے سے پہلے اپنا دایاں ہاتھ اپنے دل پر رکھ کر اس اسمِ الٰہی کو سنو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کو معرفتِ حق کی دولت کثیر مقدار میں حاصل ہو جائے۔

اگر کوئی شخص کسی حاکم کے پاس جانے سے پہلے اس اسمِ الٰہی کو سات مرتبہ پڑھکر اپنے چہرے پر اپنے دونوں ہاتھ مَل لے تو حاکم اس پر مہربان ہو جائے۔

اگر کسی شخص کا لڑکا، ملازم یا کوئی عزیز گم ہو گیا ہو تو وہ یا باعثُ کا عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ بہت جلد واپس آجائے گا۔

طریقۂ عمل یہ ہے کہ لگاتار تین روزے رکھے جائیں۔ اور ظہر کی نماز کے بعد پانچ ہزار مرتبہ "یا باعثُ" پڑھا جائے۔ اس کے بعد ہاتھ اُٹھا کر

یہ دُعا کی جائے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْاَرْضَ اَرْضُكَ وَالسَّمَآءَ سَمَآءُكَ وَمَا بَیْنَھُمَا فَھِیَ لَكَ اٰتِ لِفُلَانٍ اِلَیْنَا۔ لفظ فلاں کی جگہ گم شدہ کا نام مع والدہ کے لیا جائے۔ اس دُعا کو ۲۱ مرتبہ پڑھکر اپنے دونوں ہاتھ اپنے چہرے پر پھیریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین دن کے اندر مطلوب اپنے گھر واپس آجائیگا یا اس کی خبر موصول ہوگی۔

کسی بھی پریشانی کو دفع کرنے کے لئے یا باعِثُ روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھیں اور چالیس دن تک لگاتار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پریشانی سے نجات ملے گی۔

اگر کوئی شخص پست ہمتی یا احساسِ کمتری کا شکار ہو تو وہ اس اسم الٰہی کو ہر فرض نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو پست ہمتی اور احساسِ کمتری سے نجات مل جائے گی اور اس میں زندگی کا حوصلہ اور ولولہ پیدا ہوگا۔

اگر کوئی شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو روزانہ ۹۱۶۸ مرتبہ اس کا وِرد چالیس دن تک لگاتار کرے۔ چالیس دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اور پھر اس اسم الٰہی کی برکتوں سے عامل پوری طرح معمور ہوگا۔

اس اسم الٰہی کا نقش ان لوگوں کے لئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے جو مُردہ دِلی، بے ضمیری اور نافرمانی کی زندگی گذار رہے ہوں۔ نافرمانی اللہ تعالیٰ کی ہو، ماں باپ کی ہو۔ استاذ کی ہو یا کسی کی بھی ہو اس کا نقش اس نافرمانی کو دفع کرنے میں باذن اللہ تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ اگر صورتِ حال زیادہ ابتر ہو تو پینے کے بھی نقش دینے چاہئیں۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ــــ الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو تو ــــ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے ــ اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے نقش یہ ہے۔

۱۳۵	۱۴۹	۱۴۶	۱۴۳
۱۴۷	۱۴۲	۱۳۶	۱۴۸
۱۴۱	۱۴۴	۱۵۱	۱۳۷
۱۵۰	۱۳۸	۱۴۰	۱۴۵

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے

۷۸۶

۱۹۴	۱۸۷	۱۹۲
۱۸۹	۱۹۱	۱۹۳
۱۹۰	۱۹۵	۱۸۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو، اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔)

۱۳۸	۱۴۴	۱۴۲	۱۴۹
۱۵۰	۱۴۱	۱۴۷	۱۳۵
۱۴۵	۱۳۷	۱۴۸	۱۴۳
۱۴۰	۱۵۱	۱۳۶	۱۴۶

ان ہی حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اگر عامل اس کو لکھتے وقت بھی مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۸۸	۱۹۳	۱۹۲
۱۹۵	۱۹۱	۱۸۷
۱۹۰	۱۸۹	۱۹۴

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جنوب کی جانب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۴۵	۱۴۰	۱۳۸	۱۵۰
۱۳۷	۱۵۱	۱۴۴	۱۴۱
۱۴۸	۱۳۶	۱۴۲	۱۴۷
۱۴۳	۱۴۶	۱۴۹	۱۳۵

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۹۰	۱۹۵	۱۸۸
۱۸۹	۱۹۱	۱۹۳
۱۹۴	۱۸۷	۱۹۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۹	۱۳۵	۱۴۳	۱۴۶
۱۴۲	۱۴۷	۱۴۸	۱۳۶
۱۴۴	۱۴۱	۱۳۷	۱۵۱
۱۳۸	۱۵۰	۱۴۵	۱۴۰

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۱۹۲	۱۹۳	۱۸۸
۱۸۷	۱۹۱	۱۹۵
۱۹۴	۱۸۹	۱۹۰

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد عامل کو چاہیئے کہ ان پر "یا باعث" ۱۵۰ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں تو ان کی تاثیر میں کئی گنا اضافہ ہو جائے پینے کے لئے ایک شخص کو کم سے کم ۱۵ نقوش دیئے جائیں ــــ اور لگاتار ۱۵ دن تک پینے کی تاکید کی جائے ــــ باندھنے والے نقش کو اگر فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کریں تو بہتر ہے۔

حق تعالیٰ کا ۵۱ واں صفاتی نام الشہید ہے۔ شہید کے معنیٰ یہ ہیں کہ وہ ذات بابرکت جو پوشیدہ اور اعلانیہ سبھی طرح کی باتوں، خبروں اور رازوں سے باخبر ہے۔

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد ۳۱۹ ہیں۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ اپنے علم و معرفت میں دن رات اضافہ کرنے کی سعی کرتا رہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم الٰہی کی کثرت رکھے گا۔ اس کا دل باطل کی طرف سے متنفر ہو جائے گا۔ اور اس کی طبیعت حق کی طرف مائل ہو جائے گی۔

جو شخص اپنی بیوی اور اپنے بچوں کے سر کے بال پکڑ کر ایک ہزار مرتبہ "یا شہید" پڑھے گا تو اس کے بیوی بچے اس کے زبردست مطیع اور فرمانبردار ہو جائیں گے۔

اگر کوئی شخص روزانہ اس اسمِ الٰہی کو ۳۱۹ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کے بیوی بچے ہر طرح کی بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہیں

اگر کوئی شخص اپنے مقدمہ میں حق بجانب ہو۔ لیکن مخالف گروہ جھوٹے گواہوں سے غالب ہونے کی کوشش کر رہا ہو تو مقدمہ کی تاریخ سے (اُس تاریخ سے جس میں جھوٹے گواہ جھوٹی گواہی کے لئے پیش ہونے والے ہوں) سات دن پہلے اس اسم کو روزانہ ۱۰۰ ۵ مرتبہ پڑھے اور جس وقت گواہ عدالت میں پیش ہو۔ دل ہی دل میں لاتعداد مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ وہ گواہی دینے پر قادر نہ ہو سکے گا۔

مقدمہ کی کامیابی کے لئے روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ "یا شہیدُ یا اللہ" چالیس روز تک پڑھے۔

اگر کسی شخص پر کسی نے جھوٹی تہمت لگا رکھی ہو تو اس سے بری ہونے کیلئے "یا شہید" روزانہ گیارہ سو مرتبہ کسی قبرستان یا مسجد میں بیٹھکر پڑھے۔ نمازِ عصر کے بعد پڑھنے میں زیادہ فائدہ ہے۔ ۱۱ روز تک اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تہمت سے بری ہو گا۔

اگر کوئی شخص روزانہ اس کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ فحش گناہوں اور دیگر برائیوں سے محفوظ رہے گا۔

جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے وہ روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ ۴۰ دن لگاتار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ چالیس دن میں ادا ہو جائیگی اور اس کے بعد اس اسمِ الٰہی کا جو بھی عمل کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ زبردست کامیابی ملے گی۔

اس اسمِ الٰہی کا نقش علم و معرفت کی زیادتی کے لئے تیر بہدف ہے

اگر حافظہ کمزور ہو یا یادداشت خراب ہو تو پینے کے نقش بھی کارگر ثابت ہوتے ہیں۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ف، م، ش یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۹	۸۲	۸۶	۷۲
۸۵	۷۳	۷۸	۸۳
۷۴	۸۸	۸۰	۷۷
۸۱	۷۶	۷۵	۸۷

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے

۷۸۶

۱۰۷	۱۰۲	۱۱۰
۱۰۹	۱۰۶	۱۰۴
۱۰۳	۱۱۱	۱۰۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے

نقش یہ ہے۔

۸۶	۷۸	۸۰	۷۵
۷۲	۸۳	۷۷	۸۷
۷۹	۸۵	۷۴	۸۱
۸۲	۷۳	۸۸	۷۶

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۱۰۷	۱۰۹	۱۰۳
۱۰۲	۱۰۶	۱۱۱
۱۱۰	۱۰۴	۱۰۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، غ، ر، خ یا غ ہو۔تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۸۷	۷۵	۷۶	۸۱
۷۷	۸۰	۸۸	۷۴
۸۳	۷۸	۷۳	۸۵
۷۲	۸۶	۸۲	۷۹

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۱۰۵	۱۱۱	۱۰۳
۱۰۴	۱۰۶	۱۰۹
۱۱۰	۱۰۲	۱۰۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ح، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ بچھا کر اور ایک ٹانگ اٹھا کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۶	۷۲	۷۹	۸۲
۷۸	۸۳	۸۵	۷۳
۸۰	۷۷	۷۴	۸۸
۷۵	۸۷	۸۱	۷۶

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اُن کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۱۰۷	۱۰۹	۱۰۳
۱۰۲	۱۰۶	۱۱۱
۱۱۰	۱۰۴	۱۰۵

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ۱۹ مرتبہ "یا شہید" پڑھکر اُن پر دم کر دیا جائے تو ان کی تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جائے۔ ان نقوش کو نیلے رنگ کے کپڑے میں باندھ کر استعمال کرنے کی تاکید کی جائے۔ مردوں کے دائیں بازو پر نقش باندھنا چاہیئے اور عورتوں کے بائیں بازو پر۔ ورنہ پھر دونوں حضرات اپنے گلے میں ڈالیں۔

حق تعالیٰ کا ۵۲ واں صفاتی نام الحق ہے۔ الحق کا مطلب یہ ہے کہ ثابت و دائم رہنے والی ذات یعنی وہ ذات جو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ وہ اپنے وجود میں بھی ثابت قائم رہنے والی ذات ہے اور وہ اپنی مشیئت، قدرت اور مزاج میں بھی یکساں طور پر قائم و دائم رہنے والی ذات ہے۔ اور اس کے ماسوا کسی میں یہ خوبی موجود نہیں ہے۔

یہ اسم، اسمِ مشترک ہے اور بعض کے نزدیک جلالی ہے۔ اس کے اعداد ۱۰۸ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی کا مال یا کوئی چیز چوری ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ ایک کاغذ کے چاروں گوشوں پر "الحق" لکھکر اس کاغذ کو اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں دبا کر "یا حق" ۱۰۸ مرتبہ پڑھکر اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چوری شدہ چیز مل جائے گی یا پھر اس سے بہتر ملے گی۔

اگر کوئی قیدی آدھی رات کو ننگے سر اور ننگے پاؤں کھڑے ہو کر ۱۰۸ مرتبہ روزانہ "یا حق" پڑھے تو بہت جلد اس کی رہائی کا فیصلہ ہو جائے اس عمل کو لگاتار ۶۰ دن تک کرنا چاہیئے۔ اس عرصے میں انشاء اللہ تعالیٰ رہائی کا فیصلہ ہو جائے گا۔

گم شدہ یا ضبط شدہ سامان کے لئے ہر جمعہ کو ۷۰ مرتبہ "یا حق" پڑھے۔ اور اس طرح لگاتار ۷ جمعوں تک پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا ضبط شدہ سامان واپس مل جائے گا۔

اگر کوئی بندہ اس اسم الٰہی کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو معرفتِ خداوندی اور قربِ خداوندی نصیب ہو۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ روزانہ سو مرتبہ ۱۲۰ دن تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کو غنی کر دے۔ اور اگر ۱۲۰ دن تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو اس کے اندر اخلاق کریمانہ پیدا ہو جائیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص الحق کا نقش ذوالکتابت کسی بھی حاجت کے لئے اپنے دائیں بازو پر باندھے گا تو اس کی حاجت بفضلِ خداوندی پوری ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

ق	ح	ل	ا
۲۹	۲	۹۹	۹
۳	۳۲	۶	۹۸
۷	۹۷	۴	۳۱

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ بعض مقدمات ایسے ہوتے ہیں کہ جن میں انسان حق اور سچائی پر ہوتے ہوئے بھی سازشوں کا شکار رہتا ہے۔ اور مدمقابل اپنی شاطرانہ چالوں کی وجہ سے غالب رہتا ہے۔ ایسے حالات میں ۴۰ دن تک ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ اس اسم الٰہی کا ورد کریں۔ اور جس دن پیشی ہو اس دن ۱۱ سو مرتبہ پڑھکر عدالت جائیں۔ انشاء اللہ جج کا رُخ اور حالات کا رُخ اس اسم الٰہی کے عامل کیطرف ہوجائے گا۔ اور مقدمہ میں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ملے گی۔

اگر کوئی مقدمہ ہار گیا ہو تو وہ اپیل کرے اور روزانہ ہر فرض نماز کے بعد "یا حق" ۱۰۸ مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپیل جیت جائیگا

اس اسم الٰہی کا عامل بننے کیلئے ۶۸۷۲ مرتبہ روزانہ اس اسم الٰہی کا ورد کریں۔ ۴۰ دن میں زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔

اس اسم الٰہی کا نقش ثابت قدمی، استقلال، مقدمہ میں کامیابی اور مکان خالی کرانے کیلئے دیا جاسکتا ہے۔ جب مکان خالی کرانے کے لئے تعویذ دیا جائے تو نقش کے نیچے یہ عبارت لکھ کر چاروں عناصر سے نقش لکھ کر عناصر کے اعتبار سے اُن کا استعمال کریں۔ اور ناحق کسی کو پریشان نہ کریں۔ ورنہ آخرت میں خود ذمہ دار ہوں گے۔

نقش کے نیچے یہ عبارت لکھنی چاہئے۔

یَخرُجُ مِنَ البَیْتِ فلاں ابن فلاں بحق فلاں ابن فلاں۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ قابض کا نام لکھیں۔ اور بحق فلاں ابن فلاں کی جگہ مالک مکان کا نام لکھیں۔

ثابت قدمی اور استقلال کیلئے پینے کے ۹ نقش بھی ضرورت مندوں

کو دیئے جائیں۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف ش، یا ذ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ مشرق کی طرف کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶	۳۰	۳۳	۱۹
۳۲	۲۰	۲۵	۳۱
۲۱	۳۵	۲۸	۲۴
۲۹	۲۳	۲۲	۳۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۷	۳۲	۳۹
۳۸	۳۶	۳۴
۳۳	۴۰	۳۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کیطرف کرلے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۲۸	۲۵	۳۳
۳۴	۲۴	۳۱	۱۹
۲۹	۲۱	۳۲	۲۶
۲۳	۳۵	۲۰	۳۰

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اور ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۳	۳۸	۳۷
۴۰	۳۶	۳۲
۳۵	۳۴	۳۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرکے آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹	۲۳	۲۲	۳۴
۲۱	۳۵	۲۸	۲۴
۳۲	۲۰	۲۵	۳۱
۲۶	۳۰	۳۳	۱۹

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے

۷۸۶

۳۵	۴۰	۳۳
۳۴	۳۶	۳۸
۳۹	۳۲	۳۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانبِ شمال کر کے اور ایک ٹانگ اٹھا کر دوسری ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳	۱۹	۲۶	۳۰
۲۵	۳۱	۳۲	۲۰
۲۸	۲۴	۲۱	۳۵
۲۲	۳۴	۲۹	۲۳

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۷	۳۸	۳۳
۳۲	۳۶	۴۰
۳۹	۳۴	۳۵

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۱۰۸ مرتبہ "یا حق" پڑھ کر دم کر دے تو ان کی افادیت میں اور بھی اضافہ ہو جائے جو نقش استقلال، یا ثابت قدمی کے لئے لکھے جائیں۔ ان کو نیلے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کریں۔ جو نقش مقدمے کے لئے لکھے جائیں۔ ان کو ہرے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کریں۔ اور جو نقش کسی جائیداد کو خالی کرانے کے لئے لکھے جائیں ان کو سُرخ رنگ کے کپڑے میں پیک کریں۔

حق تعالیٰ کا ۵۲ واں صفاتی نام الوکیل ہے۔ وکیل اس کو کہتے ہیں جس کو اپنے تمام کاموں کی باگ ڈور سونپ دی جائے۔ اور جس کی مصلحت اور حکمت عملی پر پورا پورا بھروسہ کیا جائے۔ اور جس کے بارے میں یہ یقین ہو کہ وہ ہم سے زیادہ جانتا ہے اور ہم سے زیادہ مصلحت بیں اور دُور اندیش ہے۔ کیوں کہ حق تعالیٰ نے اپنے تمام بندوں کے تمام اہم کاموں کی ذمّہ داری اپنے ذمّہ لی ہے۔ اس لئے حق تعالیٰ کو وکیل کہا جاتا ہے۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ اللہ کے دوسرے بندوں کے کاموں کو اپنے ہاتھ میں لے لے اور ان کی ہمہ جہت خدمت کے لئے عمر بھر جدوجہد جاری رکھے۔ بالکل اسی طرح جس

طرح وہ اپنے ذاتی کاموں کے لئے بھاگ دوڑ کرتا ہے۔

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۶۶ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس انسان کا نفس اپنے قابو میں نہ ہو وہ اس اسم الٰہی کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اس کا نفس اس کے قابو میں ہو جائے گا۔

جو شخص کسی بھی چیز سے مثلاً پانی سے، بجلی کی کڑک سے، سفر سے، آندھی سے یا اسی طرح کسی اور چیز سے ڈرتا ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر نماز فرض کے بعد ۶۶ مرتبہ اس اسم الٰہی کا ورد کرے۔ تمام چیزوں کا خوف اور ڈر اس کے دل سے نکل جائے گا۔

تمام آفتوں سے بچنے کے لئے اس اسم الٰہی کو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھنا چاہئے۔ کیسی بھی مصیبتیں اور آفتیں ہوں گی انشاء اللہ تعالیٰ سب سے نجات مل جائے گی۔

اگر کسی کو اپنے مکان پر بجلی گرنے کا اندیشہ ہو تو ایک کاغذ پر سات مرتبہ "یا وکیل" لکھکر دروازے پر چسپاں کر دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکان آسمانی آفات سے محفوظ رہے گا۔

رات کو سونے سے پہلے اگر سات مرتبہ یا وکیلُ پڑھ کر تالی بجادی جائے ——— تو مکان چوری اور ڈاکہ زنی سے محفوظ رہے۔

اگر کوئی شخص مقروض ہو گیا ہو اور قرض کی ادائیگی کی کوئی سبیل نظر نہ آتی ہو تو صبح و شام اس اسم الٰہی کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے ——— تو انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کا بندوبست ہو گا۔

شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کا دشمن قوی ہو

اور اس کو اپنے دشمن سے اپنی جان ومال کا خطرہ درپیش ہو تو اس کو چاہئے کہ ۱۱ دن تک یہ عمل کرے ـــــ گیارہ ہزار مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھ کر آخیر میں گیارہ مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ" پڑھے اور اوّل و آخیر درود شریف بھی گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ صبح وشام سَو مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔
وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلاً۔ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا۔ وَکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا۔
وَکَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا۔ وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا۔ وَکَفٰی بِاللّٰہِ عَلِیْمًا۔
اور اس نقش کو کسی نیک ساعت میں لکھ کر ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے ـــــ تو اس کو دنیا میں عزت و رفعت اور جاہ و حشمت حاصل ہو۔ اس کا دشمن مغلوب ہو اور تمام مخلوقات پر اس کا رعب قائم ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

وکفیٰ باللہ ولیًا	وکفیٰ باللہ وکیلاً	وکفیٰ باللہ نصیرًا	وکفیٰ باللہ حسیبًا	وکفیٰ باللہ شہیدًا	وکفیٰ باللہ علیمًا
وکفیٰ باللہ وکیلاً	وکفیٰ باللہ نصیرًا	وکفیٰ باللہ حسیبًا	وکفیٰ باللہ شہیدًا	وکفیٰ باللہ علیمًا	وکفیٰ باللہ ولیًا
وکفیٰ باللہ نصیرًا	وکفیٰ باللہ حسیبًا	وکفیٰ باللہ شہیدًا	وکفیٰ باللہ علیمًا	وکفیٰ باللہ ولیًا	وکفیٰ باللہ وکیلاً
وکفیٰ باللہ حسیبًا	وکفیٰ باللہ شہیدًا	وکفیٰ باللہ علیمًا	وکفیٰ باللہ ولیًا	وکفیٰ باللہ وکیلاً	وکفیٰ باللہ نصیرًا
وکفیٰ باللہ شہیدًا	وکفیٰ باللہ علیمًا	وکفیٰ باللہ ولیًا	وکفیٰ باللہ وکیلاً	وکفیٰ باللہ نصیرًا	وکفیٰ باللہ حسیبًا
وکفیٰ باللہ علیمًا	وکفیٰ باللہ ولیًا	وکفیٰ باللہ وکیلاً	وکفیٰ باللہ نصیرًا	وکفیٰ باللہ حسیبًا	وکفیٰ باللہ شہیدًا

یا وکیل کا ایک نقش مثلث اکابرین سے نقل ہوتا آرہا ہے جو اس نقش کو لکھ کر ساعتِ سعید میں اپنے پاس رکھے گا اس کی جمیع مرادات پوری ہوں گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

واحد	۲۶	طیّب
۲۴	حبیب	ھادی
طیّب	حیّ	۲۵

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص جنگل سے گزرتے وقت لاتعداد مرتبہ اس اسمِ الٰہی کو پڑھتا رہے تو کوئی جنگلی جانور اس کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

اگر کسی کو کوئی خواہش یا ضرورت درپیش ہو تو اس کو چاہئے کہ نمازِ عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۱۴ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ یا وکیل پڑھے۔ پھر ۱۴ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو ۱۲ دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواہش اور ضرورت پوری ہوگی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ۳۶۰ مرتبہ "یا وکیل یا کفیل" پڑھنے کا معمول بنائے تو اس پر روزی کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں گے۔

مقدمہ میں کامیابی کے لئے اس اسم الٰہی کو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ اس طرح پڑھے کہ عمل کے شروع اور آخیر میں ۶۶ مرتبہ "یا اللہ" بھی پڑھے تو

مقدمہ میں کامیابی ملے گی۔

اگر کوئی شخص جیل میں ہو اور رہائی کا خواہش مند ہو تو روزانہ اس اسم الٰہی کو ۶۶۰ مرتبہ صبح و شام پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اسکی رہائی کا فیصلہ ہو جائے گا۔

دورانِ سفر اگر لاتعداد مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھا جائے تو سفر میں خوب خیر و برکت محسوس ہو۔ اور سفر آسانی سے پورا ہو۔

اس اسمِ الٰہی کا عامل بننے کے لئے اس اسم الٰہی کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھا جائے۔ اس کے بعد اس اسم الٰہی کے تمام عملیات میں زبردست تاثیر پیدا ہو جائے گی۔ اور حیرت انگیز طور پر اثرات سامنے آئیں گے۔

اس اسمِ الٰہی کا نقش تمام خواہشات اور ضروریات کے لئے دیا جاسکتا ہے۔ اور پہننے کے نقش خاص طور پر اُن لوگوں کے لئے مفید ہیں جو کسی طرح کا ڈر خوف اپنے دِل میں رکھتے ہوں۔ کمزور دِل اور کمزور اعضاء والے انسانوں کیلئے بھی اس کا نقش مؤثر ثابت ہوتا ہے اور ان میں تقویت اور بہادری پیدا کرتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف، الف، ہ، ط، ف، م، ش، یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

۷۸۶

۹	۲۲	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۰	۲۱
۱۴	۱۷	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۳	۱۸

ان ہی حضرات و خواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت بھی اگر مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۵	۱۸	۲۳
۲۰	۲۲	۲۴
۲۱	۲۶	۱۹

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۱۵	۱۷	۱۲
۹	۲۰	۱۴	۱۳
۱۶	۲۱	۱۱	۱۸
۱۹	۱۰	۲۴	۱۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اگر ان کو لکھتے وقت مذکورہ شرائط کا خیال رکھیں تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۴	۲۳
۲۶	۲۲	۱۸
۲۱	۲۰	۲۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۸	۱۳	۱۲	۲۳
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۶	۱۹	۲۲	۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۱	۲۶	۱۹
۲۰	۲۲	۲۴
۲۵	۱۸	۲۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ح، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۹	۱۶	۱۹
۱۵	۲۰	۲۱	۱۰
۱۷	۱۴	۱۱	۲۴
۱۲	۲۳	۱۸	۱۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اور اُن کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۳	۲۴	۱۹
۱۸	۲۲	۲۶
۲۵	۲۰	۲۱

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۶۶ مرتبہ "یا وکیلُ" پڑھ کر اُن پر دم کردے تو اُن کی تاثیر میں کئی گنا اضافہ ہو جائے۔ گلے میں ڈالنے والے یا بازو پر باندھنے والے نقوش کو نیلے یا فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کرنا چاہئے۔

مردوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقوش کو اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔

اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ نقوش کو اپنے بائیں بازو پر باندھیں پینے والے نقوش گلاب و زعفران سے لکھنے چاہئیں۔

القوی

حق تعالیٰ کا ۵۴ واں صفاتی نام القوی ہے۔ قوی کا مطلب یہ ہے کہ وہ ذات جو سب سے زیادہ طاقتور اور توانائی اپنے اندر رکھتی ہو۔

یہ اسمِ الٰہی بعض حضرات کے نزدیک مشترک اور بعض حضرات کے نزدیک جمالی ہے۔ اعداد اس کے ۱۱۶ ہیں۔

جو شخص اس اسم کو روزانہ ۱۱۶ مرتبہ پڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے اندر طاقت اور ہمت پیدا کر دیتے ہیں۔ اس کے اعضاءِ رئیسہ کو بھی تقویت نصیب ہوتی ہے۔ اور اس کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت۔ اور فرمانبرداری کی توفیق عطا ہوتی ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس کو روزانہ صبح وشام ۱۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اس کے تمام مقاصد پورے ہو جائیں۔ اگر کوئی شخص اس کو نمازِ فجر کے بعد ۱۴۰ مرتبہ پڑھا کرے تو کوئی دشمن اس پر غلبہ نہ پاسکے۔

اگر کوئی شخص گوندھے ہوئے آٹے کی ایک ہزار گولیاں بنائے اور گولیاں اس طرح رکھے کہ گولیاں آپس میں جڑنے نہ پائیں اور ہر ایک گولی پر "یا قویُّ" ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دے اور یہ گولیاں مرغوں کو کھلا دے

تو انشاءاللہ تعالیٰ اس کا دشمن مغلوب ہو جائے گا۔

اگر اس اسم الٰہی کو کمزور پڑھے تو طاقت ور ہو جائے۔ اگر مظلوم پڑھے تو ظلم و ستم سے نجات ملے۔ اور اگر کم ہمت پڑھے تو اس میں زور آوری اور طاقت و ہمت پیدا ہو جائے۔

اگر کوئی شخص جمعہ کے دن سورج نکلنے کے ایک گھنٹے کے بعد ۳ ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے تو نسیان کی بیماری سے نجات مل جائے گی اگر مرض زیادہ ہو تو اس عمل کو لگاتار، جمعوں تک کیا جائے۔

اگر اس اسم الٰہی کو حاملہ عورت روزانہ ۱۲ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو ایام حمل آسانی کے ساتھ کٹ جائیں اور بچہ بآسانی صحیح و سلامت پیدا ہو

اگر کوئی شخص دشمنوں پر اپنا رعب قائم کرنا چاہے تو اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

۷۸۶

القائم	القوی	المقتدر	القادر
القادر	المقتدر	القوی	القائم
القوی	القائم	القادر	المقتدر
المقتدر	القادر	القائم	القوی

مردانہ کمزوری دور کرنے کے لئے گیارہ بادام کی گیریاں لیکر ہر ایک گیری پر گیارہ مرتبہ "یا قوی" پڑھ کر رکھ لیں۔ اور روزانہ بادام کی ایک گیری سوتے وقت کھا لیا کریں۔ اس عمل کو تین ماہ تک (ہر ماہ گیارہ دن) کر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مردانہ کمزوری دور ہو جائے گی۔

اگر باطنی اور روحانی طاقت حاصل کرنا چاہیں تو روزانہ اکیس ہزار مرتبہ "یا قوی" پڑھیں۔ اس اسم الٰہی کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھنے سے کوئی بھی شخص اس اسم الٰہی کا عامل بن جاتا ہے۔

اس اسم الٰہی کا نقش مردانہ کمزوری، جسمانی کمزوری اور ہمت کی کمی وغیرہ دور کرنے کے لئے مریضوں کو دیا جاتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، یا ش ہو تو اس کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ مشرق کی جانب کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸	۳۲	۳۵	۲۱
۳۴	۲۲	۲۷	۳۳
۲۳	۳۷	۳۰	۲۶
۳۱	۲۵	۲۴	۳۶

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں ان کو لکھتے وقت اگر عامل ——— مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے

۷۸۶

۴۰	۳۴	۴۲
۴۱	۳۹	۳۶
۳۵	۴۳	۳۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص
ت یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل
نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف
کرلے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۳۰	۲۷	۳۵
۳۶	۲۶	۳۳	۲۱
۳۱	۲۳	۳۴	۲۸
۲۵	۳۷	۲۲	۳۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اُن
کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۵	۴۱	۴۰
۴۳	۳۹	۳۴
۳۸	۳۶	۴۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر،
خ، غ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ
ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب
جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۳۱	۲۵	۲۴	۳۶
۲۳	۳۷	۳۰	۲۶
۳۴	۲۲	۲۷	۳۳
۲۸	۳۲	۳۵	۲۱

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں اُن کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا لحاظ کرے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۸	۴۳	۳۵
۳۶	۳۹	۴۱
۴۲	۳۴	۴۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ر، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیئے جائیں اُن کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵	۲۱	۲۸	۳۲
۲۷	۳۳	۳۴	۲۲
۳۰	۲۶	۲۳	۳۷
۲۴	۳۶	۳۱	۲۵

ان ہی حضرات و خواتین کو پہننے کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا لحاظ رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۵	۴۱	۴۰
۴۳	۳۹	۳۴
۳۸	۳۶	۴۲

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۱۱۶ مرتبہ "یا قویُ" پڑھ کر ان پر دم کردے تو ان نقوش کی تاثیر و قوّت میں کئی گنا اضافہ ہو جائے۔

حق تعالیٰ کا ۵۵ واں صفاتی نام المتین ہے۔ المتین کے معانی تقریباً وہی ہیں جو القوی کے ہیں۔

المتین اس ذات گرامی کو کہتے ہیں جو اپنی قوّت اور شان و شوکت میں زبردست ہو۔ وہ ذات جو سدا سے قوی ہے۔ اور سدا قوی رہے گی۔ اور اس کی قوّت میں لحہ بھر کے لئے کبھی ضعف پیدا نہیں ہوا۔ وہ ذات رب العلمین کی ذاتِ گرامی ہے۔ اس لئے ان کو المتین بھی کہتے ہیں۔

اس نام سے متصف ہونے کا مطلب یہ ہے کہ بندہ اپنی خواہشات پر غالب رہے۔ اور نفسانی خواہشات کے سامنے مغلوب نہ ہونے

پائے۔ اسی طرح بندہ کو چاہیئے کہ وہ شریعت کے احکامات کو پوری مستعدی کے ساتھ ادا کرے۔ اور ذرہ برابر بھی عقائد کے معاملات میں کمزوری اپنے اندر نہ پیدا ہونے دے۔

یہ اسم، اسم جلالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۵۰۰ ہیں۔

جو شخص روزانہ ۳۶۰ مرتبہ "یامتین" پڑھے گا اس کے اندر یادِ خداوندی کی صفات پیدا ہوں گی۔ اور ذکر خداوندی کے بغیر اس کو گھٹن محسوس ہوگی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی انسان کو ملازمت درکار ہو یا کوئی عہدہ چاہتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ ۵۰۰ مرتبہ روزانہ نمازِ فجر کے بعد "یامتینُ" پڑھے اور دُعا کرے۔ اس وظیفے کو ۴۱ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواہش پوری ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص دس مرتبہ صبح کو اپنے بچوں پر "یامتین" پڑھکر دم کر دے تو اس کے بچے فسق و فجور اور نافرمانی سے محفوظ رہیں۔

اگر کسی عورت کی چھاتیوں میں دودھ خشک ہو گیا ہو اور بچے کو دودھ پلانا ضروری ہو تو یامتین کا نقش گلے میں ڈالیں۔ اور اسی نقش کو ۲۱ دن تک صبح و شام پینے کا بھی معمول بنائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت کی چھاتیوں میں دودھ پیدا ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص فسق و فجور میں مبتلا ہو تو "یامتین" ۵۰۰ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے ۱۱ دن تک اس کو پلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ فسق و فجور اور بدکاریوں سے محفوظ ہو جائے گا۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی بچہ چلنے سے معذور ہو تو اس کے گلے

میں اس اسم الٰہی کا نقش باندھا جائے انشاء اللہ وہ چلنے لگے گا۔

اگر کسی عورت کے صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو حمل قرار پانے کے دو ماہ کے بعد اور ۳ ماہ سے پہلے پہلے عورت کے پیٹ پر شہادت کی انگلی سے بغیر روشنائی کے "یامتین" ۷۰ مرتبہ لکھیں اور اس عمل کو لگاتار ۳ راتوں تک کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

جس وقت قمر منزلِ عوّا میں ہو اس وقت اس اسم کا نقش ذوالکتابت لکھ کر اگر کوئی شخص اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو اس کے اندر زبردست مردانہ قوت پیدا ہو۔ اور وہ کمزوری بھی دور ہو جائے جو کسی مرض کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہو۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ن	ت	م	ال
۳۹	۳۲	۴۹	۴۰۱
۳۳	۴۲	۳۹۸	۴۸
۳۹۹	۴۷	۳۴	۴۱

جو حضرات اپنے عزائم کے اندر پختگی پیدا کرنا۔۔۔ چاہیں۔ وہ روزانہ اس اسم الٰہی کی ایک تسبیح پابندی سے پڑھیں۔

اگر کسی کے حالات میں پراگندگی پیدا ہو اور کاروبار وغیرہ میں نقصانات ہونے لگیں تو اس کو چاہیئے "یامتین" ۱۱ سو مرتبہ ۱۱ دن تک پڑھے۔

اگر کسی کو مسخر کرنے کا ارادہ ہو تو کسی میٹھی چیز پر ۵۰۰ مرتبہ یامتین پڑھ کر

دم کرکے اس کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسخّر اور مطیع ہوگا۔

جب ماں اپنے بچّے کا دُودھ چھڑانے کا ارادہ کرے تو بھینس کے دُودھ پر ایک سو گیارہ مرتبہ "یامتین" پڑھکر دم کرکے بچّے کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بچّہ اس دُودھ کو ذوق وشوق کے ساتھ پیئے گا۔ اور ماں کے دُودھ کی ضد نہیں کرے گا۔

جو صاحب باقاعدہ اس اسم الٰہی کے عامل بننا چاہیں وہ اس اسم الٰہی کو روزانہ ۲۴۵۰۰ مرتبہ لگاتار ۴۱ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ عامل بن جائیں گے۔ اور ان کے اعمال میں زبردست قوتِ تاثیر پیدا ہوگی۔

"یامتین" کا نقش مردانہ کمزوری کو دور کرنے کیلئے، عزائم میں پختگی پیدا کرنے کیلئے، کسی بھی عہدے کی طلب کے لئے اور کسی بھی خواہش کی تکمیل کیلئے، عورت کو نرینہ اولاد کے لئے دیا جاسکتا ہے، عہدوں ملازمت کی طلب اور کسی بھی خواہشات کے لئے جب تعوید دیا جائے تو صرف باندھنے کیلئے دیا جائے۔ کسی بھی طرح کی کمزوری دُور کرنے کے لئے، عزائم میں پختگی کے لئے، یا فسق وفجور سے دُور رکھنے کے لئے یا عورت کو نرینہ اولاد وغیرہ کے لئے پینے کے بھی نقش دیئے جائیں۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ف، م، ش، یا ذ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے --------- اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہوکر لکھے تو افضل ہے

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۱۲۴	۱۲۸	۱۳۱	۱۱۷
۱۳۰	۱۱۸	۱۲۳	۱۲۹
۱۱۹	۱۳۳	۱۲۶	۱۲۲
۱۲۷	۱۲۱	۱۲۰	۱۳۲

ان حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۱۶۸	۱۶۲	۱۷۰
۱۶۹	۱۶۷	۱۶۴
۱۶۳	۱۷۱	۱۶۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کرلے اور دوزانو ہوکر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۰	۱۲۶	۱۲۳	۱۳۱
۱۳۲	۱۲۲	۱۲۹	۱۱۷
۱۲۷	۱۱۹	۱۳۰	۱۲۴
۱۲۱	۱۳۳	۱۱۸	۱۲۸

ان حضرات وخواتین کو پینے کو کیلئے یہ نقش دیئے جائیں۔ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے

۷۸۶

۱۶۳	۱۶۹	۱۶۸
۱۷۱	۱۶۷	۱۶۲
۱۶۶	۱۶۴	۱۷۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو۔اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۷	۱۲۱	۱۲۰	۱۳۲
۱۱۹	۱۳۳	۱۲۶	۱۲۲
۱۳۰	۱۱۸	۱۲۳	۱۲۹
۱۲۴	۱۲۸	۱۳۱	۱۱۷

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کیلئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶۶	۱۷۱	۱۶۳
۱۶۴	۱۶۷	۱۶۹
۱۷۰	۱۶۲	۱۶۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۱	۱۱۷	۱۲۴	۱۲۸
۱۲۳	۱۲۹	۱۳۰	۱۱۸
۱۲۶	۱۲۲	۱۱۹	۱۳۳
۱۲۰	۱۳۲	۱۲۷	۱۲۱

ان حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶۸	۱۶۹	۱۶۳
۱۶۲	۱۶۷	۱۷۱
۱۷۰	۱۶۴	۱۶۶

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل پچاس مرتبہ "یامتین" پڑھ کر اُن پر دم کردے تو نقوش کی تاثیر وقوت میں زبردست اضافہ ہو جائے۔ گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے والے نقوش کو نیلے رنگ کے یا کسی بھی دھاری دار کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کریں۔ مردوں کو تاکید کی جائے کہ وہ نقوش اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ پینے والے نقوش گلاب و

زعفران سے لکھنے چاہئیں۔ نقش پینے سے آدھے گھنٹے پہلے پانی میں گھولنے کی تاکید کریں۔

حق تعالیٰ کا ۵۶واں صفاتی نام الولی ہے۔ ولی کہتے ہیں دوست اور مددگار کو۔

اس دُنیا میں کسی بھی انسان کے لئے خدا سے بڑا نہ کوئی دوست ہے نہ کوئی ہمدرد۔ اس دنیا میں ہر دوستی اور ہمدردی کے پیچھے کوئی نہ کوئی مفاد پوشیدہ ہوتا ہے۔ صرف خداوند قدوس کی ذات وہ واحد ذات ہے جو بغیر کسی غرض اور بغیر کسی مفاد کے انسان سے محبت کرتی ہے۔ اس کے لئے راہیں ہموار کرتی ہے ــــــ اور ہزار نافرمانیوں کے باوجود انسان کو مصائب سے نجات دلاتی ہے۔ اس لئے بجا طور پر خدا کی ذات گرامی کو ولی کا نام دیا جاتا ہے۔

عمومی طور پر حق تعالیٰ کی ذات سبھی انسانوں کے لئے دوست اور ہمدرد کی حیثیت رکھتی ہے۔ لیکن خصوصی طور پر وہ ان تمام انسانوں کے لئے ولی اور متولی کا مقام رکھتی ہے جو صاحب ایمان ہوں اور اسی لئے بطور خاص قرآن حکیم میں یہ فرمایا گیا ہے۔ اَللّٰہُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کا دوست ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ سے دوستی کرنا چاہتے ہیں اور اس بات کے خواہش مند ہیں کہ دنیا انھیں "ولی اللہ" کا نام دے۔ ان کے لئے ضروری ہے کہ نیکیوں کا راستہ اختیار کریں۔ اور اللہ تعالیٰ کے تمام بندوں کے ساتھ دوستی اور ہمدردی کا معاملہ رکھیں۔

یہ اسم اسمِ جمالی ہے اور اس کے اعداد ۴۶ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم الٰہی کا ورد شبِ جمعہ کو ایک ہزار مرتبہ کرے گا۔ اس کو حق تعالیٰ نیکی اور تقویٰ کی توفیق عطا کریں گے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کی بیوی اس سے خفا ہو یا اس کی نافرمان ہو تو وہ روزانہ تین سو ساٹھ مرتبہ اس اسم کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیوی اطاعت کرنے پر مجبور ہوگی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ اس اسم الٰہی کا ورد کرے تو وہ مخلوقات کے بھیدوں سے واقف ہو جاتا ہے اور کشف والہام کی دولت بھی اُسے نصیب ہوتی ہے۔

اپنے نفس کی اصلاح کے لئے روزانہ ۴۰۰ مرتبہ پڑھنا اس اسم کا مفید ہے۔

اگر میاں بیوی میں محبت نہ ہو تو اس نقش کو گلاب و زعفران سے لکھکر کسی پھل دار درخت پر ہرے کپڑے میں پیک کر کے لٹکائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز کے بعد میاں بیوی میں ایسی محبت ہوگی کہ لوگ حیران ہو جائیں گے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

یا ولی		یا ولی
	شوہر اور ماں کا نام بیوی اور ماں کا نام	
یا ولی		یا ولی

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسمِ الٰہی کو ۱۱ ہزار مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے گا اس کو کشف قلوب کی دولت حاصل ہوگی۔

اگر کسی ملازم کے ساتھ اس کا حاکم اور افسر سخت معاملہ کرتا ہو اور بات بات پر ڈانٹتا ہو تو اس کو چاہئے کہ یا ولی روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم کا رویہ اسکے حق میں نرم ہوجائے گا۔

"یا ولی" کا نقش دینے کے لئے ماہِ مبارک میں ۵۰۰ مرتبہ روزانہ اس اسم کا ورد رکھیں۔ ماہِ مبارک کے بعد تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ اور دنوں کی تعداد ۴۱ کرلیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے بعد جس کو بھی اس کا نقش دیں گے۔ فوراً اثر ہوگا اور کامیابی ملے گی۔

اس اسم کا نقش محبت، توجہ، نرمی اور حقوق کی وصولیابی کے لئے دیا جاسکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس اسم کا نقش کسی کے اندر نیکی اور حسن اخلاق پیدا کرنے کے لئے بھی دیا جاسکتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ف، م، ش یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہوکر نقش لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۱۱	۱۴	۱۷	۴
۱۶	۵	۱۰	۱۵
۶	۱۹	۱۲	۹
۱۳	۸	۷	۱۸

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶	۱۱	۱۹
۱۸	۱۵	۱۳
۱۲	۲۰	۱۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۱۲	۱۰	۱۷
۱۸	۹	۱۵	۴
۱۳	۶	۱۶	۱۱
۸	۱۹	۵	۱۴

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۲	۱۸	۱۶
۲۰	۱۵	۱۱
۱۴	۱۳	۱۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳	۸	۷	۱۸
۶	۱۹	۱۲	۹
۱۶	۵	۱۰	۱۵
۱۱	۱۴	۱۷	۴

اِن ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے۔ تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۴	۲۰	۱۲
۱۳	۱۵	۱۸
۱۹	۱۱	۱۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ح، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو توان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر، ایک بچھا کر نقش لکھے۔ تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۴	۱۱	۱۴
۱۰	۱۵	۱۶	۵
۱۲	۹	۶	۱۹
۷	۱۸	۱۳	۸

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶	۱۸	۱۲
۱۱	۱۵	۲۰
۱۹	۱۳	۱۴

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ۴۶ مرتبہ "یَا وَلِیُّ" پڑھ کر ان پردم کردیا جائے توان نقوش کی قوت وتاثیر میں کئی گنا اضافہ ہوجائے۔ یہ نقوش عروج ماہ میں لکھے جائیں۔ اور صبح ۶ بجے سے زوال سے پہلے پہلے لکھے جائیں تو اچھا ہے۔ گلے میں ڈالنے والے یا بازو پر باندھنے والے نقوش ہرے کپڑے میں پیک کرائے جائیں۔۔ پینے والے نقوش

کو خاص طور سے گلاب و زعفران سے لکھیں۔ اگر گلے اور بازو والے نقوش کو بھی زعفران سے لکھیں تو بہتر ہے ورنہ ہری پنسل سے لکھیں۔

جو نقوش خاص طور پر کسی کے لئے بنائے جائیں۔ اُن کے نام ضرور نقش پر لکھ دیئے جائیں۔ عمومی تسخیر و محبت کے لئے نام لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

حق تعالیٰ کا ۵۷ واں صفاتی نام "الحمیدُ" ہے۔ حمید، حمد سے بنا ہے۔ یعنی وہ ذات جو تعریف اور حمد کی مستحق ہو۔ اور حق تعالیٰ کی ذاتِ گرامی وہ ذات ہے کہ تمام مخلوقات اپنے قال و حال سے اس کی تعریف و تحمید میں مصروف ہیں ——— جیسا کہ قرآن حکیم میں فرمایا گیا ہے۔

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَھُوْنَ تَسْبِیْحَھُمْ
کوئی شئے ایسی نہیں جو اللہ کی تسبیح نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے۔

انسانوں میں حمید اُسے کہا جاتا ہے جس میں اوصافِ حمیدہ موجود ہوں۔ اس کے عقائد، اعمال، اور اخلاق قابلِ تعریف ہوں۔ انسانوں میں سب سے زیادہ اچھے اخلاق اولیاء کے پھر اصحابِ رسولؐ کے اور پھر انبیاء کے ہوتے ہیں اور انبیاء میں سب سے زیادہ قابلِ تعریف اعمال اور سب سے زیادہ اچھے اخلاق محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے۔ اس لئے خدا

کے بعد سب سے زیادہ بڑا مقام اُن ہی کا ہے اور خدا کے بعد سب سے زیادہ تعریف کا حق دار اُن ہی کو سمجھا گیا ہے۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ ۴۵ مرتبہ "الحمید" پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کے اندر اوصافِ حمیدہ پیدا کردے گا اور اسکو دوسرے انسانوں سے ممتاز کردے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کے اخلاق سنور جائیں تو اس کو چاہیے کہ روزانہ ۱۰۰ مرتبہ اس اسم الٰہی کا ورد کرے۔ اور اگر کوئی اپنے گھر والوں کے اخلاق سنوارنے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہیئے کہ روزانہ سو مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھکر پانی پر دم کرکے اپنے گھر والوں کو پلائے۔ اس دم کیئے ہوئے پانی کی برکت سے اس کے گھر والوں کے اخلاق سُدھر جائیں گے۔

اگر کوئی شخص چالیس روز تک اس اسم الٰہی کا ورد ۳۶۰ مرتبہ روزانہ کرے تو اس کے اندر ذکرِ الٰہی کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ اور ذکرِ الٰہی پر اس کی طبیعت نہیں اکتاتی۔

اگر کسی بدچلن مرد یا عورت کو ۱۱ سو مرتبہ "یا حمیدُ" پڑھکر پانی پر دم کرکے پلایا جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو آوارگی اور بدچلنی سے محفوظ کردیگا

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص "یا حمیدُ" کے نقشِ حرفی کو چاندی کی پلیٹ پر کندہ کرا کے اس کو پانی میں ڈال دے اور پھر اس پانی کو اپنے گھر والوں کو پلائے تو سب گھر والوں کے اندر اوصافِ حمیدہ پیدا ہو جائیں۔ اور اگر ان میں کوئی فحش کام میں مبتلا ہوگا تو وہ بھی بُری حرکات سے باز آجائے گا۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

د	ی	م	ح
ح	ی	م	د
ی	ح	د	م
م	ح	د	ی

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۲۱ روز میں دولاکھ مرتبہ "یَاحَمِیْدُ الْفَعَالِ ذُوالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ" پڑھے ---- تو اس کو زبردست دولت تسخیر حاصل ہوگی۔ جہاں بھی وہ شخص جائے گا مقبول عام ہوگا۔ اور ہر قدم پر اس کو لوگ خراج عقیدت پیش کریں گے۔ وہ جدھر بھی نظر کر ڈالے گا اسے محبت اور اپنائیت نظر آئے گی۔ اور ہر دیکھنے والا اس کا گرویدہ رہے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر مٹی کے کورے پیالے میں پانی بھر کر ۹۹ مرتبہ "یا حمیدُ" پڑھکر اس پر دم کر دیں پھر اس پانی کو اس شخص کو پلا دیں جو فحش کلامی اور گالی گلوج میں مبتلا ہے تو اس پانی کو پینے کے بعد وہ فحش کلامی اور گالی گلوج سے باز آجائے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ۵۰۰ مرتبہ "یا مجیدُ یا حمیدُ" پڑھے گا تو ۳ چلوں کے بعد اس میں بزرگی کے اوصاف پیدا ہو جائیں گے۔

اگر کوئی شخص ۲۱ ہزار مرتبہ ایک چلّے میں "یا ولیُّ یا حمیدُ" پڑھے اور اس عمل کو ۷ سال تک جاری رکھے تو اس میں ---- ولایت پیدا ہو جائے گی۔ اور ساری مخلوق اس کے سامنے ادباً سر جھکانے پر مجبور ہوگی

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ۳ ہزار مرتبہ "یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ" پڑھے اور اس عمل کو ۳ سال تک جاری رکھے تو وہ مالدار ہو جائیگا اور اس کے پاس اتنی دولت جمع ہو جائے گی کہ دیکھنے والے حیرت کریں گے۔

جو شخص اس اسم الٰہی کا باضابطہ عامل بننا چاہے ـــــ وہ چھ ہزار ایک سو مرتبہ روزانہ اس اسم الٰہی کا ورد کرے ۱۴ دن تک لگاتار۔ پھر ۳ دن چھوڑ کر دوبارا سی چلّے کو پھر کرے۔ اس کے بعد وہ شخص اس کا عامل بن جائے گا۔ اور پھر اس اسم الٰہی کا وہ کوئی بھی عمل کرے تو زبردست کامیابی اس کو ملے گی۔

اس اسم الٰہی کا نقش، محبت، مروّت، حُسنِ اخلاق، حُسنِ معاملہ اور انسانیت کی اعلیٰ قدروں نیز فحش کلامی اور دیگر فواحشات سے بچنے کے لئے دیا جا سکتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ذ یا شؔ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۱۸	۲۱	۸
۲۰	۹	۱۴	۱۹
۱۰	۲۳	۱۶	۱۳
۱۷	۱۲	۱۱	۲۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۲	۱۶	۲۴
۲۳	۲۱	۱۸
۱۷	۲۵	۲۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ مغرب کی طرف کرلے اور دو زانو ہوکر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱	۱۶	۱۴	۲۱
۲۲	۱۳	۱۹	۸
۱۷	۱۰	۲۰	۱۵
۱۲	۲۳	۹	۱۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۱۷	۲۳	۲۲
۲۵	۲۱	۱۶
۲۰	۱۸	۲۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اسکو لکھتے وقت عامل اگر اپنا رُخ جنوب کی جانب کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۱۲	۱۱	۲۲
۱۰	۲۳	۱۶	۱۳
۲۰	۹	۱۴	۱۹
۱۵	۱۸	۲۱	۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۰	۲۵	۱۷
۱۸	۲۱	۲۳
۲۴	۱۶	۲۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ شمال کی جانب کرلے اور اپنی ایک ٹانگ بچھا کر اور ایک ٹانگ اُٹھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۵

۱۸	۱۵	۸	۲۱
۹	۲۰	۱۹	۱۴
۲۳	۱۰	۱۳	۱۶
۱۲	۱۷	۲۲	۱۱

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۳	۲۲
۲۵	۲۱	۱۶
۲۰	۱۸	۲۴

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ۶۲ مرتبہ "یا حمیدُ" پڑھ کر دم کردیں تو ان کی تاثیر میں کئی گنا اضافہ ہوجائے۔ پینے والے تعویذ ہر مریض کو کم سے کم ۹ نقش دیئے جائیں۔ گلے میں ڈالنے والے یا بازو پر باندھنے والے تعویذوں کو ہرے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔ اور پینے والے نقوش کے بارے میں یہ تاکید کی جائے کہ عصر کے بعد پابندی کے ساتھ روزانہ ایک نقش پئیں۔ مریضوں کو اس بات کی بھی تاکید کی جائے کہ ہر فرض نماز کے بعد ۸ مرتبہ "یا حمیدُ" پڑھا کریں۔

حق تعالیٰ کا ۵۸ واں صفاتی نام المحصی ہے۔ محصی کا مطلب یہ ہے کہ وہ ذات جس نے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے اور کوئی بھی چیز اس کی دسترس سے باہر نہیں ہے۔ یہ اسم اسم جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۴۸ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ عذابِ قبر اور عذابِ حشر سے محفوظ رہے گا۔

اگر کوئی شخص روزانہ ۷۰ امرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھنے کا معمول بنالے تو بحکم خدا دنیا کی ہر ہر پریشانی سے محفوظ رہے۔

اگر کسی کو قید ہو جانے کا خوف ہو تو بکثرت چلتے پھرتے اس اسم الٰہی کا وِرد کرے۔

جو شخص روٹی کے ۲۰ ٹکڑوں پر لکھکر اس اسم الٰہی کو ۴۰ دن تک کھائیگا کل مخلوقات اس کے لئے مسخر ہو جائیں گی۔

جو شخص صبح کی نماز کے بعد ۱۰ امرتبہ اس اسم کو پڑھ لے گا تمام دن اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔

اگر کسی کا بچہ گم ہو گیا ہو تو اس نقش کو لکھکر کسی پھل دار درخت پر لٹکا دے۔ اگر بچہ زندہ ہو گا تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد واپس آجائے گا۔ نقش یہ ہے۔

اگر کسی شخص کی قوتِ حافظہ متأثر ہو تو اس نقش کو لکھکر نہار منہ پانی میں گھول کر لگاتار ۲۱ روز تک پیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوتِ حافظہ ٹھیک ہوجائے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

م	ح	ص	ی
۱۱	۸۹	۵	۴۳
۶	۴۲	۱۲	۸۸
۹۱	۹	۴۱	۷

جو شخص اسمِ الٰہی کا عامل بننا چاہے وہ اس اسم الٰہی کو بہ نیت زکوٰۃ ۵۳۲۸ مرتبہ ۴۱ دن تک پڑھے ——— انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔

اس اسم الٰہی کا نقش ہر طرح کی حفاظت کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف، ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف

کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸٦

۳۶	۴۰	۴۳	۲۹
۴۲	۳۰	۳۵	۴۱
۳۱	۴۵	۳۸	۳۴
۳۹	۳۳	۳۲	۴۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور نقش دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸٦

۳۲	۳۸	۳۵	۴۳
۴۴	۳۴	۴۱	۲۹
۳۹	۳۱	۴۲	۳۶
۳۳	۴۵	۳۰	۴۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۳	۲۹	۳۶	۴۰
۳۵	۴۱	۴۲	۳۰
۳۸	۳۴	۳۱	۴۵
۳۲	۴۴	۳۹	۳۳

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، خ، ر، یا غ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرے۔ ایک ٹانگ کھڑی کر کے اور ایک ٹانگ بچھا کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۹	۳۳	۳۲	۴۴
۳۱	۴۵	۳۸	۳۴
۴۲	۳۰	۳۵	۴۱
۳۶	۴۰	۴۳	۲۹

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۱۴۸ مرتبہ ان پر " یامحصی " پڑھکر دم کردے تو ان کی قوت و تاثیر کئی گنا بڑھ جائے۔ مردوں کو تعویذ سیدھے بازو پر باندھنے کی تاکید کی جائے اور عورتوں کو اُلٹے بازو پر باندھنے کی تاکید کی جائے ورنہ تعویذ گلے میں ڈلوایا جائے۔ تعویذ اگر نیلے یا فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک ہو تو بہتر ہے۔

حق تعالیٰ کا ۵۹ واں صفاتی نام المُبدِیُ ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں ابتدائً اپیدا کرنے والا۔ یعنی جس نے انسان کو پہلی بار زندگی عطا کی۔ دراصل یہ نام ابدا سے ماخوذ ہے۔ اور ابتدار کہتے ہیں ابتدائی زندگی کو وہ زندگی جو پہلی بار کسی ذات نے عطا کی۔ اور وہ ذات، ذاتِ خداوندی ہے۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دین کو دُنیا میں فروغ دیا جائے۔ اور جو لوگ امراض میں مبتلا ہوں اُن کی تندرستی بحال کرنے کے لئے، اُن کے لئے دوڑ دھوپ کی جائے۔

یہ اسم، اسم جلالی ہے۔ بعض حضرات کے نزدیک اسم مشترک ہے اس کے اعداد ۵۶ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی حاملہ کے پیٹ پر ۱۰۱ مرتبہ یہ اسم پڑھکر دم کردے تو اس کا حمل ساقط ہونے سے محفوظ رہے۔ حاملہ یہ عمل خود بھی کر سکتی ہے۔ اور اپنے شوہر سے بھی کرا سکتی ہے۔

اگر کسی عورت کے حمل کئی بار ساقط ہو گئے ہوں تو اس کے شوہر کو چاہیئے کہ اپنی شہادت کی انگلی اپنی بیوی کے پیٹ پر رکھکر ۹۰ مرتبہ "یا مُبدِیُ" پڑھے۔ یہ عمل اس وقت کرے۔ جب حمل کو دو ماہ گزر گئے ہوں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے حمل محفوظ رہے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا اس اسمِ الٰہی کا معمول بنالے تو اس کو معرفتِ حق حاصل ہوجائے۔

اگر کوئی شخص نوچندی جمعرات کو بعد نماز مغرب اس اسم الٰہی کو ۱۷۰ مرتبہ پڑھے پھر لگاتار ۴۱ راتوں تک ۱۷۰ مرتبہ بعد نماز مغرب پڑھتا رہے تو کشائشِ رزق حاصل ہو۔

اگر کوئی شخص روزانہ عشار کی نماز کے بعد "یَا مُبْدِیُ یَا نُوْرُ" ۱۴۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو علم دین کثیر مقدار میں عطا ہو۔

جس عورت کے حمل قرار نہ پاتا ہو وہ ایک سیب کو چھیل کر سات مرتبہ یا مُبدیُ" لکھ کر ۳ روز تک نہار منہ کھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد حمل قرار پائے گا۔ اس عمل کو اس وقت کرنا چاہیئے جب عورت نے ایام سے فارغ ہوکر غسل کیا ہو۔ اس عمل کو ۳ ماہ تک کرے اور ہر ماہ صرف ۳ دن تک لگاتار کرے۔ سیب کو چھیل کر کسی بھی پنسل وغیرہ سے ۷ مرتبہ "یا مُبدیُ لکھنا ہے۔ بہت ہی مؤثر اور قیمتی عمل ہے۔

اگر کوئی عورت مندرجہ ذیل نقش کو اپنے گلے میں ڈالے تو بحکم خدا اس کے فرزند پیدا ہو۔ نقش کو سرخ کپڑے میں ڈالیں۔ اور ہر حال میں ڈالے رکھیں۔ نقش یہ ہے۔

م	ب	د	ی
ی	د	ب	م
ب	م	ی	د
د	ی	م	ب

بزرگوں نے فرمایا ہے اگر کسی کے تعمیری کاموں میں رکاوٹ ہوتی ہو۔ مثلاً مکان یا دکان کی تعمیر وغیرہ میں رکاوٹیں پڑتی ہوں اور دشواریاں پیش آتی ہوں تو وہ سات روز تک لگاتار پانچ ہزار چھ سو مرتبہ "یَا مُبْدِئُ" پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تعمیری کاموں کی تمام رکاوٹیں دُور ہو جائیں گی

اگر میاں بیوی چاہتے ہوں کہ اُن کے فرزندِ صالح پیدا ہو تو میاں بیوی خلوت سے پہلے سَو مرتبہ "یَا مُبْدِئُ" پڑھیں۔ اس کے بعد خلوت کریں اور پھر دونوں لگاتار ۴۰ روز تک "یَا مُبْدِئُ" پڑھا کریں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔ اور لڑکا ہی پیدا ہو گا۔

اگر کوئی شخص روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ نمازِ فجر کے بعد ۴۱ روز تک پڑھے تو اس پر اسرارِ غیبی منکشف ہونے لگیں۔

اگر کوئی شخص "یَا مُبْدِئُ" کا عامل بننا چاہے تو روزانہ ۱۲۵۰ مرتبہ پڑھے۔ اور بہ نیتِ زکوٰۃ لگاتار ۴۱ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اور اس کے بعد عامل جس کو "یَا مُبْدِئُ" کا نقش دیگا حیرتناک انداز سے فائدہ ہو گا۔ اور کبھی عمل خطا نہیں کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

"یَا مُبْدِئُ" کا نقش عمومی طور پر ان لوگوں کو دیا جاتا ہے جو اولاد سے محروم ہوں۔ یا پھر اُن عورتوں کو دیا جاتا ہے۔ جن کے حمل نہ ٹھہرتا ہو یا جن عورتوں کا حمل گر جاتا ہو۔ اگر حمل قرار نہیں پاتا تو دونوں میاں بیوی اس نقش کو اپنے گلے میں ڈالیں۔ اگر حمل قرار پا کر ساقط ہو جاتا ہو تو صرف عورت ہی حمل کے بعد نقش کو اپنے گلے میں ڈال لے۔ بیٹے کے نقوش بھی اسی طرح دونوں میاں بیوی استعمال کریں۔ اور اس اسم الٰہی

کا نقش اس وقت باندھیں جب اولادِ نرینہ کی خواہش ہو۔

"یَا مُبْدِئُ" کا نقش صحت و تندرستی اور رزق کی فراوانی کے لئے بھی مؤثر ہے۔ اور حیرتناک طور پر اس کے اثرات باذن اللہ ظاہر ہوتے ہیں۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کر لے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۵۶

۶	۲۰	۱۷	۱۳
۱۸	۱۲	۷	۱۹
۱۱	۱۵	۲۲	۸
۲۱	۹	۱۰	۱۶

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۵۶

۲۲	۱۴	۲۰
۱۶	۱۹	۲۱
۱۸	۲۳	۱۵

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص،

ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۲۰	۱۲	۱۵	۹
۶	۱۸	۱۱	۲۱
۱۳	۱۹	۸	۱۶
۱۷	۷	۲۲	۱۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۰	۲۱	۱۵
۱۴	۱۹	۲۳
۲۲	۱۶	۱۸

جن حضرات وخواتین کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحے پر دیکھئے)

۷۸۶

۱۷	۱۳	۶	۲۰
۷	۱۹	۱۸	۱۲
۲۲	۸	۱۱	۱۵
۱۰	۱۶	۲۱	۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے

۷۸۶

۱۵	۲۱	۲۰
۲۳	۱۹	۱۴
۱۸	۱۶	۲۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، د، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر نقش لکھے۔ تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱	۹	۱۰	۱۶
۱۱	۱۵	۲۲	۸
۱۸	۱۲	۷	۱۹
۶	۲۰	۱۷	۱۳

مذکورہ حضرات و خواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۳	۱۵
۱۶	۱۹	۲۱
۲۲	۱۴	۲۰

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۵۶ مرتبہ "یا مُبدِئُ" پڑھ کر اُن پر دم کر دے تو اُن کی قوتِ تاثیر میں کئی گنا اضافہ ہو جائے۔ جو نقش اولاد کے لئے دیا جائے اگر وہ عورت کو دیا جائے تو سُرخ رنگ کے کپڑے میں، اگر مرد کو دیا جائے تو نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔ بیماری کے نقش کو کالے اور رزق والے نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔

حق تعالیٰ کا ۶۰ واں صفاتی نام المُعِیدُ ہے۔ المعید کہتے ہیں اس ذات کو جو مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کرنے کی قدرت رکھتی ہو۔ اور دوبارہ بلکہ بار بار پیدا کرنے کی قدرت چوں کہ صرف حق تعالیٰ کو حاصل ہے — اس لئے ان کو المعید کہا جاتا ہے۔

یہ اسم، اسمِ جلالی ہے اور اس کے اعداد ۱۲۴ ہیں۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ اُن انسانوں کو نئی زندگی دینے کی جدوجہد کرے جو روحانی طور پر مُردہ ہو چکے ہوں۔ اور ضلالت و گمراہی کی کیچڑ میں دھنسے ہوئے ہوں۔ ایسے لوگوں کی اصلاح کرنا ان کو نئی زندگی دینے کے برابر ہے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے اندر اوصافِ حمیدہ پیدا ہو جائیں۔

اگر کوئی شخص نصف شب کے بعد ۱۷ مرتبہ ننگے پیر اور ننگے سر کھڑے ہو کر پڑھے اور اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھے تو علومِ الٰہی حاصل ہوں۔ اور علمی ارادوں کی تکمیل ہو جائے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ـــ کوئی شخص غائب ہو جائے تو اس کے گھر کے چاروں گوشوں میں سات سات مرتبہ "یامعیدُ" پڑھکر لگاتار ۷ دن تک دم کردے تو غائب شخص بہت جلد واپس آجائے یا اس کی اطلاع مل جائے۔

اگر مفرور غائب شدہ کو واپس بلانا ہو تو گھر کے چاروں کونوں میں ۷۰ مرتبہ پڑھکر دم کردیں۔ اور اس عمل کے بعد ۳ مرتبہ یہ کہے یَامُعِیْدُ رُدَّ عَلَیَّ فلاں ابن فلاں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات روز کے اندر اندر مفرور واپس آجائے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص بوقت صبح ۹۹ مرتبہ حاملہ کے پیٹ پر اپنا دایاں ہاتھ رکھکر ---- "یامُعیدُ" پڑھکر دم کردے تو حمل ساقط ہونے سے محفوظ رہے۔ یہ عمل عورت کو اپنے محرم سے کرانا چاہئے۔

یا کسی عورت سے کرانا چاہیے۔

اگر کوئی اِس اسمِ الٰہی کو بکثرت پڑھے گا تو اس کی یادداشت میں زبردست اضافہ ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص اپنی کوئی چیز کہیں رکھکر بھول گیا ہو تو اس اسم الٰہی کو لاتعداد مرتبہ پڑھنا شروع کردے، انشاء اللہ تعالیٰ اس کو بھولی ہوئی چیز یا بات یاد آجائے گی۔

جس عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو۔ اس کا شوہر ایک سیب چھیل کر سات مرتبہ یا معیدُ سیب پر لکھ کر لگاتار ۳ رات تک اپنی بیوی کو کھلائے انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔ یہی عمل مرغی کے انڈے پر بھی کارگر ثابت ہوتا ہے۔ بعینہٖ اسی طرح مرغی کے انڈے پر بھی اُسے ابال کر کیا جاسکتا ہے

اگر کوئی شخص مال دار ہو اور پھر کسی وجہ سے مفلس ہو گیا ہو یا اگر کوئی شخص عابد و زاہد ہو اور پھر اس کی حالت بدل گئی ہو، عبادت و ریاضت میں جی نہ لگتا ہو تو "یا معیدُ" گیارہ ہزار مرتبہ ۲۱ دن تک لگاتار پڑھے۔ ـــــ تو اس کی حالت پہلے جیسی ہو جائے گی۔ تنگ دستی دور ہو گی۔ اور سستی و کاہلی سے بھی انشاء اللہ تعالیٰ نجات مل جائے گی۔ جو شخص اس مربع کو کسی ماہِ منقلب میں لکھکر اور نقش کے نیچے بھاگے ہوئے کا نام مع اسم والدہ کے لکھکر کسی درخت پر لٹکا دیں تو بہت جلد وہ واپس آجائے گا۔

نقش یہ ہے

م	ع	ی	د
۱۱	۳	۴۱	۶۹
۲	۸	۷۲	۴۲
۷۱	۴۳	۱	۹

فلاں ابن فلاں

اگر کوئی شخص روزانہ تین سو ۳۰۰ مرتبہ نمازِ فجر کے بعد اس اسم الٰہی کا وِرد کرے تو مستجاب الدعوات ہو جائے۔

اگر کسی کا کام چلتے چلتے رُک جائے تو بعد نمازِ جمعہ چند افراد مل کر ۱۸ ہزار مرتبہ پڑھیں اور لگاتار، جمعوں تک اس عمل کو جاری رکھیں۔انشاء اللہ تعالیٰ کام تیزی کے ساتھ چل پڑے گا۔ یہ عمل تعمیر، کاروبار، مکان، دکان، ٹھیکیداری وغیرہ جیسے مسائل میں بہت کارگر اور مؤثر ثابت ہوتا ہے

دوسری شادی کے لئے عورت ہو یا مرد، شوہر یا بیوی کے مرنے کے بعد اس اسم الٰہی کو ۴۰۰۰ ۱۲ مرتبہ ۴۱ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوسری شادی کا بندوبست ہو جائے گا۔

اگر کسی کا بچہ سوکھتا جا رہا ہو تو ۱۳ سو مرتبہ "یا معیدُ" پڑھکر سرسوں کے تیل پر دم کرکے بچے کے بدن پر اس تیل سے مالش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۱۱ دن کی مالش سے بچہ فربہ ہو جائے گا۔

اگر کسی عورت کو پیدائش کے وقت تکلیف زیادہ ہو اور بچے کی ولادت میں مشکل پیش آ رہی ہو تو "یا معیدُ" گیارہ ۱۱ سو مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرکے عورت کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ولادت ہوگی۔ یا معیدُ کا نقش اگر عورت کی بائیں ران پر باندھ دیا جائے تب بھی ولادت سہولت کے ساتھ ہو جاتی ہے۔

اس اسمِ الٰہی کا عامل بننے کے لئے اس اسم کا ورد ۴۶۴ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اور پھر عامل جس کو بھی "یا مُعِیدُ" کا نقش لکھ کر دے گا۔ فوراً اثر ہوگا۔ اور حیرت انگیز نتائج سامنے آئیں گے۔

"یا معیدُ" کا نقش یادداشت میں اضافے کے لئے کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرنے کے لئے ولادت میں آسانی کے لئے، حمل کی حفاظت کے لئے اور تمام مشکلات میں آسانی کے لئے دیا جا سکتا ہے۔ جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب مشرق کر لے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۲۴

۳۰	۳۴	۳۷	۲۳
۳۶	۲۴	۲۹	۳۵
۲۵	۳۹	۳۲	۲۸
۳۳	۲۷	۲۶	۳۸

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں اگر ان کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۱۲۴

۴۲	۳۷	۴۵
۴۴	۴۱	۳۹
۳۸	۴۶	۴۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل

نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مغرب کرلے اور نقش دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۷	۲۹	۳۲	۲۶
۲۳	۳۵	۲۸	۳۸
۳۰	۳۶	۲۵	۳۳
۳۴	۲۴	۳۹	۲۷

اُن ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ اگر ان کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے۔ تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۲	۴۴	۳۸
۳۷	۴۱	۴۶
۴۵	۳۹	۴۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ث یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۴	۳۰	۲۳	۳۷
۲۴	۳۶	۳۵	۲۹
۳۹	۲۵	۲۸	۳۲
۲۷	۳۳	۳۸	۲۶

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۲	۴۴	۳۸
۳۷	۴۱	۴۶
۴۵	۳۹	۴۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، خ یا غ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر اگر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳	۲۷	۲۶	۳۸
۲۵	۳۹	۳۲	۲۸
۳۶	۲۴	۲۹	۳۵
۳۰	۳۴	۳۷	۲۳

ان ہی حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیئے جائیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۰	۴۶	۳۸
۳۹	۴۱	۴۴
۴۵	۳۷	۴۲

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۱۲۴ مرتبہ "یا معیدُ" پڑھکر دم کردے تو اُن کی تاثیر و قوت میں زبردست اضافہ ہوجائے۔ عامل کو چاہئے کہ وہ گلے میں ڈالنے والے یا بازو پر باندھنے والے نقوش کو نیلے یا فیروزی کپڑے میں باندھنے کی تاکید کریں۔ اور پینے کے نقوش ایک مریض کو سات سات دیئے جائیں اور ایک نقش کا پانی دو دو دن پینے کی تاکید کی جائے۔

حق تعالیٰ کا ۶۱ واں صفاتی نام "اَلْمُحْیِیُ" ہے جس کے معنیٰ ہیں زندہ رکھنے والا۔ یا زندگی دینے والا۔ زندگی دینے اور زندہ رکھنے کی صلاحیت اور قدرت چونکہ صرف حق تعالیٰ میں ہے۔ اس لئے ان کو اَلْمُحْیِیُ بھی کہا جاتا ہے۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ یادِ خداوندی سے اپنے دل کو زندہ رکھے اور ذکرِ خداوندی سے اپنی رُوح کو تازگی عطا کرتا رہے۔ یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۶۸ ہیں۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کے جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو تو وہ اسم مذکورہ کو ۷ مرتبہ پڑھکر درد کی جگہ دم کرے تو درد ختم ہوجاتا ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو اختلاجِ قلب کی بیماری ہو وہ ۹

مرتبہ "یَا مُحْیِیُ" پڑھکر نمازِ فجر سے پہلے اپنے قلب پر دم کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن ایسا کرنے سے اس کا مرض رفع ہو جائے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد ۱۷۴ مرتبہ "یَا مُحْیِیُ" پڑھنے کا معمول بنائے تو قیامت تک اس کی قبر کا نشان باقی رہے گا۔ اور قیامت تک لوگوں میں اس کا ذِکر وفِکر باقی رہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد ۶۸ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھنے کی پابندی کرلے تو ایمان میں نکھار پیدا ہو جائے۔ اور طبیعت عبادت کی طرف چلنے لگے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ذیابیطس "شوگر" کا مریض ۲۵۰ مرتبہ ۸۰ دن تک اس اسم کا ورد کرے تو شوگر کی بیماری سے نجات مل جائیگی۔

اگر یرقان کے مریض کو "یَا مُحْیِیُ" ۱۰۰ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرکے پلائیں تو یرقان کی بیماری سے چھٹکارا نصیب ہو۔

جس عورت کا دل گھبراتا ہو۔ گھر میں دِل نہ لگتا ہو۔ طبیعت اچاٹ رہتی ہو وہ روزانہ تین سو مرتبہ اس اِسم کا وِرد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طبیعت کی بیزاری ختم ہو جائے گی۔

جس شخص کا دِل عبادت میں نہ لگتا ہو وہ روزانہ ۱۴۱ سو مرتبہ اس اسمِ مبارک کا وِرد کرے لگاتار ۱۱ دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طبیعت عبادت کی طرف مائل ہو جائے گی۔

اگر کِسی شخص کو اپنی گرفتاری کا اندیشہ ہو تو "یَا مُحْیِیُ" لاتعداد مرتبہ اٹھتے بیٹھتے پڑھنا شروع کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گرفتاری کی

نوبت نہیں آئے گی۔

اس اسم مُبارک کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ۶۸۰۰ مرتبہ پڑھیں اور لگاتار ۴۱ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

اس اسم مُبارک کا نقش یرقان، اختلاجِ قلب، مُردہ دِلی، شوگر، ماہواری کا دَرد، کثرتِ حیض اور جسم میں ہر طرح کے دَرد کے لئے دیا جاسکتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مؤثر ثابت ہوگا۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶	۲۰	۲۳	۹
۲۲	۱۰	۱۵	۲۱
۱۱	۲۵	۱۸	۱۴
۱۹	۱۳	۱۲	۲۴

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۴	۱۸	۲۶
۲۵	۲۳	۲۰
۱۹	۲۷	۲۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف، ب، و، ن، ی، ص، ت، یا ض ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲	۱۸	۱۵	۲۳
۲۴	۱۴	۲۱	۹
۱۹	۱۱	۲۲	۱۶
۱۳	۲۵	۱۰	۲۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۵	۲۴
۲۷	۲۳	۱۸
۲۲	۲۰	۲۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س ق، ث یا ظ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔)

۷۸۶

۲۰	۱۶	۹	۲۳
۱۰	۲۲	۲۱	۱۵
۲۵	۱۱	۱۴	۱۸
۱۳	۱۹	۲۴	۱۲

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۵	۲۴
۲۷	۲۳	۱۸
۲۲	۲۰	۲۶

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، خ، ل، ع، د، یا غ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور ایک ٹانگ بچھا کر، ایک اٹھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۱۲	۱۳	۱۹
۱۴	۱۸	۲۵	۱۱
۲۱	۱۵	۱۰	۲۲
۹	۲۳	۲۰	۱۶

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۲	۲۷	۱۹
۲۰	۲۳	۲۵
۲۶	۱۸	۲۴

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۶۸ مرتبہ "یَامُحْیِیُ" پڑھکر ان پر دم کردے تو ان کی تاثیر وقوت میں کئی گنا اضافہ ہوجائے۔

عامل کو چاہئے کہ وہ مردوں کو نقش دائیں بازو پر اور عورتوں کو بائیں بازو پر باندھنے کی تاکید کردے۔ اور "اَلْمُحْیِیُ" کے نقش کو اگر فیروزی یا نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے باندھیں تو زیادہ مؤثر ثابت ہوتا ہے

حق تعالیٰ کا ۶۲ واں صفاتی نام "اَلْمُمِیْتُ" ہے ممیت اس ذات کو کہتے ہیں۔ جس کے اندر مارنے کی قدرت موجود ہو۔ اور یہ قدرت صرف باری تعالیٰ میں ہے کہ وہ کسی کو زندگی بھی دے سکتے ہیں اور موت بھی

اس لئے ان کو اَلمُمِیْتُ کہا جاتا ہے۔ یہ اسم اسمِ جلالی ہے اور اس کے اعداد ۴۹۰ ہیں۔ اس اسم سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ بندہ اپنی نفسانی خواہشات کو مار ڈالے۔ اور شیطانی اثرات کو اپنے قریب نہ پھٹکنے دے۔ اور اُن تمام اُمور سے مجتنب رہے جو نفس کو بے لگام کرنے والے ہوں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یَامُمِیْتُ" پڑھنے کی عادت ڈالے تو اس کا غصّہ دُور ہوجائے گا۔ یہ یہ عمل بالخصوص ان حضرات کو کرنا چاہئے جو مغلوبُ الغضب ہوں اور غصّے کی حالت میں آپے سے باہر ہوجاتے ہوں۔ اپنے غصّے کو ختم کرنے کے لئے انھیں یہ عمل کرنا چاہئے۔

اگر کوئی شخص کسی ظالم انسان کے ظلم وستم سے پریشان ہو تو اس کو چاہئے کہ ۴۰ روز تک روزانہ اس اسمِ الٰہی کو گیارہ سو مرتبہ ترک حیوانات کے ساتھ پڑھے وہ ظالم جس کے ظلم سے یہ پریشان ہوگا۔ ہلاک ہوجائے گا۔ یا برباد ہوجائے گا۔ اس طرح کے امور میں بہت غور وفکر کے ساتھ عمل کا ارادہ کرنا چاہئے۔ ناحق کسی کو ستانے والا خدا کا مجرم ہوتا ہے اور اس کی اپنی عاقبت برباد ہوجاتی ہے۔ اس لئے کہ اس طرح کے اعمال جب کریں جب کسی مفتی وغیرہ سے رائے مشورہ لے لیں۔ ورنہ خواہ مخواہ گناہگار ہوں گے۔ اور معمولی دشمنی کی وجہ سے کسی کو برباد کرنے کی نہ ٹھانیں۔

اگر کوئی شخص بیدار ہونے کے بعد بستر سے اٹھنے سے پہلے "یَامُحْیِیُ یَامُمِیْتُ" ۷ مرتبہ اپنا دایاں ہاتھ اپنے سینے پر رکھ کر پڑھے تو اپنے نفس پر قابو پالے۔

جس انسان کا نفس اس کا مطیع نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ رات کو

سونے سے پہلے اس اسم الٰہی کو لاتعداد مرتبہ پڑھتا رہے۔ جب تک نیند نہ آجائے چند ہفتوں ایسا کرنے سے نفس غلام ہو جائے گا۔

اگر روزانہ اس اسم الٰہی کو ۱۲ مرتبہ پڑھ کر اپنے دل پر دم کر لیا جائے تو کسی طرح کا جادو اثر نہ کرے۔

اگر کسی بچے کو نظر ہو جائے تو پانچ مرتبہ "یَامُمِیْتُ" اس کے گلے میں اس طرح لکھ کر ڈالیں۔

یَامُمِیْتُ		یَامُمِیْتُ
	یَامُمِیْتُ	
یَامُمِیْتُ		یَامُمِیْتُ

اگر کسی پر سفلی جادو کا اثر ہو تو اس جادو کو زائل کرنے کے لئے، "یَامُمِیْتُ" سات ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور یہ پانی سحر زدہ انسان کو ۷ روز تک دن میں ۳ مرتبہ پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو سے نجات مل جائے گی۔

اگر کوئی شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو چار لاکھ نوے ہزار کی تعداد ۴۰ دن میں پوری کرے۔ روزانہ کی تعداد بارہ ہزار ۲۵ مرتبہ رہیگی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ صرف ۳۲ مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہو گی اور زبردست تاثیر ظاہر ہو گی۔

اس اسم کا نقش جادو کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے دشمنوں کی شرارتوں سے محفوظ رہنے کے ساتھ نفس کی دسیسہ کاریوں سے بچاؤ کیلئے، بُری عادات کو ختم کرنے کے لئے شرابی کو شراب نوشی سے اور

زانی کو زنا کاری سے بچانے کے لئے دیا جا سکتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کر لے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۱۲۲	۱۲۵	۱۲۸	۱۱۵
۱۲۷	۱۱۶	۱۲۱	۱۲۶
۱۱۷	۱۳۰	۱۲۳	۱۲۰
۱۲۴	۱۱۹	۱۱۸	۱۲۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶۴	۱۵۹	۱۶۷
۱۶۶	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۰	۱۶۸	۱۶۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کر لے اور دو زانو ہو کر یہ نقش لکھے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۱۱۸	۱۲۳	۱۲۱	۱۲۸
۱۲۹	۱۲۰	۱۲۶	۱۱۵
۱۲۴	۱۱۷	۱۲۷	۱۲۲
۱۱۹	۱۳۰	۱۱۶	۱۲۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶۰	۱۶۶	۱۶۴
۱۶۸	۱۶۳	۱۵۹
۱۶۲	۱۶۱	۱۶۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق ش، یا ظ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔ ۷۸۶

۱۲۸	۱۱۵	۱۲۲	۱۲۵
۱۲۱	۱۲۶	۱۲۷	۱۱۶
۱۲۳	۱۲۰	۱۱۷	۱۳۰
۱۱۸	۱۲۹	۱۲۴	۱۱۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶۴	۱۶۶	۱۶۰
۱۵۹	۱۶۳	۱۶۸
۱۶۷	۱۶۱	۱۶۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف، ر، ح، خ، ل، ع، و یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۴	۱۱۹	۱۱۸	۱۲۹
۱۱۷	۱۳۰	۱۲۳	۱۲۰
۱۲۷	۱۱۶	۱۲۱	۱۲۶
۱۲۲	۱۲۵	۱۲۸	۱۱۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۶۲	۱۶۸	۱۶۰
۱۶۱	۱۶۳	۱۶۶
۱۶۷	۱۵۹	۱۶۴

حق تعالیٰ کا ۶۳ واں صفاتی نام اَلحَیُّ ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں زندہ، ایسی زندہ ذات جو کبھی ختم ہونے والی نہیں ہے وہ ذات ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ یہ اسم جلالی ہے اور بعض کے نزدیک اسم جمالی ہے۔ اس کے اعداد ۱۸ ہیں۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ اپنے دل کو یادِ خداوندی سے زندہ رکھے اور اللہ کو یاد کرکے ابدی حیات حاصل کرنے کی کوشش میں لگا رہے۔ اگر کوئی ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہو۔ تو وہ پانی پینے سے پہلے یہ وظیفہ سات مرتبہ پڑھے۔ یَا حَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَا حَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ۔

اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم یہ چاہتا ہو کہ اس کے ہاتھ میں شفا رہے تو روزانہ گیارہ سو مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھنے کا معمول بنائے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی بیمار پر بکثرت "یَا حَیُّ" پڑھ کر دم کیا جاتا رہے تو وہ بیمار رُو بہ صحت ہو جائے نئی زندگی عطا ہو جائے۔

اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ۱۸ مرتبہ "یَا حَیُّ" پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کی عمر میں برکت ہو۔

کوئی بھی شخص اگر مایوس کن بیماری میں مبتلا ہو تو اس کے گلے میں یہ نقش ڈال دیں۔ کیسا بھی مرض ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ رفع ہو گا۔

یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ یَا حَیُّ یَا حَیُّ، یَا حَیُّ یَا حَیُّ

اور تمام مریضوں کو خواہ وہ کسی بھی بیماری میں مبتلا ہوں، پینے کیلئے یہ نقش لکھکر ۱۸ عدد دیں۔ لگاتار روزانہ ایک نقش کا پانی ۱۸ دنوں تک پلائیں۔　　نقش یہ ہے

۷۸۶

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

حق تعالیٰ کا ۴۶ واں صفاتی نام " اَلْقَیُّوْمُ " ہے۔ القیوم اس ذاتِ گرامی کو کہتے ہیں جو قائم و دائم ہو اور جس کا فنا ہو جانا ممکن نہ ہو۔ یہ اسم اسم جلالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۵۶ ہیں۔

اس اسمِ الٰہی سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ انسان اللہ کے بندوں کی خدمت کے لئے ہمیشہ کھڑا رہے۔ اور خدمت کے ذریعہ لوگوں میں

اس کی محبت قائم ہو جائے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسمِ الٰہی کا ذکر بہ کثرت کریگا وہ غنی ہو جائے گا۔

اگر کسی شخص کو نیند زیادہ آتی ہو تو رات کو سونے سے پہلے ۱۵۶ مرتبہ اس اسمِ الٰہی کو پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نیند کم ہو جائے گی۔

اگر کوئی مصیبت درپیش ہو تو تین آدمی مل کر ساٹ ساٹ ہزار مرتبہ روزانہ تین دن تک کل ۶۳ ہزار مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت دور ہوگی۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ" دراصل اسم اعظم ہے اور اس اسم اعظم کے ذریعہ جو بھی دعا کی جاتی ہے وہ قبول ہوتی ہے۔

بعض اکابرین کی رائے یہ ہے کہ قرآن حکیم کی دو آیتوں میں اسم اعظم موجود ہے۔ ایک آیت یہ ہے۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۝ دوسری آیت یہ ہے۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ۝

شیخ ابو العباسؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص جمعہ کی پہلی ساعت میں مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے تو حق تعالیٰ اس کے قلب کو زندہ کردے اور اس کی گمنامی شہرت و مقبولیت میں بدل جائے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۱۵۵	۱۶۰	۱۵۳
۱۵۴	قَیُّوْمُ	۱۵۸
۱۵۹	۱۵۲	۱۵۷

اگر کوئی شخص ۴۰ دن تک یہ اہتمام کرلے کہ ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ " یَا قَیُّوْمُ " پڑھنے کا معمول بنالے تو جس مقصد کیلئے پڑھے گا۔ اسے اس مقصد میں کامیابی ملے گی۔ ملازمت کے لئے پڑھے گا۔ ملازمت ملے گی۔ اقتدار کیلئے پڑھے گا۔ اقتدار ملے گا۔ اور اگر عزت وعظمت کیلئے پڑھے گا تو عزت وعظمت عطا ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اگر کسی کو اپنی طرف مائل کرنے کی آرزو ہو تو ۱۱ دن تک اس اسم الٰہی کو ۲۴۳۲ مرتبہ پڑھے۔ اور اس کا تصور کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص مائل ہو جائے گا۔

اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو وہ رات کو سوتے وقت اس اسم کو ۱۵ ہزار دو سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ چیز کے بارے میں خواب میں نشاندہی ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو ۴۰ دن تک روزانہ ۱۵۲۰۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد اس اسم الٰہی کے عمل اور نقش میں زبردست تاثیر پیدا ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص " یَا قَیُّوْمُ " کا خصوصی وظیفہ تازندگی پڑھتا رہے اور سوتے وقت روزانہ ۳۰ مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈالے تو اس کا ہر کام انشاء اللہ تعالیٰ درست ہو جائے گا۔

اس اسمِ الٰہی کا خصوصی وظیفہ یہ ہے۔

یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِنْ عِلْمِهٖ وَلَا یَؤُدُہٗ یَا قَیُّوْمُ

"یَا قَیُّوْمُ" کا نقش زندگی کے تمام کاموں کے لئے دیا جاسکتا ہے۔ ہر ایک مراد کی کنجی ہے۔ یا قیوم کا نقش۔

لیکن یا قیوم کا نقش صرف باندھنے کے لئے دیا جائے۔ پینے کے لئے نہ دیا جائے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف، یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۴۲	۴۵	۳۱
۴۴	۳۲	۳۷	۴۳
۳۳	۴۷	۴۰	۳۶
۴	۳۵	۳۴	۴۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ن، ی، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۷۸۶

۳۴	۴۰	۳۷	۴۵
۴۶	۳۶	۴۳	۳۱
۴۱	۳۳	۴۴	۳۸
۳۵	۴۷	۳۲	۴۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۵	۳۱	۳۸	۴۲
۳۷	۴۳	۴۴	۳۲
۴۰	۳۶	۳۳	۴۷
۳۴	۴۶	۴۱	۳۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، د، یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ عامل اس نقش کو لکھتے وقت اگر ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے۔ اور اپنا رُخ جانب جنوب کرلے تو افضل ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔)

۷۸۶

۴۱	۳۵	۳۴	۴۶
۳۳	۴۷	۴۰	۳۶
۴۴	۳۲	۳۷	۴۳
۳۸	۴۲	۴۵	۳۱

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۱۵۶ مرتبہ یَاقَیُّومُ پڑھ کر دم کر دے تو ان کی تاثیر و قوت میں زبردست اضافہ ہوجائے ان نقوش کو فیروزی یا نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کرے۔

حق تعالیٰ کا ۶۵ واں صفاتی نام "اَلْوَاجِدُ" ہے واجد کے معنیٰ ہیں کہ ایسی ذات والا جو اپنے وجود کے اعتبار سے یکتا ہے۔ اور اپنے بندوں کے لئے ہر طرح کی مدد کرنے والا ہو۔ اس نام سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ بندہ کوشش اور جد وجہد کو جاری رکھے۔ اور اپنے بڑوں کی اطاعت میں لگا رہے۔ یہ اسم اسم جمالی ہے اور بعض کے نزدیک جلالی ہے۔ اس کے اعداد ۱۴ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم کو عشاء کے بعد پانچ سو

مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈال لے اس کی طبیعت میں غنا پیدا ہو جائے

اگر کوئی اس اسم کو کھانا کھاتے وقت ہر لقمے پر دم کر کے کھائے گا تو اس کے قلب میں نور پیدا ہو گا۔

اگر کوئی شخص روزانہ ۳۶۰ مرتبہ بعد مغرب کے اس اسم کو پڑھے گا اس کو دُنیا کی دولت عطا ہو گی۔

اگر کوئی شخص چار سو پچاس مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کسی کو کھلائے گا تو وہ اس سے محبت کرنے لگے گا۔

اگر پانچ سو ستّر مرتبہ اس اسم کو مشرق کی طرف رُخ کر کے کوئی کھڑے ہو کر پڑھے گا۔ اور دُشمن کو دفع کرنے کی دُعا کرے گا تو دشمن دفع ہو گا۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی تاریک جگہ میں نصف رات کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے گا تو اس کو تونگری حاصل ہو گی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو ہر فرض نماز کے بعد ۱۴ مرتبہ اور جُمعہ کی نماز کے بعد ایک سو چالیس مرتبہ پڑھے گا۔ تو اس کو کشف کی دولت حاصل ہو گی۔

اگر کسی کا کاروبار بند کر دیا گیا ہو "یَا وَاجِدُ" ۳۱۲۵ مرتبہ کاروبار کی جگہ پر ۴۰ دن تک بلا ناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بندش ختم ہو جائے گی اور کاروبار چل پڑے گا۔

اگر مَرد یا عورت کی شادی کی بندش کر دی گئی ہو تو اس کو چاہئے کہ گیارہ جمعراتوں تک گیارہ ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے ـــــ اور ہر جمعرات کو اپنی شادی کی دُعا کرے۔ انشاء اللہ گیارہ جمعراتوں کے درمیان ہی

رشتہ طے ہو جائے گا ـــــ عورت ناغہ کے دنوں کو چھوڑ کر گیارہ کی تعداد پوری کرے۔ مرد کو چاہئے کہ لگاتار ۱۱ جمعراتوں تک اس عمل کو جاری رکھے۔

اگر کوئی شخص اس اسم کا باقاعدہ عامل بننا چاہے تو اس کو چاہئے کہ اس اسمِ الٰہی کو ۱۳۷۵۰ مرتبہ ۸۰ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس اسم کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اس اسم کا نقشِ حرفی اور نقشِ عددی دل میں غنا پیدا کرتا ہے اور بخل و تنگ دلی اور تنگ نظری جیسے عیوب سے نجات ملتی ہے۔ اکابرین نے فرمایا ہے کہ مرد کو نقشِ حرفی دینا چاہئے اور خواتین کو نقشِ عددی بعض بزرگوں نے یہ فرمایا ہے کہ نقشِ عددی باندھنے کے لئے دینا چاہئے اور نقشِ حرفی پینے کے لئے۔

نقشِ حرفی یہ ہے۔

۷۸۶

د	ج	ا	و
ا	و	د	ج
و	ا	ج	د
ج	د	و	ا

نقشِ عددی یہ ہے

۷۸۶

۳	۴	۶	۱
۶	۱	۳	۴
۱	۶	۴	۳
۴	۳	۱	۶

حق تعالیٰ کا ۶۶ واں صفاتی نام "الْمَاجِدُ" ہے ماجد اس ذات کو کہتے ہیں جو بزرگ ہو اور عظیم تر ہو۔ چونکہ حق تعالیٰ اپنی عظمت اور کبریائی کے اعتبار سے بہت ہی عظیم الشان اور رفیع المرتبت ہیں اس لئے انھیں "ماجد" کہا جاتا ہے —— اور حق تعالیٰ کو مبالغہ آمیزی کرتے ہوئے مَجِیْد بھی کہا جاتا ہے۔ مجید میں ماجد کے مقابلہ میں اور بھی زیادہ مبالغہ ہے۔ اور صحیح تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت اور بڑائی کا کوئی اندازہ نہیں کیا جا سکتا —— حق تعالیٰ ہماری سوچ وفکر کی حد بندیوں سے کہیں زیادہ عظیم اور بڑے ہیں یہ اسم جمالی ہے اور بعض حضرات کے نزدیک مشترک ہے اس کے اعداد ۴۸ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص معرفت میں ترقی حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس اسم الٰہی کو روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ۷ مرتبہ "یَامَاجِدُ" شہد پر پڑھکر کسی مریض کو چٹائے تو مریض کو شفا حاصل ہو۔

اگر کوئی شخص گیارہ دن تک گیارہ ہزار مرتبہ "یَامَاجِدُ" پڑھے تو اس کے دل کے دروازے "معرفت" کے کھل جائیں اور کشف کی دولت حاصل ہو جائے۔

اگر کوئی شخص ۳ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اس اسم الٰہی کو پڑھنے کا

معمول بنالے تو عزیز خلائق ہو جائے۔ اگر کوئی شخص اپنی غلطیوں اور لغزشوں کی وجہ سے کسی ذلّت وخواری کا شکار ہوگیا ہو اور اس کو یقین ہو کہ اس قعرِ مذلّت سے نجات ملنے والی نہیں ہے تو اس کو چاہئے کہ "یَامَاجِدُ" ساٹھ ہزار مرتبہ روزانہ ۲۱ روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ذلّت وخواری سے نجات ہوگی ـــــ اور کوئی مرتبہ عظیم حاصل ہوگا۔

اگر کسی شخص کی ملازمت ختم ہوگئی ہو۔ یا کسی جرم یا الزام کی وجہ سے وہ معطل کردیا گیا ہو تو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ "یَامَاجِدُ" ۴۰ روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ملازمت دوبارہ برقرار ہوجائے گی۔

اگر کوئی شخص اپنے اقتدار کو باقی رکھنا چاہتا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ "یَامَاجِدُ" پڑھنے کا معمول بنائے۔

اگر کوئی شخص اپنے مریدوں اور عقیدت مندوں میں اضافہ کرنا چاہے تو رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں روزانہ دن رات میں ۴۱ ہزار مرتبہ "یَامَاجِدُ" پڑھے۔ "روشن ضمیری" کے لئے ۱۱ روز تک گیارہ ہزار مرتبہ "یَامَاجِدُ" پڑھے۔

اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کا عامل بننا چاہے تو روزانہ ۹۲۰۰ مرتبہ ۴۰ روز تک لگاتار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔ اس کے بعد جس مریض کا علاج اس اسم کے ذریعہ کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کو شفا ہوگی۔

"یَامَاجِدُ" کا نقش ہر طرح کی بیماری میں مفید ہے۔ اس کا نقش صرف گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱	۱۵	۱۸	۴
۱۷	۵	۱۰	۱۶
۶	۲۰	۱۳	۹
۱۴	۸	۷	۱۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ن، ی، ص، ت، یا ض ہو، اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرے اور دو زانو ہو کر لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۱۳	۱۰	۱۸
۱۹	۹	۱۶	۴
۱۴	۶	۱۷	۱۱
۸	۲۰	۵	۱۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق،

ث، یا ظ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴	۱۱	۱۵
۱۰	۱۶	۱۷	۵
۱۳	۹	۶	۲۰
۷	۱۹	۱۴	۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، د، یا غ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۴	۸	۷	۱۹
۶	۲۰	۱۳	۹
۱۷	۵	۱۰	۱۶
۱۱	۱۵	۱۸	۴

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۴۸ مرتبہ "یَا مَاجِدُ" پڑھکر ان پر دَم کردے تو ان کی تاثیر وقوت میں کئی گنا اضافہ ہوجائیگا۔

حق تعالیٰ کا ۶۷ واں صفاتی نام الواحِد ہے جس کے معنیٰ ہیں تنہا۔ یکتا۔ سب سے جُدا۔ اور چوں کہ ان معنوں کا اطلاق صرف اور صرف رَبّ العٰلمین کی ذاتِ گرامی پر ہوتا ہے۔ اس لئے انھیں "الواحدُ" بھی کہا جاتا ہے۔ حق تعالیٰ اپنی ذات، اپنی عظمت اور اپنی کبریائی کے اعتبار سے یکتا ہیں۔ بے مثال ہیں۔ اور اپنی قدرت کے اعتبار سے بے نظیر ہیں اور اپنی وحدت اور الوہیت کے لحاظ سے بلاشبہ وحدہٗ لاشریک ہیں۔ اسی لئے انھیں "الواحدُ" بھی کہا جاتا ہے۔ اور اُن کا ۶۷ واں صفاتی نام ہے۔ یہ نام جلالی ہے اور اس کے اعداد ۱۹ ہیں۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے دل میں یکسوئی پیدا کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد ۱۹ مرتبہ "الواحِدُ" پڑھنے کی عادت ڈال لے تو اس کے دل میں یکسوئی پیدا ہوگی۔

اگر کوئی بندہ یہ چاہے کہ ربُّ العٰلمین اس کی طرف زیادہ سے زیادہ متوجہ رہیں تو اس کو چاہیئے کہ اس اسمِ الٰہی کو بکثرت پڑھنے کا معمول بنائے۔

جس شخص کے بیٹا نہ ہوتا ہو تو وہ رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد ایک سو ایک مرتبہ "یا واحد" لکھکر ــــ اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔ اور ایک کاغذ پر اسی طرح لکھکر وہ اپنی بیوی کے بائیں

بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فرزند صالح پیدا ہوگا۔

جو شخص اس اسم الٰہی کو ۹ مرتبہ پڑھکر کسی سے ملاقات کے لئے جائے گا تو وہ شخص بہت عزت سے پیش آئے گا اور ہر کام سہولت کے ساتھ انجام پذیر ہوگا۔

جو شخص ۱۴ مرتبہ اس اسم الٰہی کو صبح وشام پڑھنے کی عادت ڈالے بالیقین اس کا خاتمہ ایمان پر ہو۔

جو شخص حق تعالیٰ کا دیدار کرنا چاہتا ہو وہ اس اسم الٰہی کو ۱۲۵۳۱ مرتبہ روزانہ ۴۰ روز تک پڑھے۔ اس دوران اس کو حق تعالیٰ کا دیدار نصیب ہوگا۔

اگر کوئی شخص کسی طرح کی رجعت کا شکار ہو تو اس کو چاہئے کہ اس اسم الٰہی کو ۳ ہزار مرتبہ ۱۱ روز تک بلاناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رجعت سے نجات ملے گی۔

جو شخص اس اسم الٰہی کو ۱۲۱۶ مرتبہ چالیس دن تک پڑھے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ آفات اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کی خیالاتِ فاسدہ سے مکمل حفاظت ہوگی۔

اگر کوئی شخص نوچندی اتوار کو مندرجہ ذیل نقش ساعتِ شمس میں لکھکر اپنے دائیں بازو پر باندھے تو اس کا وقار بڑھ جائے۔ اور لوگوں پر اس کا رعب قائم ہو۔ یہ نقش "یا احدُ یا واحدُ" کا مشترک نقش ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)

۷۸۶

ا	ح	د	و	ا	ح	د
ح	د	و	ا	ح	د	ا
د	و	ا	ح	د	ا	ح
و	ا	ح	د	ا	ح	د
ا	ح	د	ا	ح	د	و
ح	د	ا	ح	د	و	ا
د	ا	ح	د	و	ا	ح

اس اسم الٰہی کا نقش توحید باری تعالیٰ کے عناد پیدا کرنے کے لئے اور انسان کو شرک و بدعت کی گمراہیوں سے محفوظ رکھنے کیلئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس اسم الٰہی کا نقش باندھنے کے لئے نقش عددی دیا جائے اور پینے کے لئے نقش حرفی دیا جائے۔

نقش عددی یہ ہے۔

۷۸۶

٦	۱	۸	۴
۸	۴	٦	۱
۴	۸	۱	٦
۱	٦	۴	۸

نقش حرفی اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

۷۸۶

د	ح	ا	و
ا	و	د	ح
و	ا	ح	د
ح	د	و	ا

حق تعالیٰ کا ۶۸ واں صفاتی نام "اَلاحدُ" ہے۔ اس کے معنیٰ بھی تقریباً وہی ہیں جو وَاحِدُ کے ہیں۔ یہ اسم اسم جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۱۳ ہیں۔

بزرگوں نے فرمایا ہے جو شخص اس اسم کو بکثرت پڑھے گا۔ اس کے دل سے دُنیا کی محبت نکل جائے گی۔

اگر کسی کے سانپ کاٹ لے تو ۱۰۰ مرتبہ "الاحد الواحد" پڑھ کر سانپ گزیدہ پر دم کر دیں۔ تو سانپ کا زہر چڑھنے کی نوبت نہیں آئے گی۔

اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو نمازِ فجر کے بعد سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے دل میں خوفِ خداوندی پیدا ہو جائے۔ اور دُنیا کا ڈر اس کے دل سے نکل جائے۔

اگر کوئی شخص کبیرہ گناہوں میں غرق ہو اور گناہوں سے نجات حاصل

کرنے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم الٰہی کو روزانہ ۵۲۰۰ مرتبہ ۴۰ روز تک لگاتار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں سے بچنے کی توفیق عطا ہوگی۔

اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کو نمازِ فجر کے بعد گیارہ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کو عذابِ قبر سے نجات ملے گی۔

اگر کوئی شخص کسی مہلک بیماری میں مبتلا ہو تو اس کو چاہیئے کہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یا احدُ" پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوجائے گی۔

حق تعالیٰ کا ۶۹ واں صفاتی نام "الصمد" ہے۔ صمد کے معنیٰ ہیں وہ ذات جو سارے عالم سے اور ساری مخلوقات سے بے نیاز ہو۔ چونکہ حق تعالیٰ کل مخلوقات سے بے نیاز ہیں۔ انھیں کسی کی توجہ اور کسی کی عبادت کی کوئی حاجت نہیں۔ اس لئے ان کو صمد کہا جاتا ہے۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ انسانوں سے بے نیاز ہوجائے۔ اور ان کے سامنے اپنا دامن پھیلانے سے گریز کرے۔

یہ اسم، اسمِ جمالی ہے اور اس کے اعداد ۱۳۴ ہیں۔

اگر کوئی شخص مشکلات کا حل چاہتا ہو تو اس اسم الٰہی کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے۔

اگر کوئی شخص نصف رات گزر جانے کے بعد سجدے میں جاکر ۱۵ مرتبہ "یاصمد" پڑھے تو غیبت، جھوٹ، نفاق اور لوگوں کی عیب جوئی سے نجات حاصل ہو۔

اگر کوئی شخص کسی ظالم کے ظلم کا شکار ہو تو مغرب کی نماز کے بعد "اللہ الصمد" ایک ہزار مرتبہ ۱۱ روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے اور قید سے نجات حاصل ہوگی۔

اگر کوئی شخص روزانہ ۸۰۰ مرتبہ اس اسم الٰہی کو ۴۰ روز تک پڑھے تو وہ درجۂ ولایت تک پہنچ جائے۔

جو شخص اس اسم الٰہی کو ہر فرض نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ وہ فقر وفاقہ سے دُور رہے۔

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کے لئے چینی پر ۱۴ سو مرتبہ "یاصمدُ" پڑھ کر دیں۔ اور دونوں کو یہ چینی استعمال کرنے کی تاکید کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں کے درمیان مثالی محبت پیدا ہوگی۔

اگر کوئی شخص نمازِ تہجد کے بعد گیارہ سو مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھیگا اس کی زبان میں ایسی تاثیر پیدا ہوگی کہ خلقت حیران ہوگی۔ وہ جو کچھ بھی زبان سے نکال دے گا پورا ہوگا۔

جو شخص اس اسم الٰہی کا عامل بننا چاہے وہ ۸۰ روز تک روزانہ ۱۰ دس ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس اسم الٰہی کا عامل بن جائے گا۔

اس اسم الٰہی کا نقش فسق وفجور، بدکاری، شراب نوشی، چوری، سٹے بازی وغیرہ تمام ایسے گناہوں سے نجات دلانے میں کارگر ثابت ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یاصمدُ کا نقش انسان کے اندر مخلوق سے بے نیازی،

غیرت مندی اور خود داری پیدا کرنے میں تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ بے شرمی بے غیرتی اور بے حیائی سے نجات دلانے میں یَاصَمَدُ کا نقش بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہوکر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳	۳۶	۳۹	۲۶
۳۸	۲۷	۳۲	۳۷
۲۸	۴۱	۳۴	۳۱
۳۵	۳۰	۲۹	۴۰

مذکورہ خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۶	۴۰	۴۸
۴۷	۴۵	۴۲
۴۱	۴۹	۴۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل

نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانبِ مغرب کرے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶			
۲۹	۳۴	۳۲	۳۹
۴۰	۳۱	۳۷	۲۶
۳۵	۲۸	۳۸	۳۳
۳۰	۴۱	۲۷	۳۶

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے

۷۸۶		
۴۱	۴۷	۴۶
۴۹	۴۵	۴۰
۴۴	۴۲	۴۸

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانبِ شمال کرے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶			
۳۹	۲۶	۳۳	۳۶
۳۲	۳۷	۳۸	۲۷
۳۴	۳۱	۲۸	۴۱
۲۹	۴۰	۳۵	۳۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۱	۴۷	۴۶
۴۹	۴۵	۴۰
۴۴	۴۲	۴۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، دیا غ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ بچھا کر اور ایک اٹھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۰	۲۹	۳۰	۳۵
۳۱	۳۴	۴۱	۲۸
۳۷	۳۲	۲۷	۳۸
۲۶	۳۹	۳۶	۳۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔--- --- اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۴۱	۴۹	۴۴
۴۷	۴۵	۴۲
۴۶	۴۰	۴۸

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۱۳۴ مرتبہ "یا صمدُ" پڑھکر ان پر دم کردے تو ان کی تاثیر و قوت میں کئی گنا اضافہ ہو جائے۔

حق تعالیٰ کا ۶۹ واں صفاتی نام القادر ہے۔ القادر کے معنیٰ ہیں قدرت والی ذات۔ حق تعالیٰ چوں کہ ہر ہر چیز پر زبردست قدرت رکھتے ہیں۔ اس لئے بجا طور پر وہ "قادر" کہلانے کے حق دار ہیں۔ اُن کے سوا کسی اور پر "قادرِ مطلق" کا اطلاق نہیں ہوتا۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؕ بلاشبہ حق تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں۔ اور ہر چیز اُن کے اختیارات اور قدرتِ کاملہ کے سامنے ہیچ ہے۔

اَلْقَادِرُ۔ اسم جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۳۰۵ ہیں۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسم الٰہی کا ورد کرے تو اس کی مراد پوری ہو۔

اگر کوئی شخص کسی مشکل میں پھنس جائے تو روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یاقَادِرُ" کا وِرد کرے تو اس کو مشکل سے نجات مِل جائے گی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ظالموں کے ظلم کا شکار ہو تو ہر فرض نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ "یا قَادِرُ" پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اس اسمِ الٰہی کی برکت سے ظلم وستم سے نجات مل جائے گی۔

اگر کوئی کسی مصیبت کا شکار ہو جائے تو دو رکعت نفل پڑھکر تین سو پانچ ۳۰۵ مرتبہ اس اسمِ الٰہی کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت سے نجات مل جائے گی۔

اس اسم الٰہی کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ۹۲۷۵ مرتبہ اس کا ورد لگاتار ۴۱ دن تک کیا جائے۔ اس کے بعد اس کا ہر عمل کارگر رہے گا۔ اور بروقت اس کے نتائج ظاہر ہوں گے۔

حق تعالیٰ کا ۷۰ واں صفاتی نام المُقتدِرُ ہے۔ مقتدر اُس ذات کو کہتے ہیں جسے اپنی قدرت کے ظاہر کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہو۔

یہ اسم، اسم جمالی ہے۔ اور اس کے اعداد ۷۴۴ ہیں۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اپنے نفس کو مطیع کرنا چاہے وہ روزانہ اس اسمِ الٰہی کا وِرد ایک ہزار مرتبہ کرے۔

بُزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی نمازِ فجر کے بعد اس اسمِ الٰہی کو ۷۴۴ مرتبہ پڑھے تو اس کی ہر مُراد پوری ہو۔

کسی بھی طرح کی --- فتح اور کامیابی کے لئے اور کسی بھی جگہ اقتدار حاصل کرنے کیلئے اس اسم الٰہی کو ۳۷۰ مرتبہ گیارہ دن تک پڑھیں۔ مثلاً اگر کوئی الیکشن کے دوران گیارہ روز تک اس عمل کو کرے تو اس کو الیکشن

میں کامیابی ملے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

کسی بھی طرح کے مرض میں اس اسم الٰہی کو گیارہ سو مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے گیارہ دن تک مریض کو پلائیں تو مریض کو شفاء نصیب ہو۔

اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کا عامل بننا چاہے تو ۲۵۰۰ مرتبہ لگاتار ۴ ماہ تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوۃ ادا ہوگی۔ اور اس اسم الٰہی کے نقوش وغیرہ میں زبردست تاثیر ظاہر ہوگی۔

یا قادر اور یا مقتدر کا مشترکہ نقش مقدمہ میں کامیابی، کسی بھی طرح کی لڑائی میں فتح، دوستوں پر اپنا اثر قائم رکھنے اور دشمنوں پر اپنا رعب بٹھانے کے لئے تیر بہدف ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، و، ط، م، ش، ف یا ذ ہو۔ اُن کے گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔

اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۲	۲۶۵	۲۶۸	۲۵۴
۲۶۷	۲۵۵	۲۶۱	۲۶۶
۲۵۶	۲۷۰	۲۶۳	۲۶۰
۲۶۴	۲۵۹	۲۵۷	۲۶۹

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ن، ی، ص،

ت، یا ض ہو۔ اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۸	۲۶۱	۲۶۳	۲۵۷
۲۵۴	۲۶۶	۲۶۰	۲۶۹
۲۶۲	۲۶۷	۲۵۶	۲۶۴
۲۶۵	۲۵۵	۲۷۰	۲۵۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۲۶۵	۲۶۲	۲۵۴	۲۶۸
۲۵۵	۲۶۷	۲۶۶	۲۶۱
۲۷۰	۲۵۶	۲۶۰	۲۶۳
۲۵۹	۲۶۴	۲۶۹	۲۵۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، د، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل

نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۴	۲۵۹	۲۵۷	۲۶۹
۲۵۶	۲۷۰	۲۶۳	۲۶۰
۲۶۷	۲۵۵	۲۶۱	۲۶۶
۲۶۲	۲۶۵	۲۶۸	۲۵۴

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ۳۰۵ مرتبہ یا قادرُ اور ۷۴۴ مرتبہ یا مُقتدر پڑھ کر ان نقوش پر دم کر دیں تو ان نقوش کی قوت و تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جائے۔

اِن نقوش کو فیروزی یا نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔ یا بازو پر باندھیں۔ مردوں کو چاہیئے کہ وہ دائیں بازو پر نقش باندھیں۔ اور عورتوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے بائیں بازو پر نقش باندھیں۔

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ کسی بھی طرح کی فتح اور حصولِ مُراد کے لئے مقتدر کا نقش اِس طرح لکھیں کہ نقش حرفی لکھ کر اس کی پشت پر نقش عددی لکھیں۔ پھر اس کو اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ نقش کے نیچے اپنی ضرورت لکھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں ہی کے بعد مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اگر نقش لکھنے کے بعد صبح و شام یا مقتدر ۷۴۴ مرتبہ پڑھتے رہیں تو کامیابی کے امکانات اور بھی زیادہ روشن ہو جائیں گے۔

المقتدر کا نقش حرفی یہ ہے۔

۷۸۶

م	ت	ر	ق	د
ت	ق	د	ر	م
د	ر	ت	م	ق
ر	م	ق	د	ت
ق	د	م	ت	ر

نقش عددی یہ ہے۔

۴۰	۴۰۰	۲۰۰	۱۰۰	۴
۴۰۰	۱۰۰	۴	۲۰۰	۴۰
۴	۲۰۰	۴۰۰	۴۰	۱۰۰
۲۰۰	۴۰	۱۰۰	۴	۴۰۰
۱۰۰	۴	۴۰	۴۰۰	۲۰۰

حق تعالیٰ کا ۷۲ واں صفاتی نام المقدم ہے۔ یعنی سبقت دینے والی ذات۔ چوں کہ حق تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو سبقت عطا کرتا ہے۔

اور انھیں اس دنیا میں بھی اہمیت دیتا ہے۔ اور آخرت میں بھی فوقیت عطا کرے گا اس کو مقدم کہا جاتا ہے۔

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۱۸۴ ہیں۔

● اگر کوئی کمزور چاہے کہ مجھ میں اتنی طاقت آجائے کہ میں اللہ جل شانہٗ کی اطاعت اور وظائف وغیرہ پڑھنے میں اپنے اندر بشاشت اور قوت محسوس کرنے لگوں تو اس کو چاہئے کہ روزانہ سو ۱۰۰ مرتبہ "یا مقدم" پڑھا کرے۔

● اگر کوئی کسی لڑائی یا جنگ کے دوران ۱۸۴ مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد اس اسم الٰہی کا ورد کرے تو اس کو اپنے دشمن پر غلبہ عطا ہو۔

● اگر ۴۵ مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کسی کو کھلائے تو وہ محبت کرنے لگے۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کا نقش ذوالکمالات اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو اس کو اپنے سبھی دشمنوں پر غلبہ عطا ہو۔ نقش یہ ہے۔

م	د	ق	م
۹۹	۴۱	۳۹	۵
۴۲	۱۰۲	۲	۳۸
۳	۳۷	۴۳	۱۰۱

● بزرگوں کے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ گیارہ سو ۱۱۰۰ مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھے تو اس کو عالم پر تصرف کرنے کا شرف حاصل ہو۔ اور فضل خداوندی سے اس کا رعب ذرّے ذرّے پر قائم ہو جائے۔

● اگر کسی جگہ فتنہ وفساد، غنڈہ گردی اور خونریزی کا ماحول ہو۔ تو اس اسم الٰہی کو چند لوگ مل کر بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ لگاتار ۳ روز تک پڑھیں۔ انشاء اللہ جان و مال کی حفاظت ہو گی۔ اور شری لوگوں کی شرارتوں سے سبھی کو نجات مل جائے گی۔

● اگر کوئی ملازمت میں تنزلی یا تعطّل کے بعد ملازمت کی بحالی کا خواہشمند ہو تو اس اسم الٰہی کو نماز مغرب کے بعد ۴۸ مرتبہ روزانہ چالیس ۴۰ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ ترقی ہوگی۔ اور اگر پڑھنے والا معطّل ہو گا تو اس کی ملازمت بحال ہو جائے گی۔

● اس اسم الٰہی کو اگر روزانہ ۸۴۰ مرتبہ ۱۲۰ دن تک پڑھ لیا جائے تو بندے کے اندر تمام عبادات کو بروقت ادا کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔

● اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھنے کا معمول بنالے تو دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہے۔

● اگر میاں بیوی ایک دوسرے کو اپنی طرف متوجّہ کرنے کے لئے ۹ مرتبہ کسی چیز پر دم کر کے ایک دوسرے کو کھلائیں تو ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار رہیں۔ پلانے والی چیز جو آگ پر پکی ہوئی نہ ہو تو جلدی اثر انداز ہوتی ہے۔

● اگر کسی کا کوئی دشمن قوی ہو۔ ظالم اور فاسق وفاجر بھی ہو تو ایسے شخص کیلئے اس نقش کا مربع نقش عددی لکھیں اور اس کو آتشی چال سے لکھیں۔ اور عددی نقش کی طرف دشمن کا نام مع والدہ لکھیں۔ اور اس نقش کو لوہے پر کندہ کرائیں۔ پھر اس لوہے کی پلیٹ کی دوسری جانب

یامقدِّم کا نقش لکھیں۔ اور اس پلیٹ کو آگ میں تپائیں۔ لگاتار ۱۳ دن تک۔ دشمن طرح طرح کے مسائل کا شکار ہو کر برباد ہو جائے گا۔

عددی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۰	۵۳	۵۶	۴۳
۵۵	۴۴	۴۹	۵۴
۴۵	۵۸	۵۱	۴۸
۵۲	۴۷	۴۶	۵۷

نقش حرفی یہ ہے۔

۷۸۶

م	د	ق	م
م	د	ق	م
د	م	م	ق
ق	م	م	د

جو شخص اس اسم الٰہی کا عامل بننا چاہے اس کو چاہئے کہ سو دن تک لگاتار روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ اس کا ورد کرے۔ پرہیز جمالی کے ساتھ۔ جب سو دن پورے ہو جائیں تو غریبوں کو کھانا کھلائے۔ اور اس کے بعد ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ "یامقدِّم" پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ زبردست تاثیر پیدا ہوگی۔ اور عامل جس کو بھی اس کا نقش لکھ کر دیگا باذن اللہ فوراً تاثیر ظاہر ہوگی۔

اس اسم الٰہی کا نقش ملازمت کی بحالی۔ ملازمت کی ترقی، عبادات

کی توفیق، ماں باپ کی فرمانبرداری، امتحان وغیرہ میں کامیابی، دشمنوں پر غلبہ، اور میاں بیوی کی محبّت کے لئے دیا جا سکتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف، یا ذ ہو توان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

۷۸٦

۴۳	۵٦	۵۳	۵۰
۵۴	۴۹	۴۴	۵۵
۴۸	۵۱	۵۸	۴۵
۵۷	۴٦	۴۷	۵۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اگر ان کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸٦

٦۵	۵۷	٦۲
۵۹	٦۱	٦۴
٦۰	٦٦	۵۸

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ن، ی، ص، ت یا ض ہو توان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۶	۵۱	۴۹	۵۶
۵۷	۴۸	۵۴	۴۳
۵۲	۴۵	۵۵	۵۰
۴۷	۵۸	۴۴	۵۳

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۵۸	۶۴	۶۲
۶۶	۶۱	۵۷
۶۰	۵۹	۶۵

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش، یا ظ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶	۴۳	۵۰	۵۳
۴۹	۵۴	۵۵	۴۴
۵۱	۴۸	۴۵	۵۸
۴۶	۵۷	۵۲	۴۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۵۸	۶۴	۶۲
۶۶	۶۱	۵۷
۶۰	۵۹	۶۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، د یا غ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ کھڑی کرکے اور ایک ٹانگ بچھاکر اگر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷	۴۶	۴۷	۵۲
۴۸	۵۱	۵۸	۴۵
۵۴	۴۹	۴۴	۵۵
۴۳	۵۶	۵۳	۵۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۵۸	۶۶	۶۰
۶۴	۶۱	۵۹
۶۲	۵۷	۶۵

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۱۸۴ مرتبہ "یا مقدم" پڑھ کر دم کر دے تو ان کی تاثیر میں کئی گنا اضافہ ہو جائے۔ گلے میں ڈالنے والے تعویذ نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرائے جائیں۔ اور بازو پر باندھنے والے تعویذ فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کرائے جائیں۔ مَردوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ اپنے دائیں بازو پر نقش باندھیں۔ اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ اپنے بائیں بازو پر نقش باندھیں۔ ان نقوش کو چڑھتے چاند اور چڑھتے سورج میں لکھا جائے تو بہتر ہے۔

نقوش لکھتے وقت عامل کو یہ یقین رکھنا چاہیئے کہ نقش صرف کاغذ کا پُرزہ ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کی مرضی شامل حال نہ ہو۔ یہ یقین نقوش کے اندر ایک انوکھی تاثیر پیدا کرے گا۔

اَلْمُؤَخِّرُ

حق تعالیٰ کا ۷۲ واں صفاتی نام المؤخر ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ دشمنوں کو اپنے لطف سے پیچھے ہٹانے والا۔ تشریح اس کی یہ ہے کہ مؤخر اس ذاتِ عالی کو کہتے ہیں کہ جو اپنے فرمانبردار بندوں کو اپنے احسان و کرم کی وجہ سے آگے بڑھاتا ہے اور اپنے نافرمان بندوں کو اپنی حکمت اور اپنی قدرتِ کاملہ سے پیچھے ہٹاتا ہے۔

اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ نیک لوگوں کو اپنا پیشوا بنائے، انھیں اپنے سے آگے رکھے۔ اور اُن لوگوں کو جو اللہ کے نافرمان ہیں پیچھے دھکیلے اور شیطان اور اپنے نفس کو بھی آگے نہ بڑھنے دے۔

یہ اسم مشترک ہے۔ اور اس کے اعداد ۸۴۶ ہیں۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ اس اسم الٰہی کی ۸ تسبیح پڑھیگا اس کا دل یادِ خداوندی سے کبھی غافل نہیں رہے گا۔

● اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کے تمام دلی مقاصد پورے ہو جائیں۔ اور اس کا نفس اس کا مطیع ہو جائے۔

● اگر کوئی شخص اسم مؤخر کا نقش ذوالکتابت چاندی کی لوح پر کندہ کرے اور لوح کی دوسری جانب اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام کندہ کرے یا کسی کا بھی نام مع اس کی والدہ کے نام کے کندہ کرے۔ پھر لوح کو سامنے رکھ کر ۸۴۶ مرتبہ "یا مؤخر" پڑھے۔ اور لوح کو اپنے گلے میں ڈالے یا اس شخص کے گلے میں ڈالے جس کا نام لوح کی پشت پر کندہ کیا تھا تو حق تعالیٰ اس شخص کو عظیم مرتبے سے سرفراز کردے گا۔ ——— جس کا نام لوح کی پشت پر کندہ ہوگا۔ نقش ذوالکتابت یہ ہے۔

۷۸۶

ر	خ	و	م
۵	۴۱	۱۹۹	۶۰۱
۴۲	۸	۵۹۸	۱۹۸
۵۹۹	۱۹۷	۴۳	۷

- جو لوگ کسی بیماری سے تنگ آگئے ہوں اور علاج کے باوجود مکمل صحت نہیں ہو پا رہی ہو تو اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے "یا مؤخّر" بلا تعداد پڑھیں۔ انشاء اللہ چند ماہ میں بیماری سے نجات مل جائے گی۔
- اگر کوئی شخص کسی کے جور و ستم کا یا کسی دشمن کی شرارتوں کا شکار ہو اور اس سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس اسم الٰہی کو ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چلّہ پورا ہونے کے بعد یا تو دشمن مقہور ہو کر ذلیل و خوار ہو گا یا پھر خود بخود دشمنی سے باز آجائے گا۔

اس اسم الٰہی کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ۴۰ روز تک روزانہ چار ہزار مرتبہ بہ نیت زکوٰۃ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

- اس اسم الٰہی کا نقش دشمنوں سے حفاظت کیلئے اور اپنے نفس پر کنٹرول کرنے کے لئے دیا جا سکتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف، یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۴	۲۱۷	۲۱۴	۲۱۱
۲۱۵	۲۱۰	۲۰۵	۲۱۶
۲۰۹	۲۱۲	۲۱۹	۲۰۶
۲۱۸	۲۰۷	۲۰۸	۲۱۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۸۳	۲۷۸	۲۸۵
۲۸۴	۲۸۲	۲۸۰
۲۷۹	۲۸۶	۲۸۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۷	۲۱۲	۲۱۰	۲۱۷
۲۱۸	۲۰۹	۲۱۵	۲۰۴
۲۱۳	۲۰۶	۲۱۶	۲۱۱
۲۰۸	۲۱۹	۲۰۵	۲۱۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۷۹	۲۸۴	۲۸۳
۲۸۶	۲۸۲	۲۷۸
۲۸۱	۲۸۰	۲۸۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۷	۲۰۴	۲۱۱	۲۱۴
۲۱۰	۲۱۵	۲۱۶	۲۰۵
۲۱۲	۲۰۹	۲۰۶	۲۱۹
۲۰۷	۲۱۸	۲۱۳	۲۰۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۸۳	۲۸۴	۲۷۹
۲۷۸	۲۸۲	۲۸۶
۲۸۵	۲۸۰	۲۸۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، د، یا غ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک بچھا کر لکھے تو افضل ہے

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۳	۲۰۸	۲۰۷	۲۱۸
۲۰۶	۲۱۹	۲۱۲	۲۰۹
۲۱۶	۲۰۵	۲۱۰	۲۱۵
۲۱۱	۲۱۴	۲۱۷	۲۰۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۲۸۱	۲۸۶	۲۷۹
۲۸۰	۲۸۲	۲۸۴
۲۸۵	۲۷۸	۲۸۳

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۱۸ مرتبہ" یا مؤخر" پڑھ کر ان پر دم کردے تو ان کی تاثیر میں اور بھی اضافہ ہوجائے۔ عامل کو چاہئے کہ وہ "یا مؤخر" کے نقوش کو فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کرے۔

سا اور ۲م دن ی

م، بے خوابی، دردِ دماغ دردِ جگر
یر جیسے امور میں تیر کی طرح کام کرتا
۱۰ کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ

الاوّلُ

حق تعالیٰ کا ۷۳واں صفاتی نام "الاوّل" ہے۔ "اوّل" سے مُراد یہ ہے کہ سب سے پہلے اس کائنات میں بلکہ اس کائنات کے وجود پذیر ہونے سے پہلے بھی "اللہ" کا نام اور اللہ کی ذات موجود تھی۔ اس کے وجود کی کوئی ابتدا نہیں ہے یہ بس ہمیشہ سے ہے۔ یہ اسم مبارک جمالی ہے اور اس کے اعداد ۷۳ ہیں۔

- جو شخص اولادِ نرینہ سے محروم ہو اس کو چاہئے کہ ۴۰ دن تک روزانہ چالیس مرتبہ پڑھے اور اس کی بیوی بھی پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے بعد جب حمل ٹھہرے گا تو لڑکا ہی پیدا ہوگا
- جس شخص کی طبیعت اچھے کاموں کی طرف نہ چلتی ہو اور وہ بالعموم عبادت سے بھی غافل رہتا ہو تو کوشش کر کے ۴۰ دن تک پانچوں وقت کی نماز کا اہتمام کرے اور ہر فرض نماز کے بعد ۲۰ مرتبہ "یا اوّلُ" کا ورد کرے انشاء اللہ اس کے بعد اس کا دل عبادت میں بھی لگے گا اور وہ اچھے کاموں کی طرف خود بخود مائل ہو جائے گا۔
- اگر کوئی شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اس اسم مبارک کی تلاوت نوّے [illegible] ع ہو تو اس [illegible] ے تو تسخیرِ عام کی دولت نصیب ہو۔ نقش دیا جائے۔ کسی غیر ملک میں جا کر پھنس گیا ہو اور اپنے وطن واپسی جنوب کر لے اور ایک نا [illegible] ہ شخص اپنے اہل خانہ سے ملنے کیلئے بے قرار [illegible] انہ ایک ہزار مرتبہ اس اسم مُبارک کا وِرد نقش یہ ہے۔

کرے۔ انشاء اللہ اس پر راہیں کھل جائیں گی اور وطن واپسی کی سبیل پیدا ہو گی۔

● بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص دفینے کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتا ہو یا فتوحات غیبی کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہیے چالیس ۴۰ جمعوں تک بعد نماز جمعہ سو ۱۰۰ مرتبہ اس کا ورد کرے۔ اور اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

۷۸۶

ل	د	لا	ا
۲۹	۳	۲۸	۸
۵	۳۵	۲	۲۶
۴	۲۴	۷	۳۳

اگر اس نقش کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر بچّے کے گلے میں ڈال دیں تو بچہ بولنے لگے گا۔ اگر اس نقش کو پانی میں گھول کر کسی کو پلائیں تو اسکی قوتِ علم و فہم بڑھ جائے۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ۴۰ دن تک گیارہ سو گیارہ مرتبہ سورج نکلنے سے پہلے پڑھنے کا معمول بنائے تو لوگ اس کو پسند کرنے لگیں گے۔

● اگر کوئی شخص مالدار ہونا چاہے تو اس اسم مبارک کو پانچ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاءاللہ ایک سال میں دولت کی فراوانی ہو گی۔

● کسی بھی قسم کی حاجت کے لئے جمعرات کے دن بارہ ہزار یا پانچ سو مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو گیارہ جمعرات تک جاری رکھے۔ انشاءاللہ حاجت پوری ہو گی۔

"یا اوّل" کا عامل بننے کیلئے ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ اس کا ورد کریں اور ۴۰ دن میں سوالاکھ کی تعداد پوری کریں۔ انشاءاللہ عامل بن جائیں گے۔

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۲۱۲ مرتبہ "یامالکُ الملک" پڑھ کر ان پر دم کردے تو اُن کی تاثیر وقوت میں دگنا اضافہ ہو جائے۔

عامل کو چاہئے کہ طلب گاروں کو اس بات کی تاکید کردے کہ "یامالک الملک" کے نقش کو نیلے یا فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے استعمال کریں، پینے کے نقش صرف ان حضرات وخواتین کو دئے جائیں

جو اپنے نفس کو قابو میں رکھنے کے خواہش مند ہوں، جن حضرات کو حصولِ اقتدار، مقدمہ میں کامیابی عزت وعظمت کے لئے نقش دیا جائے، ان کو پہنے کا نقش نہ دیں اور اگر کسی کو مکان یا دوکان خالی کرانے کے لئے نقش دیں تو نقش کے نیچے یہ عبارت لکھ دیں۔ اخرج من البیت۔ فلاں ابن فلاں۔

حق تعالیٰ کا ۸۶ واں صفاتی نام ذوالجلال والاکرام ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں بہت زیادہ عزت اور جلال والا۔ یہ اسمِ الٰہی عنصر کے اعتبار سے مختلف فیہ ہے، بعض حضرات کے نزدیک جمالی ہے اور بعض حضرات کے نزدیک جلالی۔ اس کے اعداد ۱۰۹۵ ہیں۔ کشف والہام کی دولت سے بہرہ ور ہونے کے لئے اس اسمِ الٰہی کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

- حصولِ جاہ، حصولِ حکومت، وسعتِ رزق اور قید کی رہائی کے لئے ۱۴ر دن میں ایک لاکھ ۲۵ ہزار مرتبہ پڑھیں اور ترکِ حیوانات کے ساتھ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔
- اگر کسی شدید مرض میں مبتلا ہو تو "یَا ذُوالجَلاَلِ وَالْاِکْرَام بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر" ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو یہ پانی دن میں ۳ر مرتبہ ۱۱ر دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض

کو مرض سے نجات ملے گی۔

● عام امراض کے لئے اس اسم الٰہی کو تین سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو ۳؍ دن تک پلائیں، انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفا نصیب ہوگی۔

● اگر کوئی شخص کسی غم میں مبتلا ہو اور اس کو کسی بھی طرح صبر نہ آرہا ہو تو اس کو ایک بوتل پانی پر "یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" پانچ سو مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرکے دیں، اور ۷؍ دن تک یہ پانی صبح وشام اس کو پلائیں۔ انشاء اللہ اس کو فورًا قرار آجائے گا اور اس کے دل سے غم دور ہوجائے گا۔

● اگر کوئی عورت خاوند کی نظروں میں گرگئی ہو تو ۲۱؍ مرتبہ صبح وشام اس اسم الٰہی کو پڑھے۔ انشاء اللہ خاوند کی نظروں میں اس کا مقام پھر پیدا ہوجائے گا۔

● اسی طرح اگر کوئی ملازم اپنے آقا کی نظروں میں گرگیا ہو تو وہ بھی اس عمل کو پابندی کے ساتھ کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا سرپرست اس سے راضی ہوجائے گا۔

● اگر کسی شخص کا حافظہ اور یادداشت بہت زیادہ خراب ہوگئی ہو۔ تو وہ ۳؍ بار باداموں پر تین تین مرتبہ "یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" پڑھکر دم کردے اور ایک بادام صبح کو ایک دوپہر کو اور بادام شام کو کھالے، اس عمل کو ۲۱؍ روز تک اسی طرح کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہوجائے گا۔

● اگر کوئی شخص روحانیت حاصل کرنا چاہتا ہے تو "یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" ۷؍ ہزار مرتبہ روزانہ ۴۱؍ دن تک پڑھے انشاء اللہ اس کے

اندر روحانیت پیدا ہوجائے گی۔

● اگر کوئی شخص نمازِ عشاء سے فارغ ہونے کے بعد اس اسم الٰہی کو نو سو مرتبہ پڑھے اور لگاتار ایک سو بیس ۱۲۰ دن تک پڑھے تو انشاء اللہ اس کو محبت و تسخیر کی دولت حاصل ہوجائے۔

● حصولِ مراد کے لئے اس اسم الٰہی کو گیارہ ہزار مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے، انشاء اللہ جو بھی دل کی مراد۔۔۔ ہوگی پوری ہوجائے گی۔

● اس اسمِ الٰہی کا نقش ذوالکتابت، محبت و تسخیر اور کامیابی و ترقی کے لئے اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے، اس نقش کو ساعتِ سعید میں لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں انشاء اللہ مقبولیت بھی حاصل ہوگی اور کامیابی بھی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

کرام	والا	الجلال	ذو
۹۴	۷۰۷	۲۶۰	۳۹
۷۰۸	۹۷	۳۶	۲۵۹
۳۷	۲۵۸	۷۰۹	۹۶

● اس اسم الٰہی کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ ۱۹ رشعبان سے روزانہ ۶۶۵۰ مرتبہ پڑھیں، ختمِ رمضان تک، انشاء اللہ تعالیٰ اس کی زکوٰۃ ادا ہوجائے گی، پھر اس کے نقوش و عملیات میں زبردست تاثیر پیدا ہوگی۔

● "یَا ذُوالجَلالِ وَالاکرَامِ" کا نقش محبت و تسخیر، شدید ترین امراض، کامیابی و ترقی، فراوانی رزق، بلندیٔ درجات، حصولِ اقتدار اور خیر و برکت کے معاملات میں اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کر کے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۳	۲۷۶	۲۸۰	۲۶۶
۲۷۹	۲۶۷	۲۷۲	۲۷۷
۲۶۸	۲۸۲	۲۷۴	۲۷۱
۲۷۵	۲۷۰	۲۶۹	۲۸۱

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵۶	۳۵۱	۳۵۸
۳۵۷	۳۵۵	۳۵۳
۳۵۲	۳۵۹	۳۵۴

جن حضرات وخواتین کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت، یا ض ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کر لے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۹	۲۷۴	۲۷۲	۲۸۰
۲۸۱	۲۷۱	۲۷۷	۲۶۶
۲۷۵	۲۶۸	۲۷۹	۲۷۳
۲۷۰	۲۸۲	۲۶۷	۲۷۶

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵۲	۳۵۷	۳۵۶
۳۵۹	۳۵۵	۳۵۱
۳۵۴	۳۵۳	۳۵۸

جن حضرات وخواتین کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۰	۲۶۶	۲۷۳	۲۷۶
۲۷۲	۲۷۷	۲۷۹	۲۶۷
۲۷۴	۲۷۱	۲۶۸	۲۸۲
۲۶۹	۲۸۱	۲۷۵	۲۷۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵۶	۳۵۷	۳۵۲
۳۵۱	۳۵۵	۳۵۹
۳۵۸	۳۵۳	۳۵۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر ایک بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۵	۲۷۰	۲۶۹	۲۸۱
۲۶۸	۲۸۲	۲۷۴	۲۷۱
۲۷۹	۲۶۷	۲۷۲	۲۷۷
۲۷۳	۲۷۶	۲۸۰	۲۶۶

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵۴	۳۵۹	۳۵۲
۳۵۳	۳۵۵	۳۵۷
۳۵۸	۳۵۲	۳۵۶

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ان پر "یاذُوالجلالِ وَالاِکرام" ایک سو پچانوے ۱۹۵ مرتبہ پڑھکر ان پر دم کردے تو اُن کی تاثیر میں زبردست اضافہ ہوجائے۔ باندھنے والے نقوش کو خواہ وہ کسی بھی مقصد کے لئے لکھے گئے ہوں نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کرائیں۔

حق تعالیٰ کا ۸۷ واں صفاتی نام المقسط ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں حد سے زیادہ عدل اور انصاف کرنے والی ذات۔ یہ اسم، اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد ۲۰۹ ہیں۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ اللہ کے بندوں کے ساتھ ہر معاملے میں انصاف کیا جائے اور ہر صورت میں خود کو جور وستم سے روکا جائے۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ اس اسم کو سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا وہ وساوس اور شیطانی خیالات سے محفوظ رہے گا۔

● اگر کوئی شخص تسکین قلب چاہتا ہو اور دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے اپنی حفاظت چاہتا ہو تو اس اسم الٰہی کو روزانہ سات سو مرتبہ پڑھے۔

● ہر فرض نماز کے بعد اگر سات سو مرتبہ "یا مقسط" پڑھکر دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی۔

● اگر کسی کو نماز میں وسوسے آتے ہوں تو وہ اس اسم الٰہی کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور لگاتار چالیس دن تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وساوس شیطانی سے نجات ملے گی۔

● اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ انصاف نہ کرتا ہو تو ایک بوتل پانی پر سات ہزار مرتبہ "یا مُقسِط" پڑھکر دم کردیں اور یہ پانی سات دن تک دن میں ایک بار شوہر کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنی زوجہ کے ساتھ انصاف کرنے پر مجبور ہوگا۔

● شیخ بونی رح نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کا نقش فوالکتابت شرف عطارد میں لکھکر اپنے پاس رکھے تو اس کا زبردست فائدہ محسوس کرے۔ یہ نقش بالخصوص ان لوگوں کو فائدہ پہنچائے گا جو کاریگر ہوں یا تولنے والا بزنس کرتے ہوں یعنی جو دوکاندار ہوں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ط	س	۱۰۰	م
۹۹	۴۱	۸	۶۱
۴۲	۱۰۲	۵۸	۷
۵۹	۶	۴۳	۱۰۱

● اگر کوئی شخص عادل جج بننے کا آرزومند ہو تو اس کو چاہیے کہ جج کا امتحان پاس کرنے کے بعد روزانہ ۳۰۰ سو مرتبہ "یا مُقسِطُ" پڑھنے کا معمول بنائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس سے دورانِ مقدمات کوئی ناانصافی نہیں ہوگی۔

● اگر کوئی شخص رنج وغم میں مبتلا ہو تو چاہئے کہ "یا مقسط" روزانہ تین ہزار مرتبہ ۱۲ روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو رنج وغم سے نجات مل جائے گی۔

اس اسم الٰہی کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اس اسم الٰہی کو بہ نیت زکوٰۃ چار ہزار مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

● "یا مُقسِط" کا نقش دلوں کو نرم کرنے، انسانوں کو عدل و انصاف پر آمادہ کرنے بُرے خیالات سے محفوظ رکھنے اور دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے بچانے کے لئے اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف، یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۴	۵۸	۵۵	۵۲
۵۶	۵۱	۴۵	۵۷
۵۰	۵۳	۶۰	۴۶
۵۹	۴۷	۴۹	۵۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۱	۶۵	۷۳
۷۲	۷۰	۶۷
۶۶	۷۴	۶۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت، اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۷	۵۳	۵۱	۵۸
۵۹	۵۰	۵۶	۴۴
۵۴	۴۶	۵۷	۵۲
۴۹	۶۰	۴۵	۵۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۶۶	۷۲	۷۱
۷۴	۷۰	۶۵
۶۹	۶۷	۷۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل

نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۸	۴۴	۵۲	۵۵
۵۱	۵۶	۵۷	۴۵
۵۳	۵۰	۴۶	۶۰
۴۷	۵۹	۵۴	۴۹

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۷۱	۷۲	۶۶
۶۵	۷۰	۷۴
۷۳	۶۷	۶۹

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کیلئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے نقش یہ ہے

۷۸۶

۵۴	۴۹	۴۷	۵۹
۴۶	۶۰	۵۳	۵۰
۵۷	۴۵	۵۱	۵۶
۵۲	۵۵	۵۸	۴۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۶۹	۷۴	۶۶
۶۷	۷۰	۷۲
۷۳	۶۵	۷۱

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان نقوش پر ۲۰۹ مرتبہ "یامقسط" پڑھ کر دم کر دے تو اُن کی تاثیر وقوت دُگنی ہو جائے۔
اگر "یامُقسِط" کے نقوش عطارد کی ساعت میں لکھیں تو اچھا ہے۔

حق تعالیٰ کا ۸۸ واں صفاتی نام الجامع ہے۔ الجامع سے مراد وہ ذات گرامی ہے جو قیامت کے دن ساری مخلوقات کو ایک جگہ جمع کرے گا اور مراد وہ ذات ہے جو بچھڑے ہوئے کو جمع کر دینے والی ہے۔ یعنی وہ ذات جو بچھڑنے کے بعد جمع کرنے کی قدرت رکھتی ہے اور ظاہر ہے کہ یہ قدرت صرف اور صرف حق تعالیٰ کو حاصل ہے ان کے سوا کسی کو یہ طاقت اور قدرت حاصل نہیں ہے کہ جو منتشر ہونے کے بعد لوگوں کو پھر جمع کر دے۔ اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ لوگوں کو جوڑنے اور لوگوں کے درمیان کے

فاصلے مٹانے کی خدمات انجام دیتا رہے۔ یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد ۱۱۴ ہیں۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص "یا جامع" روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا تو اس کو اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

● اگر کسی کے عزیز و اقارب اس سے بچھڑ گئے ہوں تو ان کو پانے کے لئے یا بچھڑے ہوئے رشتہ داروں کو ایک دوسرے سے قریب کرنے کیلئے وقت کے تعین کے ساتھ روزانہ تازہ غسل کرنے کے بعد دو نفلیں پڑھ کر آسمان کی طرف دیکھ کے گیارہ سو چالیس ۱۱۴۰ مرتبہ "یا جامع" پڑھیں، انشاء اللہ تعالیٰ ایک چلّے اندر اندر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

● اپنے رشتے داروں کو ہم خیال بنانے کے لئے یا اپنے رشتے داروں کو اپنا مطیع اور فرماں بردار بنانے کے لئے ہر اتوار کو بوقت چاشت (صبح دس بجے) ایک ہزار مرتبہ "یا جامع" پڑھیں اور لگاتار چالیس اتوار تک یہ عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رشتے دار ہمنوا ہم خیال ہو جائیں گے۔ اور اطاعت کرنے پر مجبور ہوں گے۔

● اگر کسی کے رشتے دار اس سے روٹھ جائیں تو اتوار کے دن بوقت چاشت کھلے آسمان کے نیچے آسمان کی طرف دیکھ کر ۱۴ مرتبہ "یا جامع" پڑھے اور دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کو بند کرلے پھر ۱۴ مرتبہ پڑھے اور دوسری انگلی کو بند کرلے اسی طرح پانچوں انگلیاں بند کر کے پھر ۱۴ مرتبہ پڑھے اور بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کی برابر والی انگلی کو بند کرلے اسی طرح چودہ چودہ مرتبہ پڑھ کر دس انگلیاں بند کرلے۔ جب دس انگلیاں بند ہو جائیں تو پھر چودہ مرتبہ "یا جامع" پڑھ کر انگلیاں دونوں ہاتھ کی ایک ساتھ کھول دے اور اپنے

ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مل لے، اس عمل کو ۱۴ر اتوار تک کرے، انشاء اللہ رشتے دار مان جائیں گے اور از خود صلح کرنے پر مجبور ہوں گے۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ "یاجامع" پڑھنے کا معمول بنالے اس کے اندر اعلیٰ صفات پیدا ہو جائیں اور وہ لوگوں کے درمیان صلح کرانے اور بچھڑے ہوؤں کو ایک دوسرے کے قریب کرنے کا اہل ہو جائے۔

● اگر کسی شخص کی کوئی چیز یا کچھ سامان کھو گیا ہو یا چوری ہو گیا ہو تو وہ شخص باوضو ۱۲ مرتبہ "یاجامع المتفرقین اجمع الی ضالتی یاجامع پڑھکر ۳ر ہزار مرتبہ صرف "یاجامع" پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ یا چوری شدہ سامان واپس مل جائے گا۔

● اگر میاں بیوی کے درمیان نفرت ہو جائے تو ایک کاغذ پر ہرے رنگ کی پنسل سے یہ عبارت لکھیں "یَاجَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْہِ اِنَّ اللّٰہَ لَایُخْلِفُ الْمِیْعَاد۔ اجمع بین فلان ابن فلان و بین فلان ابن فلان اور اس کاغذ کو تعویذ بنا کر کسی ہرے بھرے درخت پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ بہت جلد دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو گی۔ میاں بیوی میں سے جو زیادہ متنفر ہو اس کا نام پہلے لکھیں۔

● اگر بیوی ناراض ہو کر میکے میں جا کر بیٹھ جائے تو اس صورت میں خاوند کو چاہیئے کہ اس اسم الٰہی کو گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ مرتبہ روزانہ ۴۴ر دن تک تنہائی میں بیٹھ کر پڑھے، انشاء اللہ کتنی بھی شدید نفرت ہو گی وہ واپس آجائے گی، اور یہی عمل وہ عورت بھی کر سکتی ہے۔ جس کا شوہر ناراض ہو کر اس کو لینے نہ آیا ہو، عورت درمیان میں وقفہ ہونے کے بعد ۴۴ر دن کی تعداد

بعد میں پوری کر سکتی ہے، لیکن اس دوران نہ پڑھے جب وہ نماز نہیں پڑھتی۔

● اگر کسی کا ملازم ناراض ہو کر بھاگ گیا ہو اور وہ اس کو واپس بلانا چاہے تو اس کو چاہئے کہ گیارہ سو چالیس مرتبہ روزانہ سات دن تک لگاتار پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ ملازم واپس آجائے گا۔

● اگر کسی شخص کی جائیداد پر کسی دوسرے کا قبضہ ہو، کسی مکان یا کسی دوکان پر اور وہ اس کو خالی کرانا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ "یا جامع" روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھکر دعا کرے اور ایک بوتل پانی پر دم کرتا رہے ہر دوسرے دن یہ پانی مقبوضہ جائیداد پر مکان یا دکان کے دروازے پر یا چھت پر یا اس کی دہلیز پر یا دروازے کے ایک گز یا دو گز کے سامنے ڈال دیں۔ اس طرح چالیس دن میں ۲۰ مرتبہ پانی ڈالیں، انشاء اللہ بہت جلد جائیداد سے قبضہ ختم ہو جائے گا اور مقبوضہ جائیداد پر اپنا قبضہ ہو جائے گا یا تو قابض ہنسی خوشی معاملہ کرلے گا۔ ورنہ ایسے حالات قدرتی طور پر پیدا ہو جائیں گے کہ وہ قابض ہٹنے پر اور جائیداد چھوڑنے پر مجبور ہو گا۔

● اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کا عامل بننے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ بہ نیت زکوٰۃ "یا جامع" ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ ۴۰ دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، اس کے بعد اس اسم الٰہی کے وظائف و نقوش میں زبردست تاثیر پیدا ہو گی۔ اور بہت جلد مطلوبہ مقاصد میں کامیابی ملے گی اور بہت جلد نتائج برآمد ہوں گے۔

● یا جامع کا نقش محبت کے لئے، تسخیر عام کے لئے ناراض لوگوں کو منانے کے لئے یا گم شدہ چیزوں کی وصول یابی کے لئے یا مفقود الخبر یا مفرور

یعنی بھاگے ہوؤں کی واپسی کے لئے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے، اس نقش کو خصوصی طور پر استعمال کرنے کے لئے مطلوب کے نام کے پہلے حرف کو ملحوظ رکھیں اس اسم الٰہی کے پینے والے نقش سکونِ قلب اور دل جمعی کیلئے مفید ہوتے ہیں اور انسان کے ارادوں میں استحکام پیدا کرتے ہیں۔

● جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیں۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۲۸

۲۸	۳۱	۳۴	۲۱
۳۳	۲۲	۲۷	۳۲
۲۳	۳۶	۲۹	۲۶
۳۰	۲۵	۲۴	۳۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیں۔ ان کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۱۲۸

۳۹	۳۴	۴۱
۴۰	۳۸	۳۶
۳۵	۴۲	۳۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ض

یات ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴	۲۷	۲۹	۲۴
۲۱	۳۲	۲۶	۳۵
۲۸	۳۳	۲۳	۳۰
۳۱	۲۲	۳۶	۲۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۹	۴۰	۳۵
۳۴	۳۸	۴۲
۴۱	۳۶	۳۷

جن حضرات وخواتین کے نام پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴	۲۱	۲۸	۳۱
۲۷	۳۲	۳۳	۲۲
۲۹	۲۶	۲۳	۳۶
۲۴	۳۵	۳۰	۲۵

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۳۹	۴۰	۳۵
۳۴	۳۸	۴۲
۴۱	۳۶	۳۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د،ح،ل،ع،غ، یار یاخ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر۔۔ نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰	۲۵	۲۴	۳۵
۲۳	۳۶	۲۹	۲۶
۳۳	۲۲	۲۷	۳۲
۲۸	۳۱	۳۴	۲۱

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۵	۴۲	۳۷
۴۰	۳۸	۳۶
۳۹	۳۴	۴۱

بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے والے نقش کے نیچے اگر وہ کسی خاص شخص کو مسخر کرنے کے لئے کئے جا رہے ہوں تو طالب و مطلوب کے نام اس طرح لکھیں۔ الحب فلاں ابن فلاں علیٰ حب فلاں ابن فلاں پہلے مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور پھر طالب اور اس کی والدہ کا نام لکھیں، اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو مجبوراً باپ کا نام لکھیں۔

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۱۱۴ مرتبہ "یا جامع" پڑھ کر دم کر دے تو ان نقوش کی قوت وتاثیر میں کئی گنا اضافہ ہو جائے۔ بازو اور ہاتھ پر باندھنے والے نقوش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے استعمال کرنا چاہئے۔

حق تعالیٰ کا ۸۹ واں صفاتی نام الغنی ہے غنی مشتق ہے غنا سے یعنی وہ ذات جو دوسروں سے مستغنی اور بے نیاز ہے۔ یہ اپنے نظام کو چلانے میں کسی دوسری ذات کی محتاج نہیں ہے، اس نے اپنے نظام کو چلانے میں از خود ایسے دست قدرت سے اسباب پیدا کئے ہیں۔ تمام اسباب اور تمام وسائل اس ذاتِ غنی کے اشاروں کے محتاج ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب اس ذات اعلیٰ کی مرضی نہیں ہوتی تو اسباب و وسائل اپنا کام کرنا بند کر دیتے ہیں اور سب کچھ مہیا ہو جانے پر بھی پھر کوئی کام بننے نہیں پاتا۔

یہ اسم الٰہی مشترک ہے اور اس کے اعداد ۱۰۶۰ ہیں۔

- بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو کوئی شخص روزانہ اس کو سات سو مرتبہ ۴۱ دن تک لگاتار پڑھے گا اس کی مراد پوری ہوگی۔
- اگر کوئی شخص روزانہ اس اسم الٰہی کو ۱۰۶۰ مرتبہ بعد نمازِ مغرب پڑھ کر لگاتار ۴۰ دن تک اپنے سینے پر دم کرے تو بغض و حسد طمع و لالچ اور دیگر بری عادتوں سے نجات پالے۔
- اگر کسی شخص کو کوئی رنج پیش آیا ہو اور اس سے صبر نہیں ہو رہا ہو تو ستر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس کو لگاتار ۷ روز تک پلائیں، انشاء اللہ رنج دور ہوگا اور صبر و ضبط کی صلاحیت پیدا ہوگی۔

● اگر کوئی شخص نفسانیت یا نقل ولالچ کا شکار ہو اور اس مرض سے اپنی نجات چاہتا ہو تو وہ نماز فجر کے بعد ۱۱ روز تک اس اسم الٰہی کو سو مرتبہ اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر اور سو مرتبہ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھ لے، انشاءاللہ ۱۱ دن کے اس عمل سے مذکورہ مرض سے نجات مل جائے گی۔

● اگر کوئی دکاندار یا کوئی تاجر اپنی دکان کا تالا کھولنے سے پہلے روزانہ ستّر مرتبہ "یاغنی" پڑھے اس کی دکان میں خوب خیر و برکت ہوگی اور اس کا روزگار بفضلِ خدا بڑھتا چلا جائے گا۔

● اگر ہر جمعرات کو ۱۹ ہزار مرتبہ اس اسم کا وِرد کریں اور اس عمل کو لگاتار ۱۹ جمعراتوں تک جاری رکھیں تو اللہ کے فضل سے تونگر اور دولت مند ہو جائیں، بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس عمل سے دستِ غیب بھی حاصل ہو جاتا ہے۔

● دکان، کاروبار وغیرہ میں اضافہ کرنے کے لئے اس اسم الٰہی کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اور اس عمل کو ایک سال تک جاری رکھیں، انشاءاللہ کاروبار وغیرہ میں زبردست اضافہ ہوگا، دیکھنے والے بھی حیرت کرنے پر مجبور ہوں گے۔

● اگر کوئی شخص اس بات سے پریشان ہو کہ وہ جو کچھ بھی کماتا ہے خرچ ہو جاتا ہے اور خیر و برکت نہیں ہوتی تو اس کو چاہئے کہ روزانہ گیارہ سو مرتبہ "یاغنی" پڑھے اس وقت تک اس عمل کو جاری رکھے جب تک خیر و برکت محسوس نہ ہونے لگے، انشاءاللہ ۳ ماہ کے اندر اندر اس کو خیر و برکت محسوس ہوگی اور رقم تمام اخراجات کے بعد بھی بچنے لگے گی۔

● اگر کوئی شخص جائز طریقے سے اپنی پسند کی شادی کرنا چاہتا ہو تو اسکو

چاہیئے کہ روزانہ اس اسمِ الٰہی کو ۶۲۵۰ مرتبہ پڑھے اور روزانہ پڑھنے کے بعد من پسند جگہ شادی کی دُعار کرے، ۲۱ روز تک اس عمل کو جاری رکھے۔ انشار اللہ من پسند جگہ شادی ہو جائے گی، یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ وہ دعا کرنی چاہیئے جس کی مقبولیت کا امکان ہو، کسی ناممکن بات کیلئے دعا نہیں کرنی چاہیئے مثلاً کوئی شخص اس طرح کا عمل کر کے ملکۂ وکٹوریہ یا کسی ملک کی وزیرِ اعظم سے شادی کی دُعا کرنے لگے تو یہ دُعا دعا نہیں مذاق ہے۔

● اگر کوئی شخص اسم "الغنی" کا عامل بننا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ اس اسم کا ورد بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ ۴۰ دن تک کرے۔ انشار اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اور وہ شخص اس کا عامل بن جائے گا۔

● اس اسمِ الٰہی کا نقش اخلاقی خرابیوں سے نجات دینے میں اور انسان کے اندر استغنا پیدا کرنے میں تیر بہدف ہے، اس کے علاوہ حصول تونگری اور حصول خیر و برکت میں بھی تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ جن حضرات کا نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ مشرق کی طرف کرے اور ایک زانو بیٹھ کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۰۸۶

۲۵۷	۲۷۱	۲۶۸	۲۶۴
۲۶۹	۲۶۳	۲۵۸	۲۷۰
۲۶۲	۲۶۶	۲۷۳	۲۵۹
۲۷۲	۲۶۰	۲۶۱	۲۶۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اور اس نقش کو لکھتے وقت بھی عامل اگر مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۵۴	۳۴۹	۳۵۷
۳۵۶	۳۵۳	۳۵۱
۳۵۰	۳۵۸	۳۵۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، د، ی، ن، ص، ت، ض ہو تو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ مغرب کی طرف کرلے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۰	۲۶۶	۲۶۳	۲۷۱
۲۷۲	۲۶۲	۲۶۹	۲۵۷
۲۶۷	۲۵۹	۲۷۰	۲۶۴
۲۶۱	۲۷۳	۲۵۸	۲۶۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۵۰	۳۵۶	۳۵۴
۳۵۸	۳۵۳	۳۴۹
۳۵۲	۳۵۱	۳۵۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ شمال کی طرف کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو بہتر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸٦

۲٦۸	۲٦۴	۲۵۷	۲۷۱
۲۵۸	۲۷۰	۲٦۹	۲٦۳
۲۷۳	۲۵۹	۲٦۲	۲٦٦
۲٦۱	۲٦۷	۲۷۲	۲٦۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸٦

۳۵۰	۳۵٦	۳۵۴
۳۵۸	۳۵۳	۳۴۹
۳۵۲	۳۵۱	۳۵۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، خ، ر، یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جنوب کی جانب کرلے اور ایک ٹانگ بچھا کر اور ایک ٹانگ اُٹھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۷	۲۶۱	۲۶۰	۲۷۲
۲۵۹	۲۷۳	۲۶۶	۲۶۲
۲۷۰	۲۵۸	۲۶۳	۲۶۹
۲۶۴	۲۶۸	۲۷۱	۲۵۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۵۲	۳۵۸	۳۵۰
۳۵۱	۳۵۳	۳۵۶
۳۵۷	۳۴۹	۳۵۴

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ستر مرتبہ "یاغنی" پڑھ کر ان پر دم کردے تو ان نقوش کی قوت وتاثیر میں زبردست اضافہ ہو جائے، ان نقوش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے استعمال کی تاکید کی جائے۔
پینے کے نقش ۷ عدد ہر ضرورت مند کے لئے کافی رہیں گے، روزانہ ایک نقش عصر کے بعد پینے کی تاکید کریں۔

حق تعالیٰ کا نوے واں صفاتی نام "یا مغنی" ہے یعنی وہ ذات جو لوگوں کو بے پرواہ کرنے کی قدرت رکھتی ہے۔ اس نام سے متصف ہونے کی شکل یہ ہے کہ ماسوا اللہ کے بندہ ہر ایک ذات اور ہر ایک چیز سے بے پرواہ اور بے نیاز ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کے آگے اپنے دامن کو نہ پھیلائے۔

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد گیارہ سو ہیں۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم الٰہی کو بہ کثرت پڑھے گا اس کے اندر دوسروں کی مدد کرنے کی زبردست صلاحیت پیدا ہوگی۔ حد سے زیادہ کریم النفس اور خوش اخلاق ہو جائے گا، لوگوں کی مدد کرے گا اور خود لوگوں کی مدد سے بے نیاز ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص روزانہ گیارہ سو مرتبہ "یا مغنی" پڑھنے کی عادت ڈالے تو زبردست فتوحات اس کے حصے میں آئیں اور غیر معمولی طور پر تونگر اور مالدار ہو جائے۔

اگر کوئی دس جمعوں تک ہر جمعہ کو نماز جمعہ سے فارغ ہونے کے بعد "سات ہزار" مرتبہ "یا مغنی" پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو مخلوق کی محتاجی سے محفوظ کرے گا۔ اور ہر طرف سے رزق کے دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

اگر کوئی شخص بیوی کے پاس جانے سے پہلے ستر مرتبہ یا مغنی پڑھ کر اپنے

اوپر اور اپنی بیوی پر دم کردے تو اس کی بیوی رحم کے امراض سے تازندگی محفوظ رہے۔

جس کی بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو یا شادی کا انتظام نہ ہوتا ہو اس کو چاہیئے کہ نوچندی جمعرات کو یہ عمل شروع کرے۔ دو نفلیں پڑھنے کے بعد اور بعد نمازِ عشار "یامغنی" گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور دُعا کرے اس عمل کو دس دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ بہت جلد اس کا پیغام آجائے گا اور اللہ تعالیٰ غیب سے شادی کا انتظام فرمادیں گے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یامغنی کا نقش ذوالکتابت لکھ کر اپنے پاس رکھے اور عشار کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ "سورۂ ضحیٰ" پڑھنے کے بعد گیارہ دن تک لگاتار سو مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ عَلَى الْيُسْرِ الَّذِيْ يَسَّرْتَهٗ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو دُنیا سے مستغنی کردے اور اگر اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن تک کرے تو ہر طرف سے دولت آنے کے دوازے کھل جائیں۔

۷۸۶

ی	ن	غ	م
۹۹۹	۴۱	۹	۵۱
۴۲	۱۰۰۲	۴۸	۸
۴۹	۷	۴۳	۱۰۰۱

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر فجر کی نماز کے بعد ستّر مرتبہ یہ دُعا پڑھے تو کچھ عرصہ میں تونگر ہوجائے۔

دُعا یہ ہے یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَایُرِیْدُ یَارَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر اس اسم کو روزانہ سات مرتبہ ۳ سال تک پڑھے اور آگے پیچھے گیارہ مرتبہ دُرود شریف اور استغفار پڑھے تو اس عرصے میں بے پناہ دولت آئے اور رزق موسلادھار بارش کی طرح برسنے لگے۔

جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اس اسمِ الٰہی کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اس کی ہر جائز مراد پُوری ہو جائے۔

اگر کوئی "یا مغنی" کا عامل بننا چاہے تو روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ بعد نمازِ عشاء ۴۱ دن تک پڑھیں، انشاء اللہ ۴۱ دن میں اس کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی ۴۱ دن کے بعد روزانہ سو مرتبہ پڑھا کریں۔

سو مرتبہ اس طرح پڑھا کریں۔ "یا مغنی یا اللہ"

یا مغنی کا نقش حصولِ دولت، حصولِ روزگار، حصولِ مرتبہ، حصولِ اقتدار اور تقریباً سبھی کاموں میں جو ترقی اور حصولیابی سے تعلق رکھتے ہوں تیر بہدف ثابت ہوتا ہے اس کے نقوش پینے سے دِل میں استغناء پیدا ہوتا ہے اور تندرستی کو برقرار رکھنے میں بھی یہ نقوش فائدہ پہونچاتے ہیں۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب مشرق کرلے اور یک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۴	۲۷۸	۲۸۱	۲۶۷
۲۸۰	۲۶۸	۲۷۳	۲۷۹
۲۶۹	۲۸۳	۲۷۶	۲۷۲
۲۷۷	۲۷۱	۲۷۰	۲۸۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۶۸	۳۶۲	۳۷۰
۳۶۹	۳۶۷	۳۶۴
۳۶۳	۳۷۱	۳۶۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ت، ص، یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دوزانو ہوکر نقش لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۷۰	۲۷۶	۲۷۳	۲۸۱
۲۸۲	۲۷۲	۲۷۹	۲۶۷
۲۷۷	۲۶۹	۲۸۰	۲۶۴
۲۷۱	۲۸۳	۲۶۸	۲۷۸

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۶۳	۳۶۹	۳۶۸
۳۷۱	۳۶۷	۳۶۲
۳۶۶	۳۶۴	۳۷۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش، یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کریں اور آلتی پالتی مار کر لکھیں تو افضل ہے۔

۷۸۶

۲۸۱	۲۶۷	۲۷۴	۲۷۸
۲۷۳	۲۷۹	۲۸۰	۲۶۸
۲۷۶	۲۷۲	۲۶۹	۲۸۳
۲۷۰	۲۸۲	۲۷۷	۲۷۱

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۶۸	۳۶۹	۳۶۳
۳۶۲	۳۶۷	۳۷۱
۳۷۰	۳۶۴	۳۶۶

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، خ، خ، ل، ع، د یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۷	۲۷۱	۲۷۰	۲۸۲
۲۶۹	۲۸۳	۲۷۶	۲۷۲
۲۸۰	۲۶۸	۲۷۳	۲۷۹
۲۷۴	۲۷۸	۲۸۱	۲۶۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۶۶	۳۷۱	۳۶۳
۳۶۴	۳۶۷	۳۶۹
۳۷۰	۳۶۲	۳۶۸

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ان پر ایک سو دس مرتبہ "یا مغنی" پڑھ کر دم کردیں تو ان کی قوت وتاثیر میں زبردست اضافہ ہوجائے، یا مغنی کا نقش تمام کاموں میں باذن اللہ مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

"یا مغنی" کے نقش کو ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے استعمال

کرنے کی تاکید کریں، اس نقش کو گلے میں ڈالیں، گھر یا دوکان میں لٹکائیں یا دوکان کے گلے میں رکھیں یا میز کی دراز یا الماری وغیرہ میں رکھیں یا بازو پر باندھیں یا کسی گاڑی میں رکھیں یا گاڑی میں لٹکائیں، ہر صورت میں ہرے کپڑے میں پیک کریں۔

مردوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ اپنے سیدھے بازو پر نقش کو باندھیں اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ اس کو بائیں بازو پر باندھیں ان شرائط کو ملحوظ رکھیں گے تو نتائج جلد برآمد ہوں گے۔

حق تعالیٰ کا ۹۱واں صفاتی نام "المانع" ہے، یعنی وہ ذات جو اپنے بندوں کو تکلیف سے روکتی ہے، اس نام سے متصف ہونے کی صورت یہ ہے کہ بندہ دوسرے بندوں کو تکلیف سے بچائے اور اُن کے راستوں میں آنے والی رکاوٹوں کو دُور کرنے کی کوشش کرے یہ اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد ۱۶۱ ہیں۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جن میاں بیوی کے درمیان نفرت ہو۔ اور وہ دونوں اس نفرت اور ہر وقت کے جھگڑے سے پریشان ہوں تو اُن دونوں کو چاہیے کہ رات کو سونے سے پہلے ایک سو بیس مرتبہ "یامانع" پڑھیں

اور اس وقت تک اس عمل کو جاری رکھیں جب تک ان دونوں کے درمیان ہونے والی لڑائی ختم نہ ہو جائے اور ان کی نفرت محبت میں نہ بدل جائے بعض اکابرین کی رائے یہ ہے کہ ۱۶۱ مرتبہ "یا مانع" پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے میاں بیوی کو ساتؔ روز تک پلائیں اس طرح اس عمل کو سات ہفتوں تک جاری رکھیں اور ہر ہفتے بوتل تیار کریں، انشاء اللہ دونوں کے درمیان محبت قائم ہو جائے گی۔

● اگر حاسدوں کے حسد سے بچنا مقصود ہو تو روزانہ ۷۰ مرتبہ اس نام کا ورد کریں، انشاء اللہ حاسدوں کے حسد سے نجات ملے گی۔

● اگر روزانہ صبح و شام سو مرتبہ "یا مانع" پڑھنے کا معمول بنائیں تو طبیعت سے کدورتیں ختم ہوں اور دل نیک کاموں کی طرف مائل ہو۔

● اگر کسی علاقہ میں ٹڈیاں آگئی ہوں اور کھیتوں کو نقصان پہنچا رہی ہوں تو چار کوری ٹھیکریوں پر سات سات مرتبہ "یا مانع" لکھ کر کھیت کے چاروں کونوں میں دبا دیں، انشاء اللہ کھیت نقصانات سے محفوظ رہیں گے۔

● اگر کسی بچے کو بار بار نظر لگتی ہو تو کسی سیسے کے پترے پر سات مرتبہ "یا مانع" لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔

● اگر کوئی شخص دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے پریشان ہو تو اس کو چاہئے کہ بعد نماز ظہر ۱۶۱ مرتبہ "المانع" پڑھے اور دشمنوں کی پسپائی کا تصور رکھے انشاء اللہ دشمن اپنی کسی الجھن میں ایسا مبتلا ہو گا کہ اسے ریشہ دوانی کرنے کا موقعہ ہی نہیں ملے گا

● اگر کوئی شخص روزانہ ایک تسبیح "یا مانع" کی پڑھنے کا معمول بنائے گا

تو ارضی اور سماوی آفتوں سے وہ محفوظ رہے گا۔

● اگر کوئی شخص کسی کی دشمنی سے ہراساں ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اس کا دشمن اس سے دشمنی نہ کرے تو اس کو چاہئے کہ نماز فجر، نماز ظہر، اور نماز عشاء کے بعد سو مرتبہ "یا مانع" پڑھے، انشاء اللہ دشمن کی دشمنی سے نجات مل جائے گی۔

● اگر کوئی بدخصلت شخص کسی عورت کے پیچھے پڑا ہوا ہو اور اس کی عصمت دری کے درپے ہو تو اس عورت کو چاہئے کہ گیارہ ہزار مرتبہ اس اسم الٰہی کا ورد کرے اور لگاتار ۱۱ دن تک کرے، انشاء اللہ وہ شخص اپنی حرکتوں سے باز آجائے گا اور اپنے ناپاک ارادوں میں کامیاب نہیں ہوگا۔

● اگر کوئی شخص بری عادتوں کا شکار ہو مثلاً چرس، بھنگ، کھاتا ہو یا شراب پیتا ہو یا چوری، جوا یا دوسری بدکاریوں میں مبتلا ہو تو اس کو ان برائیوں سے بچنے کے لئے ۶۲۵۰ مرتبہ "یا مانع" پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں، انشاء اللہ برائیوں سے نجات ملے گی اور وہ نشہ کرنے سے باز آجائے گا۔

● اگر کسی عورت کا خاوند اس سے بیزار ہو، یا کسی مرد کی بیوی اس سے بیزار ہو تو ان کو چاہئے کہ گیارہ ہزار مرتبہ اس اسم الٰہی کو ۲۱ روز تک پڑھیں، انشاء اللہ رفیق حیات کی بیزاری ختم ہوگی۔

● اگر کوئی شخص دورانِ عمل خوف کھاتا ہو تو اس کو چاہئے کہ عمل پر بیٹھنے سے پہلے سو مرتبہ "یا مانع" پڑھے پھر حصار کرے، جو بھی حصار اُسے کرنا ہو تو انشاء اللہ دورانِ عمل ہر طرح کے خوف سے وہ محفوظ رہے گا۔

اس اسم الٰہی کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ لاکھ مرتبہ ۴۰ ماہ میں پڑھیں

تعداد روزانہ کی اپنی سہولت کے مطابق رکھیں، انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی، اس کے بعد "یا مانع" کے تمام عملیات و وظائف میں زبردست کامیابی ملے گی۔

● "یا مانع" کے نقوش دشمنوں کی دشمنی، حاسدوں کے حسد، مخالفین کی مخالفتوں سے بچانے میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں اور اس کے نقوش سے انسانی نفس کی دسیسہ کاری سے محفوظ رہتا ہے۔ اور گناہوں و خطاؤں سے اس کی بطور خاص حفاظت ہوتی ہے اور اس کا دل عبادت و ریاضت کی طرف مائل ہوتا ہے۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف، یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۰	۴۳	۴۶	۳۲
۴۵	۳۳	۳۹	۴۴
۳۴	۴۸	۴۱	۳۸
۴۲	۳۷	۳۵	۴۷

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اور اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۵۵	۴۹	۵۷
۵۶	۵۴	۵۱
۵۰	۵۸	۵۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۵	۴۱	۳۹	۴۶
۴۷	۳۸	۴۴	۳۲
۴۲	۳۴	۴۵	۴۰
۳۷	۴۸	۳۳	۴۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے، اگر اس نقش کو لکھتے وقت بھی عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۵۰	۵۶	۵۵
۵۸	۵۴	۴۹
۵۳	۵۱	۵۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث

یا ظ ہو تو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب شمال کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۶	۳۲	۴۰	۴۳
۳۹	۴۴	۴۵	۳۳
۴۱	۳۸	۳۴	۴۸
۳۵	۴۷	۴۲	۳۷

مذکورہ حضرات و خواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۵۵	۵۶	۵۰
۴۹	۵۴	۵۸
۵۷	۵۱	۵۳

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، خ، ر، یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲	۳۷	۳۵	۴۷
۳۴	۴۸	۴۱	۳۸
۴۵	۳۳	۳۹	۴۴
۴۰	۴۳	۴۶	۳۲

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۵۳	۵۸	۵۰
۵۱	۵۴	۵۶
۵۷	۴۹	۵۵

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ان پر ۱۶۱ مرتبہ "یامانع" پڑھ کر دم کر دے تو ان کی قوت وتاثیر میں زبردست اضافہ ہو جائے،ان نقوش کو نیلے یا فیروزی رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کریں، مردوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔ اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش کو اپنے الٹے بازو پر باندھیں، پینے کے نقش ہر فرد کو نو عدد دینے چاہئیں۔

حق تعالیٰ کا ۹۲ واں صفاتی نام "اَلْمُعْطِیُ" ہے، یعنی وہ ذات جو اپنے بندوں کو اپنی مرضی سے عطا کرنے والی ہو، یہ اسم اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۱۲۹ ہیں۔

● اگر کوئی شخص روزانہ "یا معطی" ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کو دنیا کی دولت اس قدر عطا ہو کہ دیکھنے والے حیرت میں ڈوب جائیں۔

● کشائشِ رزق کے لئے جمعہ کی شب میں آدھی رات کو خلوت کی جگہ میں بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ "یا معطی ھو اللہ" پڑھے، اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، اگر یقین کامل کے ساتھ اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھا تو انشاء اللہ رزق موسلا دھار بارش کی طرح برسنے لگے گا اور پڑھنے والے کی تمام حاجات و خواہشات پوری ہوں گی۔

● اس اسمِ الٰہی کو ہر فرض نماز کے بعد اگر پابندی سے ۲۱ مرتبہ پڑھیں تو اللہ کی رحمت کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں اور رزق میں خوب خیر و برکت ہو۔

● اگر کوئی لڑکی جس کی شادی نہ ہوتی ہو روزانہ عصر کی نماز کے بعد ۱۲۹ مرتبہ تنہائی میں بیٹھ کر "یا معطی" کا ورد کرے اور پھر اپنی شادی کی دُعا کرے تو ۳ ماہ کے اندر اندر اس کی شادی کی بات چیت ہو جائے۔

● عشار کی نماز کے بعد اگر اس اسم الٰہی کا وِرد گیارہ سو مرتبہ لگاتار ہر ماہ تک کرے تو قرض سے خواہ وہ کتنا بھی ہو نجات مل جائے۔

● ملازمت اور روزگار حاصل کرنے کے لئے اس اسم الٰہی کا وِرد گیارہ سو مرتبہ جمعہ کی نماز کے بعد ہر جمعہ کو پابندی سے کریں، اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف کے ساتھ انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ کے اندر اندر مناسب ملازمت ملے گی۔

"یا معطی" کا نقش کاروبار کی ترقّی، حصولِ روزگار، پیغام شادی اور دیگر کامیابیوں کے لئے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش، یا ذ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھتے وقت عامل اپنا رُخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴	۳۸	۳۵	۳۲
۳۶	۳۱	۲۵	۳۷
۳۰	۳۳	۴۰	۲۶
۳۹	۲۷	۲۹	۳۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۷	۳۳	۳۱	۳۸
۳۹	۳۰	۳۶	۲۴
۳۴	۲۶	۳۷	۳۲
۲۹	۴۰	۲۵	۳۵

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث یا ظ ہو اُن گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اگر اس نقش کو لکھنے والا عامل اپنا رُخ جانبِ شمال کرے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

۷۸۶

۳۸	۲۴	۳۲	۳۵
۳۱	۳۶	۳۷	۲۵
۳۳	۳۰	۲۶	۴۰
۲۷	۳۹	۳۴	۲۹

جن حضرات، خواتین کے نام کا پہلا حرف ر، ح، خ، ل، ع، د یا غ ہو اُن کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے، اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانبِ مغرب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴	۲۹	۲۷	۳۹
۲۶	۴۰	۳۳	۳۰
۳۷	۲۵	۳۱	۳۶
۳۲	۳۵	۳۸	۲۴

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل ۱۲۹ مرتبہ "یا مُعطی" پڑھ کر اُن پر دم کردے تو ان کی تاثیر و قوت میں کئی گنا اضافہ ہو جائے، عامل کو چاہیئے کہ مردوں کو اس بات کی تاکید کرے کہ وہ اس نقش کو یا تو گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ اس نقش کو یا تو گلے میں ڈالیں یا اپنے بائیں بازو پر باندھیں۔

اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کرنا چاہیئے، اس نقش کو اگر چڑھتے چاند کے دنوں میں اور چڑھتے سورج کے وقت کسی بھی نیک ساعت میں لکھیں تو افضل ہے۔

حق تعالیٰ کا ۹۲واں صفاتی نام "الضارّ" ہے۔ یعنی وہ ذات جو اگر نقصان پہونچانے پر آجائے تو کوئی بھی مخلوق نقصان سے محفوظ نہیں رہ سکتی۔

یہ اسم، اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) ہیں۔
اس نام سے فائدہ اٹھانے کا طریقہ یہ ہے کہ انسان اپنی زندگی میں ذاتی معاملات میں کبھی کسی سے بدلہ نہ لے اور کبھی کسی کے درپئے نہ ہو البتہ ملّی معاملات میں دوسروں کو نقصان سے بچانے کے لئے اور دشمنوں پر غلبہ پانے کے لئے اس اسم الٰہی سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

● جو کوئی شخص مقام عرفان تک پہونچنے کی تمنّا رکھتا ہو وہ جمعہ کی رات میں ایک ہزار ایک مرتبہ اس اسم الٰہی کا ورد کرے، چند ماہ کی پابندی کے بعد انشاء اللہ مقام عرفان عطا ہوگا۔ اور قلب کے اندر معرفتِ حق کی صلاحیت پیدا ہوگی۔

● اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد ۸۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس سے بھی معرفتِ حق کی صلاحیت پیدا ہوگی۔

● جو شخص بکثرت "یَاضَارُّ" پڑھنے کا معمول بنائے اس پر دشمن کبھی غالب نہیں ہو سکتے۔

● جو شخص نفسِ امّارہ اور شیطانِ لعین کے وسوسوں سے بچنا چاہے وہ ایک نقش کاغذ پر اس طرح لکھے اور اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔

	یَاضَارُّ		یَاضَارُّ	
یَاضَارُّ	عَلٰی نَفْسِ اُمَّارَۃِ	یَاضَارُّ یَاضَارُّ	عَلٰی شَیْطٰنِ خَنَّاسِ	یَاضَارُّ
	یَاضَارُّ		یَاضَارُّ	

یہ نقش اتوار کو لکھ کر اتوار ہی کے دن باندھ لے پھر پیر کے دن ظہر کے وقت سے عمل شروع کرے اور جمعہ کی نماز کے بعد عمل ختم کرے روزانہ ظہر کے بعد ایک ہزار نو سو اکیس مرتبہ "یَاضَارُّ" پڑھے۔ نفسِ امّارہ

اور شیطان لعین کو ناکام بنانے کی نیت سے یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ زبردست کامیابی ملے گی۔ شیطانی وساوس سے حفاظت ہوگی اور نفس امارہ بھی سرکشی سے محفوظ رہے گا۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص دولت مند بننا چاہتا ہو یا جو عزت و رفعت حاصل کرنا چاہتا ہو وہ ہر شب جمعہ کو اور ایام بیض میں اس اسم کو سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ میں ہی بہتر نتائج برآمد ہوں گے

● شیخ بونی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی کسی بھی طرح کا منصب یا اقتدار حاصل کرنا چاہتا ہو وہ ہر رات کو عشاء کے بعد ۱۰۰ مرتبہ "یاضارُ" پڑھنے کا معمول بنائے۔

● ایسا مرید یا سالک جسے نفس بہت تنگ کرتا ہو اور یادِ الٰہی سے روکتا ہو اور جس سے اللہ کی راہ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو اس کے لئے صوفیاء نے کہا ہے اُسے چاہئے کہ روزانہ ۱۹۲۱ مرتبہ "یاضارُ" کا ورد کرے اور اس ورد کو ۱۲۰ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس عرصہ میں نفس پوری طرح قابو میں آجائے گا۔ ایک اور عامل کا قول ہے کہ جس سالک کو کسی روحانی مقام پر قرار حاصل نہ ہوتا ہو اُسے چاہئے کہ جمعہ کی شب میں غسل کرے، احرام باندھے اور ایک ہزار ایک مرتبہ کھڑے ہو کر اس اسم الٰہی کا ورد کرے اور سات جمعوں تک اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ اُسے روحانیت میں قرار حاصل ہوگا۔

● اگر کسی کو مال و عزت یا اہل وعیال یا کاروبار وغیرہ میں کسی ضرر یا نقصان کا اندیشہ ہو تو اُسے چاہئے کہ سات روز تک بعد نماز عصر اس اسم کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

● اگر کوئی دشمن دشمنی سے باز نہ آتا ہو اور مختلف انداز سے تنگ کرتا رہتا ہو تو اس سے بچنے کے لئے یا اس پر غلبہ پانے کے لئے اس اسم کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھے اور پڑھتے ہوئے دشمن پر غالب آنے کا تصور ذہن میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دشمنی ترک کردے گا اور مغلوب ہو جائے گا۔

● یہ عمل مجاہدوں کے لئے بہت مفید ہے۔ جب دشمن پر حملہ کریں یا گولہ وغیرہ پھینکیں یا بندوق سے گولی چلائیں تو اس وقت "یاضارُ" تین مرتبہ پڑھکر پھینکیں انشاء اللہ نشانہ خطا نہیں ہوگا۔

● یاضارُ کا عمل ونقش دشمنوں سے اور ظالموں سے چھٹکارہ پانے کے لئے اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے لیکن اس میں زبردست تاثیر اس وقت پیدا ہوتی ہے جب عامل نے اس اسم الٰہی کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہو۔ اور اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھ کر سوا لاکھ کی زکوٰۃ چالیس دن میں ادا کریں۔ چونکہ یہ اسم، اسم جلالی ہے۔ اس لئے دورانِ زکوٰۃ چالیس دن تک پرہیز جلالی کا اہتمام کریں اس کے بعد اس اسم کے ذریعہ جو بھی نقش اور عمل کیا جائے گا اس میں زبردست تاثیر پیدا ہو جائے گی۔

● "یاضارُ" کا نقش دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے، حاسدوں کے حسد سے محفوظ رہنے کے لئے، بدخواہوں کی ریشہ دوانیوں سے نجات پانے کے لئے برے لوگوں کی نظرِ بد سے حفاظت کے لئے اور اپنے نفس کی دسیسہ کاریوں اور شرارتوں سے بچنے کے لئے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، ف، م، ش یا

ذہوان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مشرق کر لے اور ایک زانو ہو کر لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۲
۲۵۵	۲۴۳	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۴	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۵	۲۵۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۲۹	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۱
۳۳۰	۳۲۸	۳۳۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب مغرب کر لے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴۵	۲۵۱	۲۴۹	۲۵۶
۲۵۷	۲۴۸	۲۵۴	۲۴۲
۲۵۲	۲۴۴	۲۵۵	۲۵۰
۲۴۷	۲۵۸	۲۴۳	۲۵۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۶	۳۳۰
۳۲۹	۳۳۴	۳۳۸
۳۳۷	۳۳۱	۳۳۳

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف د، ح، ل، ع، ر، خ، یا غ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رُخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۷	۲۴۵	۲۴۷	۲۵۲
۲۴۸	۲۵۱	۲۵۸	۲۴۴
۲۵۴	۲۴۹	۲۴۳	۲۵۵
۲۴۲	۲۵۶	۲۵۳	۲۵۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۳۰	۳۳۸	۳۳۳
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۱
۳۳۵	۳۲۹	۳۳۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر۔ نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۶	۲۴۲	۲۵۰	۲۵۳
۲۴۹	۲۵۴	۲۵۵	۲۴۳
۲۵۱	۲۴۸	۲۴۴	۲۵۸
۲۴۵	۲۵۷	۲۵۲	۲۴۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۲۶	۳۳۰
۳۲۹	۳۳۴	۳۳۸
۳۳۷	۳۳۱	۳۳۳

ان نقوش کو لکھنے کے بعد اگر ایک سو ایک مرتبہ "یا ضارّ" پڑھ کر ان پر دم کردیں تو اُن کی قوت وتاثیر میں زبردست اضافہ ہوجائے۔ جو نقش بازو پر باندھنے یا گلے میں ڈالنے کے لئے لکھے جائیں ان کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔ مردوں کو اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور عورتوں کو

اس بات کی تاکید کی جائے کہ وہ اس نقش کو اپنے بائیں بازو پر باندھیں۔ پینے کے نقش ایک ضرورت مند کو ۲۰ عدد دیئے جائیں اور ظہر کی نماز کے بعد روزانہ پینے کی تاکید کی جائے۔ ایک نقش کا پانی صرف ایک ہی دن پیا جائے۔ پینے والے نقش خاص طور سے شیطانی وساوس سے اور نفس کی مکاریوں سے بچنے کے لئے حد سے زیادہ مؤثر ثابت ہوں گے اور باندھنے والے نقوش دوسروں پر غلبہ اور تسلط پانے کے لئے اور ان کی دشمنی اور سازش اور حسد سے بچنے کے لئے انشاء اللہ کارآمد ثابت ہوں گے۔

حق تعالیٰ کا ۹۳واں صفاتی نام "النافع" ہے۔ یعنی وہ ذات جو بلا کسی تفریق کے سب کو فائدہ پہنچاتی ہو اور ظاہر ہے کہ اس سے مراد حق تعالیٰ کی ذاتِ گرامی ہے ان کی ذات کی خوبی یہ ہے کہ وہ صرف اپنے فرمانبردار بندوں کو فائدہ نہیں پہنچاتے بلکہ ان بندوں کے ساتھ بھی رحم و کرم کا معاملہ کرتے ہیں جو اُن کی نافرمانی میں مبتلا ہوں۔ جب وہ رحمت کی بارشیں برساتے ہیں اس سے صرف مسلمان ہی بہرہ ور نہیں ہوتے بلکہ کافر و مشرک بھی فیضیاب ہوتے ہیں۔ بلاشبہ حق تعالیٰ کی ذات سب کو نفع پہنچانے والی ذات ہے۔

یہ اسم، اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۲۰۱ ہیں۔

● اگر کوئی شخص اپنے نفس کی اصلاح چاہتا ہو تو اس اسم کا ورد روزانہ ۲۰۱ مرتبہ کرے۔

● اگر کوئی شخص روزانہ "یا نافع" پانچ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو ہر طرف سے رزق کے دروازے کھل جائیں اور کاروبار میں غیر متوقع فائدہ حاصل ہو۔

● اگر کسی بھی سواری پر سوار ہوتے وقت کوئی شخص سو مرتبہ "یا نافع" پڑھ لے تو حادثہ سے حفاظت رہے۔

● اگر کسی کام کو شروع کرتے وقت خصوصاً جب وہ کاروباری نوعیت کا ہو ۱۳ مرتبہ پڑھ لے تو وہ کام مرضی کے مطابق پورا ہو اور مرضی کے مطابق نفع حاصل ہو۔

● اگر رجب کے مہینے میں کوئی شخص اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھ لے تو اس پر اسرار الٰہی منکشف ہوں۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک سال تک ہر شب جمعہ کو ایک ہزار مرتبہ "یا نافع" پڑھے تو یہ سال گزرتے ہی تو نگر اور مال دار ہو جائے۔

● مال خریدتے وقت اور بیچتے وقت جو تاجر سات مرتبہ "یا نافع" پڑھے گا اس کو خریدتے وقت بھی نفع ہوگا اور بیچتے وقت بھی۔

● نماز فجر کے بعد اور نماز عشاء کے بعد جو شخص ایک تسبیح اس اسم الٰہی کی پڑھے گا اس کے صبح و شام فائدے میں کٹیں گے اور وہ نقصانات سے محفوظ رہے گا۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص شرف قمر کے وقت مندرجہ ذیل

نقش کو چاندی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے گا تو اس کو زبردست فوائد حاصل ہوں گے۔ اس نقش کو کندہ کرنے والا اگر اس اسم کا عامل ہو تو بے شمار فائدے حاصل ہوں۔ اتنے کہ عقل حیران رہ جائے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ع	ف	ن ا	ا ل
۵۰	۳۲	۶۹	۸۱
۳۳	۵۳	۷۸	۶۸
۷۹	۱۷	۳۴	۵۲

● اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو تو سنیچر کے دن بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ "یانافع" دکان میں بیٹھ کر خود پڑھے یا کسی سے پڑھوائے اور اس عمل کو لگاتار دس ہفتوں تک کرے۔ انشاء اللہ دکان چل پڑے گی۔ اور ہر طرف سے گراہک اس کی دکان میں آنے لگیں گے۔

● اگر کوئی شخص خیر و برکت سے محروم ہو تو اس کو چاہئے کہ نمازِ فجر کے بعد ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ "یانافع" پڑھے پھر ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو اسی طرح ۴۱ دن تک لگاتار کرے۔ انشاء اللہ ایسی خیر و برکت ہوگی کہ دیکھنے والے حیرت کریں گے۔ آمدنی بڑھے گی اور خرچ قدرتاً کم ہوگا۔ بہت ہی عجیب و غریب عمل ہے اور اکثر اکابرین کے معمولات میں شامل رہا ہے۔

● جن لوگوں کے کاروبار وغیرہ کی بندش کر دی گئی ہو اُن کو چاہئے کہ

